زنجانی جنتری

بابت

۲۰۰۶-۲۰۰۷-۲۰۰۸-۲۰۰۹

۲۰۱۰-۲۰۱۱-۲۰۱۲

۲۰۱۳ء

Scanned with CamScanner

مجرب عمل ہمزاد نورانی

خاندان زنجانیہ عالیہ کے سینکڑوں معتقد حضرات فیضیاب ہو چکے ہیں

عامل شہزادہ شاہ زنجانی: میں نے زمانہ طالب علمی میں ایک عمل ہمزاد کیا تھا۔ یہ 1968ء کی بات ہے۔ والد بزرگوار حیات تھے جنہوں نے اپنی زیرنگرانی کرایا تھا۔ میں نے اس سے عجیب وغریب کام لئے تھے۔ جب ابا حضور کا انتقال ہو گیا اور گھریلو وخاندانی ذمہ داریوں کا بوجھ میرے ناتواں کندھوں پر آن پڑا تو مجھ سے وہ پرہیز نہ ہو سکے جو عمل ہمزاد کیلئے ضروری تھے۔ چنانچہ میں نے ہمزاد کو آزاد کر دیا اور پھر آج تک طبع ہمزاد کی طرف مائل نہ ہوئی۔ میں نے برسوں اس عمل کے تماشے صدہا مرتبہ اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں۔ چند دوستوں کی فرمائش پر اس عمل ہمزاد نورانی صدری کو شائع کیا جا رہا ہے تاکہ شوقین حضرات اپنا شوق پورا کر سکیں۔ حالانکہ یہی اعمال اور اس طرح کے دیگر اعمال ادارہ کی شائع شدہ کتب مثلاً تسخیرات ہمزاد' حقائق ہمزاد' بیاض عملیات' حاضرات کی دنیا اور عالم حاضرات میں درج ہیں۔ قارئین کے پیہم اصرار پر مجرب صدری عمل زنجانی جنتری میں شائع کرنیکی سعادت حاصل کر رہا ہوں تاکہ شائقین حضرات استفادہ فرمائیں۔ وما باللہ توفیق۔ جن صاحب کا دل چاہے اس عمل کو کریں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں کہ خداوند کریم کی اس مخفی مخلوق میں اس قدر زبردست طاقت پنہاں ہے کہ بڑے سے بڑا قوی ہیکل انسان بھی اس کے کرتب دیکھ کر دنگ رہ جاتا ہے۔ اس عمل کے لئے کوئی پابندی نہیں۔ جب جی چاہے شروع کریں جو پاک صاف یا پاکیزہ کمرہ پڑھنے کے لئے مقرر کریں عمل کرتے وقت کوئی دوسرا فرد وہاں موجود نہ ہو۔

ایک پیالے میں تیل بھر کر اور روئی کی موٹی سی بتی ڈال کر چراغ روشن کر کے اپنی پشت پر رکھیں اور اپنے سایہ پر نظر جما کر 382 مرتبہ یہ عمل نورانی پڑھیں۔ دوران عمل پرہیز کریں۔ ہر قسم کا گوشت' گوشت سے بننے والی کوئی چیز نہ کھائیں۔ دودھ' لسی' مکھن' گھی' دہی' پیاز اور لہسن وغیرہ سے پرہیز کریں۔ صرف تین یوم کا عمل ہے۔ تیسرے روز ہمزاد حاضر ہوگا۔ اگر سوئے اتفاق سے حاضر نہ ہو تو مزید تین یوم کریں۔ 9 دن انتہا ہے۔ ایک خالی بوتل پاس رکھیں۔ جب ہمزاد حاضر ہو جائے تو اس سے کوئی اور بات کئے بغیر یہ کہیں کہ اے ہمزاد اس بوتل میں گھس جا۔ وہ بوتل میں آ جائے گا۔ آپ بوتل کو کارک سے بند کر دیں اور پھر اس سے کہیں کہ عہد کرو کہ جب میں بلایا کروں گا تم فوراً آؤ گے اور اپنے بلانے کی ترکیب بھی بتا دو۔ وہ عہد کرے گا اور اپنے بلانے کی ترکیب بھی بتا دے گا۔ اب بوتل کا منہ کھول دیں وہ چلا جائے گا۔ عمل ہمزاد درج ذیل ہے۔

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَرْوَاحِ بِحَقِّ حَضْرَتْ سُلَيْمَان عَلَيْهِ السَّلَامُ بِنْ دَاوُدْ عَلَيْهِ السَّلَامُ اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا يَا قَوْمِ هَمْزَادْ حَاضِرْ شَوْ بِحَقِّ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝

نوٹ: بغیر اجازت عمل شروع کرنے اور دوران عمل باقاعدہ پرہیز نہ کرنے سے شدید نقصان کا خطرہ رہتا ہے۔ عمل میں کامیابی کیلئے دعا گو ہوں۔ اجازت کیلئے کسی بھی روحانی سلسلہ یا **عامل شاہ زنجانی** سے رجوع کریں۔

☆ سلطان نیوز ایجنسی اخبار مارکیٹ۔ لاہور ☆ نیو حافظ بکسٹال چوک بلاک نمبر 1۔ سرگودھا ☆ عبدالسلام سٹیشنری مارٹ۔ نیو دربند۔ مانسہرہ

Scanned with CamScanner

اشتیاق احمد ایڈووکیٹ (سہارن پور۔انڈیا)

جنتر منتر تنتر

پیسہ ہی رنگ و روپ ہے پیسہ ہی مال ہے پیسہ نہ ہو تو آدمی چرخے کی مار ہے

اس مادہ پرستی کے دور میں ادارہ آئینہ قسمت میں روزمرہ سائلین اپنے معاشی مسائل لے کر آتے ہیں۔انڈیا سے آمدہ ایک خاص تحریر اُن بہن بھائیوں کے لئے ہے جو ان مسائل کا شکار ہیں۔زنجانی جنتری جو کہ پاک و ہند مڈل ایسٹ عرب ریاستوں بلکہ تمام ایشیا یورپ اور امریکہ میں یکساں طور پر مقبول عام ہے۔بلا امتیاز مذہب وملت ہر مکتبہ فکر کے لوگوں میں پڑھی جاتی ہے لہٰذا اس مضمون کو اسی نقطہ نظر سے ترتیب دیا گیا ہے۔آپ اپنی پسند سے کوئی سا عمل کر سکتے ہیں۔آپ کو ان اعمال کی اجازت ہے۔خصوصی اجازت کیلئے شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی صاحب سے رابطہ کر سکتے ہیں۔موبائل نمبر: 0300-4303429 (ادارہ)

جائیداد اور دولت کا حصول انسان کی ضروریات کے لئے اولین مرتبہ رکھتی ہے۔جس کی بناء پر انسان کو معاشرہ میں کوئی رتبہ حاصل نہیں ہوتا اور اس کو قدم قدم پر مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔صرف ان انسانوں کے لئے زمین جائیداد اور دولت کی کوئی قیمت نہیں ہے جو اپنے رشتہ داروں خاندان کو چھوڑ کر جنگلوں میں رہتے ہیں اور خدائے پاک کی عبادت میں لگے رہتے ہیں اس کے علاوہ کوئی شخص ہوگا جو آرام وسکھ نہیں چاہتا اور یہ آرام وسکھ دولت و جائیداد کے حصول کے بعد ہی ممکن ہوتا ہے۔ہر شخص جائیداد و دولت کے حصول کی کوشش میں لگا رہتا ہے کیونکہ اس کے حصول کے بغیر اُس کی زندگی کی کوئی بھی ضرورت پوری نہیں ہوتی۔اس لئے قدیم کتب میں بار بار یہی لکھا ہوتا ہے جس کے پاس جائیداد و دولت ہے اس کے پاس سب کچھ ہے۔پیسے سے انسان کی زیادہ تر خامیاں و برائیاں ختم ہو جاتی ہیں اور ہر شخص اس امیر شخص کی تعریف میں لگ جاتا ہے جبکہ غریب آدمی کی خوبیاں بھی برائیاں بن جاتی ہیں۔آجکل موجودہ زمانہ میں ہر شخص کی بھاگ دوڑ دولت کی حصول یابی کیلئے ہوتی ہے۔صبح سے شام تک ہر شخص پسینہ بہاتا ہے۔چھل' فریب' دھوکہ کرتا ہے تاکہ دولت حاصل ہو جائے اور وہ اپنے گھر کی مکمل ضروریات پوری کر سکے اور اس کے ساتھ اپنے شوق پورے کر سکے۔اس بارے میں بہت کچھ لکھا جاسکتا ہے یہ بالکل حقیقت ہے کہ ہر شخص کو اپنے رتبہ و مرتبہ کے مطابق زندگی گزارنے کے لئے زمین' جائیداد اور دولت کی سخت ضرورت پڑتی ہے اس کے بغیر ہر شخص کو ہر قدم پر طرح طرح کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ان باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے زمین جائیداد اور دولت کی حصولیابی کے لئے مندرجہ ذیل جنتر منتر تنتر دیئے جا رہے ہیں ہر شخص ان آسان مجرب عملوں کو کر کے اپنی زندگی کو خوشگوار بنا سکتا ہے۔

ٹوٹکہ مال فروخت کیلئے

جن کاروباری بھائیوں کا مال لاکھ کوشش کرنے کے بعد بھی فروخت نہیں ہو رہا ہے یا کسی شخص کے لاکھ کوشش کرنے پر بھی گھر میں خوشحالی نہیں ہو رہی ہے تو وہ مندرجہ ذیل ٹوٹکہ کو عمل میں لائیں۔

چاند کی 28 منازل میں سے پکھ نچھتر یا منزل نثرہ میں سے (مروج) ماہ کی جمعرات سے عمل شروع کر کے ہر جمعرات کو بلا رکاوٹ عمل کریں۔

عمل: گھر یا کاروباری جگہ کے صدر دروازہ کے ایک کونے کو عرق گلاب سے دھولیں اس کے بعد ہلدی سے لفظ سواستک کا نشان بنائیں اس پر چنے کی دال اور تھوڑا سا گڑ رکھ دیں اس کے بعد اس نشان کو بار بار نہ دیکھیں۔اس عمل کے اثر سے آپ کے مال کی فروخت بڑھ جائے گی اور گھر میں ہر طرح کی خوشحالی ہو جائے گی۔

نئے مکان میں خوشحالی و دولت کیلئے

میرے پاس اکثر ایسے شخص آتے رہتے ہیں جو نیا مکان بنوا کر یا نیا کاروبار یا دوکان کر کے مختلف پریشانیوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور نوبت یہاں تک پہنچتی ہے کہ وہ اپنا نیا مکان فروخت کر دیتے ہیں اور دوکان و کاروبار کو ختم کر دیتے ہیں۔ ایسے اشخاص کی دولت بھی ختم ہو جاتی ہے اور بلا وجہ محنت بھی ضائع ہو جاتی ہے اور رسوائی الگ سے ملتی ہے۔ اس لئے آپ جب بھی نیا مکان بنوائیں تو اس مکان کی بنیاد میں مندرجہ ذیل چیزیں رکھ دیں یا کاروباری جگہ پر دفن کر دیں۔ میرا تجربہ ہے کہ یہ چیزیں فائدہ پہنچانے کے ساتھ ساتھ ٹونے ٹوٹکوں سے بچاؤ بھی کرتی ہے۔ اس عمل میں مندرجہ ذیل چیزوں کی ضرورت پڑتی ہے۔

(1) تانبا کی لٹیا یا ڈبیہ معہ ڈھکن
(2) چاندی کا سانپ سانپنی کا جوڑا
(3) چاندی کا ایک چھوٹا سا پترا چوکور
(4) پانچ چھوٹی سپاریاں ثابت
(5) ہلدی کی سات ثابت اور صاف گانٹھیں

ان سب چیزوں کو تانبا کی لٹیا میں پاک صاف پانی بھر کر ڈال دیں اس کے بعد اس پر اچھی طرح ڈھکن لگا دیں۔ اب یہ برتن **صدر دروازہ کے مغرب** کی طرف دفن کر دیں۔ اگر ممکن ہو سکے تو کسی عامل کامل سے رائے لے لیں یہ نسخہ بہت مجرب ہے۔

اچانک اور غیر متوقع دولت حاصل کرنے کیلئے

اگر آپ کسی وجہ سے پریشان ہیں بغیر روپے کے آپ کو طرح طرح کی پریشانیاں برداشت کرنی پڑ رہی ہیں تو آپ مندرجہ ذیل منتر کو باون ہزار مرتبہ پڑھ کر تسخیر کر لیں پھر اس کے بعد ایک سو ایک مرتبہ روزانہ پڑھتے رہیں۔ اس عمل کے اثر سے آپ کو اچانک کسی بھی ذریعہ از قسم پرائز بانڈز' سٹاک شیئرز' لاٹری' سٹہ' وراثت' انشورنس کلیم غرض کسی بھی وسیلہ سے غیر متوقع دولت حاصل ہوگی۔ منتر یہ ہے۔

بیٹھے چبوترے پڑھے قرآن۔ ہزار کام دنیا کا کرے ایک کام میرا کرنہ کرے تو تین لاکھ تینتیس ہزار پیغمبروں واولیاء کی دوہائی۔

ترقی کاروبار

بروز منگل **سات ہری مرچ** معہ ڈنٹھل اور ایک **لیموں** لائیں اس کے بعد انہیں ایک ڈور میں پرو لیں پھر ان کو دکان یا کاروباری جگہ پر لٹکا دیں۔ یہ عمل ہر منگل کے دن کریں۔ ایسا عمل کرنے سے کاروبار میں ترقی ہوتی ہے اور کسی کی نظر بد بھی نہیں لگتی مجرب اور عام آسان سا عمل ہے۔

حصول یابی دولت

یہ بے حد آسان کم خرچ ٹوٹکہ ہے اس میں صرف اصول کی ضرورت ہے۔ اس کو حسب قانون عمل کرنے سے کوئی بھی شخص فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

عمل : بروز ہفتہ بوقت شام جب دونوں وقت مل رہے ہوں تو اس وقت ارڑ کے دو ثابت بڑے لے کر اس پر ذرا سی دہی اور سندور چھڑک دیں اس کے بعد بڑے پیپل کے پیڑ کے نیچے رکھ دیں اور پلٹ کر نہ دیکھیں۔ اس ٹوٹکہ کو **21** دن لگاتار عمل میں لائیں تو اس ٹوٹکہ کے اثر سے دولت کی حصولیابی کے ذرائع پیدا ہونے شروع ہو جائیں گے۔ عمل شرط ہے تبھی عجیب و غریب طرح سے یقینی فائدہ ملے۔

بچت

عام طور پر میرے پاس اس قسم کے اشخاص آتے رہتے ہیں جو زیادہ سے زیادہ کمانے کے باوجود کچھ بچت نہیں کر پاتے۔ یہ پوچھنے پر کہ کیا خرچ ہوا' کیسے خرچ ہوا وہ یہ سب باتیں بتانے پر مجبوری محسوس کرتے ہیں۔ اس لئے آمدنی کی بچت کرنے کے لئے مندرجہ ذیل ٹوٹکہ تحریر کیا جا رہا ہے۔

بروز منگل لال چندن' لال گلاب کے پھول لے کر اور روئی بھی ساتھ لے لیں۔ ان سب چیزوں کو لال کپڑے میں باندھ کر تجوری یا روپیہ رکھنے کی جگہ پر رکھ دیں تو اس عمل کے اثر سے روپیہ کی بچت ہونی شروع ہو جائے گی۔ اس عمل کو دوبارہ چھ ماہ کے بعد کریں اور اسی طرح آگے عمل کرتے رہیں۔ یہ بڑا مجرب عمل ہے۔

حصولیابی وراثت

کئی مرتبہ دیکھنے میں آتا ہے کہ وراثت میں آنے والی جائیداد ہونے کے باوجود بھی کسی نہ کسی وجہ سے حاصل نہیں ہوتی۔ اس کی مختلف مخفی وجوہات ہو سکتی ہیں۔ ایسے حالات ہونے پر وراثت کی حصولیابی کے لئے مندرجہ ذیل عمل تحریر کیا جا رہا ہے۔

جو شخص وراثت کی جائیداد کو حاصل کرنا چاہتا ہو تو وہ شخص

Scanned with CamScanner

بروز پیر سفید چتکبری رنگ کی کوڑی کو باریک پیس لیں سمندر کے کنارے یا پھر پنساری کی دکان سے عام مل جاتی ہے اور اس کوڑی کے چورن (سفوف) کو اس شخص کے صدر دروازے پر ڈال دے جس شخص سے وراثت کی جائیداد حاصل کرنی ہے۔ اسی عمل کو وقفہ وقفہ کے ساتھ کئی مرتبہ کریں انشاء اللہ اس عمل کے اثر سے اس شخص کو وراثت کی جائیداد حاصل ہوجائے گی۔ مجرب ہے۔

زیادتی جائیداد

اگر آپ یہ محسوس کریں کہ آپ کی بنائی گئی جائیداد میں کوئی بڑھوتری نہیں ہورہی ہے، جائیداد کی قائمی میں استحکام پیدا نہیں ہورہا۔ اس کے برخلاف جائیداد کم ہی ہوتی جارہی ہے یا برباد ہورہی ہے یا دیگر شخص ناجائز قبضہ کررہے ہیں تو یہ عمل کریں۔

مذکورہ شخص کو چاہئے کہ کسی بھی جمعرات کے دن بازار سے **جل کمبھی** لے آئے اسے پیلے رنگ کے کپڑے میں لپیٹ کر گھر میں لٹکا دیں۔ اس عمل میں **جل کمبھی** کو ایک مرتبہ لٹکانے کے بعد چھونا ممنوع ہے ورنہ عمل کا اثر ختم ہوجائیگا۔ اس طرح عمل کرنے سے جائیداد کی قائمی میں استحکام پیدا ہوگا اور جائیداد میں بڑھوتری ہوتی جائے گی۔

لکشمی (دولت) کیلئے

آپ کو یہ جان کر تعجب ہوگا کہ بلی کی زیر (آنول) بھی لکشمی (دولت) کے حصول میں کام آتی ہے۔ اسی طرح گھوڑے کی زبان بھی یہی خصوصیت رکھتی ہے۔ بلی جب بچہ پیدا کررہی ہو تو بچہ کے ساتھ ایک جھلی بھی باہر آتی ہے جس کو بلی فوراً کھالیتی ہے۔ یہ جھلی سفید رنگ کی ہوتی ہے۔ اس کو بلی کے کھانے سے پہلے حاصل کرکے تجوری یا روپیہ رکھنے کی جگہ پر رکھ دیں تو اس کے اثر سے بے انتہا دولت حاصل ہوتی ہے۔

حصولیابی مال و دولت جائیداد

میرے تجربے میں آیا ہے کہ جب میں ایک مرتبہ زبردست مالی مشکلات کا شکار ہوگیا تھا تو میں نے مندرجہ ذیل عمل کے ذریعے اپنی مالی مشکلات دور کی تھیں۔ عمل یہ ہے:

علی الصبح حوائج ضروریات سے فارغ ہوکر درگا سپت ستی کے چہارم حصہ کے سبق کو ایک سو آٹھ دن پابندی سے کریں اس طرح عمل سے آپ کے مقاصد کی تکمیل ہوگی۔

نوٹ: مسلم سورۃ ملک کی 40 دن روزانہ تلاوت کرکے دعا کریں۔

کاروباری شخص کیلئے لکشمی سادھنا

عام طور پر یہ دیکھنے میں آتا ہے کہ کئی کاروباری اشخاص کو ان کا کاروبار نقصان دہ رہتا ہے۔ یا ان کے کاروبار میں ترقی نہیں ہوتی۔ روپیہ پیسہ کا لین دین برابر جاری رہتا ہے۔ ایسی حالت میں اس کاروباری شخص کو ہر وقت فکر و پریشانی محسوس ہوتی رہتی ہے۔ ایسے متاثرہ اشخاص مندرجہ ذیل عمل کریں۔



تانبا کی لوح پر ''شری ینتر'' بنوالیں اسے گلاب کے عرق سے دھولیں اور **دیوالی کی رات** کو قریب بارہ بجے ایک پاک و صاف جگہ پر ''شری ینتر'' (نقش شری) رکھ کر تھوڑا سا عرق گلاب پاس رکھ لیں اور پھر اپنی ہمت کے مطابق مندرجہ ذیل منتر پڑھیں۔

''اوم ودگے سمرتا ھر سی ہیتی مشیش جنتو سواستے سمرتا متی میتو شوبھاں ہواسی

خاص منافع

یہ منتر بھی **دیوالی کے دن** ہی تسخیر کیا جاتا ہے۔ دیوالی کی رات کو بوقت قریب بارہ بجے اور ایک بجے کے درمیان، تھوڑا سا عرق گلاب اور ایک سو پچیس گرام بیسن سے بنی پیلی برفی لے کر آسن پر بیٹھ جائیں اور مندرجہ ذیل منتر کو تین سو چوبیس مرتبہ پڑھیں۔ منتر پڑھنے کے بعد پیلی برفی بچوں کو بانٹ دیں اور عرق گلاب پر پھونک مار کر دفتر اور کاروباری جگہ پر اس کو چھڑک دیں۔ اسکے بعد اس منتر کو روزانہ **108** مرتبہ پڑھتے رہیں۔ اس عمل کے اثر سے دولت ہر طرف سے آتا

☆عارف نیوز ایجنسی۔ کھاریاں۔ گجرات ☆فاروق سٹیشنری مارٹ۔ کھاریاں ☆شمع نیوز ایجنسی۔ سیالکوٹ

Scanned with CamScanner

شروع ہو جائیگی۔ کاروباری اشخاص کیلئے یہ مخصوص عمل ہے۔ منتر یہ ہے۔

”اوم یکشائے کبیرائے ویشروسائے
دھن دھانیہ دھپتی دھن دھانیہ سمردھی
میں دیہی دھاپے سواہا“

دافع مشکلات



کاروبار کے دوران مختلف طرح کی پریشانیاں آتی رہتی ہیں۔ کچا مال نہیں ملتا یا مال تیر پڑا ہے مگر آرڈر (مانگ) نہیں مل رہے ہیں یا ملازم پریشان کر رہے ہیں یا کسی دیگر طرح کی مشکل ہو تو متاثرہ شخص اس نقش کو بنا کر اپنے پاس رکھے اور روزانہ کالے تل بخور جلا کر مندرجہ ذیل منتر کو ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھیں۔ مجرب ہے۔ منتر یہ ہے۔

”سرو بادھا پرشمنے جیلو کسے اکھیلیشوری
ایومیو تویا کاریم مسمد بیری (امک) وناشم“

قرض سے چھٹکارا

قرض ایک دلدل کی طرح ہے جو شخص ایک مرتبہ قرض لے لیتا ہے اس سے جتنا چھٹکارا حاصل کرنا چاہتا ہے اتنا ہی اور قرض دار ہو جاتا ہے۔ زندگی میں ہر شخص کو کبھی نہ کبھی قرض لینا پڑتا ہے۔ اگر وہ یہ قرض ادا کر دے تو وہ خوش قسمت انسان ہے ورنہ قرض میں کئی پشتیں گزر جاتی ہیں بینکوں کا مارک اپ یا سود خور کا سود بڑھتا ہی رہتا ہے اور قرض جوں کا توں رہتا ہے۔ قرضہ سے نجات حاصل کرنے کیلئے مندرجہ ذیل عمل تحریر کیا جاتا ہے۔

سب سے پہلے گلاب کے پانچ پوری طرح کھلے ہوئے پھول لیں اس کے بعد ڈیڑھ میٹر سفید کپڑا لے کر اپنے سامنے بچھا لیں۔ پھر مندرجہ ذیل منتر کو پڑھتے ہوئے ان پانچوں پھولوں کو اس کپڑے میں باندھ لیں پھر آپ خود جا کر پھول بندھے ہوئے کپڑے کو جاری پانی میں بہا دیں۔ خدا نے چاہا تو اس عمل کے اثر سے ہر طرح کے قرض سے نجات حاصل ہونے کے سامان غیب سے بننے لگیں گے اور گھر میں ہر طرح کا عیش و آرام حاصل ہو جائے گا۔ گائتری منتر یہ ہے۔

اوم بھر بھو سوتت سوی تر ورے نیم بھرگو
دیو سیہ دھیمی دھیو یونے پرچو دیات

دولت حاصل کرنے کیلئے

ہر شخص کسی نہ کسی مسئلہ کی وجہ سے دکھی و پریشان ہے۔ گھر میں عیش و عشرت کے سامان دیکھنا چاہتا ہے۔ کوئی کاروبار میں حسب منشاء ترقی نہ ہونے کی وجہ سے پریشان ہے کوئی روزگار یا نوکری نہ ملنے کی وجہ سے پریشان ہے تو ایسے متاثرہ شخص کو چاہئے کہ سعد وقت میں نیچے دیئے گئے نقش کو زعفران سے لکھ کر بخور کی دھونی دے کر شیشہ کے فریم یا کسی اور محفوظ جگہ پر جڑاؤ کر لیں۔ اس کے اثر سے مطلوبہ شخص کی دلی مراد ہر حال میں پوری ہوگی۔ یہ نقش آپ کی قسمت کو پلٹ دے گا۔ زندگی کی ہر ضروریات پوری ہونے لگیں گی۔ گھر میں آرام و سکھ اور کاروبار میں ترقی و برکت ہوگی۔



زیادتی دولت

یہ تانترک ٹوٹکا صرف نوراتر کے دن کیا جا سکتا ہے اور اس کا اثر ایک نوراتر سے دوسرے نوراتر تک رہتا ہے (نوروز یا یکم چیت نئے سال کا پہلا دن)۔ اس آسان ٹوٹکہ کو گھر کا ذمہ دار شخص (کھیا) اشٹمی کے دن ۱۰۰ پیسہ لے کر کسی لال کپڑے میں باندھ کر گھر میں عبادت کرنے کی جگہ پر اور کاروباری اشخاص روپیہ رکھنے کی جگہ پر اس کو رکھ سکتے

ہیں۔ اس ٹوٹکہ کے اثر سے آپ کے گھر میں مال و دولت کی کمی نہیں رہے گی۔

مال فروخت کرنیکی زیادتی

ہمارے ملک میں کاروباری طبقہ عام طور پر فروخت کم ہونے یا بندش ہونے پر زیادہ فکر مند رہتا ہے۔ میرے پاس اس مسئلہ کو لے کر کافی لوگ آتے ہیں۔ اگر ایسا شخص اس طرح کی پریشانی میں مبتلا ہے تو وہ مندرجہ ذیل ٹوٹکہ استعمال کرے۔

بروز اتوار عرق گلاب لے لیں اس پر چھ سو چھ مرتبہ **یا رحمن یا رزاق** پڑھ کر دم کریں۔ اس کے بعد اس عرق گلاب کو دفتر یا دکان کی چاروں دیواروں پر چھڑک دیں۔ اس کے بعد تھوڑے سے ثابت کالے ارڑ لے لیں۔ ان پر گیارہ مرتبہ مندرجہ ذیل منتر پڑھ کر دم کر کے دفتر اور دکان میں چاروں طرف پھینک دیں۔ اس عمل کے کرنے سے دکان میں مال کی فروخت بڑھ جائیگی اور بے انتہا منافع ہونا شروع ہو جائے گا۔ منتر یہ ہے۔

بھنور ویر تو چیلا میرا۔ کھول دکان کھا کر میرا' اٹھے جو ڈنڈی بکے جو مال' بھنور ویر سوں نہیں جائے

سب کاموں کی کامیابی کیلئے

یہ عمل ہر کام میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے تیر بہدف ہے اور بے حد فائدہ مند ہے۔ اس منتر کو روزانہ لگاتار دو سو سولہ مرتبہ بوقت رات بارہ بجے پڑھتے رہیں اس عمل کے اثر سے آپ کے رُکے ہوئے سب کام ہو جائیں گے اور مستقبل میں آپ کو ہر کام میں کامیابی ملے گی۔ منتر یہ ہے:

"اوم نمو مہا شابری شکتی مم ارشٹ نوا رائے نوارائے صم (اُمک) کاریہ سدھی کرو کرو سواہا"

نوٹ: منتر میں جہاں لفظ اُمک آیا ہے وہاں پر مطلوبہ کام لکھ لیں جس میں کامیابی حاصل کرنی ہے۔

نظر بد کیلئے گھوڑے کی نعل

اگر آپ کسی دکان یا مکان کے صدر دروازہ کو غور سے دیکھیں تو ایک لوہے کی نعل جو گھوڑوں کے کھر میں لگائی جاتی ہے لگی ہوئی صاف نظر آئے گی۔ اس نعل کا استعمال کاروبار یا مکان کو نظر بد سے یا ٹونے ٹوٹکہ سے بچاؤ کیلئے کیا جاتا ہے۔

اس کام کے لئے عام طور پر غلطی سے کوئی بھی نعل کسی بھی دن لگا دی جاتی ہے۔ جبکہ اس کے لگانے کا قانون یہ ہے کہ نعل صرف گھوڑے کی ہو۔ اس لئے گھوڑے کی نعل لے کر اس کو پاک پانی یا عرق گلاب سے دھولیں۔

☆ اگر کاروباری جگہ یا مکان کا منہ مشرق کی جانب ہو تو بروز اتوار
☆ مغرب کی جانب ہو تو بروز ہفتہ
☆ شمال کی جانب ہو تو بروز منگل
☆ جنوب کی جانب ہو تو اس نعل کو بروز جمعہ لگائیں۔

اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ **نعل کا کھلا منہ نیچے کی جانب ہو۔** اس طرح اس عمل کے اثر سے کاروبار یا مکان کو نظر بد و ٹونہ ٹوٹکہ سے تحفظ حاصل ہو جائے گا۔

ترقی کاروبار

مندرجہ ذیل منتر کو کسی بھی گرہن کے وقت سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر تسخیر کر لیں۔ یعنی آپ اس طرح سورج گرہن سے پہلے عمل شروع کریں کہ بوقت گرہن عمل کا ورد سوا لاکھ ہو جائے یا پھر گرہن سے عمل شروع کر کے سوا لاکھ تعداد پوری کریں۔ اس کے بعد کنویں کے تازہ پانی پر اس منتر کو اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کر کے کاروباری جگہ دفتر وغیرہ پر چھڑک دیں۔ ایسا کرنے سے فوراً کاروبار میں ترقی ہو گی۔ منتر یہ ہے:

"جے بھوانی مہا کالی' رکشا کریں چاروں دُہاری کوڑی کھیل جگ نگر موہوں ' راجہ موہوں' خریدار موہوں آسن بیٹھا جوگی موہوں' سکل سنسار ہتھیلی بسے' منو منت بھیروں بسے' للار میری بھگتی گرو کی شکتی بابا گورکھ ناتھ کی دُھنی' پھرو منتر ایشوری داچا"

نوٹ: یکمشت سوا لاکھ نہ پڑھ سکیں تو 3125 مرتبہ روزانہ گرہن لگنے سے قبل شروع کر دیں جس دن گرہن لگے وہ 40 واں دن ہو اور بوقت گرہن عمل کی تعداد پوری ہو جائے۔

☆ دلشاد نیوز ایجنسی۔ موڑ کھنڈا (شیخوپورہ)   بٹ نیوز ایجنسی۔ شیخوپورہ   ☆ سادات بک ڈپو۔ برج اٹاری۔ شیخوپورہ

از تحریر: عامل شاہ زنجانی

دربار مصطفائی ﷺ کا روحانی فیض

اعمال قرآنی اسم اعظم سے فیض یابی کا سلسلہ زنجانی جنتری 2005ء میں شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی فرمائش پر شائع کیا گیا اسکی اس سال کیلئے بھی مسلسل روحانی فرمائشیں ملیں خصوصاً حاضرات کی دنیا، عالم حاضرات کتب کے مصنف قیصر احمد حسنی حسینی نے پھر پرزور فرمائش کی کہ قرآنی اعمال اسم اعظم کو اس سال بھی ضرور شامل کیا جائے۔ تحریر مضمون رمضان المبارک کی بابرکت شب میں لکھا جا رہا ہے۔ قرآن کریم کے نزول کی سب سے پہلی منزل لوح محفوظ ہے۔ شب قدر میں قرآن پاک کا نزول (انا انزلنه فی لیلة القدر) ترجمہ: "ہم نے اسے شب قدر میں نازل کیا"۔ ہر انسان کے لئے اس کلام مقدس میں شفاء ہے۔ قرآنی سورتوں کے آگے مختصر مقاصد دیئے گئے ہیں آپ نظرات سیارگان 2006ء صفحہ نمبر 128 تا 139 رجال الغیب کا خیال کرتے ہوئے انہیں اپنے جائز دنیاوی روحانی مقاصد کیلئے بنا سکتے ہیں۔

ہدایات: نقش لکھنے سے قبل ذیل چند باتوں کا خیال رکھیں اس طرح آپ لمبی چوڑی چلہ کشی کی جان لیوا محنت سے بچ سکتے ہیں۔ ☆ طہارت ذہنی جسمانی ولباس پاکیزہ جگہ ☆ معلومات رجال الغیب صفحہ نمبر 125 اور ستاروں کی سعد نظرات جو آپ کو جنتری ہذا صفحہ نمبر 127 پر مل جائیں گی۔ ☆ مشک وزعفران کی سیاہی درخت انار کی قلم باریک کاغذ صندل یا گلاب کی اعلیٰ خوشبو مجبوراً عام سیاہی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ نقش لکھتے ہوئے صندل اگربتی روشن کریں۔ اب مثال سے نقش بنانے کا طریقہ واضح کرتا ہوں۔ مثلاً آپ نے شفاء کیلئے سورۃ فاتحہ کا خالی البطن نقش بنانا ہے۔ نقش صرف اُردو ہندسوں میں لکھیں۔ سورۃ فاتحہ کے اعداد دیکھے تو (9461) ملے۔ انہیں 12 پر تقسیم کیا تو 788 آیا اور 5 باقی قسمت بچا۔ اب نقش یوں پر کرینگے۔ 788 کو خانہ پانچ تک مسلسل جمع کرتے جائینگے۔ خانہ 6 سے خارج قسمت ہر بار 8 تک 5 بھی جمع کرتے جائیں۔ نقش کے خانے میں خالی جگہ مریض کا نام لکھیں، بنائے گئے نقش مریض کو پانی یا دودھ میں گھول کر پلانے کے علاوہ گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں۔ سورہ فاتحہ اپنے اندر بے پناہ شفاء کی تاثیر رکھتی ہے۔ ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ امام حسنؑ اور امام حسینؑ جب کبھی بیمار ہوتے تھے تو سرکار دو عالم سورۃ فاتحہ سے اپنے نواسوں کا علاج فرماتے اور انہیں شفاء ہو جاتی تھی۔ امام ششم جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ میں اس قدر شفاء ہے کہ 70 مرتبہ اگر پڑھ کر کسی مردے پر پھونکی جائے تو بعید نہیں کہ وہ اٹھ کر زندہ ہو جائے۔ یاد رکھیں کہ جسطرح گلشن سے آنیوالی ہوا پھولوں کی مہک سے متاثر کرتی ہے اسی طرح قرآن جس زبان سے پڑھا جائے اس زبان سے پھونکی گئی ہوا (دم) اور قلم سے کاغذ پر بنایا گیا نقش سو فیصد کام کرتے ہیں۔ بشرط یقین کامل ہو اور آپ آداب عملیات سے قدرے واقف ہوں۔ اگر آپکا کسی روحانی سلسلہ سے تمسک قائم ہے تو آپکا فیض روحانی خلق خدا کیلئے بڑھ بھی سکتا ہے۔ خاندان زنجانیہ عالیہ کے در سے آج تک دربار مصطفائی کا روحانی فیض جاری ہے۔ (خواہاں بہن بھائی شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی روحانی بیعت میں بھی آ سکتے ہیں) روحانی فیض پا کر میرے والد بزرگوار الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی دادا محترم سید جیون شاہ زنجانی کی روح کو ایصال ثواب پہنچائیں۔ بزرگوار کا سالانہ عرس ہر سال 11,10 ربیع الاول کو منایا جاتا ہے۔ عرس کا مقام جنتری ہذا میں درج ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے کتاب مصباح العملیات، بیاض عملیات، بیاض نظامی کا مطالعہ کریں۔

۳	۸	۱
۷	چال نقش	۵
۲	۴	۶

۷۸۶

۲۳۶۴	۹۳۰۹	۷۸۸
۵۵۲۱	مقصد لکھیں	۳۹۴۰
۱۵۷۶	۳۱۵۴	۴۷۳۳

☆ادارہ اسلامیات منڈی بہاؤالدین ☆خزینہ علم وادب سول بازار اٹک شہر ☆شمس الدین خلجی خلجی نیوز ایجنٹ منڈی حاصل پور

رہائشی و کاروباری تعمیرات میں خوش بختیاں کیسے؟

نجوم اور علم تعمیرات کا خاص تعلق ہے ان دونوں علوم کو مشترکہ مطالعہ کر کے اپنے رہائشی مکان، دوکان، کارخانہ وغیرہ کی تعمیرات کی خاص جانکاری اور خامیاں معلوم کر کے خوش بختوں بڑھا سکتے ہیں کسی بھی شخص کے زائچہ پیدائش اور اسکے رہائشی مکان کو دیکھ کر اسکے زمین جائیداد کے سکھ اور عیش و آرام کو معلوم کیا جا سکتا ہے کسی شخص کو زمین جائیداد کی حصولیابی کب ہوگی یا وہ شخص مکان یا پلاٹ کی خریداری کب کرے اور مکان یا پلاٹ پر تعمیر کب کی جائے تو اس کی جانکاری زائچہ پیدائش میں کواکب کے لوگ (اوضاع فلکی) دور اکبر، دور صغیر اور مہورت (سعد وقت) سے کی جا سکتی ہے اگر کسی شخص کے مکان کی تعمیرات میں کوئی خامی ہے تو زائچہ پیدائش کے کواکب اس خامی کی نشان دہی کرتے ہیں اس کی جانکاری حاصل کرنے کے اصول اور یوگ مندرجہ ذیل ہیں۔ (اشتیاق احمد ایڈووکیٹ، سہاون پور انڈیا)

☆ زائچہ پیدائش میں چوتھے گھر (خانہ چہارم) میں موجود کواکب۔

☆ چوتھے گھر کے مالک کوکب کی حالت۔

☆ جائیداد سے منسوب کوکب مریخ کی حالت۔

اگر کسی زائچہ پیدائش کے چوتھے گھر میں نحس کواکب ہوں تو اس شخص کے رہائشی مکان کی تعمیرات میں کوئی خامی ہوتی ہے ایسی حالت میں مولود کو گھر میں سکھ آرام کا احساس نہیں ہوتا۔ اسے زمین جائیداد سے متعلق مختلف پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے زمین جائیداد کی خریداری اور نئے گھر میں داخل ہو کر رہائش کرنے پر اسے مختلف مسائل سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔

اگر چوتھے گھر (خانہ چہارم) کا مالک کوکب غروب، ہبوط یا رجعت میں ہو تو اس شخص کے زمین جائیداد کے سکھ میں رکاوٹ آتی ہے اور تعمیرات میں خامی ہونے کا اشارہ ملتا ہے۔ چوتھا گھر اور مریخ کوکب زمین جائیداد سے منسوب ہیں اگر چوتھے گھر کا مالک کوکب اور مریخ کمزور نحس حالت اثر میں ہے یا مریخ ہبوط میں یا بارھویں گھر میں رجعت میں پڑا ہو تو ایسے شخص کو زمین جائیداد کے سکھ میں رکاوٹ آتی ہے اور اسکے رہائشی مکان کی تعمیرات میں کوئی نہ کوئی کمی ضرور ہوتی ہے ایسا مولود شخص جب تک تعمیرات کی خامی کو دور نہیں کریگا تب تک اسے آرام و سکھ نہیں مل سکتا۔

چوتھا گھر چوتھے گھر کا مالک کوکب اور مریخ تینوں نحس اثرات میں ہونے سے کمزور ہوں تو ایسے شخص کے رہائشی مکان میں تعمیرات میں خامی ہونے کا خاص امکان ہوتا ہے اور اس شخص کو تعمیرات میں خامی وغیرہ کے مکانات میں رہنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے۔

تعمیر میں خامی کی وجہ سے بیماری، زائچہ پیدائش میں چوتھے گھر اور چوتھے گھر کے مالک کوکب کا تعلق چھٹے گھر یا چھٹے گھر کے مالک کوکب سے ہو تو تعمیرات میں خامی ہونے کی وجہ سے مولود کو خرابی صحت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

تعمیرات میں خامی کی وجہ سے حادثہ

چوتھے گھر اور چوتھے گھر کے مالک کوکب کا آٹھویں گھر اور آٹھویں گھر کے مالک کوکب کیساتھ تعلق ہو جائے تو تعمیرات میں کمی ہونے کی وجہ سے مولود کو حادثہ میں نقصان پہنچنے کا امکان ہوتا ہے اور اس کی ترقی میں رکاوٹیں آتی ہیں۔

تعمیر کی خامی سے دولت کا نقصان

چوتھے گھر کا مالک کوکب بارھویں گھر میں ہو یا بارھویں گھر کا مالک چوتھے گھر میں ہو یا چوتھے بارھویں گھر کے مالک ایک دوسرے کے گھر پر قابض ہو یا چوتھے بارھویں گھر کے مالک سیارگان کا یوگ قران ہو تو مولود کو زمین جائیداد کی وجہ سے مالی نقصان اٹھانا پڑتا ہے ایسا شخص نئے مکان میں داخل ہو کر رہائش کرنے کے بعد مالی پریشانیوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

جو کوکب چوتھے گھر پر زیادہ نحس اثرات ڈالتا ہے تو اس کوکب کے بد اثرات سے مکان میں تعمیری خامی پیدا ہو جاتی ہے اور اس کوکب سے منسوب مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس پریشانی سے نجات حاصل کرنے کے لئے اس نحس کوکب کی زکوۃ خیرات کریں اور اس کوکب

منعم زنجانی برادرز سے اپنے اور اپنی فیملی کے مفت برتھ چارٹ بنوانے کیلئے جنتری ہذا میں دیئے گئے 6 کوپن سے استفادہ کریں

Scanned with CamScanner

سے منسوب اسم پاک کا ورد کریں۔

اگر زائچہ پیدائش میں چوتھا گھر، چوتھے گھر کا مالک کوکب اور مریخ سعد مقام پر سعد حالت میں ہوں تو مولود کو زمین جائیداد کو مکمل سکھ ملتا ہے اور اسکے رہائشی مکان میں تعمیرات میں کوئی خامی نقص نہیں ہوتا اور ایسا شخص نئے گھر میں داخل ہو کر رہائش کرنے کے بعد ترقی کرتا ہوا ہر قسم کے سکھ آرام حاصل کرتا ہے۔

گھر کی ترقی خوشحالی کی خاص بنیاد، تعمیری نقص کا تدارک

آج موجودہ زمانہ میں ہر شخص کے دل میں ان گنت تمنائیں خواہشات ہوتی ہیں اور وہ انکی حصولیابی کیلئے کوشش میں لگا تار لگا رہتا ہے اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لئے وہ جائز ناجائز ہر قسم کے ہتھکنڈے اپناتا ہے مگر بعض دفعہ اس کے مقاصد کے حصول میں مختلف طرح کی رکاوٹیں آتی ہیں اور وہ اپنی دلی تمنا کو پوری نہیں کر پاتا۔ اگر ہم ان وجوہات اور رکاوٹوں کو دور کرنا چاہتے ہیں تو اپنے رہائشی مکان اور آس پاس کے ماحول کو دیکھ کر غور کریں۔ زمین پلاٹ کے نقص اور نحس کواکب کی وجہ سے بھی مولود کے آرام سکھ میں خلل پڑتا ہے اپنے رہائشی مکان، سمت اور تعمیری بناوٹ کو دیکھ کر ان کے نقص کو مندرجہ ذیل طریقہ سے دور کریں۔

رہائشی مکان کی سمتوں کا تعمیری نقص

مشرقی سمت:- اس سمت کا مالک شمس ہوتا ہے اگر

(۱) رہائشی مکان میں دیگر سمت کی تعمیر کی نسبت مشرقی سمت میں تعمیر اونچی ہے تو مالک مکان کو خوشحالی حاصل نہیں ہوتی اور اس کی اولاد زیادہ تر کم عقل اور بیمار رہتی ہے۔

(۲) مشرقی مہانہ (جسکے مکان کا صدر دروازہ مشرق کی طرف ہو) والے رہائشی مکانات کی چار دیواری اونچی نہیں ہونی چاہئے ورنہ اس کے برے اثرات مالک مکان کو بھگتنے پڑتے ہیں۔

(۳) رہائشی مکان کے مشرقی حصہ میں گندگی رہنے، پتھر مٹی کی ڈھیر (ملبہ جوتے چپل وغیرہ) ہونے سے مالک مکان اولاد کی طرف سے دکھی پریشان رہتا ہے۔

(۴) رہائشی مکان میں مشرقی سمت میں اونچا چبوترہ بنا دینے سے گھر میں گھریلو جھگڑے ہونے سے گھر کا سکون ختم ہو جاتا ہے۔

تدارک:- (۱) روزانہ بعد طلوع آفتاب "**یا حیّ قیوم**" اسم پاک کا ورد ۱۷۳ مرتبہ کریں۔

(۲) بروز اتوار گڑ سے بنا دلیہ بنا کر سب گھر کے ممبران کھائیں۔

(۳) اگر ممکن ہو تو بروز اتوار بنا نمک کا کھانا استعمال کریں۔

(۴) اور مکان کی مشرقی سمت میں شمس کی خاتم، **لوح** بنوا کر لگائیں۔

(عامل شاہ زنجانی سے یہ لوح بنوا سکتے ہیں)

مغربی سمت:- اس سمت کا منسوب کوکب زحل ہے اگر

(۱) اگر رہائشی مکان کی مغربی تعمیرات، مشرقی سمت کی تعمیرات کی نسبت کم اونچائی ہو تو مالک مکان کو بے عزتی و بدنامی کا خوف ہوتا ہے۔

(۲) اگر مالک مکان مغربی سمت میں اپنے سونے کا کمرہ بناتا ہے تو شوہر بیوی میں ان بن رہتی ہے۔

(۳) اگر رہائشی مکان کے مغربی سمت کی طرف گھر و برسات کے پانی کی نکاسی ہو تو اس گھر میں رہنے والے افراد جسمانی طور پر کمزور ہوتے ہیں۔

(۴) مکان کے مغربی سمت میں باورچی خانہ ہونے سے روپیہ جمع ہونے میں بہت پریشانیاں آتی ہیں۔

(۵) رہائشی مکان کے مغربی حصہ میں عبادت کرنے کا مقام ہونے سے مولود عملیات کا ماہر اور مخفی علوم میں دلچسپی رکھنے والا ہوتا ہے۔

تدارک:- (۱) مکان مالک کو چاہئے کہ وہ بروز ہفتہ روزہ رکھے اور بنا نمک کا کھانا کھائے۔

(۲) ہر ہفتہ ہفتہ کے دن گھر کے کسی اندھیرے کونہ میں سرسوں کے تیل کا چراغ جلائیں۔

(۳) ہر ہفتہ کے دن بندروں کو گڑ ملے کالے چنے کھلائیں۔

(۴) ہر ہفتہ کے دن رات کو اسم پاک "**یافتاح رزاق**" کا ورد ۷۹۷ مرتبہ کریں اور مکان کی مغربی سمت میں زحل کوکب کی خاتم لوح بنوا کر لگائیں۔ (عامل شاہ زنجانی سے بنوا سکتے ہیں)

شمالی سمت:- اس سمت کا منسوب کوکب عطارد ہے۔

(۱) اگر رہائشی مکان کے قلبی حصہ سے شمالی سمت میں اونچا چبوترا بنا دینے سے گھر کے گھریلو خرچ میں زیادتی ہو جاتی ہے۔

(۲) شمالی سمت میں کنواں پانی کی ٹینکی ہونے سے گھر کے ممبران زیادہ احساس کرنیوالے اور عقلمند ہوتے ہیں۔

(۳) مکان کی شمالی سمت میں پرانی اشیاء کا جمع ہونا یا کباڑ رکھ دینے سے قسمت میں کمی ہونے کی حالت پیدا ہو جاتی ہے۔

(۴) شمالی سمت میں بنا ہوا باورچی گھر کا اچھا اثر نہیں ہوتا۔

(۵) مالک مکان کو ہمیشہ اچھا فائدہ حاصل کرنے کے لئے جنوبی تعمیر کی اونچائی سے شمالی سمت کی تعمیر کی اونچائی ہمیشہ کم رکھیں۔

تدارک:- (۱) بروز بدھ روزہ رکھیں اور ہرے سبز کپڑے پہننا مالک مکان کو فائدہ مند رہتا ہے۔

(۲) گھر میں ہرے رنگ کا طوطا پالنے سے بھی یہ نقص دور ہو جاتا ہے۔

(۳) گھر میں عطارد کی خاتم لوح بنوا کر شمالی سمت میں لگائیں اور اسم پاک "**یا علی عظیم**" کا ورد اس کے اعداد کے مطابق کریں اور بروز بدھ کھچڑی بنوا کر خیرات کرنے سے کامیابی ملتی ہے۔

جنوبی سمت:- اس سمت سے منسوب ملک **عزرائیل** اور کوکب مریخ ہے۔

منجم زنجانی برادرز سے اپنے اور اپنی فیملی کے مفت برتھ چارٹ بنوانے کیلئے جنتری ہذا میں دیئے گئے 6 کوپن سے استفادہ کریں

(۱) رہائشی مکان کا جنوبی حصہ مالک مکان کیلئے خاص اہمیت رکھتا ہے اگر جنوبی سمت میں کنواں یا پانی کی ٹینکی تالاب وغیرہ ہو تو مالک مکان کے گھریلو سکھ میں کمی آتی ہے۔
(۲) اگر مکان کے جنوبی حصہ میں لائبریری یا مطالعہ کا کمرہ ہو تو وہاں مطالعہ کرنے میں دل نہیں لگتا۔
(۳) اگر مکان کے جنوبی حصہ میں زیادہ خالی جگہ چھوڑ دی گئی ہے تو اس گھر کی مستورات جسمانی و دماغی طور پر دکھی پریشان رہتی ہیں۔
(۴) جنوبی حصہ میں بنے کمروں کے دروازے جنوب مغرب کی طرف ہونے سے گھر میں رہنے والے اشخاص کی صحت خراب ہونے کا اندیشہ رہتا ہے۔
(۵) رہائشی مکان کا جنوبی حصہ کا زیادہ اونچا ہونا خوشحالی کی نشانی ہوتا ہے۔
(۶) جنوبی حصہ میں بنائی گئی عبادت گاہ میں عبادت کرنے سے روحانی سکون نہیں ملتا۔
(۷) جنوبی حصہ میں بنے کمروں کے دروازے جنوب مشرق سمت میں ہونے سے دشمن بڑھتے ہیں جس کی وجہ سے عدالت کچہری جانا پڑتا ہے۔

تدارک:- (۱) بروز منگل روٹی پر گڑ رکھ کر گائے بھینس وغیرہ جانوروں کو کھلانے سے نقص دور ہو جاتا ہے یا بروز منگل بتاشوں کی شیرنی بچوں کو تقسیم کریں۔
(۲) بروز منگل کو مریخ کی خاتم لوح مکان کے جنوبی حصہ میں لگانے اور اسم پاک "یامالک قدوس" کا ورد ۲۶۱ مرتبہ کرنے سے فائدہ ہوتا ہے۔
(لوح عامل شاہ زنجانی سے بنوا سکتے ہیں)

شمالی مشرقی سمت:- (ایشان کون) اس سمت کا منسوب کوکب مشتری ہے۔
(۱) مکان کا شمالی مشرقی کونہ کم اونچائی کا ہونے سے مالک مکان کو ہر کام میں کامیابی اور ترقی ملتی ہے۔
(۲) مکان کے شمالی مشرقی کونہ پر باتھ روم ہونے سے مختلف طرح کے برے اثرات ہوتے ہیں۔
(۳) اگر مکان کی چاردیواری کا شمالی مشرقی حصہ گھٹ کر چھوٹا ہو جائے تو مالک مکان کو اولاد کی طرف سے دماغی پریشانی اٹھانی پڑتی ہے۔
(۴) مکان کی تعمیر کی وقت شمالی مشرقی کونہ چھاپ (ڈھک) دینے سے ترقی میں کئی طرح کی رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں۔
(۵) شمالی مشرقی کونہ میں کوڑا کرکٹ، ریت، سیمنٹ وغیرہ کا ڈھیر ہونے سے مالک مکان کی اولاد میں بری عادتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔
(۶) شمال مشرقی کونہ (ایشان کون) میں باورچی خانہ ہونے سے روپیہ جمع کرنے میں رکاوٹ آتی ہے اور گھر میں کسی بھی وجہ سے سکون نہیں ہوتا۔

تدارک:- (۱) شمالی مشرقی کونہ (ایشان کون) کو صاف ستھرا رکھیں۔
(۲) بروز جمعرات روزہ رکھیں اور اسم پاک "**یاکبیر متعال**" کا ورد ۳۷۷ مرتبہ کریں۔
(۳) بروز جمعرات کو کسی بھی مذہبی مقام پر خیرات کریں اور مذہبی رہنما کی خدمت کریں۔
(۴) ہندو مذہب کے ماننے والے منتر "اوم نمہ شوائے" کو ۱۰۸ مرتبہ پڑھیں۔
(۵) مکان کے شمال مشرق کونہ میں مشتری کی خاتم اور لوح بنوا کر لگوائیں۔
(لوح عامل شاہ زنجانی سے بنوا سکتے ہیں)

مشرقی جنوبی سمت (اگنی کون)
اس سمت سے منسوب کوکب زہرہ ھے

(۱) باورچی خانہ کو مکان کی مشرقی جنوبی سمت میں بنانا سب طرح سے فائدہ مند ہوتا ہے۔
(۲) باورچی خانہ کے پاس کنواں بنوانا یا پانی کی ٹینکی تالاب بنانا مالک مکان کی بیوی کو بیمار بنا دیتا ہے۔
(۳) مکان کا مشرقی جنوبی کونہ کی اونچائی، مغربی جنوبی کونہ سے کم اور شمالی مشرقی کونہ اور شمال مغربی کونہ کی اونچائی سے زیادہ اونچائی فائدہ مند رہتی ہے۔
(۴) اگر مشرقی جنوبی کونہ کی اونچائی، شمالی مشرقی کونہ، شمالی مغربی کونہ کی اونچائی سے کم ہوگی تو اس گھر میں رہنے والے اشخاص جسمانی و مالی طور پر پریشان رہتے ہیں۔
(۵) باورچی خانہ کی دیوار ٹیڑھی میڑھی یا ٹوٹی پھوٹی ہونے سے مالک مکان کی بیوی کی زندگی جدوجہد والی ہوتی ہے۔

تدارک:- (۱) ہر جمعہ کو چینی یا آٹے کی خیرات کریں اور اسم پاک "**یا کافی غنی**" کا ورد ان کے اعداد کے مطابق کریں۔
(۲) کسی جوان عورت کو بناؤ سنگار کا سامان معہ ریشمی سوٹ جمعہ کے دن صدقہ کریں۔
(۳) اچھے اشخاص، بزرگ، فقیر، مستورات کو عزت دیں اور ان کی بےعزتی نہ کریں۔

شمال مغربی سمت (وائے وے کون):- اس سمت سے منسوب کوکب قمر ہے۔
(۱) اگر مکان کی شمالی مغربی کونہ پر کوئی باغیچہ لگا دیا ہو تو مالک مکان پختہ اچھے خیالات اور مذہب میں دلچسپی رکھنے والا ہوتا ہے۔
(۲) شمالی مشرقی کونہ میں سونے آرام کمرہ ہونے پر مالک مکان جسمانی

وہ مالی طور پر دکھی پریشان رہتا ہے۔

(۳) اس شمالی مغربی کونہ پر لائبریری اور مطالعہ گھر بنانا بھی فائدہ مند نہیں ہوتا۔

(۴) اس کونہ پر باورچی خانہ بنانے سے اس گھر کی مستورات کے دل میں چنچلتا ہوتی ہے۔

(۵) اگر مکان کا شمالی مغربی کونہ اونچا ہوتا ہے یا وہاں گڑھے ہوتے ہیں یا دہ ڈھکا ہوتا ہے تو ایسے مکان کو مکان مالک سے چھین لیا جاتا ہے یعنی دوسرے اشخاص اس مکان سے مکان مالک کو بے دخل کر کے قبضہ کر لیتے ہیں۔

(۶) اگر شمالی مغربی کونہ اور مشرقی جنوبی کونہ کی اونچائی زیادہ ہوتی ہے تو اس مکان میں کسی بھی وقت آگ لگنے کا خطرہ بنا رہتا ہے۔

(۷) مکان کے شمالی مغربی کونہ میں باتھ روم ہونے سے اس گھر میں رہائشی افراد میں بے چینی اور جھگڑا پیدا ہو جاتے ہیں۔

تدارک:- (۱) مکان میں سفید رنگ یا کریم کلر کا رنگ روغن کرائیں۔

(۲) بروز پیر کو روزہ رکھیں اور سفید کپڑے پہنیں اور اسم پاک ''یا رحمٰن رحیم'' کا ورد ۵۵۶ مرتبہ کرتے رہیں اور کوکب قمر کی خاتم اور لوح بنوا کر شمالی مغربی کونہ میں لگائیں۔

(۳) بروز پیر دودھ چاول خیرات کریں اور کھیر بنوا کر کھائیں۔ (عامل شاہ زنجانی سے بنوا سکتے ہیں)

مغربی جنوبی سمت (نیرتیہ کون)

اس سمت سے منسوب کوکب راس ہے۔

(۱) مکان کی مغربی جنوبی سمت میں کنواں، پانی کی ٹینکی، تالاب یا گڑھا ہونے سے اس مکان میں رہنے والے اشخاص بلا کسی وجہ کے بیماریوں کے شکار ہو جاتے ہیں۔

(۲) اس سمت میں بنے آرام گاہ، سٹور ہونا فائدہ مند ہوتا ہے۔

(۳) اس سمت میں غسل خانہ یا باتھ روم ہونے سے مالک مکان کو مختلف تکلیفوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

(۴) اس سمت میں تعمیر، بھاری سامان کا سٹور ہونا ضروری ہے اگر یہ جگہ خالی ہے تو ایسی صورت میں روپیہ بچت کرنے یا جمع کرنے میں رکاوٹ آتی ہے۔

(۵) اس سمت میں باورچی خانہ ہونے سے مکان مالک کے دل میں بے چینی بے سکونی رہتی ہے اور اس کی صحت ٹھیک نہیں رہتی۔

تدارک:- (۱) بروز ہفتہ کوڑھی یا بیمار آدمیوں کو روپیہ خیرات کریں یا کھانا کھلائیں۔

(۲) زحل سے منسوب اسم پاک ''**یا فتاح رزاق**'' کا ورد ۹۷ مرتبہ کریں۔

(۳) کبھی کبھی کچھ عرصہ کے بعد گھر میں قرآن شریف کا ختم کراتے رہیں۔

اس طرح بنا توڑ پھوڑ کے اور مالی خرچ کئے بغیر مندرجہ بالا طریقوں سے اپنے رہائشی مکان کے تعمیری نقص کو دور کر کے اپنی زندگی کو خوشحال آرام دہ بنا سکتے ہیں۔

مکان عمارت کے تعمیری نقص کو دور کرنے کیلئے عام اصول

(۱) کئی منزل عمارتوں بڑے شہروں میں جگہ کی تنگی کے باعث دنیا کے بڑے بڑے شہروں میں ملٹی سٹوریز بلڈنگ بنانے کا رواج عام بڑھ رہا ہے۔ ان میں رہنے والے اشخاص کے گھر میں علم تعمیر کے عام اصولوں کو کچھ تبدیلی کرنی ضروری ہوتی ہے عام طور پر رہائشی مکان کے درمیانی حصہ کو خالی رکھنا ضروری ہوتا ہے اس سے ہوا روشنی کا اثر بنا رہتا ہے مگر اونچی عمارتوں میں رہائش رکھنے والے اشخاص جو کہ زمین سے کافی اونچائی پر رہتے ہیں اگر انکے گھروں کی مناسب کھڑکی دروازے روشن دان ہونگے تو اس میں ہوا روشنی آنے سے اچھا اثر رہتا ہے ایسی حالت میں ان اونچی عمارتوں کے درمیانی حصہ کو خالی رکھنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

(۲) ادھورے نامکمل مکانات میں رہائش رکھنے سے تعمیری نقص کا برا اثر پڑتا ہے رہائش رکھنے والے اشخاص کو دماغی جسمانی مالی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اچھا یہی ہے کہ مکان کی تعمیر مکمل ہونے کے بعد ہی اس میں رہائش کریں۔

(۳) اگر کسی مکان عمارت میں بنے کمرے اور دروازے عام طور پر بند رہتے ہیں تو اس جگہ پر تعمیری نقص کا برا اثر پیدا ہو جاتا ہے بھلے ہی مکان عمارت تعمیری اصول پر بنائی گئی ہو اس لئے مکان عمارت حویلی، بنگلہ میں کسی بھی کمرے یا دروازے کو لمبے عرصہ تک بند نہ کریں۔

(۴) کبھی کبھی دیکھنے میں آتا ہے کہ گھر کے باہر نکلنے کے دو راستے ہوتے ہیں اس میں ایک راستہ کو بند رکھا جاتا ہے اور دوسرے راستہ کا استعمال گھر میں آنے جانے کے لئے کیا جاتا ہے۔ ایسی حالت میں بھی تعمیری نقص کی وجہ بنتی ہے جو دیگر تدارک کرنے سے ختم نہیں ہوتا۔

(۵) جس مکان، عمارت، دکان یا کاروبار جگہ کے تعمیری نقص کو دور کرنا ہے تو اس مقام کے آس پاس کے ماحول اور وہاں بنی ہوئی عمارتیں راستہ وغیرہ کو دیکھ کر فیصلہ لینا چاہئے کیونکہ صرف مقررہ مقام کو دیکھ کر ہی اس کا تعمیری نقص دور نہیں کیا جاسکتا۔

(۶) جس تعمیری نقص کا بد اثر مالک مکان پر پڑ رہا ہو تو اس مالک مکان کو اپنے بروج کے مالک کوکب کا منسوب پتھر ضرور پہننا چاہئے۔ پتھر منجم شاہ زنجانی سے معلوم کر لیں۔

(۷) اگر کسی مکان گھر وغیرہ میں تعمیری نقص ہو اور اس گھر کا مالک

فیصل بک سیلر بمقام ڈاک خانہ مٹہ ضلع سوات ☆علی نیوز ایجنسی۔ پسرور ضلع سیالکوٹ چودھری بک ڈپو مین بازار۔ ڈسکہ

مکان کسی دیگر مکان میں رہتا ہو تو اس مکان مالک پر اس گھر کے تعمیری نقص کا برا اثر نہیں پڑیگا بلکہ اس کے بد اثرات اس مکان میں رہائش کرنیوالوں کو اٹھانے پڑیں گے۔

(۸) کسی گھر، مکان، عمارت، دکان، دفتر، فیکٹری وغیرہ کی تعمیر مکمل ہونے کے بعد سب سے پہلے سعد وقت میں اس جگہ پر رہائش یا کام شروع کرنے کے لئے داخل ہوں اور اپنے مذہب کے مطابق عبادت کرا کر زکوٰۃ خیرات کریں ایسا عمل کرنے سے اس جگہ کا ماحول پاک وصاف ہو جاتا ہے اور وہاں رہنے یا کام کرنیوالے اشخاص کی جسمانی و دماغی طاقت میں زیادتی ہوتی ہے اور چھوٹے چھوٹے تعمیری نقص کا تدارک اپنے آپ ہو جاتا ہے۔

(۹) کسی بھی جگہ کے تعمیری نقص کا نوے فیصد تدارک بنا توڑ پھوڑ کے ہو جاتا ہے بقایا دس فیصد معاملوں میں کھڑکی، دروازے بند کرنے یا تبدیل کرنے سے تعمیری نقص کا تدارک ہو جاتا ہے بہت ہی کم معاملوں میں توڑ پھوڑ کی ضرورت پڑتی ہے۔

(۱۰) اگر کسی مکان عمارت کی تعمیر، اصول تعمیرات کے مطابق کی گئی ہے مگر خاندان کے ممبران مخالف سمتوں میں کمروں میں رہتے ہیں ایسی حالت میں کمروں کی شکل میں تبدیلی کر لینی چاہئے۔

(۱۱) اگر کسی عمارت مکان کے کسی بھی کمرے میں ہمیشہ اندھیرا رہتا ہے وہاں سورج کی روشنی نہیں پہنچتی تو اس کمرے میں رہنے والے شخص کی ترقی کامیابی میں مختلف قسم کی رکاوٹیں آتی ہیں ایسی حالت میں اس گھر کے کمرے میں قدرتی روشنی پہنچنے کا انتظام کیلئے کھڑکی روشندان وغیرہ لگانا چاہئے۔

(۱۲) اگر کسی عمارت مکان وغیرہ کو اصول تعمیرات کے مطابق تعمیر کیا گیا ہو مگر اس جگہ پر رہائش رکھنے والے اس جگہ کو مختلف جگہ پر کوڑا کرکٹ یا پرانی اشیاء کا ذخیرہ رکھیں گندہ کریں جس کی وجہ سے اس جگہ پر رہنے والوں کے دماغ اور خیالات پر منفی اثر پڑتا ہے جس کا تدارک صرف اس جگہ کو صحیح طریقہ پر رکھ کر ہی کیا جا سکتا ہے۔

(۱۳) کبھی کبھی کوئی شخص اپنے عمل سے اپنے گھر دکان، دفتر کارخانہ وغیرہ میں تعمیری نقص پیدا کر دیتا ہے جیسے مشرقی جنوبی کونہ میں پانی کی ٹینکی رکھنا یا نل لگوا دینا یا شمالی مشرقی کونہ میں باورچی خانہ یا بھٹی یا بجلی کی موٹر لگوا دینا تعمیری نقص پیدا کر دیتا ہے ایسی حالت میں بھول سے کیے گئے نقص کو دور کیا جا سکتا ہے۔

مالک مکان کا رہائشی کمرہ

(۱۴) اگر مالک مکان کے سونے و آرام کرنے کا کمرہ غلط سمت میں بنا ہوا ہے تو مالک مکان اس کمرے کو چھوڑ کر جنوبی سمت کے حصہ میں بنے کمرے کو اپنے سونے و آرام کرنے کی جگہ بنانا چاہئے اگر مالک مکان مشرق یا شمالی حصہ میں بنے کمرے میں رہے گا تو اس کے خاندان پر اس کا اثر کم ہو جاتا ہے اور گھر کے ممبر مالک مکان کی مخالفت کرنے لگتے ہیں ایسی حالت میں مالک مکان کو غلط سمت میں بنے کمرے کو چھوڑ کر اندر کی طرف جنوبی سمت میں بنے کمرے میں رہنا شروع کر دینا چاہئے اور مالک مکان کا رہائشی کمرہ باہر سے نظر نہیں آنا چاہئے۔ اگر مکان کے جنوبی حصہ میں کوئی کمرہ نہیں بنا ہے تو پھر اسے ایسے کمرے میں رہائش کرنی چاہئے جو صدر دروازے کے سامنے نہ ہو کچھ مکانات میں کم جگہ ہونے کی وجہ سے زیادہ کمرے نہیں ہوتے ایسی حالت میں مالک مکان کو گھر کے اندر ہی رہنے کی کوشش کرنی چاہئے مالک مکان کے رہائشی کمرے میں کئی دروازے و جنگلے ہونا اچھا نہیں ہوتا اگر مالک مکان کا کمرہ صحیح سمت میں بنا ہوا ہے مگر اس میں کئی دروازے جنگلے لگے ہوئے ہوں تو مالک مکان کا رہائشی کمرہ نقص والا ہو جاتا ہے ایسی حالت میں مالک مکان کا دل اس جگہ سے اُچاٹ ہو جاتا ہے اور خاندان کے دیگر ممبران اس کے کنٹرول سے باہر ہو جاتے ہیں اور مالک مکان کی زندگی خراب ہو جاتی ہے اس حالت میں رہائشی کمرے کے بنا ضرورت کے دروازہ کھڑکیاں بند کر دینی چاہئیں۔

بچوں کا رہائشی کمرہ

(۱۵) علم تعمیرات کے اصول کے مطابق بچوں کی رہائش کیلئے مشرقی سمت یا شمالی مشرقی سمت یا شمالی سمت کی طرف بنے کمرے رہائش کیلئے زیادہ مناسب ہوتے ہیں اگر بچوں کا رہائشی کمرہ ان سمتوں میں نہ ہو کہ جنوبی یا مغربی سمت میں ہو تو وہ نقص والا ہوتا ہے ایسی حالت میں بچوں کو دماغی ذہنی ترقی میں رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے ایسی حالت میں بچوں کا کمرہ تبدیل کر کے مشرقی یا شمالی سمت کے حصہ میں بنانا چاہئے اگر بچوں کے رہائشی کمرہ کی تبدیلی ممکن نہ ہو تو بچوں کے سونے کا پلنگ یا چارپائی کو کمرہ کے ایسے مقام پر بچھانی چاہئے جس سے وہ کمرے کے دروازے سے دکھائی پڑے بچوں کے رہائشی کمرے میں کھڑکی روشندان ضرور ہوں۔ مکان کے اندرونی حصہ میں بنے کمرے بچوں کی ترقی میں رکاوٹ ہوتے ہیں جس سے بچوں میں ناامیدی و کمزوری کے خیالات پیدا ہوتے ہیں اگر بچوں کا کمرہ غلط سمت میں بنا ہے تو کمرے میں **کرسٹل کا گولہ، یا کرسٹل کا کچھوا** ایسی جگہ پر رکھنا چاہئے جس پر اس کمرے میں داخل ہونیوالے فرد کی فوراً نظر پڑتی ہو۔ بچوں کے کمرے کے چھت کی اونچائی دیگر کمروں کی چھت کی اونچائی سے زیادہ نہیں ہونی چاہئے۔

اگر کسی گھر میں بچوں کیلئے الگ کمرہ نہیں ہے تو بچوں کے سونے اور لکھنے پڑھنے کا مقام اس جگہ پر مشرقی یا شمالی سمت میں ہونا چاہئے۔

ڈرائینگ روم، مہمان خانہ

(۱۶) ہر مکان میں عام طور پر مہمانوں و متعلقہ افراد سے ملاقات و استقبال و بات چیت کیلئے ڈرائینگ روم کا کمرہ بنایا جاتا ہے۔ ڈرائینگ

روم کے کمرے کی تعمیر میں جن باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے اس میں کمرہ میں مناسب ہوا اور روشنی کا انتظام ضروری ہے باہر سے آنیوالے مہمان جب اس طرح کے کمرے میں بیٹھتا ہے تو اسے آرام کے ساتھ ساتھ جوش و خروش کا احساس بھی ہوتا ہے مکان کے مغربی حصہ میں بنا ہوا ڈرائینگ روم علم تعمیرات کے اصول سے اچھا نہیں ہوتا کیونکہ دوپہر کے بعد اس کمرے میں سورج کی روشنی نہ آنے سے منفی اثر پڑتا ہے ایسے ڈرائینگ روم میں کیا جانیوالا مشورہ مخالف خیالات کی وجہ سے ادھورا رہ جاتا ہے اور مشورہ کرنیوالوں کے تعلقات مضبوط نہیں ہو پاتے۔

اگر ڈرائینگ روم بنانے کیلئے مشرق یا شمالی سمت میں کوئی کمرہ نہ ہو تو جنوب یا مغرب سمت میں بنے ڈرائینگ روم میں صوفہ کرسی میز وغیرہ کو مشرق یا شمال کی سمت میں لگانا چاہئے اس کے ساتھ جنوبی مغربی سمت کی طرف بڑی کھڑکی، جنگلے و دروازے وغیرہ نہ ہوں اگر ہوں تو ان پر موٹے کپڑے کا پردہ لگائیں ڈرائینگ روم کی سجاوٹ وغیرہ کا خاص دھیان رکھیں کمرے کی دیواریں صاف ستھری ہلکے رنگ کی ہوں۔

اگر ڈرائینگ روم مکان کے صحیح حصہ میں بنا ہوا ہے مگر ڈرائینگ کی دیواروں کا پلاسٹر اور فرش اکھڑا ہوا ہے اور دیواروں کا رنگ خراب ہو چکا ہے دیواروں میں سیلن آچکی ہے اور کمرے میں قدرتی روشنی بھی کم ہے تو صحیح مقام پر بنے ڈرائینگ روم بھی نقص والا ہو جاتا ہے اس نقص کے ذمہ دار گھر والے ہی ہوتے ہیں جس کے برے اثرات کا انہیں شکار ہونا پڑتا ہے۔ اس نقص کو اس مکان میں رہنے والے اشخاص اپنی سستی دور کر کے ختم کر سکتے ہیں اگر مہمان کو ڈرائینگ روم میں بیٹھا کر آرام سکون نہ ملتا ہو تو یہ سمجھنا چاہئے کہ ڈرائینگ روم نقص دار ہے ڈرائینگ روم عموماً مکان کے باہری حصہ میں ہونا چاہئے کسی بڑے کمرے کے اندر بنا ہوا ڈرائینگ روم علم تعمیرات کے اصولوں کے منافی ہوتا ہے۔

ڈرائینگ روم میں مہمانوں کے بیٹھنے کی جگہ ایسی ہونی چاہئے کہ وہ ڈرائینگ روم کے باہر سے اور صدر دروازے سے دکھائی نہ دیتی ہو۔

غلط سمت میں بنے ڈرائینگ روم میں ہرے بھرے پودوں کے گملے رکھنے چاہئیں کانٹوں والے پودے کے گملے ڈرائینگ روم میں نہ رکھیں سوکھے مرجھائے ہوئے پودے ڈرائینگ روم سے ہٹا دیں۔ ڈرائینگ روم کے دروازے پر پردہ ضرور ہونا چاہئے۔

باورچی خانہ

(۱۷)۔ چونکہ کھانا بنانے میں آگ کا استعمال ہوتا ہے اس لئے علم تعمیرات کے اصول کے مطابق باورچی خانہ مکان کے مشرقی جنوبی کونہ پر بنایا جاتا ہے مکان کے شمالی مشرقی کونہ پر باورچی خانہ بنانا سب سے زیادہ نقصان دہ ہوتا ہے جس کی وجہ سے مالک مکان کو اولاد سے متعلق مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور گھر میں ترقی میں رکاوٹ آتی ہے اور گھر کے ممبران میں اختلافات ہونے سے جھگڑوں کی نوبت آتی ہے اس کے تدارک کیلئے ضروری ہے کہ باورچی خانہ کو وہاں سے ہٹا کر مکان کے مشرقی جنوبی سمت میں قائم کیا جائے اگر ایسا ممکن نہ ہو تو شمالی مشرقی کونہ میں بنے باورچی گھر کے شمالی مشرقی سمت میں پانی کا گھڑا یا پانی کی ٹینکی رکھیں اور باورچی خانہ کے مشرقی جنوبی کونہ میں چولہا اور گیس سلنڈر وغیرہ رکھیں اور باورچی خانہ میں صاف ہوا کا گذر رہتا ہے کھانا بنانے سے پیدا دھویں کو باہر نکالنے کیلئے ہوا نکالنے والا پنکھا لگائیں۔ برتن وغیرہ دھوئیں کی جگہ شمالی مشرقی سمت میں نہ ہو۔

عبادت گاہ

(۱۸) **عبادت گاہ:-** علم تعمیرات کے اصول کے مطابق مکان کے شمالی مشرقی سمت میں عبادت گاہ بنانا فائدہ مند ہوتا ہے اگر جگہ کی کمی کی وجہ سے الگ سے عبادت گاہ بنانا ممکن نہ ہو پھر بھی عبادت گاہ ایک خاص جگہ پر ہی بنائیں عبادت گاہ کا فرش مکان کے دیگر فرش سے اونچا ہو۔ بغیر کپڑا بچھائے کبھی عبادت نہ کریں اگر عبادت گاہ غلط مقام پر بنی ہے تو مکان مالک کو عبادت کا اچھا فائدہ نہیں ہوتا عبادت گاہ میں طلوع آفتاب کی روشنی آنیکا معقول ذریعہ ہو۔ ہوا کی آمد و رفت کیلئے اس میں کھڑکی روشندان بھی ہوں اور عبادت گاہ میں کچھ مذہبی نشان کے کیلنڈر وغیرہ ہوں۔ عبادت گاہ کے کمرے کے پاس باتھ روم نہیں ہونا چاہئے اس سے نقصان ہوتا ہے اگر عبادت گاہ کے پاس باتھ روم ہو تو اس کو اس طرح بنائیں کہ وہ عبادت گاہ میں بیٹھ کر عبادت کرتے وقت دکھائی نہ دے۔ عبادت گاہ کا دروازہ کافی عرصہ کیلئے بند نہ رکھیں کیونکہ عبادت گاہ میں روزانہ عبادت نہ کرنے سے گھر پر برے اثرات پڑتے ہیں۔

اگر عبادت گاہ اصول علم تعمیرات کے مطابق بنائی گئی ہے مگر عبادت گاہ کے گندہ ہونے اور آس پاس شور گل کا ماحول ہو تو عبادت گاہ نقص دار ہو جاتی ہے ایسی حالت میں کوئی شخص یکسوئی قلب سے عبادت نہیں کر سکے گا اور اسے عبادت کرنے کا فائدہ ثواب نہیں مل سکے گا۔

اگر عبادت گاہ غلط سمت میں بنی ہے وہ صاف ستھری پاک صاف ہے اور آس پاس کا ماحول پرسکون ہے تب ہی عبادت کرنے سے فائدہ ثواب حاصل ہوگا۔

مطالعہ گاہ

(۱۹) **علم تعمیرات** کے مطابق مکان کے شمالی و مشرقی کونہ کی سمت میں مطالعہ گاہ ہونا اچھا فائدہ دیتا ہے۔ مطالعہ گاہ (لکھنے پڑھنے کا

حسینی بک ڈپو۔ کالونی۔ بھلوال ☆ اتفاق بک ڈپو۔ بھلوال ☆ ایم صادق کتاب گھر۔ سرگودھا

کمرہ) کے پاس شور گل نہ ہو کمرہ میں ہوا روشنی کی معقول آمد و رفت ہو تو اس کمرے میں یکسوئی قلب سے لکھنے پڑھنے سے ترقی کامیابی ملتی ہے اگر اس کے برخلاف مطالعہ گاہ میں ہوا روشنی کی مناسب آمد و رفت نہ ہو اور آس پاس سے شور گل کی آوازیں آتی ہیں تو مطالعہ یکسوئی قلب سے نہ ہونے سے دماغی پریشانیاں پیدا ہوتی ہیں اور مقصد کے حصول میں کامیابی نہیں ملتی۔

اگر مطالعہ گھر غلط سمت میں ہو تو اسکے تدارک کیلئے **کرسٹل سے بنا کچھوا** اس سمت میں رکھیں جس طرف منہ کر کے طالب پڑھتے لکھتے ہیں لکھنے پڑھنے کی میز کے دائیں طرف بھی کچھوا رکھا جا سکتا ہے اس کچھوے کو کچھ اونچائی پر رکھیں مطالعہ گاہ میں سفید چندن سے بنی اشیاء بھی رکھنے سے فائدہ ملتا ہے۔

مطالعہ گاہ میں میز شمال میں یا شمالی مشرقی سمت میں ہو اور طالب علم کے بیٹھنے کی کرسی کا رخ شمال کی طرف یا شمالی مشرقی سمت کی طرف ہو۔ طالب علم کا منہ پڑھتے لکھتے وقت مشرقی جنوبی سمت یا جنوبی مغربی سمت کی طرف بالکل نہیں ہونا چاہئے۔ پڑھنے کی میز کے سامنے کسی بھی قسم کا **کھمبا یا کھڑکی یا اوپر چھت کا بیم** نہیں ہونا چاہئے پڑھنے کی میز کو دیوار کے سہارے رکھا جا سکتا ہے مطالعہ گاہ میں کتابوں کی الماری شمال مشرق جنوب یا جنوبی مغربی سمت میں رکھی جا سکتی ہے شمال مغربی سمت یا مشرقی جنوبی کونہ کی سمت میں کتابوں کی الماری بالکل نہ رکھیں اور پڑھنے کی میز پر فالتو کتابیں اور اشیاء مت رکھیں اس طرح عمل کرنے سے بچوں کو یکسوئی قلب اور پرسکون ماحول میں مطالعہ کرنے اور لکھنے کا اچھا موقعہ ملے گا جس سے انکی ذہنی دماغی ترقی ہو کر انکو امتحانات وغیرہ میں کامیابی ملے گی اور وہ حکومت میں زندگی میں اعلیٰ عہدہ پانے کے حقدار ہونگے۔

گھریلو جھگڑوں سے نجات

(۲۰) اگر رہائشی مکان کے تعمیری کام میں نقص ہے تو اس مکان میں رہائش پذیر اشخاص کو مختلف مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس میں سب سے خطرناک گھر کے افراد میں سنگین اختلافات سے گھریلو جھگڑے کا مسئلہ ہوتا ہے جس کی وجہ سے گھریلو سکون ختم ہو جاتا ہے اور بعض دفعہ نوبت علیحدگی، خون خرابہ، قتل، تھانہ، کچہری تک پہنچ جاتی ہے ایک گھر کے کئی ٹکڑے ہو کر الگ الگ باورچی خانہ بن جاتے ہیں اس حالت میں سب کو دکھ تکلیف اٹھانی پڑتی ہے۔

علم تعمیرات کے اصول کے مطابق گھریلو اختلافات جھگڑے ہونے کی خاص وجہ اس گھر میں ہوا روشنی کے نظام کا آلودہ ہونا ہوتا ہے اگر مکان کے باہری حصہ میں کوئی نئی تعمیر کی گئی ہے تو اس گھر میں گھریلو اختلافات و جھگڑے پیدا ہونے کا امکان بن جاتا ہے اگر نیا پلاٹ لیکر مکان بنوا رہے اشخاص کو مکان کے درمیانی حصہ میں خالی جگہ ضرور رکھنی چاہئے اگر مکان کے شمالی مشرقی کونہ کی سمت میں باتھ روم بنا دیا گیا ہے تو اہل خانہ ہر قسم کی مصیبتوں کے شکار ہو جاتے ہیں انکے گھر کی برکت ختم ہو جاتی ہے آمدنی سے خرچ بڑھ جاتے ہیں ایک پریشانی ختم نہیں ہوتی اس سے پہلے دوسری پریشانی ختم ہو جاتی ہے اس کے تدارک کیلئے شمالی مشرقی سمت میں بنے باتھ روم کو وہاں سے ہٹا دیں۔

اگر گھر مکان کے صدر دروازے کے سامنے کوئی کھمبا ہو یا کسی دیوار کا کونہ آتا ہو تو اس گھر میں کلیش جھگڑا پیدا ہوتا ہے اور اہل خانہ ایک دوسرے پر الزامات لگاتے رہتے ہیں ایسے حالت میں صدر دروازے کے دونوں طرف روحانی نشانات بنائیں۔

اگر گھر مکان کے کمرے مختلف اونچائیوں پر بنے ہیں تو بھی گھریلو جھگڑے ہونے کی حالت پیدا ہوتی ہے اگر مکان کی دیواریں چٹک رہی ہیں تو اہل خانہ میں اختلاف رائے پیدا ہو جاتا ہے اور وہ سب الگ الگ ڈھنگ سے سوچنے لگتے ہیں ان میں محبت اتفاق ختم ہو جاتا ہے اور نوبت جھگڑوں تک پہنچتی ہے اگر مکان خوبصورت ڈھنگ سے بنا ہے تو نظر بد ہونے پر بھی مندرجہ بالا حالت پیدا ہوتی ہے، جس کے تدارک کیلئے مکان کے باہری حصہ پر مالک مکان کا پرانا پھٹا ہوا چمڑے کا جوتہ چار دیواری پر لٹکا دینا چاہئے یہ کام بروز ہفتہ کو شام کے وقت کریں اگر مالک مکان اس کام کو اپنے ہاتھ سے کرے تو اور بہتر نتیجہ نکلتا ہے۔

اگر اہل خانہ میں روزانہ جھگڑے ہونے کی نوبت آگئی ہے تو اہل خانہ کے ممبران اپنے رہائشی کمروں کو آپس میں تبدیل کر لیں اگر یہ تبدیلی ممکن نہ ہو تو ہر فرد اپنے سونے کی جگہ اور اندرونی سجاوٹ میں ضرور تبدیلی کرلے۔

گھریلو جھگڑے ہونے والے مکان میں طلوع آفتاب سے پہلے اور غروب آفتاب کے بعد گھر میں جھاڑو سے صفائی نہ کریں اور اہل خانہ میں برائے اتفاق اتحاد کیلئے مندرجہ ذیل اسم کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر پانی و کھانے پینے کی اشیاء پر دم کرکے اہل خانہ استعمال کریں۔

وَجَاءَ مِنْ أَقْصَا الْمَدِينَةِ رَجُلٌ يَسْعَىٰ قَالَ يَا قَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِينَ اتَّبِعُوا مَنْ لَا يَسْأَلُكُمْ أَجْرًا وَّهُمْ مُهْتَدُونَ ط ......

اسکے علاوہ گھریلو جھگڑے اختلافات پیدا کرنیوالی وجوہات کو دور کریں۔

آمدنی میں رکاوٹ

(۲۱) مکان وغیرہ کی تعمیری نقص آمدنی کو بھی متاثر کرتے ہیں آمدنی میں رکاوٹ آنے سے اہل خانہ کو ہر فرد اس سے متاثر ہوتا ہے اور مالی حالت کمزور ہونے پر اس شخص کی دماغی دلی، سماجی دنیاوی تعلقات پر برا اثر پڑتا ہے اور مالی پریشانی ہونے سے مختلف مسائل اپنے آپ کھڑے ہو جاتے ہیں مناسب وقت پر آمدنی نہ ہونے سے ہر قسم کی ادائیگی وقت پر نہیں ہو پاتی۔ اور پریشانی بڑھتی جاتی ہے آمدنی میں رکاوٹ آنے کے تعمیری نقص مندرجہ ذیل ہیں۔

مکان کا شمالی حصہ دولت سے منسوب ہے

☆ملک اللہ بخش نیوز ایجنٹ ٹریفک چوک۔ ڈیرہ غازی خان ☆ مکتبہ فریدیہ۔ جناح روڈ۔ ساہیوال ☆ پاکستان نیوز ایجنسی پنڈی گھیب

مکان کے شمالی حصہ میں نقص دار تعمیر، گندگی، کباڑ ہونے کی وجہ سے اہل خانہ کی مالی حالت پر برا اثر پڑتا ہے اور مالی نقصان شروع ہو جاتے ہیں مالی ترقی نہیں ہوتی اور نئے شادی شدہ اشخاص کو بھی مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

اگر شمالی مشرقی سمت میں باتھ روم بنایا گیا ہو تو مالی مصیبتیں، مالی نقصان ہونے کی حالت پیدا ہو۔ کاروبار تجارت میں گھاٹا ہوتا ہے جس کام سے پہلے نفع ملتا تھا اسی کام میں نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔

ایسے برے حالات میں بچاؤ کیلئے شمالی سمت میں بنے کمرے میں کسی خالی الماری میں صبح اور شام کے وقت تھوڑی دیر کیلئے دیسی گھی کا چراغ جلاتے ہیں۔

اگر شمالی سمت میں کوئی کمرہ خالی بند پڑا ہو تو اسکے کھول کر استعمال میں لائیں اگر مکان کی شمالی سمت میں تعمیر کا کام نامکمل ہو تو اسے جلدی سے جلدی مکمل کرائیں۔

اگر اہل خانہ کا کوئی فرد شمالی سمت میں بنے کمرہ میں نہیں رہتا تو اہل خانہ میں سے کسی نہ کسی فرد کو اس کمرے میں رہائش اختیار کرنی چاہئے۔

اگر مکان کی شمالی سمت یا شمالی مشرقی سمت کی تعمیر کی اونچائی دیگر سمتوں سے زیادہ ہے تو آمدنی میں کمی آتی ہے ایسی حالت میں جنوبی سمت کی تعمیر کو شمالی مشرقی تعمیر سے اونچا کرائیں اگر یہ ممکن نہ ہو تو جنوبی سمت میں ایک منزل کے کمرے اور تعمیر کرلیں اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو شمالی مشرقی سمت (ایشان کون) میں پانی کی ٹینکی (واٹر ٹینک) کی تعمیر کرالیں۔

اگر مکان کے شمالی حصہ یا شمالی مشرقی سمت کے حصہ میں ٹوٹا پھوٹا کباڑ سامان پڑا ہوا ہے تو بھی آمدنی میں کمی آتی ہے اس کوڑا کرکٹ کو وہاں سے فوراً صاف کر دینا چاہئے چھت پر ٹوٹے پھوٹے مٹکے، پرانی اشیاء پڑی ہونے پر اہل خانہ کی آمدنی پر برا اثر پڑتا ہے اس لئے چھت کو بھی ہر طرح سے صاف ستھرا رکھیں۔

بیماری

(۲۲) کسی مکان عمارت میں رہائش رکھنے والے افراد میں سے کوئی نہ کوئی بیمار رہتا ہو تو یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ اس مکان کے تعمیری نقص سے بیمار ہوا ہے بلکہ اس کی وجہ گھر کے آس پاس کا ماحول بھی ہو سکتا ہے جیسے کسی شخص کو سانس دمہ کی بیماری ہو تو ایسے شخص کو ہوا کی آلودگی دھنواں والی جگہ پر نہیں رہنا چاہئے۔ جہاں کارخانہ فیکٹری وغیرہ، قصاب خانہ وغیرہ سے ہوا آلودہ ہو کر پھیلتی ہو تو ایسی جگہ پر رہائش کرنے سے صحت سے متعلق پریشانی پیدا ہو جاتی ہے علاج دوا کرنے پر بھی فائدہ نہیں ہوتا۔ علاج بند ہوتے ہی پھر بیماری کا اثر شروع ہو جاتا ہے جب تک وہ شخص آلودہ ہوا والے مقام کو چھوڑ کر پر فضا مقام پر رہائش [illegible] کرتا وہ بیمار ہی رہے گا کیونکہ ہوا میں بدبو پیدا کرنے والی مشینری اس شخص کے اختیارات سے باہر ہوتی ہے جس کو وہ ختم یا بند نہیں کر سکتا تو اس جگہ سے الگ ہونا ہی فائدہ مند رہتا ہے اگر آس پاس ماحول میں ہوا میں بدبو ہونے پر اپنی کسی مجبوری کی وجہ سے وہ شخص اس مقام کو نہیں چھوڑ سکتا تو اسے اپنے گھر میں ''اشکوک'' نام کا درخت ضرور لگائیں اگر گھر میں باغبانی کیلئے جگہ ہو تو ہرے بھرے پودے لگا کر اس کی دیکھ بھال کریں تاکہ اچھی ہوا حاصل ہو سکے۔

اگر گھر میں یا گھر کے آس پاس آواز پیدا کرنیوالی مشینیں یا لاؤڈ سپیکر ہو اس کی تیز آواز سے ہوا میں آلودگی پیدا ہوتی ہے جس کا اثر دماغ پر پڑتا ہے اس کو دور کرنے کے لئے شخص کو اپنے گھر میں تیز آواز پیدا کرنیوالی مشینری کو ہٹا دینا چاہئے یا انکی مرمت کرا کر استعمال کریں اگر گھر کے باہر کوئی کارخانہ ہو جس میں مشینوں یا ٹرک وغیرہ کے آنے جانے سے تیز آواز یا ہوا خراب ہو رہی ہے تو مکان سے جس سمت میں کارخانہ ہو اس سمت کے روشندان کھڑکی دروازے بند کر دیں۔

اگر کسی مکان کی تعمیر نقص والی خراب زمین پر ہوئی ہو تو اس مکان میں کچی زمین نہیں رکھنی چاہئے کیونکہ کچی زمین ہونے پر اس کا برا اثر جلدی پیدا ہوگا سب جگہ پر پکا فرش بنانے سے بد اثر میں کمی آتی ہے۔

کبھی کبھی کسی مکان عمارت میں بھوت پریت و آسیب

وغیرہ کے اثرات پیدا ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے گھر میں بیماریاں لگتی رہتی ہیں کبھی کبھی اہل خانہ کے کسی فرد کو لگاتار بیماری تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے عجیب غریب بیماریوں کو دیکھنا پڑتا ہے ایسی حالت میں زمین اور مکان کو پاک صاف کرانے کا عمل کرانا پڑتا ہے کچھ لوگ اس کا تدارک تعویذ گنڈے سے کرتے ہیں گھر میں عملیات کا ورد کرایا جاتا ہے اور اس مکان کو کھلوایا بھی جاتا ہے گھر کو عام طور پر کھلوایا ٹھیک نہیں ہوتا بھلے ہی آسیبی اثرات سے نجات ملے مگر گھر میں دولت کا آنا بند ہو جاتا ہے۔

جس مقام پر صاف پانی میسر نہ ہو وہاں پر بھی رہائش نہیں رکھنی چاہئے کیونکہ خراب پانی کے استعمال سے ڈائریا جیسی کئی طرح کی بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں ایسی جگہ پر پانی کو گرم و صاف کر کے استعمال میں لائیں اگر پھر بھی صحت میں خرابی پیدا ہو تو اس مقام کو چھوڑ دیں۔

جس مقام پر **کارخانہ، تعمیری کارخانہ، دھواں پیدا کرنیوالی مشینری اور بدبودار اشیاء** کے استعمال سے اس مقام کا ماحول خراب ہو جاتا ہے اس لئے حکومت انڈسٹریل ایریا بنا کر کارخانہ وغیرہ کو اس کی حدود میں رکھا جاتا ہے اور اس انڈسٹریل ایریا سے دور رہن سہن کیلئے کالونیاں بنائی جاتی ہیں۔

جس عمارت میں کارخانہ لگا کر پیداوار کی جا رہی ہے اس عمارت میں

☆خان نیوز ایجنسی کچہری بازار ڈسکہ ☆انعام بک ڈپو میں بازار۔ڈسکہ ☆امامیہ لائبریری۔جامعہ شیعہ۔سیالکوٹ

Scanned with CamScanner

رہائش رکھنے سے اس جگہ کے برے ماحول کا اثر پڑنے سے صحت خراب ہوجاتی ہے اور جسمانی دماغی پریشانیاں پیدا ہوجاتی ہیں۔

جو شخص جھکے ہوئے گھر میں رہائش کرتا ہے اس گھر میں جھگڑا اور اہل خانہ کے افراد کے درمیان علیحدہ علیحدہ رہنے کی حالت پیدا ہوجاتی ہے ایسے گھر کے افراد کو ہڈی و دانتوں سے متعلق بیماریاں پریشان کرتی ہیں یا کسی حادثہ ایکسیڈنٹ میں جسم کو نقصان پہنچتا ہے جھکے یا دراڑ پڑے مکان کی فوراً مرمت کرالینی چاہئے اگر مکان زیادہ ٹوٹ پھوٹ گیا ہو تو اس مکان میں رہائش نہیں کرنی چاہئے جس مکان میں جنوبی یا جنوبی مغربی سمت والی جگہ خالی ہو اس مکان میں مکان مالک کو ترقی نہیں ملتی اور اسے جسمانی دماغی پریشانیوں سے گذرنا پڑتا ہے اگر اس جنوبی جنوبی مغربی سمت میں کوئی تعمیر ہوجائے تو مندرجہ بالا پریشانیاں ختم ہوجاتی ہیں اگر اس سمت میں بنا کمرہ ادھورا ہو یا بند رہتا ہو تو مالک مکان کی صحت خراب رہتی ہے اس کے تدارک کیلئے ادھورے پڑے کمرے کی مکمل تعمیر کرائیں اگر کمرہ بند ہو تو اس کو استعمال کریں۔

جس گھر میں عورتوں کی صحت عموماً خراب رہتی ہے اس گھر کے صدر دروازے کے قریب اوپر چڑھتی بیل ضرور لگائیں۔ فرش بنوا کر اسے مت ڈھکیں اگر فرش بنا ہوا ہے تو اس کو کناروں کی طرف چھ انچ چوڑائی میں توڑ کر پودے لگائیں اس کے کرنے سے گھر کی عورتوں کی صحت ٹھیک رہتی ہے۔

اگر گھر کے صدر دروازے کے سامنے کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہو تو اس کی وجہ سے گھر کی آب و ہوا خراب ہوجاتی ہے جس کی وجہ اہل خانہ کے افراد کی صحت پر منفی اثر پڑتا ہے ایسے مکان رہائش کی نظر سے اچھے نہیں ہوتے اس کا تدارک صرف کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ کو ختم کر کے کیا جاسکتا ہے ایسا مکان کم قیمت پر بھی اچھا نہیں ہوتا اس لئے کوڑا کرکٹ ڈالنے والی جگہ کے سامنے والے مکان کو ہرگز نہیں خریدیں۔

اگر کسی مکان کا باہری حصہ ادھورا پڑا ہے تو اس گھر میں دولت آنے میں رکاوٹ آتی ہے بیماریوں پر روپیہ خرچ ہوتا ہے بچے بھی بیمار رہتے ہیں اس کے تدارک کیلئے ادھورے پڑے حصہ کی تعمیر کرائیں اور مکان کے سامنے کے خوبصورت دیکھنے لائق بنائیں اور صدر دروازے کے دونوں طرف روحانی مذہبی نشان بنائیں۔

جس شخص کی صحت لگاتار گرتی جارہی ہے یا نئے مکان میں داخلہ کے بعد صحت سے متعلق پریشانیاں پیدا ہوگئی ہیں ایسے شخص کو اپنے کمرے کے دروازے پر بائیں طرف مذہبی متبرک نشان بنانا چاہئے۔

شادی ہونے میں رکاوٹ یا دیری

(۲۳) بچوں کی شادی ٹھیک عمر میں نہ ہونا ماں باپ کیلئے پریشانی کا باعث بن جاتا ہے شادی میں دیر ہونے کی کئی وجوہات ہوتی ہیں جیسے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کی وجہ بچے شادی کی جگہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کو اولیت دیتے ہیں کچھ بچے اپنا مستقبل کیرئر بنانے یا اچھی نوکری یا اونچا عہدہ حاصل اپنے پیروں پر کھڑے ہونے کی وجہ سے انکی شادیاں بہت دیر سے ہوتی ہیں۔ یا لڑکے لڑکیاں اپنی من پسند بیوی اپنا من پسند شوہر کی تلاش کرتے کرتے کافی بڑی عمر میں جاکر شادی کرتے ہیں یہ شادی میں دیری کی عام وجہ ہے جس کے ذمہ دار وہ اشخاص خود ہوتے ہیں اس تحریر میں شادی میں رکاوٹ یا دیری سے مراد یہ ہے کہ والدین اپنے لڑکے لڑکی کی شادی صحیح عمر پر کرنا چاہتے ہیں کبھی اچھا لڑکا نہیں ملتا یا اس کا خاندان اچھا نہیں ہے یا اس کا کاروبار/نوکری سے آمدنی قابل قبول نہیں ہے یا لڑکے کو لڑکی پسند نہیں آئی ہے یا والدین کے پاس شادی کے خرچ کیلئے روپیہ نہیں ہے اس طرح شادی مختلف طرح کی رکاوٹیں آنے سے وقت پر نہیں ہو پاتی اور بچوں کی عمر ۳۰۔۳۵ سال کو پار کر جاتی ہے کسی بچے لڑکے لڑکی کی شادی بندش یا تاخیر سے ہونے کی وجہ اس کے زائچہ پیدائش میں متعلقہ کواکب سے کیا جاتا ہے مگر اس تحقیق میں بنا زائچہ پیدائش کے تدارک کو تحریر کیا جارہا ہے کہ جن والدین کے بچوں کی عمر شادی لائق ہوگئی ہے انکی رہائش مکان کے مشرقی شمالی سمت حصہ میں بنے کمروں میں لڑکوں کو رہائش کرانی چاہئے اور شادی کے قابل لڑکیوں کو شمالی مغربی سمت کے حصہ میں بنے کمروں میں رہنا چاہئے۔

شادی کے قابل عمر کے بچوں کو سر جنوب کی طرف اور شمال کی طرف پیر کر کے سونا چاہئے اور شادی کے قابل بچوں کے رہنے کے کمرے میں کالے رنگ کی چادر، پردہ، میز پوش نہ ہو اور کمرے کی کھڑکی، دروازے یا کمرے میں کالا رنگ نہ ہو۔ اور کمرے کا ایک سے زیادہ دروازہ نہ ہو۔

غیر شادی شدہ اشخاص کا کمرہ ادھورا بنا ہوا نہ ہو اور کمرے میں بیم بھی نہ ہو۔

غیر شادی شدہ اشخاص کے کمروں میں دیواروں و دروازہ پر گلابی، ہلکا پیلا، سفید چمکیلا رنگ ہونا چاہئے اگر شادی کیلئے اچھے رشتہ نہیں آرہے ہیں تو غیر شادی شدہ اشخاص کے کمرے کے شمالی مشرقی حصہ میں پانی کا فوارہ لگائیں۔

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کا دل شادی نہ کرنے کا ہو رہا ہے تو اسکے کمرے میں شمالی سمت میں کرسٹل کی گیند کانچ کی پلیٹ یا پیالی رکھیں۔

اگر رشتہ طے ہونے میں بار بار رکاوٹ آرہی ہے تو شادی کی بات چیت کرنیوالے آنیوالے اشخاص کو ڈرائینگ روم میں اس طرح بٹھائیں کہ ان کا منہ گھر کے اندر کی طرف ہو اور انہیں صدر دروازہ دکھائی نہ دیتا ہو۔

اگر غیر شادی شدہ اشخاص کے کمرے میں انکے ساتھ کسی دیگر فرد کی رہائش بھی ہو تو غیر شادی شدہ شخص کا پلنگ چارپائی کمرے کے دروازے کے پاس ہو۔

☆عوامی نیوز ایجنسی شکر گڑھ۔ ضلع نارووال ☆شاہ بک ڈپو مین بازار۔ نارووال ☆عادل نیوز ایجنٹ پڈعیدن (سندھ)

اگر کسی شخص کے زائچہ پیدائش میں مریخ کی وجہ سے شادی میں رکاوٹ آرہی ہے تو اسکے کمرے کی دیواریں و دروازے پر گلابی رنگ ہو۔

اگر غیر شادی شدہ اشخاص کو رہائش کیلئے مکان کا جنوبی یا جنوبی مغربی سمت کا کمرہ دیدیا جائے تو انکے رشتہ آنے بند ہو جاتے ہیں اگر رشتہ کا پیغام آ بھی جائے تو اس میں جھگڑا پیدا ہو جاتا ہے ایسی حالت میں غیر شادی شدہ اشخاص کو رہائش کیلئے شمالی سمت کا کمرہ دیدینا چاہئے۔

اگر مکان کے صدر دروازے کے پاس کوئی تعمیری نقص ہے تو ایسی حالت میں والدین کو چاہئے کہ متعلقہ اشخاص سے رشتہ کی بات چیت گھر میں بیٹھا کر نہ کریں بلکہ یہ بات چیت کسی دیگر مقام پر کریں اگر رشتہ کی بات چیت کے دوران جس لڑکے یا لڑکی کی شادی کی بات چیت ہو رہی ہے وہ اگر دوران بات چیت اس مقام سے جنوب کی طرف بیٹھ جائے تو رشتہ کی بات چیت ختم ہو جاتی ہے۔

شادی کے قابل اشخاص کے رہائشی کمرے میں کوئی خالی ٹینکی یا بڑا برتن بند کر کے نہیں رکھنا چاہئے اس کمرے میں کوئی بھاری اشیاء نہ ہوں اور انکے سونے والے پلنگ کے نیچے لوہے سے بنی اشیاء یا بیکار کا سامان نہیں رکھنا چاہئے۔

کارخانہ کی پیداوار میں زیادتی

(۲۴) اس طرح مندرجہ بالا طریقہ کار سے رکاوٹ دور ہو کر غیر شادی شدہ اشخاص کی شادی جلدی سے ہو جاتی ہے۔

صنعت کی نظر سے مختلف اشیاء کی پیداوار کرنیوالے کارخانوں فیکٹریوں کو چلانا بڑا مشکل کام ہوتا ہے عام طور پر دیکھنے میں آتا ہے کہ ایک ہی صنعتی علاقہ میں ایک طرح کی اشیاء کی پیداوار کرنیوالے کئی کئی کارخانے ہوتے ہیں مگر ان میں سے کچھ کارخانہ اپنی پیداوار بڑھا کو ترقی کر جاتے ہیں اور کچھ کارخانہ پیداوار کی کمی کی وجہ سے بند ہو جاتے ہیں جن کی کئی وجوہات ہوسکتی ہیں کچھ کارخانوں میں انتظامیہ اور مزدوروں کا جھگڑا، مزدوروں کی ہڑتال یا مزدوروں کیساتھ کسی حادثہ کا ہونا بھی کارخانہ کی پیداوار پر منفی اثر ڈالتے ہیں ایسی حالت تب دیکھنے میں آتی ہے جب متعلقہ کارخانہ کا مغربی حصہ نقص دار ہوتا ہے اگر اس کارخانہ کی مغربی سمت کی دیوار کی ساتھ ایک قطار میں ''اشوک'' درخت لگا دیئے جائیں تو کارخانہ یا ادارہ کے مزدوروں کے مسائل ختم ہو جاتے ہیں۔

اگر کارخانہ کے مشرق یا مشرق شمالی سمت والے حصہ میں نقص دار تعمیر ہوتی ہے تو ایسے کارخانہ کی اچھی پیداوار ہونے پر بھی ترقی نہیں ہوتی تیار مال کا آرڈر کینسل ہو جانا، سرکاری قانون کی وجہ سے مال کے فروخت ہونے میں رکاوٹ کا پیدا ہونا۔ خریداری کرنیوالے اداروں سے تنازعہ ہو جانا۔ انتظامیہ میں آپس میں اختلاف و اتفاق رائے نہ ہونا وجوہات بن جاتی ہیں اگر اس کارخانہ کی مشرقی دیوار دیگر سمتوں کی دیوار سے اونچی ہے تو اس کو دیگر دیواروں کی اونچائی سے کم اونچائی کی کردیں مشرقی دیوار کے پاس بیکار کا کوڑا کرکٹ وغیرہ ہو تو اس کو ہٹا دیں اور کارخانہ کے شمالی مشرقی سمت میں عبادت گاہ ضرور بنوانی چاہئے۔

اگر کارخانہ کے جنوبی سمت کے حصہ میں جگہ خالی پڑی ہوئی ہے تو ایسے کارخانہ فیکٹری میں حادثات (ایکسیڈنٹ) ہونیکا امکان بہت بڑھ جاتا ہے جس کی وجہ سے کارخانہ بند ہونے کی نوبت آجاتی ہے اچانک مالی نقصان پہنچنے کی حالت پیدا ہوتی ہے حادثات میں مالی نقصان کے ساتھ جانی نقصان بھی ہو جاتا ہے اس کا تدارک یہ ہے کہ کارخانہ کے جنوبی حصہ میں بھاری تعمیر کر کے وہاں پر بھاری مشینیں قائم کریں وہاں جگہ خالی نہ چھوڑیں۔

اگر کارخانہ کے شمال مشرقی سمت میں گندگی اور کوڑا کرکٹ پڑا ہوا ہے تو کارخانہ کی ترقی میں رکاوٹیں آتی ہیں سرکاری قانون کی وجہ سے کاروبار میں مندہ آتا ہے انتظامیہ میں گڑبڑ ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے کارخانہ بند ہو کر فروخت ہو جاتا ہے اس کا آسان علاج یہ ہے کہ کارخانہ کے شمالی مشرقی سمت کے حصہ اور درمیانی حصہ سے فضول بیکار سامان، کوڑا کرکٹ ہٹا کر وہاں خوبصورت گھاس پودے وغیرہ لگائیں اور اس مقام کو صاف ستھرا رکھیں اس طرف باتھ روم بھی نہ بنائیں بلکہ وہاں پر پانی کی ٹینکی وغیرہ شمالی مشرقی کونہ کی سمت میں بنائیں ایسا کرنے سے کاروبار کی مندی ختم ہو کر نئے آرڈر ملنے شروع ہو جاتے ہیں اور انتظامیہ بھی چاک چوبند ہو کر اچھا کام کرنے لگتی ہے۔

اگر کسی کارخانہ کا صدر دروازہ شمال یا مشرق کی طرف نہیں ہے کسی دیگر سمت میں دروازہ ہے تو کارخانہ میں تعمیری نقص پیدا ہو جاتا ہے اس نقص کو دور کرنے کے لئے صدر دروازے کو اونچا کر کے اسے اوپر سے ڈھک (چھاپ) دیں اور صدر دروزے کے دونوں طرف متبرک نشان بنادیں اگر مشرق یا شمالی سمت میں آنے جانے کے لئے آسان راستہ نہیں ہے تو اسی طریقہ کو اپنائیں یعنی ترمیم کر کے شمالی یا مشرقی راستہ بنا کر اسکے دروازے کے دونوں طرف متبرک نشان بنائیں اگر کارخانہ پر سرکاری چھاپہ یا دیگر کارروائیوں کی وجہ سے رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو کارخانہ کے صدر درواز پر سب عام و خاص اشخاص کیلئے پانی کی سبیل یا ٹینکیاں وغیرہ لگوادیں۔

کارخانہ میں باہر سے آنیوالی گاڑیوں کی پارکنگ کی جگہ کارخانہ کے جنوبی مغربی حصہ میں بنائیں کسی بھی کاروباری ادارہ میں استقبالیہ کاؤنٹر

☆ پاکستان نیوز ایجنسی۔ بھکر ☆ شیخ ممتاز ریلوے بکسٹال۔ روہڑی ☆ شان بکڈپو۔ سانگھڑ

Scanned with CamScanner

یا میز شمالی سمت والے حصہ میں ہو تو وہاں آنیوالے اشخاص کا تعاون ادارہ یا انتظامیہ کو ملتا ہے اور انکی ساتھ تعلقات اچھے رہتے ہیں۔

۲۵۔ تجارتی ادارہ کی ترقی

اگر **دکان، شوروم، تجارتی ادارہ** میں کوئی تعمیری نقص ہے تو اس سے کاروبار متاثر ہوتا ہے نقص جتنا بڑا ہوگا تجارتی ادارہ کو اسکے مطابق ہی نقصان اٹھانا پڑیگا کاروبار وغیرہ میں تجارتی تعمیری نقص کو دور کرنے کے مندرجہ ذیل طریقہ ہیں۔

(۱) اگر دکان، شوروم، تجارتی ادارہ پر صبح دس بجے سے دوپہر تک کسی بڑی اونچی عمارت کا سامنا پڑتا ہو تو اس جگہ کاروبار کرنیوالے شخص کے کاروبار میں امید کے مطابق ترقی نہیں ہوتی ایسے شخص اپنے کاروبار کو اونچائی تک نہیں لیجا پاتے اس کے مخالف دکانداروں کا غلبہ زیادہ ہوتا ہے چونکہ کسی بھی طریقہ سے اونچی عمارت کے سایہ کو ختم نہیں کیا جاسکتا ایسی حالت میں اس عمارت میں مشرق یا شمال کی طرف کھڑکی دروازہ رکھیں تاکہ صاف ہوا روشنی کا گذر ہوتا رہے۔

(۲) دکان، شوروم، تجارتی ادارہ کا صدر دروازہ شمالی یا مشرقی والا اچھا فائدہ مند ہوتا ہے جو دکانیں بھی شمال یا مشرقی سمت میں کھلتی ہیں وہ بھی اچھا منافع کماتی ہیں اگر مغربی مہانہ ہے یا دکان پر سیدھے سورج کی روشنی پڑتی ہے تو کاروباری ترقی اور آمدنی میں رکاوٹ آتی ہے ایسی جگہ پر ایک مرتبہ خریدار آنے کے بعد دوبارہ آنا پسند نہیں کرتا اور اس جگہ کے ملازم بھی دیگر مقام پر کام کی تلاش میں رہتے ہیں چونکہ دوپہر کے بعد سورج کی روشنی میں منفی اثرات زیادہ ہوتے ہیں اور حرارت بھی بڑھ جاتی ہے جس کی وجہ سے ترقی میں رکاوٹ آتی ہے جن شوروم پر شام کو لگاتار دھوپ پڑتی ہے اس وقت خریدار بھی کم آتے ہیں حالانکہ ہوادار پنکھے و کپڑے کی سایہ کرکے حرارت گرمی کو کنٹرول کرنے کی کوشش بھی کی جاتی ہے جو خرچیلی بھی ہوتی ہے پھر بھی خریداروں کی تعداد کم ہی ہوتی ہے اگر کوئی شوروم مغربی مہانہ ہے تو اس میں کالے رنگ کے شیشہ استعمال کریں۔

(۳) اگر کسی کاروباری ادارہ کا انتظامیہ کمرہ مغرب کی طرف ہو اور شام کے وقت اس پر سیدھی دھوپ پڑتی ہو تو ایسی حالت میں اس ادارہ کے منیجر اور دیگر ملازمین میں اختلافات ہونے سے تناؤ دیتا ہے اگر کاروباری ادارہ کے مالک کا کمرہ مغرب کی طرف دیوار سے ملا ہوا ہے تو مالک کا ملازمین سے جھگڑا رہتا ہے اور اس ادارہ کو حکومتی کاموں کی وجہ سے رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے ایسے اداروں میں مغرب کی طرف کھڑکی دروازے کم ہونے چاہئیں اگر مغرب میں کچھ جگہ خالی ہو تو وہاں اشوک کا درخت قطار میں لگائیں۔

(۴) اگر مغربی سمت والے کاروباری ادارہ، دکان، شوروم پر دوپہر کے بعد کسی اونچی عمارت کا سایہ پڑتا ہے تو اسے مغربی سمت والے دروازہ ہونے کا نقص متاثر نہیں کرتا۔

(۵) اگر کسی بڑے کاروبار کیلئے کسی بڑی زمین اراضی کے نصف رقبہ یا اس سے کم رقبہ پر تعمیرات کرائی ہوں تو اگر ممکن ہو تو شمالی یا شمالی مشرقی حصہ کو خالی رکھیں یا کم ہلکی تعمیرات ہوں مغربی سمت کیطرف زیادہ اونچائی رکھیں اور مالک کے بیٹھنے کا کمرہ دفتر جنوبی سمت کی طرف ہو۔

(۶) اگر کاروباری ادارہ میں دو یا دو سے زیادہ بھاری گیٹ لگے ہوئے ہیں تو ان میں ہر ایک گیٹ کو ضرورت کے مطابق استعمال کریں کسی ایک گیٹ پر تالہ لگا کر مستقل طور پر بند نہ رکھیں اگر دوسرے گیٹ کی ضرورت ختم ہوگئی ہے تو اسے ہٹا کر وہاں دیوار تعمیر کرا دیں۔

(۷) اگر کسی کاروباری ادارہ کے کارخانہ کا مشرقی شمالی کونہ کٹا ہوا ہے یا وہاں بھاری مشینری لگی ہے تو اس کی ترقی میں رکاوٹ آتی ہے اگر کیچڑا، گندگی، بیکار اشیاء کا نکاسی اس طرف سے ہو رہی ہے تو ایسے کارخانہ لگاتار نقصان گھاٹے میں جاتے ہیں تو ایسی حالت میں اس جگہ کو کیچڑا، گندگی، کوڑا کرکٹ سے صاف ستھرا رکھنے سے فائدہ ملتا ہے اور ترقی ہوتی ہے۔

(۸) شوروم یا دکان تکونی شکل کی ہے تو وہ نقص دار ہوتی ہے اسکے مالکان کے دل میں بے سکونی اور بات چیت میں تلخی ہوتی ہے ان کا خریداروں سے جھگڑا ہوتا رہتا ہے اور بکری زیادہ کی بجائے کم ہو جاتی ہے اس کے تدارک کیلئے دکان شوروم کے اندر تکونہ دکھائی دینے والی جگہ کو پلائی وڈ یا لکڑی کے پارٹیشن سے بند کر دیں۔

(۹) دکان یا شوروم کے مالک کو وہاں قائم کی گئی عبادت والی جگہ کی طرف پیٹھ کر کے نہیں بیٹھنا چاہیے عبادت گاہ گدی کے قریب ہو اور دکان کے باہر سے عبادت دکھائی نہیں دینی چاہئے مالک دکان کو روزانہ دکان کھولنے کے بعد گدی پر بیٹھنے سے پہلے عبادت گاہ میں خوشبودار اگربتی وغیرہ جلا کر دعا مانگ کر گدی پر بیٹھنا چاہئے عبادت گاہ گدی کے دائیں طرف قائم کریں۔

(۱۰) اگر دکان، شوروم یا کاروباری ادارہ کے صدر دروازے کے سامنے بجلی کا کھمبا، بجلی کا ٹرانسفارمر وغیرہ لگا ہو تو خریدار پر منفی اثر ڈالتا ہے جس کی وجہ سے کاروباری ترقی میں رکاوٹ آتی ہے اگر اسے ہٹانا ممکن نہ ہو تو صدر دروازہ کے پاس کنارے پر خوبصورت ہرے بھرے پودے لگا دیں۔

نوٹ:- علم تعمیرات، نقص، تدارک پر الگ سے مفصل کتاب جلد شائع کی جائیگی۔

☆منیر نیوز ایجنسی مسجد روڈ۔نواب شاہ ☆اقتدار کتاب گھر۔راجن پور ☆بھیرہ بکڈپو۔مین بازار۔بھلوال

مجرب عمل ہمزاد نورانی

خاندان زنجانیہ عالیہ کے سینکڑوں معتقد حضرات فیضیاب ہو چکے ہیں

عامل شہزادہ شاہ زنجانی: میں نے زمانہ طالب علمی میں ایک عمل ہمزاد کیا تھا۔ یہ 1968ء کی بات ہے۔ والد بزرگوار حیات تھے جنہوں نے اپنی زیر نگرانی کرایا تھا۔ میں نے اس سے عجیب و غریب کام لئے تھے۔ جب ابا حضور کا انتقال ہو گیا اور گھریلو و خاندانی ذمہ داریوں کا بوجھ میرے ناتواں کندھوں پر آن پڑا تو مجھ سے وہ پرہیز نہ ہو سکے جو عمل ہمزاد کیلئے ضروری تھے۔ چنانچہ میں نے ہمزاد کو آزاد کر دیا اور پھر آج تک طبع ہمزاد کی طرف مائل نہ ہوئی۔ میں نے برسوں اس عمل کے تماشے صدہا مرتبہ اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں۔ چند دوستوں کی فرمائش پر اس عمل ہمزاد نورانی صدری کو شائع کیا جا رہا ہے تاکہ شوقین حضرات اپنا شوق پورا کر سکیں۔ حالانکہ یہی اعمال اور اس طرح کے دیگر اعمال ادارہ کی شائع شدہ کتب مثلاً تسخیرات ہمزاد، حقائق ہمزاد، بیاض عملیات، حاضرات کی دنیا اور عالم حاضرات میں درج ہیں۔ قارئین کے پیہم اصرار پر مجرب صدری عمل زنجانی جنتری میں شائع کر نیکی سعادت حاصل کر رہا ہوں تاکہ شائقین حضرات استفادہ فرمائیں۔ وما باللہ توفیق۔ جن صاحب کا دل چاہے اس عمل کو کریں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں کہ خداوند کریم کی اس مخفی مخلوق میں اس قدر زبردست طاقت پنہاں ہے کہ بڑے سے بڑا قوی ہیکل انسان بھی اس کے کرتب دیکھ کر دنگ رہ جاتا ہے۔ اس عمل کے لئے کوئی پابندی نہیں۔ جب جی چاہے شروع کریں جو پاک صاف یا پاکیزہ کمرہ پڑھنے کے لئے مقرر کریں عمل کرتے وقت کوئی دوسرا فرد وہاں موجود نہ ہو۔

ایک پیالے میں تیل بھر کر اور روئی کی موٹی سی بتی ڈال کر چراغ روشن کر کے اپنی پشت پر رکھیں اور اپنے سایہ پر نظر جما کر 382 مرتبہ یہ عمل نورانی پڑھیں۔ دوران عمل پرہیز کریں۔ ہر قسم کا گوشت، گوشت سے بننے والی کوئی چیز نہ کھائیں۔ دودھ، لسی، مکھن، گھی، دہی، پیاز اور لہسن وغیرہ سے پرہیز کریں۔ صرف تین یوم کا عمل ہے۔ تیسرے روز ہمزاد حاضر ہوگا۔ اگر سوئے اتفاق سے حاضر نہ ہو تو مزید تین یوم کریں۔ 9 دن انتہا ہے۔ ایک خالی بوتل پاس رکھیں۔ جب ہمزاد حاضر ہو جائے تو اس سے کوئی اور بات کئے بغیر یہ کہیں کہ اے ہمزاد اس بوتل میں گھس جا۔ وہ بوتل میں آجائے گا۔ آپ بوتل کو کارک سے بند کر دیں اور پھر اس سے کہیں کہ عہد کرو کہ جب میں بلایا کروں گا تم فوراً آؤ گے اور اپنے بلانے کی ترکیب بھی بتا دو۔ وہ عہد کرے گا اور اپنے بلانے کی ترکیب بھی بتا دے گا۔ اب بوتل کا منہ کھول دیں وہ چلا جائے گا۔ عمل ہمزاد درج ذیل ہے۔

> عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَرْوَاحِ بِحَقِّ حَضْرَتْ سُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِنْ دَاؤُدْ عَلَيْهِ السَّلَامُ اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا يَا قَوْمِ هَمْزَادْ حَاضِرْ شُوْ بِحَقِّ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

نوٹ: بغیر اجازت عمل شروع کرنے اور دوران عمل باقاعدہ پرہیز نہ کرنے سے شدید نقصان کا خطرہ رہتا ہے۔ عمل میں کامیابی کیلئے دعا گو ہوں۔ اجازت کیلئے کسی بھی روحانی سلسلہ یا **عامل شاہ زنجانی** سے رجوع کریں۔

☆شاہین لائبریری۔ لغاری روڈ۔ رحیم یار خان ☆صوفی محمد گلزار۔ اخبار فروش۔ کلر سیداں ☆ایوب نیوز ایجنسی۔ کہوٹہ۔ راولپنڈی

Scanned with CamScanner

از تحریر: عامل شاہ زنجانی

دربارِ مصطفائی ﷺ کا روحانی فیض

اعمال قرآنی، اسم اعظم سے فیض یابی کا سلسلہ زنجانی جنتری 2006 میں شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی فرمائش پر شائع کیا گیا مگر اسکی اس سال کیلئے بھی مسلسل روحانی فرمائشیں ملیں خصوصاً حاضرات کی دُنیا، عالم حاضرات کتب کے مصنف قیصر احمد حسنی حسینی نے پھر پرزور فرمائش کی کہ قرآنی اعمال اسم اعظم کو اس سال بھی ضرور شامل کیا جائے۔ تحریر مضمون رمضان المبارک کی بابرکت شب میں لکھا جا رہا ہے۔ قرآن کریم کے نزول کی سب سے پہلی منزل لوح محفوظ ہے۔ شب قدر میں قرآن پاک کا نزول (انا انزلنه في ليلة القدر) ترجمہ: ''ہم نے اسے شب قدر میں نازل کیا''۔ ہر انسان کے لئے اس کلام مقدس میں شفاء ہے۔ قرآنی سورتوں کے آگے مختصر مقاصد دیئے گئے ہیں آپ نظرات سیارگان 2007ء صفحہ نمبر 165 تا 172 رجال الغیب کا خیال کرتے ہوئے انہیں اپنے جائز دنیاوی روحانی مقاصد کیلئے بنا سکتے ہیں۔

ھدایات: نقش لکھنے سے قبل ذیل چند باتوں کا خیال رکھیں اس طرح آپ لمبی چوڑی چلہ کشی کی جان لیوا محنت سے بچ سکتے ہیں۔ ☆ طہارت ذہنی جسمانی ولباس پاکیزہ جگہ ☆ معلومات رجال الغیب صفحہ نمبر 157 اور ستاروں کی سعد نظرات جو آپ کو جنتری ہذا صفحہ نمبر 159 پر مل جائیں گی۔ ☆ مشک وزعفران کی سیاہی درخت انار کی قلم باریک کاغذ صندل یا گلاب کی اعلیٰ خوشبو مجبوراً عام سیاہی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ نقش لکھتے ہوئے صندل اگربتی روشن کریں۔ اب مثال سے نقش بنانے کا طریقہ واضح کرتا ہوں۔ مثلاً آپ نے شفاء کیلئے سورۃ فاتحہ کا خالی البطن نقش بنانا ہے۔ نقش صرف اُردو ہندسوں میں لکھیں۔ سورۃ فاتحہ کے اعداد دیکھے تو (9461) ملے۔ انہیں 12 پر تقسیم کیا تو 788 آیا اور 5 باقی قسمت بچا۔ اب نقش یوں پر کرینگے۔ 788 کو خانہ پانچ تک مسلسل جمع کرتے جائینگے۔ خانہ 6 سے خارج قسمت ہر بار 8 تک 5 بھی جمع کرتے جائیں۔ نقش کے خانے میں خالی جگہ مریض کا نام لکھیں، بنائے گئے نقش مریض کو پانی یا دودھ میں گھول کر پلانے کے علاوہ گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں۔ سورۃ فاتحہ اپنے اندر بے پناہ شفاء کی تاثیر رکھتی ہے۔ ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ امام حسنؓ اور امام حسینؓ جب بھی بیمار ہوتے تھے تو سرکار دو عالم سورۃ فاتحہ سے اپنے نواسوں کا علاج فرماتے اور انہیں شفاء ہو جاتی تھی۔ امام ششم جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ میں اس قدر شفاء ہے کہ 70 مرتبہ اگر پڑھ کر کسی مردے پر پھونکی جائے تو بعید نہیں کہ وہ اٹھ کر زندہ ہو جائے۔ یاد رکھیں کہ جسطرح گلشن سے آنیوالی ہوا پھولوں کی مہک سے متاثر کرتی ہے اسی طرح قرآن جس زبان سے پڑھا جائے اس زبان سے پھونکی گئی ہوا (دم) اور قلم سے کاغذ پر بنایا گیا نقش سو فیصد کام کرتے ہیں۔ بشرط یقین کامل ہو اور آپ آداب عملیات سے قدرے واقف ہوں۔ اگر آپکا کسی روحانی سلسلہ سے تمسک قائم ہے تو آپکا فیض روحانی خلق خدا کیلئے بڑھ بھی سکتا ہے، خاندان زنجانیہ عالیہ کے در سے آج تک دربار مصطفائی کا روحانی فیض جاری ہے۔ (خواہاں بہن بھائی شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی روحانی بیعت میں بھی آ سکتے ہیں) روحانی فیض پا کر میرے والد بزرگوار الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی دادا محترم سید جیون شاہ زنجانی کی روح کو ایصال ثواب پہنچائیں۔ بزرگوار کا سالانہ عرس ہر سال 11,10 ربیع الاول کو منایا جاتا ہے۔ عرس کا مقام جنتری ہذا میں درج ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے کتاب مصباح العملیات، بیاض عملیات، بیاض نظامی کا مطالعہ کریں۔

۳	۸	۱
۷	چال ھش	۵
۲	۴	۶

۷۸۶

۲۳۶۴	۶۳۰۹	۷۸۸
۵۵۲۱	مقصد لکھیں	۳۹۴۰
۱۵۷۶	۳۶۵۲	۴۷۳۳

☆ادارہ اسلامیات منڈی بہاؤالدین ☆خزینہ علم وادب سول بازار اٹک شہر ☆شمس الدین خلجی خلجی نیوز ایجنٹ منڈی حاصل پور

نام سورۃ	اعداد	حاجت
سورۃ حشر	133461	ترقی وکامیابی کے لئے
سورۃ ممتحنۃ	101350	آسانی شادی کے لئے
سورۃ صف	59060	نافرمان اولاد کے لئے
سورۃ جمعۃ	61522	روشن ضمیری کے لئے
سورۃ المنفقون	53256	دشمنوں کی زبان بندی کیلئے
سورۃ تغابن	79741	ناخوشگواری سے بچنے کیلئے
سورۃ طلاق	824012	نجات غم کے لئے
سورۃ تحریم	49232	ادائیگی قرض کے لئے
سورۃ ملک	99594	سلامتی کے لئے
سورۃ قلم	93708	رجعت نظر بد کیلئے
سورۃ حاقۃ	81719	بچے کے رونے ضد کیلئے
سورۃ معارج	73525	نجات وسواس شیطانی
سورۃ نوح	74314	حفاظت حیرانی وپریشانی
سورۃ جن	60633	نفع حصول جن وانس کیلئے
سورۃ المزمل	68766	کشادگی رزق کے لئے
سورۃ مدثر	92355	جلد خوشحالی کے لئے
سورۃ القیٰمۃ	54607	تسخیر خلائق وحاکم کیلئے
سورۃ دھر	77588	فوائد کے لئے
سورۃ المرسلت	70634	غائب کو بلانے کے لئے
سورۃ نبا	52656	تیزی بصارت کے لئے
سورۃ نازعات	67253	غلبہ حاسدین کے لئے
سورۃ عبس	51314	رجعت سحر وجادو کے لئے
سورۃ تکویر	38309	دفعہ بلیات کے لئے
سورۃ انفطار	26745	ترقی دولت عزت مرتبہ
سورۃ مطففین	48707	حفاظت اناج کے لئے
سورۃ انشقاق	28844	بچوں کو نظر بد سے بچانے
سورۃ بروج	32155	شفاء جلدی امراض کیلئے
سورۃ طارق	17765	گمشدہ کو بلانے کے لئے
سورۃ اعلیٰ	17704	حفاظت سفر کے لئے

نام سورۃ	اعداد	حاجت
سورۃ غاشیۃ	37457	حفاظت وبائی امراض
سورۃ فجر	89092	اطمینان وسکون کے لئے
سورۃ بلد	24283	عزت وتوقیر کے لئے
سورۃ شمس	19499	خاتمہ مشکلات کے لئے
سورۃ الیل	29666	حفاظت مال کے لئے
سورۃ ضحیٰ	13322	حاضری غائب کے لئے
سورۃ الم نشرح	12416	برکت مال ودولت
سورۃ تین	10237	آسانی مہم کے لئے
سورۃ علق	22541	سچائی کا بول بالا
سورۃ قدر	8311	وسعت حلقہ احباب
سورۃ بینۃ	31223	حفاظت برص ویرقان
سورۃ زلزال	19966	شفائے مرض لقوہ
سورۃ عادیات	13354	سہولت ادائیگی قرض
سورۃ قارعۃ	12464	فراخی رزق کے لئے
سورۃ التکاثر	103770	دماغی امراض کے لئے
سورۃ عصر	4740	حفاظت مال کے لئے
سورۃ ھمزہ	8341	حفاظت خطرات کیلئے
سورۃ فیل	5859	زیر دشمن کے لئے
سورۃ قریش	6304	محتاجی دور کرنے کیلئے
سورۃ ماعون	9293	حفاظت نئی اشیاء
سورۃ کوثر	2754	غلبہ حاسدین کے لئے
سورۃ کافرون	2832	پاکیزگی قلب کے لئے
سورۃ نصر	6124	دوری فکر وافلاس
سورۃ لھب	5826	تباہی ظالم کے لئے
سورۃ اخلاص	1002	مفادات کے لئے
سورۃ فلق	8675	دفعہ جن وآسیب
سورۃ الناس	5296	فوائد قدرت کے لئے
کل قرآن	24315849	ہر فائدے کے لئے

Scanned with CamScanner

ترتیب و مرتبہ: شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

قدیمی تحریر/حکیم افلاطون

علم حروف اور اس کا تصرف

حکیم افلاطون کہتا ہے کہ بعض خزانوں میں میں نے کچھ لوحیں جواہرات کی پائیں اور ان لوحوں پر بخط عجیب و غریب لکھا ہوا تھا کہ قطب اقلام میں ساتھ اُس قلم اور اس خط کی کوئی کتاب میری نظر سے نہیں گذری تھی۔ پس اس کے سمجھنے سے میں عاجز ہو گیا اور جانا میں نے کہ ان لوحوں پر جواہرات کے کوئی علم عجیب و غریب لکھا ہوا ہے پس میں نے واسطے حاصل کرنے اور سمجھنے اس علم کے سعی بلیغ کی وہ تمام زمین کی سیاحت کرتا آنکہ دیکھا میں نے ایک شخص کو کہ عمر اس کی ایک ہزار چار سو برس گذر چکی تھی اور گرداگرد اس کے شاگردان بسیار جمع تھے میں نے سلام کیا اس نے کہا وعلیکم السلام یا افلاطون تو الواح الجواہر لے کر آیا ہے میں متعجب ہوا کہ یہ شیخ ہماری غرض اور ان لوحوں سے کیونکر واقف ہوا۔ پس میں نے کہا اس سے کہ اے شخص قسم دیتا ہوں میں تجھے اس کی کہ جس کی تو عبادت کرتا ہے کیونکر تو ہمارے نام اور غرض سے واقف ہوا اور اس حاجت سے کہ جو حاجت لے کر میں تمہارے پاس آیا ہوں شیخ نے جواب دیا کہ میں آگاہ ہوا تیرے نام و غرض و حاجت سے بسبب اس علم کے کو جو تیرے ساتھ ان جواہرات کے الواح پر ہے چونکہ ان الواح میں وہ علم ہے کہ اس علم سے مغیبات پر اطلاع ہو جاتی ہے اور خادم ہو جاتے ہیں جمیع مخلوقات یہاں تک کہ عقل و نفس و ملائکہ و کواکب و عناصر و معادن و نباتات و حیوانات پس جب افلاطون نے شیخ سے یہ سنا قدموں پر گر پڑا اور پاؤں اس کے چومے اور تعظیم و بزرگی اس کی بہت کی اور عرض کیا کہ قسم دیتا ہوں میں آپ کو ساتھ اس اسم اعظم کے کہ جو ان الواح میں ہے کہ آپ مجھ کو یہ علم تعلیم فرمایئے شیخ نے فرمایا کہ اے افلاطون کیونکر جانا تو نے ان الواح میں اسم اعظم ہے عرض کیا افلاطون نے کہ اے سید سردار میرے ساتھ الہام کے جانا میں نے پس افلاطون نے اس وقت سے بیس برس تک خدمت گذاری اس شیخ کی کہ شیخ کو افلاطون جو علم تیرے ساتھ ان الواح میں ہے اس کو سیکھ اور یاد رکھ اور جان اس بات کو کہ اس علم الواح کے مافوق و بالاتر کوئی علم نہیں ہے اور تمام علوم اسی سے مشتق و صادر ہیں اور یہی علم مبدا و مصور جمیع علوم کا ہے۔

جب افلاطون نے ان الواح میں بتامل غور و خوص کیا اور جانا کہ یہ علم حروف ہے پس بعد خطبہ کے جو کچھ کہ ان الواح میں تھا حاصل مضمون اس کا یہ ہے کہ خداوند عالم نے پہلے امر کو خلق کیا۔

پس اول مخلوق امر ھے اور مصدر اول ہے کہ اس سے عقل صادر ہوئی پس **مصدر ثانی عقل ھے** بعد امر کے کیونکہ امر عقل سے کر کے بھی اخفی ہے سر اس طرح بتدریج تا آخر مرکز یعنی امر عقل سے کر کے خفی تر ہے اور **عقل نفس سے کر کے خفی تر ھے** اسی طرح تا آخر مرکز یعنی تا مرکز ارض کیونکر عقل وجہ امر ہے اور نفس وجہ عقل ہے اور **ھیولیٰ وجہ نفس ھے**۔

اسی طرح تا آخر مرکز پس خداوند عالم نے کل عالم کو تین مرتبوں پر قرار دیا ہے کو چوبیس اسم مظہر اس کے ہیں اور تحت میں ہر اسم کے کلیات اور جزئیات ہیں کہ اعداد ان کے بجز خالق ان کے کوئی نہیں جان سکتا ہے مرتبہ اول کے ۵ مظہر ہیں۔ اول مظہر امر، دوم مظہر علق، سوم مظہر عقل، چہارم مظہر نفس پنجم مظہر ہیولی۔

مرتبہ دوم دس مظہر ہیں اول مظہر محدود، دوم مظہر معدل سوم مظہر زحل چہارم مظہر مشتری، پنجم مظہر مریخ، ششم مظہر شمس ہفتم مظہر زہرہ ہشتم مظہر عطارد نہم مظہر قمر دہم مظہر ہیولے۔

مرتبہ سوم کے دس مظہر ہیں اول مظہر نار، دوم مظہر ہوا، سوم مظہر آب، چہارم مظہر تراب، پنجم مظہر معدن، ششم مظہر نبات، ہفتم مظہر حیوان، ہشتم مظہر انسان، نہم مظہر ملک، دہم مظہر جن یہ سب چوبیس اسم ہیں کیونکہ مظہر ہیولیٰ مرتبہ اول و دوم میں مکرر ہے اور یہ چوبیس اسم کلیات ہیں کہ ہر ایک اسم کے تحت میں جزئیات اس قدر ہیں کہ احصائی عددان کا بجز پروردگار کے کوئی نہیں کر سکتا ہے۔

سبحانہ وتعالیٰ سبوح قدوس ربنا ورب الملائکۃ والروح۔ اور ہر ایک اسم ان میں سے کامل ہے اپنی ذات میں اور موثر اک ہے اپنے ماتحت میں کہ قبول فیض کرتے ہیں اعلیٰ سے طرف ادنیٰ کے جیسا کہ امر مظہر اول ہے مرتبہ اول میں کہ قبول فیض کرتا ہے امر سے اور پہنچاتا ہے طرف عقل کے کیونکہ عقل وجہ امر ہے جیسا

☆ ماروی میوزک سنٹر اینڈ بکسٹال ٹنڈو آدم۔ سندھ ☆ ارشد بکڈ پو تھانہ چوک میلسی۔ ضلع وہاڑی ☆ طاہر بکسٹال پرانا لاری اڈا۔ دیپالپور

Scanned with CamScanner

کہ نفس وجہ عقل ہے اور ہیولیٰ وجہ نفس وعلیٰ ہذا القیاس بتدریج تا مرکز ارض کے ہر ایک اپنے اعلیٰ سے قبول فیض کرتا ہے اور ماتحت تک پہنچاتا ہے اور پس اسمائے کلیات یہی چوبیس اسم ہیں۔ اسمائے جزئیات کی کوئی حد نہیں ہے لیکن جتنے جزئیات کا اِحصا کیا گیا ہے وہ سولہ اسم ہیں نو اسمائے معدن ہیں اور دو اسمائے نباتات اور پانچ اسمائے حیوانات۔ اسمائے تسعہ معادن کے معنی یہ ہیں حجر وسیم ونقرہ وس وآہن وسیماب وارزیر وسرب وزیتون اور نباتات یعنی گھانس جس کی دو قسمیں ہیں۔ طویل وقصیر اور حیوانات کے پانچ جنس ہیں حساس یعنی حسن کرنے والا۔ دوسرے پانچ یعنی پیرنے والا۔ تیسرے طیر یعنی اُڑنے والا۔ چوتھے مکوب یعنی منہ کے بل چلنے والا پانچویں منصب یعنی کھڑا چلنے والا۔ کہ یہ سولہ اسم بضرب عناصر در نفس خود حاصل ہوئے ہیں یعنی چار کو چار میں ضرب دینے سے متخرج ہوا ہے کہ چار جذر ہیں اور سولہ اس کا مجذور ہے پس نسبت مظاہر اسلامی کلیات وجزئیات کے مثل نسبت صورت وحرف کے ہے کہ صوت یعنی آواز بیط ہے اور حرف مرکز محدود صاحب حدو مرکز ہے پس اگر حرف نہ ہوتا تو پروردگار عالم پہچانا نہ جاتا پس بجہت وجود صوت وحرف کے انسان میں حضرت آدم متخلق ہوئے ساتھ اخلاق باری تعالیٰ کے اور خلیفۃ اللہ گردانے گئے زمین پر اور یہ علم اول علوم ہے جو کہ تعلیم کیا گیا ہے حضرتِ آدم کو زبانی حضرت جبرئیل کے پس جب حضرت آدم اسما پر واقف ہوئے تو تینوں مرتبہ عالم کے مسخر اُدن کے ہوئے اور معرفت ان کی علم یقین سے عین الیقین تک پہنچی یہاں تک کہ جمیع موجودات کو ساتھ دیدہ دل اور چشم بصیرت کے مشاہدہ کیا اور کل مخلوقات باری تعالیٰ نے ان کی طرف سجدہ کیا پس واضح ہوا کہ اسمائے اعظم الٰہی سب گیارہ ہیں اور حرف بادی میں تین مخفی ہیں حروف ناری میں تین اسم ہیں اور حرف خاکی میں دو اسم ہیں جدول اس کی یہ ہے۔

حروف ناری	اہ ط م ف ش ذ	۳ حرف
حروف بادی	ج ز ک س ق ث ظ	۳ حرف
حروف آبی	د ح ل ع ر خ غ	۳ حرف
حروف خاکی	ب و ی ن ص ت ض	۳ حرف

پس چونکہ حروف ناری وبادی وآبی میں تین حروف ہیں اسمائے اعظم الٰہی میں سے اس جہت سے یہ کرّے تینوں صاحب ہیبت ووقار وعزت وافتخار قریب تر بعالم بقا ہوئے اور حروف خاکی میں صرف دو ہی حروف ہیں اسمائے اعظم الٰہی میں سے کہ یہ نسبت اور تین کرّوں کے ایک حرف اس میں کم ہے اس سبب سے کرۂ خاک تحت الاقدام ہوا اور ذلیل تر اور بعید تر عالم کون وبقا سے پس جو شخص ان اسمائے اعظم الٰہی سے یا سات حرفوں سے یا تین حرفوں سے واقف ہو جائے تو ملائکہ اس کی عظمت کریں گے اور جبابرہ خشوع وخضوع اختیار کرینگے اور اگر کوئی شخص اس مقام تک اور اس مرتبہ تک پہنچے۔

اگر کوئی شخص اس مقام تک اور اس مرتبہ تک پہنچے تو شکر خدا کا کرے کہ اس کو یہ نعمت عطا فرمائی اور چاہئے کہ رحمت وشفقت کرے او پر خلق اللہ کے اور مہربان ہو کل موجودات پر۔ پس اے طالب اسرار علم واضح ہو کہ جناب باری تعالیٰ نے اپنے خانہ ہائے علم سے اٹھائیس حروف ابجدی زمین پر بھیجے اور ان کے لئے موازین قرار دیئے کہ اس سے ہر ایک صرف وزن کیا جاتا ہے تاکہ قوت ہر ایک حرف کی معلوم اور عمل اس حرف کا باطل نہ ہو پس جب عمل میزان ہر حرف کا معلوم ہو جائے گا۔ تب استلاف بصورت کامل حاصل ہوگا۔ مثل استلاف عناصر کلیہ مجتمعہ کے اس سے ایک صورت کاملہ حاصل ہوتی ہے۔ مثل انسان کے پس جاننا چاہئے کہ انسان منقسم ہے او پر چار قسم کے اور ہر قسم کے لئے سات حرف خاص ہیں قسم اول سر انسان ہے اس کے لئے سات حرف ہیں اعظم فشذ کہ یہ حروف آتشی ہیں اور ان سات حرفوں میں سے ہر ایک حرف کے واسطے ایک ایک مقام خاص ہے سر میں کہ بیان ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اور قسم ثانی اوداج سے ہے راس فواد تک یعنی گردن سے تا سر قلب اس کے لئے بھی سات حرف مخصوص ہیں جز کس قسثظ یہ حرف بادی ہیں ان سات حرفوں میں سے بھی ہر ایک حرف کے لئے ایک ایک مقام خاص ہے جسم انسان میں اور قسم رابع مقصد سے ہے تا بقدم اس کے لئے بھی سات حرف خاص ہیں بوین صتض یہ حروف خاکی ہیں اور ہر حرف کے لئے ان میں سے ایک ایک مقام خاص ہے بدن انسان میں پس اعمال حیوانات آبی کے سبب حروف آبی سے ہیں اور اعمال حیوانات خاکی کے سب حروف خاکی سے ہیں۔ اور اعمال حیوانات مواشی کے مثل سباع وصنباع وغیرہ کے حروف بادی سے ہیں اور اعمال حیوانات ہوائی مثل طیور واجنہ وملائکہ کے یہ سب حروف ناری سے ہیں پس جتنے حیوانات کہ جنس واحد سے ہیں چاہئے تھا کہ بحکم الجنس یمیل الی الجنس آپ میں دوست ہوں حالانکہ ایسا نہیں ہے بلکہ بعض کی طبیعت خلاف بعض کے ہیں اور بعضے دشمن بعض کے ہیں۔ پس یہ سب سبب استیلائے حروف کے ہے کہ جو ہر حیوان پر مستولی ہے کیونکہ حروف ناری مصادق یعنی دوست حروف ناریہ کے اور حروف آبی مصادق حروف ترابی کے ہیں اور حروف ترابی مصادق حروف آبی کے کہ ہر ایک ان میں سے مصادق اور دوست دوسرے کا ہے اور اسی طرح معاندۃ بھی ہے کہ حروف ناری دشمن ہیں حروف مائی کے اور حروف مائی دشمن حروف ناری کے اور حروف ہوائی دشمن حروف خاکی کے اور حروف خاکی دشمن

Scanned with CamScanner

۱۔ معدنیات میں سے ذر وسیم ومس واٰھن و اصاص و سرب و یاقوت و زبرجد و عتیق بعد از سالھائے سال دیگ و کوہ و سنگ سے پیدا ھوتے ھیں اور مروارید و مرجان قرار دیا ھے اور گوگرد و نمك و زر نیخ خاك نرم ولطیف سے لیکن زروسیم واٰھن و اساس و سرب آگ میں گداختہ ھو جاتا ھے اور سردی سے منجمد ھو جاتا ھے اور یاقوت و عقیق و الماس پر آگ کارگر نھیں ھوتی ھے اور ابرق و سیماب کو آگ سے گریز رھتا ھے اور کبریت اور زرنیخ آگ پر روشن ھو جاتا ھے اور مس زر سے اور قلعی سیم سے قریب ھے اور جملہ معدنیات سے مرقشیشا لاجورد و فیروزہ و مقناطیس وغیرہ ھے ۱۲۔

۲۔ حکما کے نزدیك عنصر اول نار دوم بار سوم آب چھارم خاك ھے برخلاف حکمائے فلاسفہ کے ان کے نزدیك اول نار دوم خاك سوم بار چھار مراٰب ھے پس علم رمل میں منسلك حکمائے فلاسفہ مختار ھے اور علم نجوم میں منسلك حکمائے غیر فلاسفہ پر عمل کریگا اور ترتیب عناصر کو ان کے طریقہ پر نہ لیگا تو اس عمل میں اثر نہ ھوگا۔ پس دونوں فرقوں کے نزدیك حروف ناری اھطم فشذ ھے اور نزدیك فرقہ اول کے حروف بادی ہوین صض اور حروف اٰبی جزکس قشظ اور حروف خاکی و صلعرمخغ ھیں اور نزدیك فرقہ دوم یعنی حکمائے فلاسفہ حروف خاکی بوین صتض اور حروف باری جزکس قشظ اور حروف اٰبی و حلعرشغ ھیں واللہ اعلم بالصواب ۱۲۔

حروف ہوائی کے پس دوستی ودشمنی حیوانات میں اس جہت سے ہوتی ہے پس جو شخص کہ سمجھے اس رمز کو اور فہم کرے اس کلام کو اور ماہر ہو اس مقام سے وہ ہو جاتا ہے۔ ملک بالقوۃ اور تصرف کرسکتا ہے موجودات میں جس طرح چاہے یہ سب کچھ کرسکتا ہے بامر اللہ تبارک وتعالیٰ سبوح ربنا ورب الملائکۃ والروح۔

پس اب ذکر کرتے ہیں ہم میزان حروف ناریہ کی اور ان حیوانات کو کہ جو منسوب ہیں ان حروف سے پس جاننا چاہئے کہ ملائکہ مظاہر نور سے ہیں کیونکہ نور اصل نار ہے اور نار نور سے ہے اور نور نار سے کیونکہ نور ایک شعاع ہے بلا احراق ذات جہات ستہ اور اس کے لئے انعکاس نہیں ہے لیکن نار نور معکوس ہے ذات جہات ستہ پس جب نور منعکس ہو جائے گا طرف مرکز اپنے کے تو فعل اس کا نار ہوگا اور جب مہبط ہوگا طرف فوق مرکز کے تو فعل اس کا نور ہوگا اور طبیعت نار میں حرکۃ وتسخین ودخان ہے اور طرف اعلیٰ اس کا نور ہے اور طبیعت نور بارد ورطب ہے۔ لطیف بانور شعاع کہ جلانے والا ہے جمیع کثافتوں کا اسی طرح جس قدر کہ مرتفع ہوگا طرف فوق کے زیادتی ہوگی۔

لطافت میں اور جس قدر منخفض ہوگا۔ زیادتی ہوگی کثافت میں پس واضح ہو کہ مظہر ملائکہ علویہ۔ سماویہ۔ نورانیہ۔ روحانیہ۔ ربانیہ الٰہیہ۔ یعنی جبرائیل میکائیل واسرافیل وعزرائیل ورقائیل وسرفائیل وصیکھائیل حرف ناری یعنی اھطم فشذ سے ہے پس واضح ہو کہ مظہر ملائکہ واسطے جبرائیل کے حرف اول ا کا ہے اور واسطے میکائیل کے حرف اول ھ کا اور واسطے اسرافیل کے حرف اول ط کا اور واسطے عزرائیل کے حرف اول م کا اور واسطے روقائیل کے حرف اول ف کا اور واسطے سرفائیل کے حرف اول ش کا اور واسطے صیکھائیل کے حرف اول ذ کا ہے۔

اور مظہر ملائکہ سفلیہ، ارضیہ، نیرانیہ، غضبیہ، شیطانیہ، رجمیہ بھی سات حرف ناری ہیں اور وہ یہ ہیں الذہب برقان، الاحمر، ذوبعہ وھنش، الابیض، میمون، پس واسطے الذہب کے حرف اخرا کا ہے اور واسطے برقان کے حرف ھ آخر کا ہے۔

اور واسطے الاحمر کے حرف آخر ط کا ہے اور واسطے ذوبعہ کے حرف آخر م کا ہے اور واسطے وھنش کے حرف آخر ف کا ہے اور واسطے الابیض حرف آخر ش کا ہے اور واسطے میمون کے حرف آخر ذ کا ہے کہ یہ اقسام ملائکہ جنیہ کے ہیں۔ واما مظہر حیوانات طائر۔ پس واسطے کرگس یعنی گدھ کے حرف ج ہے جزکس قشظ سے اور واسطے عقاب کے حرف ف اور واسطے باز کے صرف کاف اور واسطے باشق یعنی جانور باشا کے حرف س ہے اور واسطے باقی طیور کے باقی حروف اسی طبیعت کے ہیں وہ باقی حروف یہ ہیں ق ش ظ پس جس طیر کے حرف کو کہ چاہئے تو جمع کر اور حروف کعب کو اس کے استخراج اور استطاق کر جس طرح کہ بیان ہوگا اور حرف کو حرف سے امتزاج کر از روئے وزن کے تاکہ عمل درست ہو اور یہی طریقہ کل اسماء کا ہے واما مظہر حیوانات آبی حروف آبی وحلعرشغ سے ہے پس واسطے مچھلی کے حرف دال ہے اور واسطے نہنگ یعنی نگر مچھ کے صرف خ ہے اسی طرح باقی حیوانات آبی کے باقی حروف اسی طبیعت کے ہیں وہ یہ ہیں ل ع ر خ غ واما مظہر

☆چوہدری امانت علی اینڈ سنز ریلوے روڈ رحیم یار خان ☆نیو شاہین جنرل سٹور۔ کمالیہ ☆قریشی نیوز ایجنسی اینڈ بکسٹال مین بازار۔ کوٹلی آزاد کشمیر

حیوانات خاکی کا حروف خاکی بوین صتض سے ہے اور واسطے دو یعنی جانور درندہ کے حرف ب ہے اور واسطے پلنگ یعنی چیتے کے حرف و ہے اور واسطے باقی حیوانات کے باقی حروف اس طبیعت کے ہیں وہ یہ ہیں ص تض اور مظہر جمادات بھی انہیں حروف خاکی سے ہیں جیسا کہ مظہر یاقوت کا آخر حرف ب سے ہے وکذالک الی الآخرہ اما مظہر حیوان ناطق یعنی انسان نفس جمیع حروف میں ہے یعنی حروف بست وہشتگانہ ابجدی اسی سبب سے صورت انسان کی اکمل و اجمل صورت دیگر حیوانات سے ہوئی اور اسی جہت سے انسان اعلیٰ و اظہر و اقوی و اقدر و احیل و اذکر و اعقل و احکم ہوا اور سلطان عالم ہائے علویہ و سفلیہ ہوا اور یہ جمیع معانی مذکورہ کل مخلوقات میں ناقص ہیں لیکن انسان میں تمام و کمال ہیں بسبب۔

ہونے کل حروف تہجی کے انسان میں پس واضح ہو کہ تقسیم ان حرفوں کی بر وضع موازین حروف کے ہے کیونکہ واسطے حروف آتشی کے ایک میزان ہے کہ پہچانی جاتی ہے اس سے قوت ہر حرف کی کس قدر ہے تا مطابق ہو ساتھ یا مافوق اپنے یا ساتھ ماتحت کے اسی طرح مخالفت وزن ان ساتوں حروف آتشی ہے پس

۱ ـ مخزون الادویہ میں ہے کہ روحانیہ کولساف شرع میں ملائکہ لکھتے ہیں مثلاً روحانیہ زحل عزرائیل و ملک الموت قابض ارواح کہتے ہیں اور روحانیہ مشتری کو میکائیل و مالک اور روحانیہ مریخ کو اسرافیل و نافخ صور کہتے ہیں اور روحانیہ شمس کو جبرائیل و حامل وحی کہتے ہیں اور جوامع الفوائد میں ہے کہ روز یکشنبہ ابوعبداللہ ملک اس کا مذہب ہے روز دوشنبہ ابوالنوار ملک اس کا ابیض ہے اور دوشنبہ ابوالنحدو ملک اس کا احمر ہے روز چہار شنبہ ابوالعجائب ملک اس کا قانون ہے روز پنجشنبہ ابوالولید ملک اس کا شھوش ہے روز جمعہ ابولیس ملک اس کا ذوبعہ روز یکشنبہ شمس کا ہے۔ ملک اس کا روقائیل ہے عون اس کا مذہب ہے روز دوشنبہ قمر کا ہے ملک اس کا جبرائیل عون اس کا مرہ یا ابیض ہے روز سہ شنبہ مریخ کا ہے ملک اس کا شمشائیل عون اس کا مرہ یا ابیض ہے روز سہ شنبہ مریخ کا ہے ملک اس کا شمشائیل ہے عون اس کا ابومخدد و احمر ہے بعض نسخوں میں ابومخددوابو محذوم لکھا ہے روز چہار شنبہ ہے عطارد کا ہے ملک اس کا جزقبائیل و عون اس کا برقان روز پنجشنبہ مشتری کا ہے ملک اس کا صوفیائیل و عون اس کا شھورش ہے روز جمعہ زھرہ کا ہے ملک اس کا حنبائیل یا حینائیل و عون اس کا ابلین یاد داد ہے روز شنبہ زحل کا ہے ملک اس کا کیفائیل عون اس کا میمون الریاحی ہے واللہ اعلم بالصواب ۱۲ منہ۔

میزان ہر ایک حرف کے ان حروف سبعہ میں سے یہ ہے اول مرتبہ دوم درجہ سوم دقیقہ چہارم ثانیہ پنجم ثالثہ ششم رابعہ ہفتم خامسہ پس واسطے ہر چہار حرف کے ان حروف میں سے ایک قوت طبعیہ ہے کہ شناخت اسکی جدول سے ہوگی اور میزان نار کے حرف حرف چہارم کلمہ اہتم فشذ کا ہے یعنی م اور میزان ہوا کی صرف چہارم کلمہ جزکس قشظ کا ہے یعنی اس اور میزان آب کی حرف چہارم کلمہ دحلعرخغ کا ہے یعنی ح اور میزان خاک کی حرف چہارم کلمہ بوین صتض ہے صورت یہ ہے۔

م	س
اعطم فشذ	جزکس قشظ
اذ ف ط	ج ز ق ز
ش ھ	ف ک
ع	ن
دحلعرخغ	بوینصتض
دغ رح	ب ض ص د
خ ل	ت



پس واسطے ہر چوتھے حرف کے ان جملوں میں سے قوت طبعیہ ہے جیسا کہ معلوم ہوا اب طریقہ استخراج حروف کعب کا ذکر کیا جاتا ہے اور وہ استعلاق کرنا اور تمازج ایک حرف کا ساتھ دوسرے حرف کے از دو کے وزن کے ہے قاعدہ اس کا جدول ہے کہ پہچانا جاتا ہے اور یہ وہ جدول سے دریافت ہوتا ہے اس سے کہ ہر حرف کیلئے عالم میں قوۃ فعلیہ کس قدر ہے اور جدول اگلے صفحہ پر ہے۔

شاہین بکسٹال ریل بازار۔ گوجرانوالہ　　حفیظ بکڈپو۔ کبیر والا ضلع خانیوال　　☆ زینت جنرل اسٹور مین بازار۔ جوہر آباد

	آلات	ناریہ	ترابیہ	ہوائیہ	مائیہ	کعب	استنطاق	کواکب	
[illegible]	مراتب	ا	ب	ج	د	۱۰	ی	زحل	[illegible]
[illegible]	مدارج	ھ	و	ز	ح	۲۶	وک	مشتری	[illegible]
[illegible]	وقایق	ط	ی	ک	ل	۶۹	طس	مریخ	[illegible]
[illegible]	ثوانی	م	ن	س	ع	۲۲۰	کر	شمس	[illegible]
[illegible]	ثوالث	ف	ص	ق	ر	۴۷۰	عت	زہرہ	[illegible]
[illegible]	روابع	ش	ت	ث	خ	۱۸۰۰	ضغ	عطارد	[illegible]
[illegible]	خواس	ذ	ض	ظ	غ	۳۴۰۰	ظلغغ	قمر	[illegible]
		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]				

اور بسط ثانی میں وضع کئے جاتے ہیں حروف اس طور سے اب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ھ لا ی۔ پس اعمال سب اسی وضع پر ہیں اس کی دو قسمیں ہیں ایک حرفی دوسرے عددی پس عددی کو علم اوفاق کہتے ہیں اور حرفی کی پھر دو قسمیں ہیں ایک بسط اور ایک کسر مثال اس کی یہ ہے کہ مثلاً ہم چاہتے ہیں کہ درمیان غنم و ذئب یعنی بھیڑیے اور بکری کے عطوفت و محبت پیدا ہو پس بھیڑیے کو طالب اور بکری کو مطلوب قرار دیا اور اعداد حروف ذئب وغنم بسط کئے پس اس کو صدر و موخر کیا تا آنکہ حروف مبسوط سطر اول کی صدر موخر کرتے کرتے بعینہ پھر سطر اول حاصل ہوئی وعلیٰ ہذا القیاس اگر درمیان ذئب وغنم کے عداوت کرنا مقصود ہو تو حروف اسم غنم و عداوت و ذئب کو بسط کر کے صدر و موخر کرنا چاہئے تا کہ آنکہ زمام حاصل ہو جیسا کہ واضح ہو گا علی ہذا القیاس اگر دفع کرنا حیوانات موذیہ کا مقصود ہو بمثل سانپ اور بچھو اور بھیڑیا اور کل جانوران درندہ کے پس چاہئے کہ اسم اس حیوان کا اور اسم موضح وزجر کو بسط حرفی کریں اور صدر موخر کر کے زمام حاصل کریں پس اگر حروف بسطاق ہوں تو زوریائے سطور بسط سے چار حرف اخذ کریں اور وسط سے ایک حرف اور اگر حروف بسط جفت ہوں تو زوایہائے سطور سے چار حرف اور وسط سے دو حرف اخذ کریں پس اگر محبت و موافقت بین الاثنین مقصود ہو تو طبائع حروف ماخوذہ کو جمع کر کے عمل بہ طبع موافق کیا جاوے۔ واگر مخالفت و دشمنی مقصود ہو تو عمل بطبع مخالف کیا جائے۔ مثلاً چاہتے ہیں ہم کہ درمیان ذئب وغنم کے محبت پیدا ہو پس ایک جدول بنانا چاہئے بعدد حروف ذئب وغنم اور اس کی تکسیر کرنا چاہئے تا کہ زمام حاصل ہو پس چار حرف چار زاویوں سے اور دو حرف وسط سے اخذ کئے چار حرف زاویے کے یہ ہیں۔ ذ ذ م م دو حرف وسط کے یہ ہیں ح ب اور جدول کو موافق کر کے لکھنا چاہئے اور صورت ذفع یہ ہے۔

ذ	ی	ب	م	ح	ب	ت	غ	ن	م
م	ذ	ن	ی	غ	ب	ت	م	ب	ح
ح	م	ب	د	م	ن	ت	ی	ب	غ
غ	ح	ب	م	ی	ب	ت	ذ	ن	م
م	غ	ن	ح	ذ	ب	ت	م	ب	ی
ی	م	ب	غ	م	ن	ت	ح	ب	ذ
ز	ی	ب	م	ح	ب	ت	غ	ن	م

حروف مستخرجہ زوایہ اور وسط کے چھ ہیں ذ ذ م م ح ب پس طبع اغلب مجملاً ذ ذ خواہش الحرارۃ م م ثوانی الحرارۃ و حرف ح درجہ برودۃ اور طوبتہ و حرف ب مرتبہ یبوست ہے اس سے ظاہر ہوا کہ طبیعت اس عمل کی حاریابس ہے اور کعب حروف مستخرجہ کا ۱۴۹۰ ہے اور استنطاق اس کا ضض ہے۔

پس ملک موکل اس عمل کا خصائیل ہوا اور بخور اس کا عود وقلفل ہے پس تعریف عمل ہذا یہ ہے کہ جب حمل و مریخ طالع ہوا اس وقت ایک لوح مسی سرخ بر ترتیب مقدمہ کو نقش کریں اور پشت پر اس لوح کے صورت ذئب وغنم یعنی بھیڑیے اور بکری کے نقش کریں اس طرح سے کہ دونوں آپس میں گلے ملتے ہوں اور بھیڑیا دہاں بند کیا ہوا ہو اور بھیڑیے کے سر پر اسم ملک خصائیل لکھا ہو اور بکری کے سر پر عدد مذکور ۱۴۹ لکھا ہو۔ اور تصویریں دونوں کی ایک دائرہ محیط کے اندر ہوں اور اطراف و جوانب میں اس دائرہ کے حروف مستخرجہ تحریر کئے جاویں پھر اس لوح کو اس مقام پر زیر زمین دفن کریں کہ جہاں بکریاں چرتی ہوں پس غور سے دیکھیے گا کہ بھیڑیا اور بکری اس مقام میں جمع ہو کر آپس میں الفت اور محبت کریں گے جس کو دیکھ کر لوگوں کو حیرت و تعجب ہو گا کہ اس قدر محبت کا اثر کامل اس عمل میں ہے اور یہی طریقہ ہے کل اعمال میں اور یہی علم شرح علم خافیہ ہے اور شرح علم سفر آدم کا جو حضرت آدم کو تعلیم ہوا تھا اور یہ ایک قسم ہے چوبیس

☆اتحاد نیوز ایجنسی موتی پلازہ۔ راولپنڈی ☆یونائیٹڈ بک لینڈ مہران مرکز۔ سکھر ☆کیپٹل نیوز ایجنسی بندروڈ۔ بہاولپور

Scanned with CamScanner

قسموں علم الواح سے اور یہی اصل ہے جمیع اعمال کی کیونکہ اس میں علم کا عوالم ہے اور صورت دائرہ و تصویر ذنب و ظنم یہ ہے۔

قمر: قمر (چاند) ایک جرم سماوی ہے جو زمین کے گرد گردش کرتا ہے دوسرے اجرام سماوی کے مقابلہ میں بہت چھوٹا جسم ہے مگر وہ کرۂ زمین سے بالکل قریب ہے اس لئے بڑا نظر آتا ہے علم ہیئت کی ابتداء اسی کی حرکات کے مطالعے سے ہوئی۔ چاند ستاروں میں سے گذرتا اور اپنی جگہ بدلتا نظر آتا ہے ایک مقام سے چل کر مشرق کی طرف حرکت کرتا رہتا ہے حتیٰ کہ ساڑھے ۲۷ دن کے بعد پھر اسی مقام پر پہنچ جاتا ہے اور یہ تحقیق ہے کہ ستارے بالکل حرکت نہیں کرتے پس معلوم ہوا کہ چاند زمین کے گرد ۲۷/۱/۴ دن میں گردش کرتا ہے۔ واضح ہو کہ بتابر تکسیر شیخ بونی کے سطر اول اور سطر آخر دونوں کو حساب میں شامل کرتے ہیں اور تکسیر مکررہ ہے کہ سطر اول وسطر آخر کا اعتبار نہیں کرتے ہیں کیونکہ سطر اول اصل اسم ہے کہ ابھی تکسیر اس کی نہیں ہوئی ہے اور سطر آخر میزان تکسیر ہے کہ اس سے صحت تکسیر معلوم ہوتی ہے اس سبب سے ان دونوں سطروں کا اعتبار نہیں کرتے ہیں اور شیخ ابوالعباس بونی تکسیر میں فقط سطر آخر کا اعتبار نہیں کرتے ہیں کیونکہ وہ سطر زمام ہے یعنی سطر اول و آخر میں مقرر ہوئی ہے اور باقی کل سطور کا اعتبار کرتی ہیں۔ ۲ عود، وقلفل حسار یا بنس بخوارت مریخ سے ہے۔

ہم بیان کر چکے ہیں کہ سورج کی مرئی حرکت بھی مشرق کی طرف ہے مگر چاند کی ظاہری رفتار سورج سے بہت زیادہ ہے اس لئے ایک خاص وقفہ کے بعد وہ سورج کے قریب پہنچتا ہے اور اسکے پاس سے گذر جاتا ہے جب چاند سورج کے قریب پہنچتا ہے تو اس کا تاریک حصہ زمین کی طرف ہوتا ہے اور وہ بالکل نظر سے غائب ہو جاتا ہے اس حالت کو محاق کہتے ہیں ایک محاق سے دوسرے محاق تک جو وقت گزرتا ہے وہ قمری مہینہ کہلاتا ہے۔

رویات قمر:- قمر کا نصف کرہ جو آفتاب کی طرف ہوتا ہے روشن ہوتا ہے۔ دوسرا پہلو مظلم ہوتا ہے ماہواری گردش میں چاند کا بعد الشمس بدلتا رہتا ہے محاق پر اس کا بعد الشمس صفر ہوتا ہے اس وقت چاند کا تاریک پہلو زمین کی طرف ہوتا ہے اس لئے وہ نظر نہیں آتا جب چاند اس مقام سے گذر جاتا ہے تو آہستہ آہستہ سورج کے مشرق کی جانب ہوتا جاتا ہے اس وقت جو پہلو زمین کی طرف ہوتا ہے اس کے ایک کنارے پر سورج کی روشنی پڑتی ہے ایسی حالت میں ہمیں قرص ماہتاب کا تھوڑا سا دایاں حصہ نظر آتا ہے اس رویت کو ہلال کہتے ہیں۔ جب وہ اپنے مدار میں اور آگے بڑھتا ہے تو اس کے روشن رخ کا زیادہ حصہ نظر آنے لگتا ہے اور ہلال چوڑا ہوتا جاتا ہے حتیٰ کہ چند روز کے بعد ہم نصف قرص کو روشن دیکھتے ہیں اس رویت کو تربیع کہتے ہیں یہ شکل قمری مہینے کی ساتویں یا آٹھویں تاریخ کو ہوتی ہے جب چاند سورج سے اور زیادہ فاصلے پر ہو جاتا ہے تو اس کے قرص کا نصف سے زیادہ حصہ روشن نظر آتا ہے اس وقت اسے کوزہ پشت کہتے ہیں جب وہ سورج کے بالمقابل پہنچ جاتا ہے اس کا تمام قرص روشن دکھائی دیتا ہے اس حالت استقبال میں چاند کو بدر کہتے ہیں اس کے بعد چاند پھر سورج کے قریب پہنچ جاتا ہے اور اس کا روشن حصہ گھٹنے لگتا ہے بدر پہلے کوزہ پشت ہوتا ہے پھر گھٹتے گھٹتے ہلال ہو جاتا ہے اور اسی طرح حرکت کرتا ہوا سورج کے قریب پہنچ جاتا ہے اور نظر سے غائب ہو جاتا ہے۔ محاق کے بعد چاند پھر سورج کے مشرق کی طرف برآمد ہوتا ہے اور اس کے روایات کا وہی سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ بابل والوں کا خیال تھا کہ چاند کے دو رخ ہیں ایک روشن دوسرا تاریک اور اس کی مختلف شکلیں دوران گردش میں روشن پہلو کے آہستہ آہستہ سامنے آنے کی وجہ سے ہوتی ہیں ارسطو نے اس کے متعلق تحقیقات کیں اور یہ نتیجہ نکالا کہ چاند ایک مظلم کرہ ہے اور اس کی روشنیں سورج کی روشنی پر منحصر ہیں۔

سطح قمر پر زمین کی روشنی:- اگر کرۂ ہوائی صاف ہو اور ہلال کو غور سے دیکھیں تو چاند کی تمام سطح پر مدھم سی روشنی دکھائی دیتی ہے یعنی اس کا مظلم حصہ بھی نظر آتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اس وقت چاند، سورج اور زمین کے بیچ میں ہوتا ہے اس لئے زمین کا روشن رخ چاند کے سامنے ہوتا ہے اس حالت میں اگر ناظر چاند پر کھڑا ہو تو اسے زمین ایسی ہی نظر آئیگی۔ جیسے ہمیں بدر نظر آتا ہے البتہ وہ بدر سے بہت بڑی اور بہت زیادہ روشن معلوم ہوگی اس وقت روشنی زمین سے منعکس ہو کر چاند کے مظلم حصہ پر پڑتی ہے اس وجہ سے وہ مدھم نظر آتا ہے۔ علمائے قدیم نے اس منظر کی عجیب تشریحات کیں مثلاً لپڈوس نے ۱۵۰ قبل مسیح میں قیاس کیا کہ چاند قدرے شفاف ہے اس لئے دوسرے پہلو پر جو سورج کی روشنی پڑتی ہے اس کا کچھ حصہ کرۂ قمر میں گذر جاتا ہے مگر پندرہویں صدی عیسوی تک اس منظر کی صحیح وجہ معلوم نہ ہو سکی۔

نوبتی وقت:- وقفہ بین المحاقین نکالنے کا طریقہ یہ ہے کہ وقت کسوف کا صحیح وقت لیتے ہیں اور اس کے بعد کسی اور کسوف کا صحیح وقت لے لیتے ہیں وسط کسوف عین محاق کی حالت میں ہوتا ہے پس دو محاقوں کا صحیح وقت نکل آتا ہے ان دو محاقوں کے درمیان کے زمانے کو اس مدت کے قمری مہینوں کی تعداد پر تقسیم کرتے ہیں تو وقفہ بین المحاقین معلوم ہو جاتا ہے فرض کرو کہ وقفہ میں بین المحاقین د یوم ہے اور نوبتی وقت میں یوم تو

$$\frac{1}{\text{س}} - \frac{1}{\text{د}} = \frac{1}{365.25}$$

Scanned with CamScanner

مشاہدہ سے د = ۲۹٫۵۳ دن نکلتا ہے۔ پس ۱/س - ۱/۲۹٫۵۳ + ۱/۳۶۵٫۲۵

= ۳۹۴٫۴۷۸ / (۳۶۵٫۲۵ × ۲۹٫۵۳)

پس س = (۳۶۵٫۲۵ × ۲۹٫۵۳) / ۳۹۴٫۴۷۸ = ۲۷ ۱/۴ دن (تقریباً)

قمر کا مدار: -اگر ہم چاند کا قطر مرئی اس کے مدار کے مختلف مقامات پر معلوم کرلیں اور قطر کے معکوس کے متناسب خطوط مناسب زاویوں پر کھینچے جائیں تو مدار کی شکل معلوم ہو جائیگی اس طریقہ سے معلوم ہوا ہے کہ مدار قمری بھی بیضوی ہے اور اس کا خروج ۱۲ ارضی سے تین گنا ہے۔ ستاروں میں قمر کا دائرہ حرکت طریق الشمس سے مختلف ہے اس کے مدار کا میل ۵ درجہ ہے ماہانہ گردش کے اثناء میں چاند ۱۴ روز تک منطقۃ البروج سے شمال کو اور ۱۴ روز جنوب کو رہتا ہے جن نقاط پر مدار قمر طریق الشمس کو قطع کرتا ہے انہیں عقدتین کہتے ہیں جس نقطہ پر قمر منطقۃ البروج کے جنوب سے شمال کی طرف گذرتا ہے اس کو راس کہتے ہیں اور دوسرے کو ذنب۔

چاند کے طلوع و غروب کا وقت: -چونکہ چاند کا وقفہ بین الحاقین ساڑھے ۲۹ دن ہوتا ہے اس لئے وہ سورج سے ہر روز ۳۶۰/۲۹½ درجہ یعنی ۲۰/۵۹،۲۷ درجہ مشرق کو ہٹ جاتا ہے زمین چوبیس گھنٹہ میں ایک دورہ کرتی ہے یعنی ۳۶۰ درجہ گھومتی ہے اس لئے چاند کے نصف النہار پر گذرنے کا وقت ہر روز ۲۰/۵۹،۲۷×۴ یعنی ۵۱ منٹ پیچھے ہو جاتا ہے یعنی اگر آج چاند پورے ۹ بجے نصف النہار پر ہے تو کل وہ ۹ بجکر ۵۱ منٹ پر نصف النہار پر ہوگا مگر اس کے طلوع و غروب کا روزانہ فرق ۵۱ منٹ سے کم زیادہ ہوتا رہتا ہے ماہ ستمبر میں سورج اعتدال خریفی پر ہوتا ہے ان دنوں میں بدر سورج کے عین مقابل یعنی نقطہ اعتدال ربیعی کے قریب ہوگا مشاہدہ سے معلوم ہوا ہے کہ ان دنوں میں چاند کئی روز تک شام کو تقریباً ایک ہی وقت پر طلوع ہوتا ہے کسان یہ سمجھتے ہیں کہ چاند کا کئی روز تک سر شام نکلنا خدائے تعالیٰ کا خاص احسان ہے کہ سورج غروب ہونے کے فوراً بعد بدر نمودار ہو جائے اور ہمیں فصل کاٹنے میں آسانی ہو۔

فصلی چاند کی تشریح: -فرض کرو کہ ۲۲ ستمبر کو چاند کی چودھویں ہے سورج اس دن معتدل النہار پر ہوگا اور چاند بھی اس کے مقابل سمت میں معتدل النہار پر ہوگا سورج ٹھیک مغرب میں غروب ہوگا اور چاند عین مشرق سے طلوع ہوگا دوسرے دن یعنی چوبیس گھنٹے کے بعد چاند نے مدار قمری پر تقریباً ۱۳ درجہ فاصلہ طے کیا ہوگا اگر مدار قمری کی سمت افق پر عموداً ہوتی تو قمر دوسرے روز ۵۱ منٹ کے بعد طلوع ہوتا لیکن اگر مدار افق کے متوازی ہوتا تو چاند ایک دن کے بعد کسی قدر شمال کو ہٹ جاتا۔ اور شمال میں ہونے کی وجہ سے یوم گذشتہ سے کچھ پہلے طلوع ہوتا کیونکہ معتدل النہار کے شمال میں اجرام سماوی یومیہ گردش میں ۱۲ گھنٹہ سے زیادہ عرصہ افق کے اوپر رہتے ہیں اور کم عرصہ افق کے نیچے مگر مدار قمر افق پر تقریباً ۲۳ درجہ کا زاویہ بناتا ہے اس لئے قمر کی حرکت شمال مشرق کو ہوگی مشرق کی طرف ہٹ جانے کی وجہ سے اس کے طلوع میں دیر ہوگی مگر شمال کی طرف ہٹنے کی وجہ سے طلوع جلد ہوگا۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ چاند ۲۳ ستمبر کو تقریباً اسی وقت افق پر نمودار ہوگا جس وقت ۲۲ ستمبر کو ہوا تھا۔ فصلی چاند کے مشاہدہ کا اچھا موقعہ اس وقت ہوتا ہے جبکہ ۲۲ ستمبر کو بدر ہو۔ کیونکہ ایسی حالت میں چاند دو تین رات متواتر تقریباً ایک ہی وقت پر طلوع ہوتا ہے۔ برعکس اس کے جب سورج اعتدال ربیعی پر ہوتا ہے تو چاند کے طلوع میں روزانہ ایک گھنٹہ ۱۶ منٹ کا فرق پڑ جاتا ہے اس وقت چاند کی حرکت جنوب مشرق کو ہوتی ہے مشرق میں ہٹنے کی وجہ سے دیر سے طلوع ہوتا ہے اور جنوب کو ہٹ جانے کی وجہ سے طلوع اور بھی دیر سے واقع ہوتا ہے۔ فصلی چاند کے ایک ماہ بعد کا بدر قمر صید کہلاتا ہے اس لئے کہ بعض ملکوں میں وہ زمانہ شکار کا ہوتا ہے قمر صید بھی چند روز متواتر سر شام طلوع ہوتا ہے۔

بُعد اور جسامت: -چاند کا بعد اس کے اختلاف منظر سے اخذ کیا جاتا ہے بعد اوسط (۲۳۹۰۰۰) میل ہے۔ مدار کی بیضویت اور کشش آفتاب کی وجہ سے بعد میں فرق پڑتا رہتا ہے بعد اقرب (۲۲۱۰۰۰) میل ہوتا ہے اور بعد ابعد (۵۹۶۰۰) میل۔

چاند کا قطر مرئی بالا وسطہ ۳۱ دقیقہ ۵ ثانیہ ہے اس سے اس کا اصلی قطر (۲۱۶۳) میل نکلتا ہے یعنی زمین کے قطر کا ۱۰۰۰/۲۷۳ حصہ۔ چاند کی سطح قطر کے مربع کے متناسب ہے اس لئے وہ زمین کا تقریباً ۲/۲۷ حصہ ہے اور حجم قطر کے مکعب کے متناسب ہوتا ہے۔

چاند کا حجم زمین کے حجم کا ۱/۴۹ حصہ ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ اگر چاند کے برابر ۴۹ گولے جمع کئے جائیں تو زمین کے برابر ایک گولہ بنے گا۔

☆ مہران نیوز ایجنسی اسٹیشن روڈ۔ حیدرآباد ☆ ریلوے بکسٹال۔ میانوالی ☆ ریلوے بکسٹال۔ خانیوال

آغا السید ابوالحسن موسوی مشہدی۔ اسلام آباد

طلسمات بیضہ

تعویذ گنڈے ہر ملت اور ہر قوم میں پائے جاتے ہیں کچھ طلسمات تو بندوق کی گولی کی طرح کا اثر رکھتے ہیں۔ اب یہ سپاہی کا کام ہے کہ وہ اس گولی سے وطن کا دفاع کرے یا کسی ناحق کو بلاوجہ قتل کر دے۔ آخرت میں ہر فرد جائز و ناجائز کا جواب دہ ہوگا لہٰذا جائز کاموں میں ہی طلسمات بیضہ کو استعمال میں لائیں قبلہ و کعبہ علامہ سید ابوالحسن الموسوی صاحب آف اسلام آباد نے میری فرمائش پر طلسم بیضہ کے پراسرار عجیب و غریب مخفی عملیات کو قارئین زنجانی جنتری 2007ء کیلئے خاص طور سے تحریر کیا ہے۔ کسی بھی قسم کے عملیات کی تیاری میں 2007ء کے بہترین اوقات عملیات سے رہنمائی لیکر عمل تیار کریں تا کہ آپ کا عمل مجرب ثابت ہو۔ دیگر اگر جلدی عمل کرنا مطلوب ہو تو روزانہ ساعتوں کے نقشہ صفحہ نمبر 112 سے بھی کام لیکر صرف ساعت زہرہ میں عمل بجالائیں۔ (دعا گو: عامل شاہ زنجانی)

جہاں عملیات اور طلسمات کی وسعتوں کا ادراک ناممکن ہے۔ عملیات اور طلسمات کی دنیا بہت وسیع ہے اس لیے کہ ان کا تعلق براہ راست عالم روحانیات سے ہے اور عالم ارواح عالم ناسوت سے کئی گنا وسیع ہے اس کی وسعتیں لامحدود ہیں اور یہ الٰہی نظام ہے کہ تجلیات روحانیہ مختلف ادوار و اوقات میں مختلف افراد پر ہوتی ہیں اسے افراد روحانی استاد کے طور پر اپنے مرتبہ و مقام کے لحاظ سے معاشرہ میں خود بخود سامنے آ کر انسانیت کی خدمت کرتے ہیں اور عالم ملکوت سے ارتباط کی بدولت یہ طائر روحانی عالم اروح کی سیر کرتے ہیں معارف کے سمندروں کی غواصی کر کے در آبدار بصورت اعمال و طلسمات پیش کرتے ہیں ان کے آثار و اشار جو ہم تک پہنچے وہ دکھی سسکتی انسانیت کی خدمت کے لیے اس عجالہ منیفہ کے ذریعہ ہم انڈے سے متعلق طلسمات افادہ انسانیت کے لیے پیش کر رہے ہیں یہ وہ طلسمات ہیں جن کو ماہرین طلسمات و روحانی اساتذہ نے اپنی کتب اور بیاض خاص میں درج فرمایا مگر یہ خزانہ کنز المدفون سے مصداق انظار عامہ سے مخفی و مستور تھا ہم نے قدیم کتب کی عرق ریزی سے اس مدفون خزانہ کو نکالا ہے اور پھر خود تجربہ کی کسوٹی پر پرکھا اور اپنے عزیز دوستوں کو تجربہ کرنے کو دیا جب پوری طرح اطمینان قلب ہوا تو پھر اسے افادہ عامہ کیلئے بصورت گلدستہ پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں آپ نے اگر قواعد و اصول عملیات کے مطابق عمل کیا یقیناً کامیابی ہوگی بشرطیکہ خداوند عالم کو منظور ہو اس لیے قادر مطلق وہی ذات ہے ہماری تدبیر اس کی تقدیر کے سامنے ہیچ ہے عامل ہمیشہ خلوص دلی کے ساتھ عمل تیار کرتا ہے مگر یہ یاد رکھنا چاہیے کہ عامل تعویز نویس تو ہو سکتا ہے تقدیر نویس نہیں۔ تقدیر تبدیل کرنا ولی فی التکوین کا کام ہے۔ وہ ارادہ خداوندی کا نفاذ کرنے والا ہے اسی کی معرفت واجب ہے۔ لا حول و لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ٥

(1) طلسم حاضری محبوب: حاضری محبوب و تسخیر مطلوب کیلئے یہ عزیمت سیاہ مرغی کے انڈے پر لکھ کر آگ کے قریب دفن کرے تا کہ اس کو حرارت پہنچے اگر مطلوب کا برج آتشی ہو تو سرگرداں حاضر ہوگا۔

حرق قلب فلاں بن فلاں علی محبۃ و عشق و ھوس و وسوسہ و اطاعت (فلاں بن فلاں طالب کا نام) ملسع سطوس اھوس ملوس ملوس سعملوش ملیھوش لسلسلیو منطوطا وسورس غاھا ملوس احضروا فلاں بن فلاں (مطلوب کا نام بمعہ والدہ) محبت و عشق فلاں بن فلاں۔ طالب کا نام



☆ سرگودھا بک ڈپو۔ نیو اردو بازار۔ سرگودھا ☆ ریلوے بک سٹال۔ سرگودھا ☆ بھٹی بک ڈپو سردار پور نون۔ بھلوال

Scanned with CamScanner

(2) **طلسم تسخیر مطلوب**: تسخیر مطلوب کے لیے ساعت سعیدہ میں اور جب قمر برج آتشی میں ہو اس طلسم کو لکھ کر سیاہ مرغی کے انڈے میں ڈال دیں اور ساتھ اکتالیس 41 مرچ سیاہ کے دانے ڈال کر انڈے کا سوراخ مٹی سے بند کر کے مٹی کی چھوٹی سی ڈولچی میں بند کر کے آگ میں دفن کریں اس طرح کہ اوپر سے آگ گرم کرے مطلوب خود طالب بن جائے گا تجربہ شرط ہے

عزمت علیکم یا معشر الجن و الشیاطین ویا اصحاب السحر والوسواس الخناس من الجنة والناس من جنود ابلیس بحق هذا الروساء الجن والشیاطین یا خنا طف و یاو زوبعه ویاد نهش الدنا هش ویا مستقر نطقش عجلوا بحق ربعه وذوبعة ویادنعش الدنا هش ویا مستقر نطفش عجلوا بحق ابومرة ابلیس وبحق وزهره سیدوك ابن رسداسول وبحق ربعه وذوبعه وبحق هذه الكلام طش طش افذا افذ بغ بغ عجلوا یا روساء الجن الشیاطین هیجو هیجان الشدید الهج قلب ولسان وعیون وشهوة (فلان مطلوب بن فلان) علی محبت وعشق (فلان بن فلان) بطرفة العین فی الدموع والقلب باالحركة واللیل باالا حتراق والجدبالضربان (فلان مطلوب بن فلان) لا نوم ولا قرار لها باللیل والنهار بحق شهوطش وشغو نقاش وبلقافودوالشعبان ومطردومه گوش العجل لا میعة فانعه اسرع بطرفة العین من برق لامع وبحق بمهطواش افیه اه اه اه اندانه اه اه اه بحق خاتم سلیمان بن داؤد علیه السلام اهیه بطرش الضیاه هر هبیه العجل العجل الساعة الساعة۔

(3) **طلسم مرد بستہ کی بندش دور کرنا**: اگر کسی مرد کو دشمن نے باندھ دیا ہو تو یہ طلسم سیاہ مرغی کے انڈے پر طلوع آفتاب کے وقت روز جمعہ لکھ کر آگ کے پاس دفن کرے انشاءاللہ بندش ختم ہو جائے گی۔

هو　کس　کا　عزبی　اٰاٰ　سلم　٥٤

(4) **طلسم کشادگی مرد کے لیے**: اگر مرد کی شہوت باندھ دی گئی ہو اور وہ اپنی بیوی پر قادر نہ ہوتا یا اولاد باندھ دی گئی ہو تو سیاہ مرغی کا انڈہ ابال کر اس کا چھلکا اتار دیں پھر زعفران و عرق گلاب سے ابلے ہوئے انڈے پر یہ آیت مبارکہ لکھے اور بستہ شخص کو کھلا دیں۔ ۴۱ دن متواتر ہر روز صبح بلا ناغہ یہ عمل کرنے بندش دفع ہو جائے گی۔



بسم الله الرحمن الرحیم ولوان قرانا سیرت به الجبال او قطعت به الارض اوكلم به الموتی بل الله الامر جمیعا٥

نوٹ: نامرد کیلئے یہ مجرب و موثر ہے اگر وہ ہر روز تین مرتبہ سورۃ ابراہیم پڑھے اور پانی پر دم کر کے پی لے تو انشاءاللہ تمام مردانہ نقائص دفع ہو جائیں گے اور صاحب اولاد ہوگا۔

(5) **طلسم باندھے ہوئے مرد کے کھولنے کیلئے**: سیاہ مرغی کے انڈے پر لکھ کر آل میں دفن کریں بندش ختم ہو جائے گی۔

۱۱۱ ، ۹ ۳ ۹ ۱۲ ۱۰ ۱ ۱۰ ۱ ۹ ۹ ۹ ۱ ۹ ۴

(6) **طلسم حاضری مطلوب**: مطلوب کو حاضر کرنے کیلئے یہ عزیمت واشکال سیاہ مرغی کے انڈے پر اتوار کے دن صبح طلوع آفتاب کے وقت لکھے اور آگ کے پاس دفن کرے یہ عمل تین دن بلا ناغہ کرے تین دن کے بعد مطلوب حاضر ہوگا۔

فلان بن فلان مطلوب کانام احضار در اینمکان و

لسکمسلر اداة اة طه ملح
مطوس اهوس ملوس بحق سلمان بن دائود علیه اسلام
احمد
كمن محید صاقو سطه مسه٥٩٩٩٥ه
ی ی ی دو ددد ۱۱۱۱۱ طمعهح و ولسله
اطله یاطلسعمهم بحق خاتم سلمان

یہ بمحبة لحبة فلان بن فلان طالب کا نام

(7) **طلسم محبت کیلئے**: اس طلسم کو تسخیر محبوب کیلئے سفید کاغذ پر یا سفید مرغی کے انڈے پر لکھے اور آگ کے اندر دفن کرے جسے حرارت بڑھے گی مطلوب کا دل طالب کی طرف خود بخود راغب ہوگا اور تجربہ یہ ہے کہ ضرور بے تاب ہو کر حاضر ہوتا ہے۔ عزیمت یہ ہے

عزمت علیکم یا بنات ابلیس و ثنا طیفورش بنت ابلیس بحق هذه العزیة 999 دودق ك ه ه ه حاضر گردد فلاں حق کلاں علی محبت فلاں بن فلاں

(8) **طلسم حاضری مطلوب**: اگر مطلوب کو بلانا مقصود ہو تو یہ طلسم سیاہ مرغی کے انڈے پر لکھ کر آتش میں دفن کرے۔

عـزمت علـيكـم كـو يـا مـن بـويـا من يا قور سئواسلس احير بامن يا فتح يا سمع بو يا منيح عيقج لوضى اس بـريـداحرقت و حركت ولينت و سخرت قلب ولسان وعيون وشهوة فلان بن فلان على محبت و عشق و هوس ووسو سه و قبـول قول فلان بن فلان طالب کا نام قودوش و صوب بسو نسووصو قلی طهه سه روق لهوا سابحكم عليسو كهف حج مكر يكا برددشت د عع عع بك ول سر سر كلحر هر حمك سطعم سلكم سد هندان حاد ملنا العجل.

(9) **طلسم حب شیخ سکاکی**: عامل کامل شیخ محمد سکا کی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اگر مطلوب سرکش ہو اور ملاقات کو آمادہ نہ ہوتا ہو یہ طلسم گلاب زعفران سے اور بارش کا پانی ملا کر سیاہ مرغی کے انڈے پر لکھ کر آگ کے قریب دفن کرے جسے ہی انڈہ گرم ہوگا مطلوب محبت والفت میں بے تاب و سرگردان ہوگا شیخ سکا کی اسے اپنے مجربات میں لکھا ہے خود راقم السطور نے بھی تجربہ کیا ہے۔



ھ ھ ھ ٤١١١ھ ١١٨ ٤١١١١١ ١١١٨ ١١١٨ لا ١١١٨ ٤ط لا ١١١١١

فلان بن فلان محبت فلان بن فلان العجل الساعة

(10) **طلسم حب کیلئے**: اس طلسم کو نیک ساعت میں سیاہ مرغی کے انڈے پر لکھ کر آگ میں گرم کرے محبت کے لیے بہت موثر ہے۔

فلاں بن فلاں بمحبت و مُسخر فلاں بن فلاں

١١١ ١١١١ ٤٤ لا ٣ ١١ ٩ ٣   ١١ ١١ ع ٩١ ... ١١١ ٥٥٥

(11) **طلسم برائے محبت و دوستی**: اگر کسی کو دوست بنانا ہو اور اپنی محبت اس کے دل میں ڈالنا ہو تو سیاہ مرغی کے انڈے پر شب جمعہ یا روز جمعہ ساعت زہرہ میں یا منگل کے دن لکھے اور آگ کے قریب دفن کرے حب خاص کیلئے مجرب ہے حرام کے لیے ہرگز نہ کرے۔

الہ لہ ٤٤٤٤٤٤ ١١ح ج ١٩٩ ٤٤ ٤م ام ٧١ ٤٤ لالا الہ وع ع دو ٤ اان لا ١١١ ل

(12) **طلسم برائے اولاد**: اگر کسی کی اولاد نہ ہوتی ہو تو یہ طلسم تانبے کی چھری پر شرف قمر کی ساعت کندہ کرے پھر سیاہ مرغی کے انڈے کو ابال کر چھلکا اتاریں اور اس انڈے کے دو حصے کرے آدھا بیوی اور آدھا شوہر کھائے اولاد ہوگی۔ یہ عمل 41 دن تک کیا جائے طلسم یہ ہے۔

الا حرف ما لا مالا لا لا لا

(13) **طلسم مطلوب حاضر**: سیاہ مرغی کا تازہ انڈہ لے کر اس کو دھوئیں پھر اس پر مندرجہ طلسم لکھنے کے بعد معہ سائلہ اور عقل ازاق کی دھونی لے کر آگ میں دفن کریں۔ جیسے ہی انڈہ گرم ہوگا مطلوب دروازے پر حاضر ہوگا۔



Scanned with CamScanner

آپ کی زندگی پر رنگوں کے اثرات

کلر تھراپی

کے فوائد و مجرب علاج

کلر تھراپی کی تاریخ اور خصوصیات

حکیم بوعلی سینا نے 900 سال قبل اپنی شہرہ آفاق کتاب القانون میں رنگ و روشنی کی افادیت پر اظہار خیال کیا ہے حضرت عیسیٰ کی پیدائش سے پانچ سو سال قبل فیثا غورث کے زمانے میں لوگ اپنا علاج رنگوں سے کیا کرتے تھے

کتاب منگوانے کا پتہ: الامین کیمیکل II فلور ریکس سینما سٹی ستیانہ روڈ۔ فیصل آباد

میں نے 1995ء میں مختلف علوم پر تجربات شروع کئے جو ابھی جاری ہیں ضرورت یہی ہے کہ میں اپنے تجربات و مشاہدات صاحب علم لوگوں تک پہنچاؤں اس سلسلے کی پہلی کڑی میرا یہ مضمون ہے میں نے فضولیات سے اجتناب کرتے ہوئے خالص علمی مواد آپ تک پہنچانے کی کوشش کی ہے یہ آپ پر منحصر ہے کہ میں کہاں تک کامیاب ہوا ہوں میں اپنا یہ مضمون اپنے ان دیکھے دوست و روحانی استاد جناب بابر سلطان قادری صاحب کے نام کرتا ہوں جنہوں نے (تحقیقات انسانی بلڈ گروپ) بلڈ گروپ غذا و نظریہ مفرد اعضاء پر تحقیق کر کے حاملان نظریہ کے سر فخر سے بلند کر دیئے ہیں۔ (حکیم حبیب اللہ آف قبولہ شریف۔ پاکپتن)

مصری' یونانی اور رومن اپنے مکانوں میں ایسا صحن بنواتے تھے جس پر ہر موسم میں دھوپ آتی رہے۔ بے شمار بیمار اور معذور افراد گرجا گھروں میں جانے سے صحت یاب ہو جاتے تھے اس کی وجہ یہ تھی کہ ان عبادت گاہوں کی کھڑکیوں میں سرخ' ارغوانی' سبز اور زرد رنگ کے شیشے لگے ہوئے تھے۔ سورج کی روشنی جب ان شیشوں میں سے گزر کر مریضوں پر پڑتی تھی تو وہ تندرست ہو جاتے تھے ہم اس بات کو نظر انداز نہیں کر سکتے کہ ہماری غذا میں براہ راست سورج کی روشنی کا عمل دخل ہے۔ ہماری غذائیں اور ہر چیز رنگین ہے۔ روشنی کے استعمال سے عدم واقفیت کی بنا پر اکثر لوگ بے شمار جسمانی اور نفسیاتی امراض کا شکار ہو جاتے ہیں۔

بیماریاں دو قسم کی ہوتی ہیں۔ اول: غیر صحت مند ماحول اور ناموافق آب و ہوا سے پیدا ہونے والے امراض مثلاً کینسر، ایڈز، بے خوابی، بلڈ پریشر اور ہر روز سائنسی ترقی کے ساتھ ساتھ نئی نئی مشکلات و مصائب اور ان کے نتیجہ میں پیچیدہ اور لاعلاج بیماریاں شامل ہیں۔ دوم: وہ بیماریاں جو شک' بے یقینی اور وسوسوں سے پیدا ہوتی ہیں یعنی جذباتی رویہ' پراگندہ ذہنی دماغی کشمکش' مادیت پرستی' عدم تحفظ کا احساس' انتشار وغیرہ۔ رنگوں میں ایسی شفا بخش خصوصیات موجود ہے جو دونوں طرح کے مریضوں کو صحت فراہم کرتی ہے۔ سب سے بڑی بات یہ ہے علاج بالکل مفت اور آسان ہے ہر گھر میں جو پانی استعمال ہوتا ہے علاج اس پانی سے ہوتا ہے فرق صرف اتنا ہے کہ چند مخصوص قسم کے رنگ پانی میں سرائیت کر جاتے ہیں جب یہ پانی استعمال ہوتا ہے تو معدہ اس کو چیک نہیں کرتا بلکہ براہ راست یہ پانی خون اور اعصاب میں شامل ہو جاتا ہے جس وقت یہ خون کے اندر گردش کرتا ہے رگوں' نسوں اور گوشت پوست کے اندر اس کا رنگ اور اس کی خاصیت تحلیل ہو جاتی ہے جو پانی باقی بچتا ہے وہ اعصاب، رگوں، دل، دماغ اور خون کے ذرات سب کو دھو ڈالتا ہے اور جتنے زہریلے مادے ہوتے ہیں اُنہیں اپنے ساتھ لے جاتا

☆ملک سپورٹس۔ مین بازار لالہ موسیٰ ☆ملت بک سٹال۔ مین بازار لالہ موسیٰ ☆سہالوی بک ڈپو۔ کالج روڈ۔ لالہ موسیٰ

Scanned with CamScanner

ہے اور پسینہ بول براز کے ذریعے خارج ہو جاتا ہے۔

رنگوں سے علاج کرنے کا طریقہ کار

اس علاج میں وقت کم لگتا ہے اور خرچ بھی کچھ نہیں ہوتا مطلوبہ رنگ کی بوتل بازار سے خرید کر اچھی طرح صاف کرلیں رات کے رکھے ہوئے پانی سے بوتل میں ۳/۴ حصہ پانی ڈال کر لکڑی کے تخت کے اوپر شمالاً جنوباً قطار میں رکھیں آپس میں فاصلہ بوتل کے قد کے برابر یا دوگنا ہونا چاہیے رات کو اگر بوتلیں باہر پڑی ہیں تو کوئی مضائقہ نہیں ایک ہی پانی مسلسل تین دفعہ دھوپ میں رکھا جاسکتا ہے اگر پانی کا ذائقہ بدلنا منظور ہو تو مزاج کے مطابق عرق یاست وغیرہ ملالیں مثلاً ست پودینہ ست اجوائن پیلے رنگ کی بوتل میں ست لیموں جامنی بوتل میں ست اتنا ملائیں جس سے معمولی سا ذائقہ بدلے بازار سے عام ملتی ہیں۔ موضوع کے اعتبار سے میں نے اپنے مضمون کو مندرجہ ذیل حصوں میں تقسیم کیا ہے۔

علاج کا نظریہ اور رنگوں کے خواص

رنگوں کے ذریعے علاج کا نظریہ یہ ہے کہ جسم میں مختلف رنگ ایک مخصوص تناسب سے موجود ہیں جب تک یہ تناسب قائم ہے جسم تندرست رہتا ہے اور جہاں یہ تناسب بگڑا تندرستی رخصت ہوگئی رنگوں کے ذریعے علاج کرنے والے پہلے تو اس بات کا پتہ چلاتے ہیں کہ جسم میں کس رنگ کی کمی ہے پھر اس رنگ کو بڑھانے کی تدابیر کی جاتی ہیں اس کے مختلف طریقے ہیں کہیں مخصوص رنگ کے پھل یا اناج کھانا کپڑے پہننا یا جواہرات اور مخصوص رنگ میں تیار کیے ہوئے پانی سے علاج کیا جاتا ہے۔ مثلاً

(1) رنگ اور جسمانی نفسیاتی اور اخلاقی علاج وعادات	(2) رنگ اور کائنات	(3) رنگ اور قدیم رسم ورواج
(4) رنگ اور انسانی اورا	(5) رنگ اور انسانی جسم کی تقسیم	(6) رنگ اور انسانی ارتقائی منازل
(7) رنگ اور وٹامن	(8) رنگ اور مذاہب	(9) رنگ اور نظریہ مفرد اعضاء بلڈ گروپ
(10) رنگ اور علم الرمل	(11) رنگ اور علم نجوم	(12) رنگ اور علم الاعداد ہیلنگ
(13) رنگ اور تشخیص امراض	(14) رنگ اور مراقبہ	(15) رنگ اور خواب
(16) رنگ اور سورج	(17) رنگ اور چاند	(18) رنگ اور ہینگ انرجی
(19) رنگ اور حروف	(20) رنگ اور حروف	(21) رنگ اور الیکٹرو ہومیوپیتھی
(22) رنگ اور ہیپاٹائٹس	(23) انسانی جسم میں رنگوں کے مرکز	(24) رنگ اور جواہرات

مدت قابل استعمال سبز، زرد، سفید، سرخ، جامنی صرف دو دن۔ نیلے رنگ کی بوتل کا پانی سات دن تک استعمال کرسکتے ہیں۔

مقدار خوراک بالغ ۵۰۔۵۰ گرام ۳ ٹائم تقریباً ایک ایک گھونٹ بچہ ۱/۲ تا ۲ گرام۔ اگر مطلوبہ رنگ کی بوتل نہ مل سکے تو سفید بوتل پر مطلوبہ رنگ کا ٹرانسپیرنٹ پیپر لپیٹ دیں بوتل کو چار تا چھ گھنٹہ دھوپ میں رکھیں بہترین وقت صبح دس سے شام چار بجے تک ہے اس طرح شوگر آف ملک کی دو دو گرین کی ٹکیاں جو کہ سردیوں میں ایک ماہ گرمیوں میں پندرہ دن دھوپ میں رکھیں۔ ہر دوسرے روز بوتل کو ہلا دیا کریں پروجیکٹر یا بیم مختلف رنگین شیشے لگا کر شعاعوں سے بھی علاج کیا جاسکتا ہے۔ رنگین شیشے لگا کر شعاعوں سے بھی علاج کیا جاسکتا ہے۔ شیشے کے رنگین جار ڈسٹل واٹر کے ایمپول دو سو گھنٹوں میں تیار ہو جاتے ہیں آنکھوں کی بیماریوں میں ہلکے آسمانی رنگ کے شیشے کی عینک لگانے سے بہتر نتائج سامنے آئے ہیں۔ نوٹ: رنگین بیم ٹائپ بلب، ۶۰ اور ۱۰۰ واٹ کے ہر شہر سے عموماً مل جاتے ہیں اور رنگین بوتلیں

سرخ رنگ کے خواص: اس رنگ کی کمی سے کمی خون لو بلڈ پریشر سستی جسمانی کمزوری بقول فالج کمر درد یا عرق النساء بائیں طرف چوٹ کا درد خواہ کتنا ہی پرانا ہو بنیادی وجہ انجماد خون ہے اس کے لئے سرخ روشنی مفید ہے یہ خون کو گرم کر کے چلا دیتی ہے۔ سرخ پیپر درد والی جگہ پر رکھیں ۶۰ یا ۱۰۰ واٹ کا بلب تین فٹ دور رکھ کر کمرہ بند کر کے آدھ گھنٹہ بیم ٹائپ شعاع ڈالیں انشاء اللہ مریض کو آرام آنا شروع ہو جائے گا یہ رنگ خون میں تحریک پیدا کرتا ہے خون کی کمی میں اگر ریڑھ کی ہڈی پر سرخ شعاع ڈالی جائے تو سرخ خلیوں R-B-C کی تعداد میں اضافہ ہو جاتا ہے بستر میں پیشاب کرنا فوطوں پر چوٹ لگنا سوج جانا یا پانی بھر جانا۔ مزاج اس کا خشک گرم ہے ہر اعصابی علامات کا علاج لال رنگ ہے دبلے پتلے جسم والوں میں سرخ رنگ کی زیادتی اور فربہ آدمیوں میں پیلے رنگ کی زیادتی ہوتی ہے۔

عادات نفسیات و ذہنی بیماریوں کا علاج

اس رنگ میں گہری محبت دلچسپی امت کے جذبات کارفرما ہیں غالب

اعوان برادرز نیوز ایجنسی۔ چوک اعظم ☆ محمدیہ کتب خانہ۔ عیدگاہ روڈ۔ لیہ عمران سٹیشنری اینڈ سپورٹس۔ لالہ موسیٰ
Scanned with CamScanner

سرخ رنگ والے لوگ تن سازی کے شوقین ہوتے ہیں یہ بات دلچسپ ہے کہ باکسروں کے اندر زنگ آلود سرخ رنگ غالب ہوتا ہے جو لوگ ورزش نہیں کرتے ان کا سرخ رنگ کا مرکز غیر محرک رہتا ہے اس رنگ کی زیادتی سے طبیعت میں انتشار' جھنجلاہٹ' بیزاری اور لوگوں پر ظلم کرنے کا رجحان بڑھ جاتا ہے۔ اعتدال میں ہونے سے یہ لوگ دوسروں کی مدد کرتے ہیں اور پسندیدہ مشاغل میں اپنی تمام صلاحیتوں کو استعمال کرتے ہیں۔

احساس کمتری کا علاج: اپنے آپ کو دوسروں کے مقابلے میں حقیر سمجھنے والے انسان' افسر کے سامنے لرز جانے والے' لوگوں کے رعب میں آجانے والے بزدل اور بیوی کی صورت دیکھتے ہی گھبرا اُٹھنے والے خاوند یا ضعف باہ کے شاکی مریض کو اپنے اردگرد کی فضا سرخ بنا لینی چاہیے نیز نارنجی رنگ کے پانی کا اندرونی استعمال کرنا چاہیے۔ پہلی کلاس کے بچوں کی ذہنی نشوونما کے لئے کلاس روم کا رنگ سرخ ہونا بہترین ثابت ہوتا ہے یہ رنگ طاقت کے احساس' آگے بڑھنے اور جیتنے کی خواہش کو حیرت انگیز طور پر ابھارتا ہے سگریٹ اور مشروبات بنانے والے ادارے اپنی مصنوعات کے لئے کثرت سے یہ رنگ استعمال کرتے ہیں۔ سرخ رنگ میں زیادہ عرصہ مسلسل رہنے والے آپس میں لڑنا شروع کر دیتے ہیں۔

نارنجی رنگ: مزاج خشک گرم شدید یہ رنگ ہاضمہ میں معاون ہوتا ہے سردی کی وجہ سے پھیپھڑوں کی خرابی تپ دق وغیرہ ختم ہو جاتے ہیں نارنجی کلر بنانے کیلئے سرخ پیپر اوپر یعنی لائٹ کی طرف رکھیں اور زرد نیچے رکھیں۔

عادات و نفسیاتی علاج: عادات گلابی ماحول میں رہتے ہوئے اگر کوئی شخص غصہ میں آنا چاہے تو بھی نہیں آسکتا' جن لوگوں میں نارنجی رنگ کا غلبہ ہوتا ہے وہ تھکا دینے والے کاموں میں زیادہ دلچسپی لیتے ہیں ہر کام جلد از جلد کرنا چاہتے ہیں غالب نارنجی والے غالب سرخ رنگ والے لوگوں سے زیادہ چاق وچوبند ہوتے ہیں اور صبح جلدی بیدار ہونا پسند کرتے ہیں۔

پریشانی اور بے سکونی کا علاج: اپنے پلنگ کی چادریں' غلاف وغیرہ نارنجی رنگ کے استعمال کریں نیز کمرے کے وسط میں نارنجیوں کی چھوٹی ٹوکری رکھ دیں صبح اٹھتے ہی چند منٹ دیکھا کریں۔ دو ہفتے میں پریشانی بے چینی ختم ہو جائے گی نارنجی کلر کمرے میں رہنے سے گرمی کا احساس ہوتا ہے۔

قتل ہونے سے محفوظ: گلابی رنگ (جوگیا رنگ یا گیروے رنگ انڈین پنڈت اس رنگ کا بکثرت استعمال کرتے ہیں۔ ان کا مذہبی رنگ بھی یہی ہے۔ سہاگن اپنی مانگ میں سندھور کا رنگ لگاتی ہے۔ یہ بھی بہ آسانی سمجھ میں آجانے والی مثالیں ہیں) کے لباس میں ملبوس شخص یقینی طور پر دشمن کی بدنیتی اور شر سے محفوظ رہتا ہے یا جن عورتوں کے شوہر دن رات اپنی بیویوں سے لڑتے جھگڑتے رہتے ہیں اُن عورتوں کو چاہئے کہ گلابی رنگ کے لباس زیب تن کریں۔

زرد کلر یا پیلا رنگ: مزاج گرم خشک ماہر کلر تھراپی فرماتے ہیں کہ زرد رنگ کی کمی سے امراض معدہ مثلاً قبض قراقر معدہ' مروڑ' گیس' بواسیر 'بھوک کی کمی' معدہ میں تیزابیت' دست' جلن' بدہضمی' ہیضہ' پیاس' قے' پیشاب کی بندش ناف کا ٹلنا' پیٹ کے کیڑے' آنتوں کی بیماریاں' ہاضمے کی کمزوری' جسم پر سیاہ دھبے وغیرہ جیسی علامات پیدا ہو جاتی ہیں اور اس کی زیادتی سے بخار ہو جاتا ہے۔ ہر خشک سرد' خشک گرم علامات کا علاج زرد کلر ہے۔ اگر فوری علاج کرنا ہو تو دو بوتلیں دودھ ابال لیں ٹھنڈا کر کے چھوٹے فیڈر میں ڈال کر ڈھکن بند کر کے اوپر زرد پیپر چڑھا لیں اور بیس منٹ دھوپ میں رکھ کر ہلا کر پی لیں۔

نفسیاتی بیماریاں و عادات: زرد رنگ ان لوگوں کے لئے فائدہ ہے جو پڑھنے لکھنے میں دشواری محسوس کرتے ہیں اور بے عمل ہیں اکثر اشخاص کو جدت پسندی مقصد کے حصول اور مستقبل کی تعمیر پر اکساتا ہے سائنسدان سیاست دان تاجر حضرات زیادہ تر اس رنگ کے زیر اثر ہوتے ہیں یہ ذہن میں تحریک پیدا کرتا ہے اگر آپ بھی ذہنی الجھن کا شکار ہوں تو زرد رنگ کے کاغذ پر پندرہ یا بیس منٹ تک نگاہ رکھیں یا کمرہ بند کر کے ۶۰ یا ۱۰۰ واٹ کا زرد بلب روشن کر دیں طبیعت پر خوشگوار اثرات مرتب ہوں گے بچے چمک دار بنیادی رنگوں کو ترجیح دیتے ہیں جو جذبات کو فوری متاثر کرتی ہے۔ بالغ حضرات ہلکے اور لطیف رنگوں کو اولیت دیتے ہیں۔

سبز رنگ: مزاج گرم تر معتدل یا غدی اعصابی فوائد نزلہ' زکام' کھانسی' خون میں شدت' پھنسیاں' پھوڑے' گردوں کے امراض آنتوں میں زخم الرجی' رسولی' رعشہ' دانتوں میں درد' مسوڑوں میں سوجن' معدے کا پھوڑا' آپریشن کے زخم' بلند فشار خون عرق النساء دائیں طرف سوزاک' یورک ایسڈ کی زیادتی تمام عضلاتی غدی اور غدی عضلاتی امراض کا علاج ہے۔ اگر سبز رنگ کا پیپر نہ ملے تو زرد اور آسمانی پیپر اوپر نیچے کر کے سبز شیلڈ بنا سکتے ہیں امراض جلد میں انتہائی زود اثر ہے۔

نفسیاتی اثرات: غالب سبز رنگ والے لوگ محبت سے لبریز ہوتے ہیں لوگ ان سے والہانہ محبت کرتے ہیں زیادہ تر باغبان اور کاشتکار ہوتے ہیں بچوں اور جانوروں سے محبت کرتے ہیں۔ ذہین اور چاق وچوبند ہوتے ہیں اپنے کام سے کبھی مطمئن نہیں ہوتے۔ نئے نئے کام کرنے کا شوق ہوتا ہے اور دھن کے پکے ہوتے ہیں سبز زندگی کی زیادتی سے یہ لوگ جذباتی ہو جاتے ہیں اور اس رنگ کی کمی سے شقی القلب واقع ہو جاتے ہیں۔

☆ مسٹر بکس۔ کالج روڈ۔ لالہ موسیٰ ☆ زاہد سٹیشنری مارٹ۔ کالج روڈ۔ لالہ موسیٰ ☆ کاظم سپورٹس اینڈ لائبریری۔ مین بازار لالہ موسیٰ

Scanned with CamScanner

بھورا کلر یا بادامی رنگ

مزاج: گرم تر تمام خشک گرم۔ گرم خشک علامات کا علاج ہے
نفسیاتی و ذہنی خصوصیات: عموماً ایسے لوگ بھورے رنگ کے کپڑے پہنتے ہیں جو فیصلہ کرنے کے منصف پر فائز ہوتے ہیں بھورے رنگ کے کپڑوں کو استعمال کرنے والا شخص ایک اچھا نقاد ہو سکتا ہے جو لوگ قوت فیصلہ سے محروم ہوتے ہیں انہیں چاہیے کہ بھورا رنگ استعمال کریں اکثر بچوں کے یونیفارم کا رنگ گہرا بھورا ہوتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ وہ اپنے استاد سکول اور والدین پر تنقید کرتے پائے جاتے ہیں۔

سفید کلر

مزاج: تر گرم علامات: بدہضمی، نزلہ، زکام، کھانسی، پھنسی، پھوڑا، فساد، خون وغیرہ میں سفید پانی فائدہ مند ہے جناب خواجہ شمس الدین عظیمی کے فرمان کے مطابق سفید رنگ میں چونکہ سات رنگ ہوتے ہیں اسلئے ہر آنیوالی مرض میں اس کو استعمال کیا جا سکتا ہے جسم خود بخود کمی والے رنگ کو جذب کریگا۔

نفسیاتی بیماریاں بے ایمانی کا تدارک

اپنے اردگرد کی فضا سفید کر دیں چلمن، چادریں، فرش، دیواریں، دروازے، کھڑکیاں لباس غرضیکہ سب کچھ سفید براق ہو پھر دیکھئے کہ قلب میں کیسی بہار آتی ہے۔

فیروزی رنگ

سبز اور نیلے رنگ کی آمیزش سے فیروزی رنگ بنتا ہے یہ رنگ جلد کے ریشوں کو توانائی بخشتا ہے دھوپ سے جھلسی ہوئی جلی ہوئی جلد اور خارش کا بہترین علاج ہے مزاج تر گرم سکڑی ہوئی اور جھریوں بھری جلد میں تناؤ پیدا کرتا ہے جس کی وجہ سے شخصیت میں کشش پیدا ہوتی ہے۔
نفسیاتی علاج: اگر آپ کو لیکچر دینا ہو تو فیروزی رنگ کا لباس پہنیں اس سے اظہار خیال میں آسانی ہوگی یہ رنگ شرمیلے لوگوں کی جھجک دور کرتا ہے۔

آسمانی رنگ

مزاج تر گرم: اسے سرخ رنگ کی ضد سمجھا جاتا ہے تیز بخار کو کم کرنے اور دماغ کو سکون پہنچانے کے لئے بے حد مفید ہے ایک دفعہ میرے ابا جی کو بہت تیز بخار ہو گیا میں نے فوری طور پر آسمانی رنگ کا پانی ہر دس منٹ بعد ایک ایک گھونٹ پلایا اور سر پر تین فٹ کے فاصلے پر نیلے رنگ کا بیم ٹائپ بلب ۶۰ واٹ کا لگا دیا رات کو اتنی گہری نیند آئی کہ وہ خود حیران تھے اور بخار بھی اتر چکا تھا یہ رنگ ان علامات میں مفید ہے گرمی کا بخار ٹائیفائیڈ، ہسٹریا، یرقان، اختلاج، قلب، خارش، السر، بے خوابی، آنکھوں کی بیماریوں میں آسمانی رنگ کی عینک ہر روز دو گھنٹے استعمال کریں ساتھ آسمانی شعاع دو منٹ تک منہ پر ڈالیں پاگل پن، جنون، دیوانگی، خواب میں ڈرنا، معدے سے خون آنا، مالیخولیا نکسیر، شہوت کی زیادتی' پیشاب تکلیف سے آنا۔ ایام کی زیادتی یا تکلیف سے آنا' لیکوریا چھپاکی' الرجی کیڑے کوڑے بھڑ بچھو، شہد کی مکھی وغیرہ کا کاٹا نیز ہر گرم خشک و گرم و تر امراض کا علاج ہے۔
روحانی نفسیاتی خصوصیات: جن لوگوں پر آسمانی رنگ غالب ہوتا ہے وہ خدا ترس، مخلوق کی خدمت کرنے والے انبیاء اور اولیاء اللہ سے محبت کرنے والے ہوتے ہیں اخوت اور بھائی چارہ تلقین کرتے ہیں اور تفرقہ بازی سے دور رہتے ہیں۔

نیلا رنگ

مزاج: اعصابی عضلاتی یعنی تر سرد آسمانی رنگ میں ہلکی سی سرخی ہو تو وہ نیلا رنگ ہے ٹانسلز رسولی ناک میں ہو یا پیٹ یا جسم کے کسی حصہ پر نیلی شعاع ڈالیں اور نیلی بوتل میں تیار کیا ہوا پانی مریض کو پلایا جائے دماغی کام کرنے والے خود روزانہ دو گھنٹے نیلی یا سبز روشنی میں رکھیں دماغ تر و تازہ تفکرات سے نجات جو اکثر اداس رہتے ہوں وہ فائدہ اٹھائیں نوزائیدہ بچوں کے لئے اچھا برتاؤ کیونکہ دوران حمل ماں کے جسم مثالی میں نیلے رنگ کا غلبہ ہوتا ہے یہ رنگ صبح کے وقت فجر کی نماز کے بعد فضا میں غالب رہتا ہے بوڑھے اور کمزور بچوں کے لئے ہمیشہ گہرا نیلا رنگ بہتر ہوتا ہے گہرا نیلا رنگ بنانے کے لئے نیلے پیپر کو ڈبل کر کے استعمال کریں۔
ذہنی اور نفسیاتی خصوصیات: طبیب اور ڈاکٹر حضرات اس رنگ سے تعلق رکھتے ہیں ایسے لوگ خاموش پر سکون اور نرم مزاج ہوتے ہیں لوگ ان کے پاس بیٹھ کر خود کو پر سکون محسوس کرتے ہیں اگر آپ ایسے لوگوں کے ساتھ رہتے ہوں جن کے مزاج میں شدت اور حرارت پائی جاتی ہے تو آپ نیلے یا آسمانی رنگ کے کپڑے پہنیں تو ان لوگوں کے مزاج کی برہمی ختم ہو جائے گی۔ وہ لوگ جو گہرا نیلا رنگ پسند کرتے ہیں حصول تحفظ کی خواہش میں مبتلا ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ یہ رنگ بنکوں کے نشان اور سکیورٹی گارڈز کی وردی میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

جامنی بینگنی یا بنفشی رنگ

مزاج: عضلاتی اعصابی یعنی خشک سرد یہ رنگ تلی میں تحریک پیدا کر کے قوت مدافعت کو بڑھاتا ہے جسم پوٹاشیم اور سوڈیم کے توازن کو قائم رکھنے میں مدد دیتا ہے عورتوں اور مردوں کی تمام جنسی امراض کا علاج بنفشی رنگ سے کیا جاتا ہے مثلاً لیکوریا بانجھ پن جریان آنت اترنا اولاد کے جرثومے کم ہونا پیشاب بار بار آنا معدے کی کمزوری یہ رنگ گہری اور پر سکون نیند کیلئے بہترین نسخہ ہے

☆آزاد کشمیر سٹیشنرز۔ اڈہ ڈھکی۔ مظفر آباد ☆سعید بک سٹال۔ مردان ☆خواجہ بک ڈپو۔ مظفر آباد (آزاد کشمیر)

اس رنگ کا پیپر اگر بازار سے نہ ملے تو سرخ اور نیلے پیپر کو ملا کر بنایا جا سکتا ہے

نفسیاتی خصوصیات: جامنی رنگ فنکاروں اور مصوروں کا رنگ ہے جب تک ہمارے اندر کچھ نہ کچھ بنفشی رنگ موجود نہ ہو خوبصورتی کا احساس نہیں کر سکتے ایسے لوگوں میں روحانی قدریں زیادہ ہوتی ہیں اگر ان کی باطنی آنکھ کھل جائے تو وہ غیب کا نظارہ کرتے ہیں ان لوگوں میں تعمیر کا جذبہ اپنی ذات کے لئے کم اور نسل انسانی کیلئے زیادہ ہوتا ہے اپنی زندگی کے پانچ منٹ بھی ضائع نہیں کرتے۔

رنگ اور تشخیص امراض

اس طریقہ علاج بیماریوں میں تشخیص کرنا نہایت آسان ہے۔ مبتدی کو زیادہ غور نہیں کرنا پڑتا اور نہ ہی کسی مشکل کا سامنا کرنا پڑتا ہے یہ ہم کو بخوبی معلوم ہے کہ اس علاج میں مرض انسانی جسم میں کسی رنگ کی کمی بیشی سے پیدا ہوتے ہیں لہذا آسان طریقہ یہ ہے کہ مختلف رنگوں مثلاً آسمانی، پیلا، جامنی، نارنجی، سرخ، سفید، زرد، بادامی، سبز رنگ کے کاغذ یا کپڑوں کے ٹکڑے مریض کے روبرو رکھنے چاہیے اور مریض سے دریافت کرنا چاہیے کہ تم کو کس رنگ کا کاغذ یا کپڑا نہایت پسند ہے مثلاً اگر وہ سرخ رنگ پسند کرے تو سمجھ لینا چاہیے کہ اس میں اسی رنگ کی کمی ہے اس رنگ کا پانی وغیرہ تیار کر کے دینا چاہیے بچوں اور کم بینائی اور لاچار مریضوں کی تشخیص کے لئے آنکھوں' جلد' ناخن کا رنگ غور سے دیکھنا چاہیے اس کے ساتھ ساتھ مریض کی عادات مزاج عمل اور ردعمل کا علم ہونا بھی ضروری ہے مثلاً سرخ رنگ کی کمی واقع ہو جانے سے مریض بہت کاہل کمزور اور سویا سویا رہتا ہے اور قبض کی شکایت کرتا ہے آنکھوں کے ڈیلے اور ناخن نیلاہٹ مائل ہوں گے جلد کا رنگ بے رونق اور آنکھوں کے نیچے حصے ہوں گے نیلے رنگ کی کمی سے وہ اضطراری کیفیت سے دوچار رہتا ہے بات بات پر غصہ کرتا ہے اور ہر کام میں جلد بازی کا مظاہرہ کرتا ہے آنکھوں کے ڈیلوں ناخنوں اور جلد کا رنگ بھی سرخ ہو گا کبھی کبھی ناخنوں میں باریک یا موٹی عمودی لکیریں ہوتی ہیں جو بلغم کی زیادتی کی علامت ہوتی ہیں ناخن کالے ہونے کا مطلب ہوتا ہے کہ خون میں سوداویت بڑھ گئی ہے مطلب صاف ظاہر ہے کہ مریض میں پیلے رنگ کی کمی ہے۔

انسانی جسم میں رنگوں کے مراکز

شمالی امریکہ میں پائے جانے والے ریڈ انڈین قبیلہ ہولی کی کتاب ''دی ہولی'' بزرگوں کے مطابق انسانی جسم میں چند ایسے مراکز یا پوائنٹ پیدا ہوتے ہیں جن پر صحت کا دارومدار ہے پہلا مرکز سر کے اوپری حصہ میں واقع ہے جس کے ذریعے بچہ زندگی قبول کرتا ہے اس کا رنگ گہرا نیلا ہے اس کے پیچھے دوسرا مرکز دماغ ہے جس کے ذریعے اس نے سوچنا سیکھا اس کا رنگ بنفشی ہے تیسرا مرکز حلق ہے اس کی وساطت سے چکھنے اور بولنے کی حس پیدا ہوئی اس کا رنگ نیلا ہے چوتھا مرکز دل ہے جس کے ذریعے تھرتھراہٹ (وائبریشن) کا نظام قائم ہے اس کا رنگ سرخ ہے آخری مرکز ناف ہے اس مرکز سے جسمانی حرکات وسکنات کنٹرول ہوتی ہیں اور کھانا وغیرہ ہضم ہوتا ہے۔ اس کا رنگ زرد ہے اگر ہم صحت مند رہنا چاہتے ہیں تو ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم تمام مراکز کے رنگوں میں توازن پیدا کریں۔

رنگ اور قدیم رسم و رواج

قدیم رسوم میں بھی رنگوں کو خاص اہمیت دی گئی ہے مثالیں تو ہزاروں ہیں لیکن یہاں صرف چند ایک درج کی جاتی ہیں غور کیجئے چیچک کے مریض کو سرخ رنگ کے کپڑے اوڑھانا آشوب چشم کے مریض کی آنکھوں پر سبز پٹی کا استعمال مخصوص رنگ کے نگینے پہننا شادی کے موقع پر دولہا اور دلہن کا سرخ لباس' ماتمی مجلس کی سیاہ پوشی فراعنہ مصر کے دور سے اب تک لپ سٹک کا استعمال درویشاں اور پیران طریقت کے سبز لبادے سنیاسی مہاتماؤں کے گیروے کپڑے بعض اقوام کی سورج پرستی کرومیوپیتھی کے ہی قدیم مظاہرے ہیں۔

رنگ اور کائنات

صبح سے شام تک روشنی یکساں نہیں رہتی اس میں ہمہ وقت تبدیلی واقع ہوتی رہتی ہے علی الصبح فضا گہری عنابی رنگ میں نہائی ہوئی ملتی ہے آہستہ آہستہ اسکا رنگ ہلکا ہونا شروع ہو جاتا ہے حتیٰ کہ سورج نکلنے سے پہلے ہلکا نیلا ہو جاتا ہے پھر ساری دنیا سبز رنگ میں ڈوب جاتی ہے لیکن ہم اس رنگ کو سورج کی چکا چوند کی وجہ سے محسوس نہیں کر پاتے شام کے قریب روشنی زرد ہو جاتی ہے شام کو یہی روشنی نارنجی رنگ کی ہو جاتی ہے اور جب سورج غروب ہوتا ہے تو بہت ہی خوبصورت وسرخ رنگ پوری فضا پر چھا جاتا ہے اب ہم یہ بخوبی سمجھ سکتے ہیں زندگی رنگوں سے شروع ہوتی ہے اور رنگ ہی زندگی برقرار رکھتے ہیں۔

رنگ اور انسانی ادوار

پراسرار علوم کے جاننے والوں نے ہمیشہ کہا ہے کہ وہ انسانوں کے گرد نورانی ہالہ دیکھ سکتے ہیں اور اس ہالہ کا رنگ بھی بتا سکتے ہیں مگر اب کولین فوٹو گرافی کے ذریعے جس میں اشیاء کو ہائی فریکوئنسی فیلڈ میں رکھا جاتا ہے یہ عجیب غریب رنگ کوئی بھی دیکھ سکتا ہے ایک عام آدمی کا بھی جب کولین طریقے سے فوٹو لیا جاتا ہے تو جسم مختلف اعضاء کے گرد مختلف رنگ کا ہالہ نظر آتا ہے سر کے ابھار کے پاس گہرا جامنی' پیشانی کے پاس جامنی' کھوپڑی کی جڑ کے پاس نیلا' دل کے اطراف میں سبز' پیٹ کے آس پاس زرد' کمر کے

☆حاجی نیوز ایجنسی۔ پتوکی ☆اتفاق نیوز ایجنسی۔ چونیاں ☆پاکستان بک سنٹر۔ نزد حبیب بنک۔ چونیاں

پاس نارنجی اور ریڑھ کی ہڈی کے ارد گرد سرخ۔ غور سے دیکھنے پر معلوم ہوتا ہے کہ یہ سات مراکز قوس قزاح کے ساتوں رنگ منتشر کرتے ہیں

رنگ اور وٹامن

ہر وٹامن کسی رنگ سے متعلق ہے وٹامن اے زرد رنگ، وٹامن بی سبز رنگ، وٹامن سی لیمن رنگ، وٹامن ڈی بنفشی رنگ، وٹامن K گہرے نیلے رنگ کا ہوتا ہے ایلو پیتھک ڈاکٹر جسم کی کمی کو دور کرنے کے لئے وٹامنز استعمال کرتے ہیں تو دراصل وہ اس مرض کے لئے حسب منشا رنگ مریض کو دیتے ہیں اس کے استعمال سے مریض جلد تندرست ہو جاتا ہے۔

مذاہب اور رنگ

دنیا کے مختلف مذاہب میں رنگوں کو خاص اہمیت دی جاتی ہے مثلاً آج بھی پنڈت چاہے وہ ہندو پنڈت ہو یا بدھوں کے مذہبی پیشوا زرد رنگ کی دھوتی جس کا ایک سرا انکے کاندھے پر پڑا ہوتا ہے گیندے کے پھول ہاتھوں میں لئے یا گلے میں ڈالے اشلوک پڑھتے نظر آئیں گے یا تیری یا۔ یاترا پائیں تو وہ بھی پیتل کی تھالی میں نذر و غیرہ چڑھاوے کے ساتھ دو چار گیندے کے پھول بھی ضرور رکھتے ہیں تھائی لینڈ میں جو ہاتھی مذہبی تقریبات میں لائے جاتے ہیں ان پر بھی زرد رنگ کا کپڑا پڑا ہوتا ہے اور ان کی سانڈوں پر بھی طرح طرح کے نشانات اس رنگ کے ہوتے ہیں بلکہ مہاوت خود بھی زرد رنگ میں ہی ملبوس ہوتا ہے ہندومت اور بدھ مت کی طرح چینیوں میں بھی زرد رنگ کو تقدس حاصل ہے اور قدیم مصر میں نیلے رنگ کو مقدس مانا گیا ہے۔

آسمانی مذاہب میں رنگوں کی اہمیت

رنگوں کے معاملے میں آسمانی مذاہب یعنی اللہ کی وحدانیت پر ایمان لانے والی اقوام بھی شامل ہیں جیسا کہ یہودی اور عیسائی خاص کر یہودی نیلے رنگ کو اپنے لئے مقدس سمجھتے ہیں۔ عیسائی سبز رنگ کو بھی اہمیت دیتے ہیں جب کہ مسلمان بھی سبز رنگ کو اپنے لئے اہم قرار دیتے ہیں آپ کبھی اسرائیل کے پرچم کو غور سے دیکھیں تو سفید کپڑے پر اوپر نیچے دو نیلی پٹیاں اور درمیان میں یہودیوں کا مخصوص چھ کونی ستارہ ہے جسے وہ حضرت داؤد علیہ اسلام سے نسبت دیتے ہیں عیسائیت میں سبز رنگ کو جو فوقیت حاصل ہے اس کی وجہ غالباً وہ پیالہ ہے جو حضرت عیسٰی علیہ اسلام نے اپنے آخری طعام میں استعمال کیا وہ پیالہ زمرد کا بنا ہوا تھا جو سبز رنگ کا ہوتا ہے اب رہے مسلمان تو ہمارے یہاں بھی سبز رنگ کو ہی تقدس حاصل ہے گنبد خضراء کی سبزی چہار دانگ عالم بنی نوع انسان کو امن و سکون اور ان کے سلگتے اذہان کو ٹھنڈک پہنچاتی ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے وہ لوگ سبز چاندنیوں اور خوبصورت بچھونوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔ (سورہ رحمٰن 76) اس طرح سورہ انعام آیت 99 میں سبزہ کا ذکر ہے اور سورہ کہف آیت نمبر 31۔ ایسے لوگوں کے لئے ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں ان کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی ان کو وہاں سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور سبز رنگ کے کپڑے باریک اور دبیز ریشم کے پہنیں گے اور وہاں مسہریوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔ رنگ رب العالمین کی جانب سے انعام یافتہ لوگوں کے لئے ہے اور انعام میں وہی چیز عطا ہوتی ہے جو پسندیدہ ہو دنیا میں بھی سبز رنگ زندگی اور خوشحالی کی علامت ہے اور ترقی کی جانب گامزن ہونے کا ثبوت بھی معمولی سی مثال ہے کہ جب ٹریفک سگنل سبز ہوتا ہے تو گاڑیاں اپنی اپنی منزل کی طرف رواں دواں ہوتی ہیں یعنی سبز رنگ کی خصوصیات تناؤ اور قنوط کی کیفیت کو ختم کر کے طبع انسانی کے لئے راحت اور اطمینان و سکون دیتا ہے۔

رنگ اور انسانی زندگی کا ارتقاء

یہ امر مسلمہ ہے کہ عمر کے ساتھ ساتھ انسان کا مزاج تبدیل ہوتا رہتا ہے مثلاً بچپن میں بچے کا مزاج اعصابی ہوتا ہے اور اس پر نیلے رنگ کا غلبہ ہوتا ہے۔ جوان مردوں کا مزاج گرم خشک سے خشک گرم تر ہوتا ہے اور ان پر نارنجی اور پیلے رنگ کی حکومت ہوتی ہے اس طرح عورتوں کا بھی مزاج بدلتا رہتا ہے وضاحت نقشے سے:

عمر	جنس	مزاج	بمطابق قانون مفرد اعضا	مطلوبہ رنگ کا غلبہ
بچپن	لڑکا/لڑکی	تر گرم تر سرد	اعصابی غدی اعصابی عضلاتی	سفید آسمانی نیلا
جوانی	مرد	خشک گرم گرم خشک	عضلاتی غدی عضلاتی	لال پیلا بادامی سبز
جوانی	عورت	گرم خشک گرم تر	غدی عضلاتی غدی اعصابی	پیلا بادامی سبز
بڑھاپا	مشترک	خشک سرد	عضلاتی اعصابی	بنفشی جامنی بینگنی

ان فطرتی مزاجوں کے علاوہ جو بھی مزاج قائم ہوگا یا مزاج تبدیل ہوگا وہ بیماری میں شامل ہوگا۔

رنگ اور قانون مفرد اعضاء و بلڈ گروپ و علاج

رنگ	قانون مفرد اعضاء	مزاج	بلڈ گروپ	زرد رنگ	اجزائے ترکیبی
نیلا	اعصابی عضلاتی	تر سرد	A	سرخ	بنیادی رنگ
سیاہ جامنی بنفشی	عضلاتی اعصابی	خشک سرد	AB	زرد	سرخ ۶۰، نیلا ۴۰%
سرخ یا نارنجی	عضلاتی غدی	خشک گرم	B	نیلا	بنیادی رنگ
پیلا	غدی عضلاتی	گرم خشک	B	نیلا	بنیادی رنگ
بادامی سبز	غدی اعصابی	گرم تر	O	سرخ	پیلا ۶۷، نیلا ۳۳%
سفید	اعصابی غدی	تر گرم	A	سیاہ	سات رنگ

(۱) A بلڈ گروپ علامات غدی
علاج سفید۔ نیلا۔ جامنی رنگ
(۲) AB بلڈ گروپ علامات اعصابی
علاج جامنی' لال' نارنجی' پیلا رنگ
(۳) B بلڈ گروپ علامات عضلاتی اعصابی
علاج لال۔ نارنجی۔ پیلا رنگ
(۴) O بلڈ گروپ علامات عضلاتی غدی۔ غدی عضلاتی
علاج ہلکا پیلا۔ سبز۔ سفید۔ آسمانی

بلڈ گروپ	علامات	علاج رنگ روشنی سے
A	غدی	سفید۔ نیلا۔ جامنی
AB	اعصابی	جامنی۔ لال۔ نارنجی۔ پیلا
B	عضلاتی اعصابی	لال۔ نارنجی۔ پیلا۔ سبز
O	عضلاتی غدی = غدی عضلاتی	ہلکا پیلا۔ سبز۔ سفید۔ آسمانی

رنگ' نجوم اور علاج

نظام شمسی میں بھی قوس قزح کے ان رنگوں کی حکومت ہے جب اسکوپ و اسکوپ کے ذریعے کسی برج کے اہم ستاروں کو دیکھا جاتا ہے تو اس ستارے کا ایک مخصوص رنگ نظر آتا ہے مثلاً برج اسد ستارہ شمس رنگ اورنج۔ طلائی۔
یہاں ایک نقشہ کے ذریعے رنگوں کو واضح کیا جاتا ہے

بروج	مالک ستارہ	مخصوص رنگ
اسد	شمس	اورنج طلائی
سرطان	قمر	سفید ہلکا سبز
جوزا سنبلہ	عطارد	فیروزی سیاہی مائل
ثور میزان	زہرہ	نیلا سبز سرخی مائل
حمل عقرب	مریخ	سرخ
قوس حوت	مشتری	سبز
دلو جدی	زحل	سیاہ جامنی

جناب کاش البرنی صاحب نے اپنے رسالے میں عنوان نجوم رنگ اور علاج میں تحریر کیا ہے کہ وقتی زائچہ بنائیں یا پیدائشی زائچہ زائچے کے آٹھویں گھر کو دیکھیں اُس گھر میں جو برج و ستارہ موجود ہو (نوٹ ایک سے زیادہ ستارے بھی موجود رہ سکتے ہیں) اُس برج و ستارہ کے رنگ کے مطابق مریض کا علاج کریں یعنی اس رنگ کے مریض میں کمی ہوگی۔

رنگ اور علم الرمل

رمل میں چھٹا خانہ بیماری کا خانہ ہے سائل کا زائچہ کشید کرنے کے بعد چھٹے خانے میں جو بھی شکل موجود ہو اُس کے مطابق علاج کریں نقشے کے مطابق بیماریوں کی تشخیص اور علاج کریں لیکن کبھی کبھی یہ فال نامہ غلط نتائج بھی دیتا ہے۔ مکمل طور پر اس پر انحصار نہ کریں۔

اشکال ان شکلوں سے موجود	نظریہ مفرد اعضاء	نظریہ یونانی	متعلقہ شکل کی مناسبت سے رنگ کی زیادتی
	اعصابی غدی۔ اعصابی عضلاتی	بلغم کی زیادتی	نیلا۔ سفید
	عضلاتی اعصابی	سودا کی زیادتی	سیاہ۔ بینگنی
	عضلاتی غدی	باد کی زیادتی	لال۔ نارنجی۔ گلابی
	غدی عضلاتی غدی اعصابی	صفراء کی زیادتی	پیلا۔ ہلکا پیلا

رنگ اور علم الاعداد

انڈیا سے شائع ہونے والے ایک ماہنامہ میں رنگوں کے بارے میں ایک مضمون چھپا تھا' مضمون کا کچھ حصہ اعداد کے حوالے سے تھا کہ مجھے کون سا رنگ فائدہ پہنچائے گا۔ کلیہ: اپنا نام بمعہ والدہ بطریق حروف ابجد نکال کر جمع کر کے ۹ پر تقسیم کریں جو اعداد باقی بچے نیچے دیئے ہوئے ٹیبل سے اُس کا رنگ معلوم کریں وہ رنگ یقیناً آپ کو فائدہ دے گا۔

اعداد	رنگ	اعداد	رنگ	اعداد	رنگ
۱	نیلا سفید خاکی	۴	زرد	۷	لال
۲	بھورا	۵	ارغوانی فاختی	۸	انگوری نارنجی پیلا
۳	اور ابنفشی بینگنی	۶	سبز	۹	آسمانی بادامی

مثلاً میرا نام بمعہ والدہ حبیب اللہ بن شرفاں کے کل اعداد 719÷9 باقی 8 بچا فائدہ مند رنگ پیلا میرا بلڈ گروپ +B ہے لہٰذا اس حوالے سے بھی مجھے یہ رنگ فائدہ دے گا چونکہ +B بلڈ گروپ کو علامات یا بیماریاں ہمیشہ عضلاتی اعصابی یا عضلاتی غدی ہوتی ہیں یعنی پیٹ کی بیماریاں قبض گیس تبخیرہ معدہ وغیرہ لہٰذا پیلا پانی میں جب بھی دن میں 3 بار ایک ایک گھونٹ پیتا ہوں پیٹ کی بیماریوں سے بے فکر ہو جاتا ہوں۔

رنگ اور سپر چوئل ہیلنگ انرجی

سپر چوئل ہیلنگ انرجی ایک یونیورسل طریقہ علاج اس کی مختلف شاخیں یا اس کے مختلف نام ہیں مثلاً ہیلنگ انرجی۔ ریکی۔ یوگا۔ مراقبہ۔ ٹیلی پیتھی۔ پیرانارمل فورس' ڈیول سائنز۔ لائف فورس۔ ماروائی قوت۔ پرانا یام

فرنٹیئر بک ایجنسی غازی ہزارہ (سرحد) ☆عارف بک سٹال۔ جناح مارکیٹ سمندری ☆مسلم بک سٹال۔ جڑانوالہ

Scanned with CamScanner

ذہنی قوت۔ کائناتی قوت۔ روحانی طاقت۔ وائٹل فورس۔ کنڈالنی شکتی ایتھریک قوت۔اورا۔ ہپناس وغیرہ۔اس کے کل نو درجات یا لیول ہیں ہر درجے کی ایک مخصوص خوبی ہے مثلاً چھوٹے سے علاج سانس سے علاج دور سے علاج روحانی اپریشن وزن شیدہ لہ دی گرمی وغیرہ کو کنٹرول کرنا اسی طرح لیول نمبر 3 میں ہمارے روحانی استاد جناب عبدالصمد صاحب نے ہمیں سکھلایا کہ پانی میں بالخصوص رنگ جو اس بیماری سے متعلق ہوتا ملا لیں کہ جس سے صرف پانی کا رنگ بدل جائے مثلاً معدے کے لئے پیلا' کمر کیلئے لال پھیپھڑوں کیلئے نارنجی' دماغ کیلئے نیلا' دل کے لئے سبز وغیرہ۔ پھر پانی کے برتن یا بوتل کو دونوں ہاتھوں میں پکڑ کر لیول نمبر 3 آن کریں کائنات سے شفا بخش لہریں آپ کے ہاتھوں سے ہوتی ہوئی پانی میں منتقل ہو جائیں گی اس پانی کو اب دھوپ میں رکھنے کی کوئی ضرورت نہیں مریض کو 3 دفعہ دن میں پلائیں فوری فائدہ ہوگا یہ طریقہ میرے معمولات میں شامل ہے۔

رنگ اور مراقبہ

انسانی جذبات ومحسوسات میں رنگوں کا کردار نہایت اہم ہے مثلاً بری خبر سن کر چہرے کا زرد ہو جانا' غصہ کی حالت میں آنکھیں اور چہرہ سرخی مائل ہو جانا' سرخ رنگ کے کمرے میں طبیعت پر بار محسوس ہونا۔ نیلگوں رنگ کے کمرے میں سکون محسوس ہونا۔ نظریہ رنگ ونور ہمیں بتاتا ہے کہ انسان کے جسم کے علاوہ حواس میں بھی رنگوں کی مخصوص مقداریں کام کرتی ہیں مراقبہ کی مسلسل مشق سے ہم اپنے جسم اور حواس میں مخصوص رنگوں کی کمی بیشی کر سکتے ہیں اس کے مختلف طریقے ہیں آسان طریقہ یہ ہے کہ ذہن کو خالی کر کے بیٹھ کر یا لیٹ کر متعلقہ رنگ کا تصور کیا جائے کہ مراقبہ کرنے والا روشنی کے دریا میں ڈوبا ہوا ہے یا تصور کیا جائے کہ گردوپیش کا پورا ماحول متعلقہ رنگ کی روشنی سے معمور ہے۔

(1) **نیلی روشنی** کے مراقبہ سے دماغی امراض' ڈپریشن' احساس محرومی' کمزور قوت ارادی سے نجات مل جاتی ہے۔

(2) **زرد روشنی کا مراقبہ:** نظام ہضم' آنتوں کی دق' قبض' بواسیر وغیرہ کا بہت موثر علاج ہے۔

(3) **نارنجی رنگ کا مراقبہ:** سینے کے امراض مثلاً دق' سل' پرانی کھانسی' دمہ وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

(4) **سبز روشنی کا مراقبہ:** ہائی بلڈ پریشر' جلدی امراض' خارش وغیرہ کا علاج ہے۔

(5) **سرخ روشنی کا مراقبہ:** لو بلڈ پریشر' انیمیا' دل کا ڈوبنا' بزدلی' دماغ میں مایوس کن خیالات آنا' موت کا خوف وغیرہ کے لئے سرخ روشنی کا مراقبہ کرایا جاتا ہے۔

(۶) **جامنی روشنی کا مراقبہ:** مردوں کے جنسی امراض اور خواتین کے رحم سے متعلق امراض کا علاج ہے۔

رنگ اور الیکٹرو ہومیوپیتھی وقانون مفرد اعضاء

جس طرح طب یونانی کی معراج قانون مفرد اعضاء ہے جب کہ طب ہومیوپیتھی کی معراج الیکٹرو ہومیوپیتھی کو حاصل ہے۔ الیکٹرو ہومیوپیتھی کے ''فارما کو پیا'' میں اور دواؤں کے علاوہ کلر الیکٹرک سٹی کو ایک خاص مقام حاصل ہے۔ سہولت کی خاطر ہم ان کے مزاج کو قانون مفرد اعضاء پر تقسیم کرتے ہیں۔

WE وائٹ الیکٹرک سٹی: مفید بجلی مزاج اعصابی غدی یہ دوا صفراوی اور سوداوی امراض کے لئے بہت مفید ہے اس کے استعمال سے رطوبت بلغم پیدا ہوتی ہے جو کہ بدن کی نشوونما کے لئے ضروری ہے اس سے گرمی اور خشکی کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

BE نیلی یا جامنی: اس کا مزاج سوداوی اور کیفیت خشک سرد ہے بدن میں تیزابیت پیدا کرتی ہے مگر اس کا اخراج بند ہوتا ہے۔ یہ دوا بلغمی اور صفراوی امراض میں مفید ثابت ہوتی ہے۔

RE: سرخ بجلی یہ شدید محرک قلب ہے مزاج عضلاتی غدی ہے دوران خون کو فوراً گرم کر دیتی ہے اسکو دیگر ادویات کے ساتھ ملا کر استعمال کرایا جا سکتا ہے

YE: پیلی بجلی مزاج غدی عضلاتی اس کے استعمال سے رطوبت صفراوی پیدا ہوتی ہے مگر اس کا اخراج نہیں ہوتا جس کی وجہ سے بدن میں حرارت وصفرا جمع ہونے سے تمام سوداوی وتزابیت کی علامات ختم ہو جاتی ہیں۔

GE سبز بجلی: مزاج گرم تر اس دوا کے استعمال سے صفرا پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ خارج بھی ہوتا ہے یہ رنگ زرد اور نیلا رنگ ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔

رنگ اور خواب: جس طرح بیداری کی دنیا میں کوئی بھی عمل رنگوں کا مظہر ہوتا ہے اسی طرح خواب کی دنیا میں بھی رنگوں کا مدار موجود ہے مثلاً ہم بیداری میں گلاب کا پھول دیکھتے ہیں اور اس کا رنگ ہماری نظروں کے سامنے ہوتا ہے اس طرح خواب میں گلاب کا پھول دیکھنے سے رنگوں کا مظاہرہ ہماری آنکھوں کے سامنے ہوتا ہے مفہوم یہ ہے کہ ہم رنگوں کی اہمیت کو خواب میں بھی نظر انداز نہیں کر سکتے۔

دماغی اعتبار سے کوئی آدمی ماؤف ہو جائے اور دماغ میں وہ سیلز جو اعصاب کو کنٹرول کرتے ہیں تھک جائیں تو آدمی خواب میں نیلا رنگ دیکھتا ہے یعنی اسے خواب میں ہر چیز نیلی نظر آتی ہے ہائی بلڈ پریشر کا مریض خواب میں زیادہ تر سرخ رنگ دیکھتا ہے اگر کوئی ہائی بلڈ پریشر کا مریض خواب میں سرخ کی بجائے سبز رنگ دیکھے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ قدرت اسے ہائی بلڈ

☆ وارث علی نیوز ایجنسی۔ شاہ کوٹ ☆ امتیاز نیوز ایجنسی۔ تاندلیانوالہ ☆ حیدر سنز۔ بھوانہ بازار۔ فیصل آباد

Scanned with CamScanner

پریشر کے مرض سے نجات دے رہی ہے غدی تحریک والے کو خواب میں آگ نظر آتی ہے عضلاتی تحریک والے کو خواب میں پہاڑ نظر آتے ہیں۔

رنگ اور سورج کی روشنی: انسان بنیادی طور پر مختلف رنگوں کا امتزاج ہے اور سورج کی روشنی میں یہ تمام رنگ موجود ہیں۔ سورج کی روشنی میں شامل رنگوں کا اثر عام صحت پر عجیب وغریب ہوتا ہے درد بخار اور ٹھنڈ لگنے کا احساس ختم ہو جاتا ہے ہیموگلوبن اور سرخ ذرات کی تعداد بڑھ جاتی ہے سورج کی روشنی جسم میں سرایت کر کے جراثیم کو مارتی ہے۔ اور درد کو آرام پہنچاتی ہے وٹامن ڈی بنانے میں مدد دیتی ہے جو خون میں کیلشیم کی مقدار کو متوازن رکھتی ہے اس طرح بچوں اور بڑوں میں ہڈیوں کی بیماریوں کی روک تھام کرتی ہے زخموں کے مواد کو خارج کرتی ہے سورج کی روشنی قلب اور اعضائے رئیسہ کو تقویت پہنچاتی ہے جسم کی حرارت میں اضافہ کرتی ہے پسینے کے ذریعے جسم کی کثافت خارج کرتی ہے اعصابی نظام کو بہترین بنا کر بھوک بڑھاتی ہے ذہنی صلاحیت اور اچھی نیند کی ضامن ہے تپ دق کا علاج بھی سورج کی شعاعوں سے ہوتا ہے پہلے روز مریض کے صرف دونوں پیر پانچ منٹ تک دھوپ میں رکھے جاتے ہیں یہ عمل دن میں دو تین بار دہرایا جاتا ہے دوسرے روز دس منٹ پھر ٹانگیں یہاں تک کہ پورا جسم دن بھر میں تین سے چھ گھنٹے تک دھوپ میں کھلا رکھا جاتا ہے سورج کی روشنی آنکھوں میں داخل ہو کر دیکھنے کا ذریعہ بنتی ہے غرضیکہ زندگی روشنی سے شروع ہوتی ہے روشنی ہی زندگی برقرار رکھتی ہے اور روشنی پر ہی ختم ہو جاتی ہے۔

رنگ اور چاند: انسان کی دنیا جنات کی دنیا فرشتوں کی دنیا غرضیکہ کائنات میں موجود ہر شے رنگوں کے اعتدال پر قائم ہے اسی طرح چاند کا بھی اپنا ایک مخصوص رنگ ہے۔ اگر ہم اُس کا رنگ دودھیا خیال کر لیں تو اُس کے فوائد بھی بے شمار ہیں جو مختصراً یہاں درج کئے دیتے ہیں۔ مثلاً جس درخت کی شاخیں یا لکڑی چاندنی رات میں کاٹی جائیگی اس میں شاخیں جلد بار آور ہوں گی چاندنی رات میں جو تخم بویا جائے گا اسکے درخت میں جلد پھل پھول آتے ہیں اور پھل شیریں ہوتے ہیں نباتات کی طرح حیوانی زندگی پر بھی چاند کی روشنی دور رس اثرات ڈالتی ہے سمندر کے کنارے پڑے ہوئے گھونگھے اور سیپیاں (صدف) چودھویں رات میں پوری طرح کھل جاتی ہیں۔ اور جوں جوں چاند ڈھلتا جاتا ہے بند ہوتی جاتی ہیں چاندنی راتوں میں پیدا ہونے والے حیوانات کے بچوں کے بال بہت جلد اور کثرت سے نکلتے ہیں جو جانور ان دنوں میں انڈے دیتے ہیں ان میں سفیدی بہ نسبت زردی کے زیادہ ہوتی ہے ماہتاب کی صاف اور تیز کرنوں میں گوشت کو رکھنے سے اس کا مزہ بدل جاتا ہے چاندنی رات میں جانور اپنے سوراخوں اور گھروں سے زیادہ نکلتے ہیں ان کے زہر کی تاثیر بھی اس زمانے میں قوی ہوتی ہے ان دنوں جانور دودھ زیادہ دیتے ہیں درد سر میں شیر مادہ گاؤ رات کو چاندنی میں رکھ کر صبح پینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے چاندنی راتوں میں خون میں جوش کی زیادتی ہے سرد اشیاء کا استعمال فائدہ دیتا ہے اور اندھیری راتوں خون کا جوش کم ہوتا ہے لہٰذا گرم اشیاء کا استعمال مفید رہتا ہے آشوب چشم خوف بصارت کیلئے سبز رنگ کے شیشے کی عینک لگا کر شب میں چاند پر نظر کرنا سودمند ہے گرم اور خشک امراض کے مریضوں کو چاندنی رات میں غسل کرنا فائدہ رساں ہے تپ دق وسیل ورم جگر کے مریضوں کو زمانہ موسم گرما دریا کے پانی میں چاندنی رات متواتر غسل کرنے سے صحت ہوتی ہے بشرطیکہ بخار نہ ہو چاندنی رات میں زیادہ دیر بیٹھنے سے بدن میں سستی کاہلی اور زکام پیدا ہوتا ہے یرقان کے مریض کو سبز پوشاک پہنا کر چاند کی چاندنی میں رکھنا فائدہ مند ہے چاند کی کرنیں آنکھوں دل دماغ کو ٹھنڈک پہنچاتی ہیں عورت کے مزاج پر چاند کی مکمل حکومت ہے اسکی خوبصورتی مزاج گفتار کی نرمی اسکے ایام خاص پیدائش کے دنوں کا شمار چاند کی بدولت ہے ان کیلئے یہ کیلنڈر کا کام دیتا ہے۔

رنگ اور برج ستارہ سے متعلقہ نگینہ

نام کا پہلا حروف	برج	ستارہ	موافق نگینہ	موافق رنگ
ل ا۔ع ی	حمل	مریخ	مرجان عقیق	سرخ
ب و	ثور	زہرہ	ہیرا۔موتی	بلور
ک ق	جوزا	عطارد	زمرد۔فیروزہ	زرد سرخی مائل زردہ
ح ھ	سرطان	قمر	مروارید حجر القمر	سفید۔ہلکا نیلا
م	اسد	شمس	یاقوت	اورنج
پ غ	سنبلہ	عطارد	لاجورد نیلم زرقون	گہرا زرد
رت۔طث	میزان	زہرہ	اوپل	ہلکا گلابی نیلا
ن ز۔ذ۔ظ	عقرب	مریخ	مونگا عقیق سرخ	گہرا سرخ
ف	قوس	مشتری	پکھراج	ہلکا ارغوانی
ج خ گ ض	جدی	زحل	نیلم لاجورد	بلیو جامنی
س ش ص ث	دلو	زحل	عقیق یمنی نیلم	کالا جامنی
د ڈ چ	حوت	مشتری	لاجورد پکھراج	سبز

مثال حبیب اللہ: حرف ح برج سرطان ستارہ قمر موافق نگینہ مروارید یا حجر القمر۔ موافق رنگ۔ سفید یا ہلکا نیلا۔

رنگ اور حروف و علاج

عربی حروف جن شکلوں میں آج ہمارے سامنے ہیں اور جو آوازیں پیدا ہوتی ہیں وہ خالق کائنات کی طرف سے متبرک تحفہ ہیں جو حضرت آدم علیہ السلام کے قلب پر القاء فرما دیا گیا تھا علاوہ اور خوبیوں کے طبی لحاظ سے یہ

☆ ظفر بک سٹال۔شیخوپورہ ☆ سادات بک ڈپو۔برج اٹاری۔شیخوپورہ ☆ کالج بک ڈپو۔ٹوپی (صوابی)
Scanned with CamScanner

حروف ہر بیماری کے علاج میں تیر بہدف ثابت ہوتے ہیں جسم انسانی چار عنصر کا مرکب ہے آب۔ خاک۔ باد۔ آتش اور ہر عنصر کا ایک مخصوص رنگ اٹھائیں حروف ان چاروں عناصر پر حکمران ہیں گویا تمام جسم انسانی ان حروف کے تابع ہے جن کو ایک نقشہ سے واضح کیا گیا ہے۔

مزاج	حروف	رنگ	علاج بیماریاں
آتشی	الف۔ہا۔طا۔میم۔فا۔شین۔دال	زرد	بادی
آبی	جیم۔زا۔کاف۔سین۔قاف۔ثا۔ظا	نیلا	آتشی
خاکی	دال۔حا۔لام۔عین۔را۔فا۔غین	جامنی	آبی
بادی	یا واؤ۔یا۔نون۔صاد۔تا۔ضا	لال	خاکی

یہ صرف حکیم کے مشورے سے لکھ کر دینا زیادہ بہتر ہے کیونکہ حکیم علاج بالضد کرتے ہیں مثلاً آتشی امراض کیلئے آبی حروف ورنہ نو آموز کیلئے آسان تدبیر یہ ہے کہ بالکل ہی علاج کریں نوٹ پہلے زکات اصغر ادا کریں۔

رنگ اور جسم انسانی کی تقسیم

(۱)	سر کے دائیں طرف سے دائیں شانہ تک جس میں شانہ شامل نہیں	نیلا
(۲)	دایاں شانہ سے لے کر جگر تک جس میں جگر شامل نہیں	جامنی
(۳)	دائیں طرف کی آنتیں جگر گردہ شانہ خصیہ مقعد تا ٹانگ انگلیوں تک	لال، نارنجی
(۴)	بائیں سر سے لے کر بائیں شانہ تک جس میں شانہ شامل نہیں	پیلا
(۵)	بائیں شانہ سے کر طحال تک لیکن اس میں طحال شامل نہیں	بادامی سبز
(۶)	طحال لبلبہ بائیں طرف کی آنتیں شانہ خصیہ مقعد بائیں ٹانگ انگلیوں تک	سفید آسمانی

رنگ اور ہیپاٹائیٹس کی قسمیں

گرم خشک غذائیں اور دوائیں کھانے سے خون میں موجود صفرا میں خمیر بڑھ جاتا ہے جس میں جراثیم پیدا ہو جاتے ہیں اس حالت کو ڈاکٹر ہیپاٹائیٹس اے کا نام دیتے ہے اگر صحیح علاج میسر نہ ہو تو خون میں مزید خمیر پیدا ہونے سے وائرس پہلے سے بڑے ہو کر اپنی شکل بدل لیتے ہیں جسے ہیپاٹائیٹس بی کہا جاتا ہے اور اسے خطرناک قرار دیتے ہیں اگر اب بھی مریض کو صحیح اور مؤثر علاج نہ ملے تو خون میں موجود صفرا میں پھر خمیر اور تعفن ہو جاتا ہے جس سے پہلے والے جراثیم اپنی نشو و نما مکمل کر کے جوان ہو جاتے ہیں اور بہت زیادہ بڑھ جاتے ہیں تو اس حالت کو ہیپاٹائیٹس کی قرار دیا جاتا ہے اور بعض اسے کالا یرقان بھی کہتے ہیں اور اسے لاعلاج قرار دیا جاتا ہے اس طرح خود میں موجود خمیر در خمیر کو ڈاکٹر ہیپاٹائیٹس ڈی اور ای قرار دیتے ہیں لیکن اب یہ جراثیم بوڑھے ہو چکے ہوتے ہیں اس لئے ان حالتوں کو ڈاکٹر لوگ بی اور سی سے کم خطرناک قرار دیتے ہیں ان سب صفراوی قسموں کا اقوام ایک ہی ہوتا ہے سب کا مزہ بھی ایک ہی ہے یعنی سب میں کڑواہٹ پائی جاتی ہے صفرا کی قسمیں اور رنگوں سے تعلق۔

قسم صفراء	رنگ	ہیپاٹائیٹس	قسم صفراء	رنگ	ہیپاٹائیٹس
صفراء مرہ	زرد	A	صفراء زنگاری	نیلا	D
صفراء محیہ	نسواری	B	صفراء محرقہ	سیاہ	E
صفراء کراثی	سبز	C	....	......	......

اس مضمون کو تیار کرنے میں بہت سی کتابوں سے مدد لی گئی ہے چند ایک کے نام یہ ہیں:

(1) رنگ روشنی (خواجہ شمس الدین عظیمی)
(2) کلر تھراپی (خواجہ شمس الدین عظیمی)
(3) شمس الطب (حکیم سید الطاف حسین کاظم فرید آبادی)
(4) راہنمائے علاج شمس (ڈاکٹر ایس بھارگو)
(5) مجربات علاج شمس اول، دوم (رائے زادہ پریم ناتھ)
(6) فطری علاج (حسن الدین احمد غلام احمد)
(7) قدرتی علاج (سعیدائے شیخ)
(8) کرومیوپیتھی (مقصود احمد عظیمی پشاور)
(9) کرومیوپیتھی (ڈاکٹر فرقان سرمد)
(10) بلڈ گروپ و نظریہ مفرد اعضاء (بابر سلطان قادری)
(11) ہیلنگ انرجی (عبدالصمد مسافر)
(12) کرشمہ قدرت (ہمایوں مرزا لکھنوی)
(13) الیکٹروہومیوپیتھی (عبدالعزیز تبسم)
(14) پتھروں کے سحری خواص (کاش البرنی)

مسافر خانہ امام رضا علیہ السلام

مستقبل قریب میں ایران، شام، عراق کے مقدس مقامات کی زیارات کا شرف حاصل کرنے والے زائرین رہائش، سیکورٹی اور ٹرانسپورٹ کوئٹہ میں قیام کے دوران مسافر خانہ امام رضا علیہ السلام سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ مخیر حضرات سے التماس ہے کہ وہ مسافر خانہ امام رضاؑ کی تعمیر کیلئے **دل کھول کر عطیات** ارسال کریں تاکہ مسافر خانہ کی **تعمیر جلد از جلد ممکن** ہو سکے۔ فون 081-660808 0300-3841099

رابطہ قیام و عطیات کیلئے: سید افتخار حسین جعفری عزا خانہ گلستان زہرا 20-A گلستان ٹاؤن مسجد علی شہید روڈ۔ کوئٹہ کینٹ

Scanned with CamScanner

فال دولت کا فائدہ ہوگا یا نہیں؟

طریقہ استعمال:- اس نقش کے کسی بھی خانہ میں اپنے مقصد کو دل میں خیال کر کے بسم اللہ شریف پڑھ کر انگلی رکھیں جس اعداد پر انگلی آئے اس اعداد کے سامنے احکام پڑھیں احکام مندرجہ ذیل تحریر ہیں۔

۳	۶	۹	۱۲
۴	۷	۱۰	۱۳
۵	۸	۱۱	۱۴

۳: دولت ملے گی مناسب کوشش کریں۔
۴۔ کچھ وقت گذرنے پر دولت حاصل ہوگی۔
۵۔ حصول دولت کی کوشش کرنا فضول ہے۔
۶۔ کام بننا مشکل ہے۔
۷۔ کام بننے کی امید ہے۔
۸۔ کام بننا ابھی مشکل ہے۔
۹۔ کامیابی کیلئے لگاتار کوشش رکھیں۔
۱۰۔ کامیابی حاصل ہوگی۔
۱۱۔ ہوشیار ہو کر ہی کام کرنا اچھا ہے۔
۱۲۔ کامیابی کی امید نہ رکھیں۔
۱۳۔ کامیاب ہونے میں کئی رکاوٹیں ہیں۔
۱۴۔ کامیابی مشتبہ ہے۔

منافع ہوگا یا نہیں؟

طریقہ۔ اپنے دل میں منافع کے بارے میں سوچ کر بسم اللہ شریف پڑھ کر سامنے والے نقش مثلث کی کسی خانہ میں انگلی رکھ کر اس اعداد کا مندرجہ ذیل احکام پڑھیں۔

۷	۴	۸
۶	۱	۹
۲	۵	۳

۱۔ منافع ہونے کی امید ہے۔
۲۔ صرف خدا کی مہربانی سے منافع ملے گا۔
۳۔ یہ کام نقصان والا ہے۔
۴۔ نقصان ہونے کا ڈر ہے۔
۵۔ دھوکہ ہو سکتا ہے۔ ہوشیار رہیں۔
۶۔ منافع خرچ کی بہ نسبت کم ہوگا۔
۷۔ منافع کچھ وقت بعد ملنے کا امکان ہے۔
۸۔ منافع کیلئے انتظار کرنا ضروری ہے۔
۹۔ خرچ سے زیادہ منافع ہو سکتا ہے۔

خفیہ خواہش کا پھل

طریقہ۔ دل میں اپنے مقصد کو خیال کر کے بسم اللہ شریف پڑھ کر سامنے نقش مثلث کے کسی خانہ میں انگلی رکھیں پھر انگلی رکھے ہوئے اعداد کے احکام مندرجہ ذیل پڑھیں۔

۷	۵	۲
۶	۹	۱
۳	۴	۸

۱۔ لاٹری پرائز بانڈ سے انعام ملنا ممکن ہے۔
۲۔ نقصان ہونے کا زبردست اندیشہ ہے۔
۳۔ آپ کا کام دیر سے بنے گا۔
۴۔ زیادہ یقین دھوکہ کا سبب بن سکتا ہے۔
۵۔ زیادہ گرم جوشی ٹھیک نہیں ہے۔
۶۔ خواہش پوری ہونے کا یوگ بن رہا ہے۔
۷۔ دل کی بات دل میں ہی رہ جائے گی۔
۸۔ ڈر مناسب ہے پھل دیر سے حاصل ہوگا۔
۹۔ منافع ملنے کا راستہ بنے گا۔

دلی خواہش پوری ہوگی یا نہیں

طریقہ۔ دل میں اپنے مقصد کو رکھ کر بسم اللہ شریف پڑھ کر سامنے نقش مثلث حروف میں انگلی رکھیں جس حروف پر انگلی آئے اسکے احکام مندرجہ ذیل ہیں۔

ا	چ	ای
ک	پ	ٹ
او	ت	ر

۱۔ سوال کا پھل اچھا ہے۔ دولت حاصل ہوگی۔

تنتر عملیات کے ذریعہ دولت حاصل کرنے کے بارے میں کوشش کرنا کئی قدیم کتب میں تحریر ملتا ہے لاٹری۔ پرائز بانڈ کو قمار بازی جوا سمجھ کر ہی تانترک کتابوں سے کچھ چنے ہوئے عمل مندرجہ ذیل پیش کئے جا رہے ہیں جہا بھارت کی لڑائی میں شکونی تنتر سادھنا کر کے ہی پانڈوں کو جوا (قمار بازی) میں ہرایا تھا۔

ایک نمبر اعداد کی لاٹری، پرائز بانڈ۔ سٹہ کے حساب سے چلتی ہیں دو نمبر اعداد پر کوئی انعام نہیں ہوتا ہے پھر تین یا چار اعداد پر انعام رکھتے ہیں اگر وہ ایسا نہیں کریں تو ان کا سارا حساب گڑبڑ ہو جائیگا اسی عجیب و غریب اعداد کو اپنی طرف کھینچنے کا طریقہ عمل پیش کیا جا رہا ہے۔

Scanned with CamScanner

ج۔ کام بننے میں شبہ ہے۔
ای۔ کام میں ناکامیابی ملے کوشش کرنا بیکار ہے۔
ک۔ حصول منافع کے کئی موقعہ ملیں گے۔
پ۔ اچھا پھل حاصل ہونے میں وقت لگے گا۔
ٹ۔ کام دیر سے ہوگا۔
او۔ مناسب کامیابی ملے گی کچھ کوشش بھی کریں۔
ٹ۔ کام پورا ہونے میں شبہ ہے۔
ر۔ کام میں کامیابی ملنے سے خوشی حاصل ہوگی۔

لاٹری پرائز بانڈ حاصل کرنیکا نقش

٦٠	٦٧	٢	٧
٦	٣	٦٤	٦٣
٦٦	٦١	٨	١
٤	٥	٦٢	٦٥

اس نقش کو دیوالی کی رات سے آٹھ انگل کے انار کے قلم سے 51 ہزار کی تعداد پورا ہونے تک لکھتے رہیں پھر ان لکھے نقوش کو لکشمی دیوی کو یاد کر کے چلتے پانی میں بہادیں اور بچوں کو مٹھائی کی شیرنی بانٹیں۔ اس کے بعد اس نقش مربع کو سواتی پنچتر میں انار کے قلم سے بھوج پتر پر عقیدت سے لکھیں اور تعویز میں بھر کر بازو یا گلے میں پہن لیں اس کے اثر سے لاٹری پرائز بانڈ، سٹہ وغیرہ میں انعام نکلنے یا مالی فائدہ ہونے کا فیصد 99 ہوتا ہے۔

نقش حصولیابی دولت

٢	٧	٦
٩	٥	١
٤	٣	٨

اس نقش کو بیل کے قلم۔ بیل کے پتوں کے رس۔ ہڑتال۔ مینسل کی سیاہی سے کسی سعد وقت میں کسی پاک صاف جگہ پر بیٹھ کر زمین پر اکیس سو مرتبہ لکھیں یعنی زمین پر نقش لکھیں پھر اسے مٹا کر نقش لکھیں اس طرح نقش کی تعداد کو لکھ کر پورا کردیں اس عمل سے حصول دولت کے راستہ کھلتے ہیں۔

لاٹری، پرائز بانڈ کا انعام

ترجمہ : تمام تعریفیں اس اللہ کی جس نے اپنی قدرت سے رات کو اس کی تاریکیوں سمیت ہٹا دیا اور اپنی رحمت سے نور پھیلانے والا دن لایا اور دن کی روشنی مجھ پر اوڑھا کر اپنی رحمت میں شامل کرلیا یا اللہ جیسے اس دن کے لئے مجھے زندہ رکھا اسی طرح اور دنوں کے لئے بھی مجھے برقرار رکھ اور رحمت نازل فرما نبی (برحق) محمد اور ان کی آل پر اور مجھے اس دن اور اس کے علاوہ دوسرے شب وروز میں مبتلائے غم نہ کرنا کہ میں حرام امور کا ارتکاب کروں اور گناہ سمیٹوں اور مجھے اس دن اور جو کچھ آج کل ہونے والا ہے اس کی خوبیاں نصیب فرما اور آج اور آج کے بعد ہر شر (برائی) سے محفوظ رکھ۔ یا اللہ میں تیری بارگاہ کے لئے عہد اسلام کے وسیلہ اور حرمت قرآن کے ذریعہ اعتماد اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے تیری بارگاہ میں سفارش چاہتا ہوں۔ یا اللہ میری اس ضمانت وعہد کو دیکھ لے جن کے وسیلے سے میں اپنی تمنائیں پوری کرنے کی آرزو رکھتا ہوں اے ارحم الراحمین۔ یا اللہ! جمعرات (پنجشنبہ) میں میری پانچ ایسی خواہشیں پوری کردے جو تیرے کرم کے سوا کسی کے بس کی نہیں اور تیری نعمتوں کے علاوہ انہیں کوئی برداشت نہیں کر سکتا (وہ پانچ تمنائیں یہ ہیں) صحت وسلامتی جس کے سہارے تیری فرمانبرداری میں تقویت حاصل کروں اور عبادت جس کی بنا پر تیرے ثواب بے حساب کا مستحق ہوں اور حلال روزی عطا کرکے مجھے خوش حال کردے اور مجھے اپنے امن خاص سے خوف کے مقامات میں امن وسکون عطا فرما اور رنج وغم کے حملوں میں مجھے اپنے قلعہ (وپناہ) میں رکھنا اور محمد وآل محمد پر رحمت نازل فرما اور حضورؐ سے میرے توسل کو قیامت کے روز شفاعت کرنے والا بنا۔ بے شک تو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

بروز جمعتہ المبارک

بروز جمعہ اس نقش کو دیکھنے سے خلائق میں محترم ہوگا، دشمن دوست ہونگے، ہر طرح محفوظ رہے گا۔

ملیقا	ملیقا	الت تعلم	مالی قلوبھم	ملیقا
١	ع١	٢	ع	١٨
ع	دعه٥	٥٥٧٨	١٢	١٢
٧٢	ع	١٢	ع٥	١٣
٥٢٥	ع	١٣١	ع و١	٣ی
لَآ اِلٰہَ	اِلَّا اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ	رَسُوْلُ	اللّٰہِ

روزانہ

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِہٖ

پاک ومنزہ ہے اللہ اور میں اسی کی حمد کرتا ہوں۔ پاک ہے اللہ عظمت والا اور اسی کی حمد کرتا ہوں۔ تین مرتبہ مذکورہ تسبیح پڑھے پھر اس نقش کو دیکھے۔

١١٨ے	١١م	١ع١١م	٢٢١	١٨١١٢
١٨ع	١ے٧ع٥	١١٥	١٢٢٢	٢١٢١ع٨
١٧١١	٩١١	٣١م	١١ع٧٢ے	١٩ع
٩١٩	٥١١٩	٩ی١١	ص٨١	١١١٩
٣٢١٥٦	١١١١١١	١٢و	١١٣٩	١لا٥
١ع١١	١٢٠	١١٩٩	١١ء	١لا

جمعتہ المبارک کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْاَوَّلِ قَبْلَ الْاِنْشَآءِ وَالْاِحْیَآءِ وَالْاٰخِرِ بَعْدَ فَنَآءِ الْاَشْیَآءِ الْعَلِیْمِ الَّذِیْ لَا یَنْسٰی مَنْ ذَکَرَہٗ وَلَا یَنْقُصُ مَنْ شَکَرَہٗ وَلَا یُخَیِّبُ مَنْ دَعَاہُ وَلَا یَقْطَعُ رَجَآءَ مَنْ رَّجَاہُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اُشْھِدُکَ وَکَفٰی بِکَ شَھِیْدًا وَّ اُشْھِدُ جَمِیْعَ مَلٰٓئِکَتِکَ وَسُکَّانَ سَمٰوٰتِکَ وَحَمَلَۃَ عَرْشِکَ وَمَنْ بَعَثْتَ مِنْ اَنْبِیَآئِکَ وَرُسُلِکَ وَاَنْشَاْتَ مِنْ اَصْنَافِ خَلْقِکَ اَنِّیْٓ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ

Scanned with CamScanner

لَا شَرِیْکَ لَکَ وَلَا عَدِیْلَ وَلَا خُلْفَ لِقَوْلِکَ وَلَا تَبْدِیْلَ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ اَدّٰی مَا حَمَّلْتَہٗ اِلَی الْعِبَادِ وَ جَاھَدَ فِی اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ حَقَّ الْجِھَادِ وَ اَنَّہٗ بَشَّرَ بِمَا ھُوَ حَقٌّ" مِّنَ الثَّوَابِ وَ اَنْذَرَ بِمَا ھُوَ صِدْقٌ" مِّنَ الْعِقَابِ اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْنِیْ عَلٰی دِیْنِکَ مَآ اَحْیَیْتَنِیْ وَلَا تُزِغْ قَلْبِیْ بَعْدَ اِذْھَدَیْتَنِیْ وَھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً ۚ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِیْ مِنْ اَتْبَاعِہٖ وَ شِیْعَتِہٖ وَاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَتِہٖ وَ وَفِّقْنِیْ لِاَدَآءِ فَرْضِ الْجُمُعَاتِ وَمَآ اَوْجَبْتَ عَلَیَّ فِیْھَا مِنَ الطَّاعَاتِ وَ قَسَمْتَ لِاَھْلِھَا مِنَ الْعَطَآءِ فِیْ یَوْمِ الْجَزَآءِ اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ

ترجمہ: اس اللہ کی حمد وثنا جو پیدا کرنے اور زندگی عطا کرنے سے پہلے اور تمام چیزوں کے فنا ہونے کے بعد رہنے والا ہے۔ وہ علیم جو اپنے یاد رکھنے والوں کو نظر انداز اور اپنے شکر گزاروں کو (نعمتیں دینے میں) کمی نہیں کرتا جو اسے پکارے اسے وہ ناکام نہیں رہنے دیتا اور جو اس سے آس لگائے وہ اسے مایوس نہیں کرتا۔ یااللہ! میں تجھے گواہ کرتا ہوں اور تیرا گواہ ہونا ہی کافی ہے اور تیرے تمام ملائکہ کو اور آسمانوں کے مکینوں اور حاملین عرش اور تیرے بھیجے ہوئے نبیوں اور رسولوں اور تیری طرح طرح کی مخلوق کو گواہ بناتا ہوں اور گواہی دیتا ہوں کہ بلاشبہ فقط تو ہی "اللہ" ہے تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں تو یکتا ہے تیرا کوئی شریک و جواب نہیں۔ تیرا قول ٹلنے اور تیرے کلمات بدلنے والا نہیں اور بلاشبہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے بندہ خاص اور رسول ہیں جو (پیغام) تو نے بندوں کے لئے ان کے حوالے کیا تھا وہ انہوں نے پہنچا دیا اور اللہ عزوجل کی راہ میں پوری پوری کوشش کی جو واقعی ثواب تھا اس کی بشارت دی اور جو واقعی عذاب ہے اس سے آپ نے ڈرایا۔ پروردگارا مجھے اپنے دین پر ثبات واستقلال عطا فرما جب تک تو مجھے زندہ رکھنا چاہتا ہے میرے دل کو اپنی رہنمائی کے بعد گمراہ نہ ہونے دے اور مجھے اپنے خزانے سے رحمت عطا فرما۔ بلاشبہ تو سب سے زیادہ انعام دینے والا ہے۔ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور آل محمد پر رحمت فرما اور مجھے آنحضرتؐ کے پیروکاروں اور شیعوں میں شمار فرما اور مجھے ان کے حلقہ میں محشور فرما۔ مجھے جمعہ کے فرائض اور اس دن کی واجب کردہ اطاعتوں کو انجام دینے اور اہل اطاعت کے لئے جو انعامات تو روز جزا تقسیم فرمائے گا انہیں حاصل کرنے کی توفیق عطا فرما۔ بلاشک وشبہ تو صاحب اقتدار اور حکمت والا ہے۔

بروز ہفتہ

بروز ہفتہ اس نقش کو دیکھنے سے اللہ تعالیٰ اس کو سلاطین اور افسروں کے خوف سے محفوظ رکھے گا اور پورے ہفتے بلاؤں سے مامون رہیگا۔

وَ اُفَوِّضُ	اَمْرِیْ	اِلَی اللّٰہِ	اِنَّ اللّٰہَ	بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ
مُحَمَّد عَلِیٌّ	۵۳	۷ء	۱۲۲	۷
۱۷۳	مے	۱۲	ع	۱۷
ء	۷۵	۸۱۷۰	وا	۱۷
۱۸	۱۷	ءو	ع	۱۰۷۱
لَآ	اِلٰہَ	اِلَّا اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ	اللّٰہِ

روزانہ

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِہٖ

پاک ومنزہ ہے اللہ اور میں اسی کی حمد کرتا ہوں۔ پاک ہے اللہ عظمت والا اور اسی کی حمد کرتا ہوں۔ تین مرتبہ مذکورہ تسبیح پڑھے پھر اس نقش کو دیکھے۔

۷۱۱۸	م۱۱	م۱۱ع۱	۲۲۱	۱۸۱۱۲
۱۸ع	۵ع۷۱	۱۱۵	۱۲۲۲	۲۱۲۱ع۸
۱۷۱۱	۹۱۱	م۳۱	۷۲ع۱۱	۱۹ع
۹۰۹	۵۱۱۹	۹ی۱۱	ص۸۱	۱۱۱۹
م۲۱۵۶	۱۱۱۱۱	۱۲و	۱۱۳۹	۱لا
۱ع۱۱	۱۲۰	۱۱۹۹	۱۱ہ	۱لا

ہفتہ کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ کَلِمَۃِ الْمُعْتَصِمِیْنَ وَمَقَالَۃِ الْمُتَحَرِّزِیْنَ وَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ تَعَالٰی مِنْ جَوْرِ الْجَآئِرِیْنَ وَکَیْدِ الْحَاسِدِیْنَ وَبَغْیِ الظَّالِمِیْنَ وَاَحْمَدُہٗ فَوْقَ حَمْدِ الْحَامِدِیْنَ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْوَاحِدُ بِلَا شَرِیْکٍ وَّ الْمَلِکُ بِلَا تَمْلِیْکٍ لَا تُضَادُّ فِیْ حُکْمِکَ وَلَا تُنَازَعُ فِیْ مُلْکِکَ اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَاَنْ تُوْزِعَنِیْ مِنْ شُکْرِ نُعْمَاکَ مَا تَبْلُغُ بِیْ غَایَۃَ رِضَاکَ وَ اَنْ تُعِیْنَنِیْ عَلٰی طَاعَتِکَ وَلُزُوْمِ عِبَادَتِکَ وَاسْتِحْقَاقِ مَثُوْبَتِکَ بِلُطْفِ عِنَایَتِکَ وَتَرْحَمَنِیْ بِصَدِّیْ عَنْ مَعَاصِیْکَ مَآ اَحْیَیْتَنِیْ وَتُوَفِّقَنِیْ لِمَا یَنْفَعُنِیْ مَآ اَبْقَیْتَنِیْ وَ اَنْ تَشْرَحَ بِکِتَابِکَ صَدْرِیْ وَ تَحُطَّ بِتِلَاوَتِہٖ وِزْرِیْ وَتَمْنَحَنِی السَّلَامَۃَ فِیْ دِیْنِیْ وَ نَفْسِیْ وَلَا تُوْحِشَ بِیْ اَھْلَ اُنْسِیْ وَتُتِمَّ اِحْسَانَکَ فِیْمَا بَقِیَ مِنْ عُمُرِیْ کَمَآ اَحْسَنْتَ فِیْمَا مَضٰی مِنْہُ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

Scanned with CamScanner

ترجمہ: بسم اللہ جو حفاظت چاہنے والوں کا تکیہ کلام اور حفاظت کے خواہشمندوں کا قول ہے میں اللہ کے ذریعہ پناہ مانگتا ہوں ظالموں کے ظلم، حاسدوں کے مکر اور ستمگروں کی سرکشی سے۔ میں اس معبود کی حمد کرتا ہوں (ایسی حمد) جو حمد کرنے والوں کی حمد سے بڑھ چڑھ کر ہو۔ بارالٰہا! تو یکتا ولاشریک ہے تو کسی کے مالک بنائے بغیر مالک ہے نہ تیرے فرمان کی مخالفت ہو سکتی ہے اور نہ تیرے ملک میں کوئی تیرا حریف و فریق ہو سکتا ہے میں دعا کرتا ہوں تو اپنے خاص بندے اور رسول محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت نازل فرما اور مجھے اپنی نعمتوں کے شکریہ میں وہ رحمت عطا فرما جو مجھے تیری انتہائے خوشنودی تک پہنچادے اور تیرے لطف وعنایت سے مجھے تیری اطاعت اور عبادت کا پابند اور ثواب کا مستحق بنانے میں میری مدد کرے، تو مجھ پر رحم فرما اور جب تک زندہ رکھنا چاہے اس وقت تک مجھے اپنی نافرمانیوں سے باز رکھ اور جب تک مجھے باقی رکھنا منظور ہو اس وقت تک انہی کاموں کی توفیق دے جو نفع بخش ہوں اور اپنی کتاب کے ذریعے میرا سینہ کھول دے اور اس کی تلاوت کے ذریعے میرے گناہوں کا بوجھ ہلکا فرما دے۔ مجھے دین اور جان کی سلامتی مرحمت فرما مجھ سے محبت رکھنے والوں کو میرے اعمال کی بدولت پریشان نہ فرما اور میری باقی زندگی میں تو اسی طرح اپنے احسانوں کی تکمیل فرما جیسے میری گزشتہ زندگی میں تو نے احسانات جاری رکھے اے رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

بروز اتوار

جو شخص بروز اتوار اس نقش کو دیکھے اس کے امور دنیا و آخرت میں آسانی پیدا ہوگی، دشمن زیر دست ہوگا، جہنم سے نجات پائیگا، لوگوں میں محترم رہیگا۔

اِنَّا فَتَحْنَا	لَکَ فَتْحًا	مُّبِيْنًا	يَاسُبُّوْحُ	يَاقُدُّوْسُ
۱	۱۱۰۱	۹۷	۱۸۱	۲۵۸
۸۷	۷	۲	۵۹۵	و۰
ع	۱۸ع	۱و۲	۱۰۵	۵۵ع۵
۱و۲	و۰	صح	۱ع	۱۸
لَا	اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰهُ	مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ	اللّٰهِ

روزانہ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَ بِحَمْدِهٖ

پاک و منزہ ہے اللہ اور میں اسی کی حمد کرتا ہوں۔ پاک ہے اللہ عظمت والا اور اسی کی حمد کرتا ہوں۔ تین مرتبہ مذکورہ تسبیح پڑھے پھر اس نقش کو دیکھے۔

۷۱۱۸	۴۱۱	۴۱۱ع۱	۲۲۱	۱۸۱۱۲
ع۱۸	۵ع۷۱	۱۱۵	۱۲۲۲	۲۱۲۱ع۸
۱۷۱۱	۹۱۱	۴۳۱	۷۲ع۱۱	۱۹ع
۹۱۹	۵۱۱۹	۹ی۱۱	۸۱ص	۱۱۱۹
۴۲۱۵۶	۱۱۱۱۱۱	و۱۲	۱۱۳۹	۱لا۱
۱ع۱۱	۱۲۰	۱۱۹۹	۱۱۰	۱لا

اتوار کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَآ اَرْجُوْٓا اِلَّا فَضْلَهٗ، وَلَآ اَخْشٰى اِلَّا عَدْلَهٗ، وَلَآ اَعْتَمِدُ اِلَّا قَوْلَهٗ، وَلَآ اُمْسِکُ اِلَّا بِحَبْلِهٖ ۔ بِکَ اَسْتَجِيْرُ يَاذَا الْعَفْوِ وَالرِّضْوَانِ مِنَ الظُّلْمِ وَالْعُدْوَانِ وَ مِنْ غِيَرِ الزَّمَانِ وَ تَوَاتُرِ الْاَحْزَانِ وَطَوَارِقِ الْحَدَثَانِ وَ مِنِ انْقِضَآءِ الْمُدَّةِ قَبْلَ التَّاَهُّبِ وَالْعُدَّةِ وَ اِيَّاکَ اَسْتَرْشِدُ لِمَا فِيْهِ الصَّلَاحُ وَالْاِصْلَاحُ وَ بِکَ اَسْتَعِيْنُ فِيْمَا يَقْتَرِنُ بِهِ النَّجَاحُ وَالْاِنْجَاحُ وَ اِيَّاکَ اَرْغَبُ فِيْ لِبَاسِ الْعَافِيَةِ وَتَمَامِهَا وَشُمُوْلِ السَّلَامَةِ وَ دَوَامِهَا ۔ اَعُوْذُ بِکَ يَا رَبِّ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَحْتَرِزُ بِسُلْطَانِکَ مِنْ جَوْرِ السَّلَاطِيْنِ فَتَقَبَّلْ مَا کَانَ مِنْ صَلٰوتِيْ وَ صَوْمِيْ وَاجْعَلْ غَدِيْ وَمَا بَعْدَهٗ اَفْضَلَ مِنْ سَاعَتِيْ وَيَوْمِيْ وَاَعِزَّنِيْ فِيْ عَشِيْرَتِيْ وَ قَوْمِيْ وَاحْفَظْنِيْ فِيْ يَقْظَتِيْ وَنَوْمِيْ فَاَنْتَ اللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَبْرَاُ اِلَيْکَ فِيْ يَوْمِيْ هٰذَا وَمَا بَعْدَهٗ مِنَ الْاٰحَادِ مِنَ الشِّرْکِ وَالْاِلْحَادِ وَ اُخْلِصُ لَکَ دُعَآئِيْ تَعَرُّضًا لِلْاِجَابَةِ وَ اُقِيْمُ عَلٰى طَاعَتِکَ رَجَآءً لِلْاِثَابَةِ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَيْرِ خَلْقِکَ الدَّاعِيْ اِلٰى حَقِّکَ وَ اَعِزَّنِيْ بِعِزِّکَ الَّذِيْ لَا يُضَامُ وَاحْفَظْنِيْ بِعَيْنِکَ الَّتِيْ لَا تَنَامُ وَاخْتِمْ بِالْاِنْقِطَاعِ اِلَيْکَ اَمْرِيْ وَ بِالْمَغْفِرَةِ عُمْرِيْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

ترجمہ: اللہ کے نام سے کہ میں صرف اسی کے فضل کا امیدوار ہوں میں صرف اسی کے عدل سے ڈرتا ہوں اور صرف اسی کے وعدہ پر بھروسہ کرتا ہوں اور صرف اسی کے رشتہ سے وابستہ ہوں میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اے معافی وخوشنودی کے مالک ظلم وسرکشی سے دنیا کی نیرنگیوں سے لگاتار غموں سے اور نازل ہونے والے حادثوں سے اور اس بات سے کہ تیار اور کمربستہ ہونے سے پہلے مدت (زندگی) ختم ہو جائے اور میں صرف تجھ ہی سے ان باتوں میں رہنمائی چاہتا ہوں جن میں بھلائی اور اصلاح احوال ہو اور تجھ سے ان چیزوں میں مدد چاہتا ہوں جن کی بدولت نجات اور کامیابی ہو اور صرف تجھ سے خواہش کرتا ہوں کہ عافیت کا لباس اور اس کی تکمیل اور سلامتی شامل حال اور اس کا دوام عطا ہو۔ اے پروردگار! میں شیطان کے وسوسوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور تیرے اقتدار کی مدد سے بادشاہوں کے جور سے بچنا چاہتا ہوں میری نماز اور میرا روزہ جیسا بھی ہے قبول فرما۔

☆ مسٹر بکس۔ کالج روڈ۔ لالہ موسیٰ ☆ زاہد سٹیشنری مارٹ۔ کالج روڈ۔ لالہ موسیٰ ☆ کاظم سپورٹس اینڈ لائبریری۔ مین بازار لالہ موسیٰ

Scanned with CamScanner

اور میرا آنے والا دن اور مستقبل میرے اس لمحے اور اس دن سے بہتر بنادے اور مجھے میری قوم اور قبیلے میں معزز قرار دے اور مجھے سوتے جاگتے میں محفوظ رکھ اس لئے کہ اے اللہ تو بہترین حفاظت کرنیوالا اور تو ہی سب مہربانوں سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے یا اللہ میں تیرے حضور آج کے دن اور آج کے بعد آنے والی اتواروں میں شرک اور الحاد (بے دینی) سے لاتعلقی کا اظہار کرتا ہوں اور اپنی دعا کو فقط تیرے لئے مخصوص کرتا ہوں قبول ہونے کے لئے اور تیری اطاعت پر ثابت قدم ہوتا ہوں ثواب کی امید میں محمد مصطفیٰ پر رحمت نازل فرما کہ آپ تیری مخلوق میں سب سے بہتر اور تیرے حق (اسلام) کے داعی ہیں اور مجھے اپنی ایسی عزت سے معزز فرما جسے ذلت سے بدلا نہیں جاسکتا اور میری حفاظت فرما اپنی اس نگاہ کرم کے ذریعے جسے غفلت نہیں ہوتی اور میرے معاملات اپنے حضور میں مکمل وابستگی پر اور میری زندگی مغفرت پر تمام کر یقیناً تو بہت بخشنے والا اور بہت رحم کرنے والا ہے۔

بروز پیر

جو شخص بروز پیر اس نقش کو دیکھے اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے لوگوں میں پسندیدہ ہوگا۔ ارضی وسماوی بلاؤں سے مامون رہیگا، دعائیں قبول ہونگی۔

نَصْرٌ مِنَ اللّٰهِ	فَتْحٌ قَرِيْبٌ	بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ	حافظ الله عمر	وارحم الراحمين
۱	۱۸۱	۸	۷	۱۵
۸	ع	۷	۱۷۳	۵ عـه
ء	ع ۱	۲۷۲	۷	۷ء
۲ء	۱۸	ع ۳	۷	ع ۱۷
لَآ اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰهُ	مُحَمَّدٌ	رَسُوْلُ	اللّٰهِ

روزانہ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَ بِحَمْدِهٖ

پاک ومنزہ ہے اللہ اور میں اسی کی حمد کرتا ہوں۔ پاک ہے اللہ عظمت والا اور اسی کی حمد کرتا ہوں۔ تین مرتبہ مذکورہ تسبیح پڑھے پھر اس نقش کو دیکھے۔

۷۱۱۸	۱۱م	۱ع۱۱م	۲۲۱	۱۸۱۱۲
۱۸ع	۱۷ع۵	۱۱۵	۱۲۲۲	۸ع۲۱۲۱
۱۷۱۱	۹۱۱	م۳۱	۱۱ع۲۷	۱۹ع
۹۱۹	۵۱۱۹	۹ی۱۱	ص۱۸۱	۱۱۱۹
م۲۱۵۶	۱۱۱۱۱۱	۱۲و	۱۱۳۹	۱لا۱
۱ع۱۱	۱۲۰	۱۱۹۹	۱۱ء	۱لا

پیر کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يُشْهِدْ اَحَدًا حِيْنَ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا اتَّخَذَ مُعِيْنًا حِيْنَ بَرَاَ النَّسَمَاتِ لَمْ يُشَارَكْ فِي الْاِلٰهِيَّةِ وَلَمْ يُظَاهَرْ فِي الْوَاحْدَانِيَّةِ كَلَّتِ الْاَلْسُنُ عَنْ غَايَةِ صِفَتِهٖ وَالْعُقُوْلُ عَنْ كُنْهِ مَعْرِفَتِهٖ وَتَوَاضَعَتِ الْجَبَابِرَةُ لِهَيْبَتِهٖ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِخَشْيَتِهٖ وَانْقَادَ كُلُّ عَظِيْمٍ لِعَظَمَتِهٖ فَلَهُ الْحَمْدُ مُتَوَاتِرًا مُتَّسِقًا وَمُتَوَالِيًا مُسْتَوْسِقًا وَصَلَوٰتُهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ اَبَدًا وَّ سَلَامُهٗ دَائِمًا سَرْمَدًا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوَّلَ يَوْمِيْ هٰذَا صَلَاحًا وَّ اَوْسَطَهٗ فَلَاحًا وَّ اٰخِرَهٗ نَجَاحًا وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ يَوْمٍ اَوَّلُهٗ فَزَعٌ وَّ اَوْسَطُهٗ جَزَعٌ وَّ اٰخِرُهٗ وَجَعٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ نَذْرٍ نَذَرْتُهٗ وَ كُلِّ وَعْدٍ وَّ عَدْتُهٗ وَ كُلِّ عَهْدٍ عَاهَدْتُهٗ ثُمَّ لَمْ اَفِ بِهٖ وَ اَسْئَلُكَ فِيْ مَظَالِمِ عِبَادِكَ عِنْدِيْ فَاَيُّمَا عَبْدٍ مِّنْ عَبِيْدِكَ اَوْ اَمَةٍ مِنْ اِمَآئِكَ كَانَتْ لَهٗ قِبَلِيْ مَظْلِمَةٌ ظَلَمْتُهَا اِيَّاهُ فِيْ نَفْسِهٖ اَوْ فِيْ عِرْضِهٖ اَوْ فِيْ مَالِهٖ اَوْ فِيْ اَهْلِهٖ وَ وَلَدِهٖ اَوْ غِيْبَةٌ اِغْتَبْتُهٗ بِهَا اَوْ تَحَامُلٌ عَلَيْهِ بِمَيْلٍ اَوْ هَوًى اَوْ اَنَفَةٍ اَوْ حَمِيَّةٍ اَوْ رِيَاءٍ اَوْ عَصَبِيَّةٍ غَائِبًا كَانَ اَوْ شَاهِدًا وَّ حَيًّا كَانَ اَوْ مَيِّتًا فَقَصُرَتْ يَدِيْ وَضَاقَ وُسْعِيْ عَنْ رَدِّهَا اِلَيْهِ وَالتَّحَلُّلِ مِنْهُ فَاَسْئَلُكَ يَامَنْ يَّمْلِكُ الْحَاجَاتِ وَ هِيَ مُسْتَجِيْبَةٌ لِمَشِيَّتِهٖ وَ مُسْرِعَةٌ اِلٰى اِرَادَتِهٖ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ اَنْ تُرْضِيَهٗ عَنِّيْ بِمَا شِئْتَ وَتَهَبَ لِيْ مِنْ عِنْدِكَ رَحْمَةً اِنَّهٗ لَا تَنْقُصُكَ الْمَغْفِرَةُ وَلَا تَضُرُّكَ الْمَوْهِبَةُ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ـ اَللّٰهُمَّ اَوْلِنِيْ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ ءِ اثْنَيْنِ نِعْمَتَيْنِ مِنْكَ ثِنْتَيْنِ سَعَادَةً فِيْ اَوَّلِهٖ بِطَاعَتِكَ وَ نِعْمَةً فِيْ اٰخِرِهٖ بِمَغْفِرَتِكَ يَا مَنْ هُوَ الْاِلٰهُ وَ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ سِوَاهُ

ترجمہ: ہر طرح کی حمد اللہ کے لئے ہے جس نے آسمانوں اور زمین تخلیق کرتے وقت کسی کو گواہ نہیں بنایا اور نہ کسی کو مددگار بنایا جس وقت جاندار پیدا کئے نہ الوہیت میں اس کا کوئی شریک نہ وحدانیت میں کوئی پشت پناہ زبانیں اس کی صفتوں کے بیان کرنے سے اور عقلیں اس کی حقیقت معرفت پانے سے عاجز ہیں اور اسکی ہیبت کے سامنے بڑے بڑے سرکش سرنگوں اور چہرے اس کے خوف سے جھکے ہوئے ہیں اور اس کی عظمت کی وجہ سے ہر بڑے سے بڑا فرماں بردار پس اسی کے لئے یکے بعد دیگرے مسلسل اور لگاتار حمد ہے اور اللہ کی رحمت ہو اس کے رسول پر ہمیشہ اور ہمیشہ سلام ہو آپ پر۔ یا اللہ! میرے دن کا آغاز درستی اور درمیانی حصہ کامیابی اور آخری حصہ رستگاری بنادے اور میں ایسے دن سے تیری پناہ طلب کرتا ہوں جس کا آغاز غم درمیانی حصہ بے چینی اور آخری حصہ دکھ درد ہو۔ یا اللہ! میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں ہر مانی ہوئی نذر کے بارے میں اور ہر کئے ہوئے وعدے کے سلسلے میں اور ہر کئے ہوئے معاہدے کے لئے جسے میں پورا نہ کرسکا اور میں تجھ سے (معافی کا) سوال کرتا ہوں تیرے بندوں کے ساتھ جو ناروا سلوک مجھ

سے ہوئے تو تیرے بندوں میں سے جس بندے اور تیری کنیزوں میں سے جس کنیز پر میری طرف سے کوئی زیادتی ہوئی ہو اس پر یا اس کی آبرو پر یا اس کے مال پر یا اس کے گھر والوں یا اس کی اولاد پر یا میں نے اس غیبت کی ہو یا کسی جذبہ سے اس پر زبردستی کوئی الزام لگایا ہو یا غلط خواہش یا اپنی برتری یا اپنی شان یا ظاہرداری یا تعصب برتا ہو وہ غیر حاضر ہو یا موجود، زندہ ہو یا مردہ اب میرے ہاتھوں نے کوتاہی کی اور میری ہمت نے تنگی کی کہ اس کا حق اسے واپس کرتا اور اس سے وہ حق معاف کرا لیتا پس میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے حاجتوں کے مختار! حاجتیں تیری مشیت سے قبول ہوتی اور تیرے اشارے کے بعد فوراً بر آتی ہیں۔ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) و آل محمد پر رحمت نازل فرما اور اس شخص کو مجھ سے راضی کر دے (جس کا حق مجھ سے ضائع ہوا ہے) جیسے تیری رضا ہو اور مجھے اپنی بارگاہ سے رحمت عطا فرما بے شک مغفرت تیرے لئے کسی کمی اور بخشش تیرے لئے کسی نقصان کا باعث نہیں اے سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنے والے۔ یا اللہ! مجھے ہر دوشنبہ (پیر) کے دن اپنی طرف سے دو نعمتیں عطا فرما آغاز روز میں اطاعت و عبادت کی سعادت ملے اور آخر روز میں تیری مغفرت کا انعام اے وہ ذات جو اللہ ہے اور جس کے سوا گناہ کوئی نہیں بخشتا۔

بروز منگل

بروز منگل اس نقش کو دیکھنے والا جملہ آفتوں سے، ہر قسم کے چھوٹے یا بڑے گناہوں سے محفوظ رہیگا، اور دلی مرادیں پوری ہوں گی۔

یا نورُ النّور	یا مُنَوّرَ	النُّوْر	یا خَالِق	النُّوْر
۱و	۱۸	۱۷و	۸	وع
۳ء۵	۷	۲ء	۷	۲۷
۲۲	۲۴	۲	۲	۳ع۵
و۳	۵ہ	ع۱	۷ء	عہ
لاالہ	الااللہ	محمد	رسول	اللہ

روزانہ

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِہٖ

پاک و منزہ ہے اللہ اور میں اسی کی حمد کرتا ہوں۔ پاک ہے اللہ عظمت والا اور اسی کی حمد کرتا ہوں۔ تین مرتبہ مذکورہ تسبیح پڑھے پھر اس نقش کو دیکھے۔

۱۱۸۷	۱۱م	۱ع۱۱م	۲۲۱	۱۸۱۱۲
۱۸ع	۱۷ع۵	۱۱۵	۱۲۲۲	۲۱۲۱ع۸
۱۷۱۱	۹۱۱	۴۳۱	۱۱ع۲۷	۱۹ع
۹۱۹	۵۱۱۹	۹ی۱۱	ص۸۱	۱۱۱۹
۴۲۱۵۶	۱۱۱۱۱۱	۱۲و	۱۱۳۹	۱لا۱
۱ع۱۱	۱۲۰	۱۱۹۹	۱۱ء	۱لا

منگل کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالْحَمْدُ حَقُّہٗ کَمَا یَسْتَحِقُّہٗ حَمْدًا کَثِیْرًا وَّ اَعُوْذُبِہٖ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَۃٌ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ وَ اَعُوْذُ بِہٖ مِنْ شَرِّ الشَّیْطٰنِ الَّذِیْ یَزِیْدُنِیْ ذَنْبًا اِلٰی ذَنْبِیْ وَ اَحْتَرِزُبِہٖ مِنْ کُلِّ جَبَّارٍ فَاجِرٍ وَّ سُلْطَانٍ جَآئِرٍ وَّ عَدُوٍّ قَاہِرٍ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنْ جُنْدِکَ فَاِنَّ جُنْدَکَ ھُمُ الْغٰلِبُوْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ حِزْبِکَ فَاِنَّ حِزْبَکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ اَوْلِیَآئِکَ فَاِنَّ اَوْلِیَآئَکَ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیْ فَاِنَّہٗ عِصْمَۃُ اَمْرِیْ وَ اَصْلِحْ لِیْ اٰخِرَتِیْ فَاِنَّھَا دَارُ مَقَرِّیْ وَ اِلَیْھَا مِنْ مُّجَاوَرَۃِ اللِّئَامِ مَفَرِّیْ وَاجْعَلِ الْحَیٰوۃَ زِیَادَۃً لِّیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ وَّالْوَفَاۃَ رَاحَۃً لِّیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَتَمَامِ عِدَّۃِ الْمُرْسَلِیْنَ وَ عَلٰٓی اٰلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَ اَصْحَابِہِ الْمُنْتَجَبِیْنَ وَ ھَبْ لِیْ فِی الثَّلَاثَآءِ ثَلٰثًا لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا غَمًّا اِلَّا اَذْھَبْتَہٗ وَلَا عَدُوًّا اِلَّا دَفَعْتَہٗ بِبِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ اَسْتَدْفِعُ کُلَّ مَکْرُوْہٍ اَوَّلُہٗ سَخَطُہٗ وَاَسْتَجْلِبُ کُلَّ مَحْبُوْبٍ اَوَّلُہٗ رِضَاہُ فَاخْتِمْ لِیْ مِنْکَ بِالْغُفْرَانِ یَا وَلِیَّ الْاِحْسَانِ

ترجمہ: حمد صرف اللہ کے لئے ہے اور حمد اللہ کا حق ہے اس طرح کی حمد بے حساب جس کا وہ حقدار ہے اور اللہ سے اپنے نفس کے شر کے بارے میں پناہ مانگتا ہوں یقیناً نفس بدی پر زیادہ آمادہ کرنے والا ہے سوائے اس کے کہ میرا پروردگار رحم کرے اور اسی کی پناہ مانگتا ہوں اس شیطان کے شر سے جو میرے گناہ میں مجھ سے اضافہ کراتا ہے اور میں اللہ کی مدد سے بچوں گا ہر سرکش بدکار اور ظالم سلطان اور زبردست دشمن سے۔ یا اللہ! مجھے اپنے لشکر میں شمار کر کیونکہ تیرا لشکر ہی غالب ہے اور مجھے اپنی جماعت میں شمار کر کہ تیری جماعت ہی فلاح پائے گی اور مجھے اپنے دوستوں میں شمار فرما کہ تیرے ہی دوست وہ ہیں جنہیں نہ خوف ہوگا اور نہ کوئی غم ہوگا۔ یا اللہ! میرے لئے میرے دین کو درست رکھنا کیونکہ وہی میری (زندگی کے عمل) محنت کا ثمر ہے اور میری آخرت کو میرے لئے سنوار دے کہ وہ میری قیامگاہ ہے اور ذلیلوں کی ہم نشینی (اور پڑوس) سے بھاگ کر وہیں جانا ہے اور میری زندگی کو نیکیوں میں اضافہ کا ذریعہ اور موت کو ہر برائی سے بچنے کا وسیلہ بنا۔ یا اللہ! آخری نبی اور

☆ حاجی نیوز ایجنسی۔ پتوکی ☆ اتفاق نیوز ایجنسی۔ چونیاں ☆ پاکستان بک سنٹر۔ نزد حبیب بنک۔ چونیاں

Scanned with CamScanner

تعداد مرسلین ؑ کو مکمل کرنے والے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور آپ کی پاک و پاکیزہ آلؑ پر اور آپ کے منتخب صحابہ پر رحمت نازل فرما اور مجھے منگل (سہ شنبہ) کے دن تین انعام مرحمت فرما میرا کوئی گناہ بے مغفرت نہ چھوڑ اور کوئی غم ایسا نہ ہو جسے تو نے دور نہ کر دیا ہو اور کوئی دشمن ایسا نہ ہو جسے دفع نہ کر دیا ہو اس بسم اللہ کی برکت سے جو تمام اسماء حسنٰی میں اچھا نام ہے۔ اس اللہ کے نام سے جو زمین وآسمان کا پروردگار ہے میں تجھ سے ہر اس برائی کو دور کرنے کی دعا کرتا ہوں جس کے آغاز میں تیرا غضب ہو اور میں ہر اس دلپسند بات کو حاصل کرنا چاہتا ہوں جس کے آغاز میں تیری رضا ہو اپنی بارگاہ سے میرا خاتمہ بخشش سے فرما اے احسان کے والی۔

بروز بدھ

جو شخص اس نقش کو بروز بدھ دیکھے تو خداوند عالم اسکو جملہ آفات سے محفوظ فرمائیگا، شرعی وجائز حاجات کو پورا کریگا، لوگوں کی نظر میں محترم بنائے گا۔

یَا اَللّٰہُ	یَا فَتَّاحُ	یَا اَللّٰہُ	یَا قُدُّوْسُ	یَا رَزَّاقُ
۱	۱۸۱	۸۱۸۸	۱۱۸	۸ و
و	۱۸	۷	۳	۳
ع	ع	۲۱	۲۸۲	۳
۱۳	عہ	ع	عہ	۵۲۵
۱	۸۱	۱۱	۲۸	۳

روزانہ

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِہٖ

پاک ومنزہ ہے اللہ اور میں اسی کی حمد کرتا ہوں۔ پاک ہے اللہ عظمت والا اور اسی کی حمد کرتا ہوں۔ تین مرتبہ مذکورہ تسبیح پڑھے پھر اس نقش کو دیکھے۔

۷۱۱۸	۴۱۱	۴۱۱ع۱	۲۲۱	۱۸۱۱۲
ع۱۸	۵ع۷۱	۱۱۵	۱۲۲۲	۲۱۲۱ع۸
۱۷۱۱	۹۱۱	۴۳۱	۷۲ع۱۱	۱۹ع
۹۱۹	۵۱۱۹	۹ی۱۱	۸۱ص	۱۱۱۹
۴۲۱۵۶	۱۱۱۱۱۱	۱۲و	۱۱۳۹	۱لا۱
۱ع۱۱	۱۲۰	۱۱۹۹	۱۱۰	۱لا

بُدھ کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَ الَّیْلَ لِبَاسًا وَّ النَّوْمَ سُبَاتًا وَّ جَعَلَ النَّھَارَ نُشُوْرًا لَکَ الْحَمْدُ اَنْ بَعَثْتَنِیْ مِنْ مَّرْقَدِیْ وَلَوْ شِئْتَ جَعَلْتَہٗ سَرْمَدًا حَمْدًا دَآئِمًا لَا یَنْقَطِعُ اَبَدًا وَ لَا یُحْصِیْ لَہُ الْخَلَآئِقُ عَدَدًا اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ اَنْ خَلَقْتَ فَسَوَّیْتَ وَ قَدَّرْتَ وَ قَضَیْتَ وَ اَمَتَّ وَ اَحْیَیْتَ وَ اَمْرَضْتَ وَ شَفَیْتَ وَ عَافَیْتَ وَ اَبْلَیْتَ وَعَلَی الْعَرْشِ اسْتَوَیْتَ وَعَلَی الْمُلْکِ احْتَوَیْتَ اَدْعُوْکَ دُعَآءَ مَنْ ضَعُفَتْ وَ سِیْلَتُہٗ وَانْقَطَعَتْ حِیْلَتُہٗ وَاقْتَرَبَ اَجَلُہٗ وَتَدَانٰی فِی الدُّنْیَآ اَمَلُہٗ وَاشْتَدَّتْ اِلٰی رَحْمَتِکَ فَاقَتُہٗ وَ عَظُمَتْ لِتَفْرِیْطِہٖ حَسْرَتُہٗ وَ کَثُرَتْ زَلَّتُہٗ وَ عَثْرَتُہٗ وَ خَلُصَتْ لِوَجْھِکَ تَوْبَتُہٗ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَعَلٰی اَھْلِ بَیْتِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ وَارْزُقْنِیْ شَفَاعَۃَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ وَلَا تَحْرِمْنِیْ صُحْبَتَہٗ اِنَّکَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔ اَللّٰھُمَّ اقْضِ لِیْ فِی الْاَرْبَعَآءِ اَرْبَعًا اِجْعَلْ قُوَّتِیْ فِیْ طَاعَتِکَ وَ نَشَاطِیْ فِیْ عِبَادَتِکَ وَرَغْبَتِیْ فِیْ ثَوَابِکَ وَ زُھْدِیْ فِیْمَا یُوْجِبُ لِیْ اَلِیْمَ عِقَابِکَ اِنَّکَ لَطِیْفٌ" لِمَا تَشَآءُ

ترجمہ: اللہ کی کامل ومکمل حمد جس نے رات کو ڈھانپنے اور نیند کو آرام دینے والا بنایا اور دن اٹھنے اور چلنے پھرنے کے لئے۔ تیری حمد کہ تو نے مجھے خوابگاہ سے اٹھایا اور اگر تو چاہتا تو اس جگہ کو میرے لئے دائمی بنا دیتا ایسی دائمی حمد جو ابد تک ختم نہ ہو اور مخلوقات اس کی تعداد کا شمار نہ کر سکے۔ یا اللہ! تیری حمد تو نے خلق کیا اور معتدل اندازہ فرمایا اور آخری فیصلہ کیا، موت بخشی، زندگی دی، بیماری اور شفا دی تندرست بھی رکھا اور جلا بھی کیا تو عرش پر غالب اور ملک کا مالک ہے۔ میں تجھے اس شخص کی طرح پکار رہا ہوں جس کا سہارا کمزور، تدبیر منقطع موت قریب اور دنیا میں امیدیں ختم ہو رہی ہوں اور تیری رحمت کی ضرورت شدت سے محسوس کر رہا ہوں اور اس کی غفلتوں کی بنا پر حسرت بڑھ گئی ہو اور لغزشیں اور ٹھوکریں بڑھ گئی ہوں اور اس نے پورے خلوص کے ساتھ تیری بارگاہ میں توبہ پیش کی ہو رحمت نازل فرما محمد مصطفیٰ خاتم النبیین (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور ان کے معصوم و پاک اہل بیت پر اور مجھے شفاعت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ (وسلم) نصیب فرما اور مجھے ان کی صحبت سے محروم نہ رکھنا یقیناً تو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ یا اللہ بدھ (چہار شنبہ) کے روز میری چار تمنائیں پوری فرما دے تیری فرماں برداری کے لئے قوت ملے، تیری عبادت کے لئے امنگ اور (حصول) ثواب کے لئے شوق اور جن چیزوں سے تیرے دردناک عذاب کا سزاوار قرار پاؤں مجھے ان سے دور رکھ یقیناً جس پر تو چاہے لطف وکرم کر سکتا ہے۔

ہر پریشانی اور مشکل میں پڑھنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَنْ تُنَجِّیَنِیْ مِنْ ھٰذَا الْغَمِّ ۔

ترجمہ: یا اللہ! میں تجھ سے محمدؐ اور آل محمدؐ کے حق کا واسطہ دے کر دعا کرتا ہوں کہ محمدؐ اور آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور مجھے اس غم سے نجات عطا کر۔

☆ الہلال نیوز ایجنسی۔ رجانہ منڈی۔ فیصل آباد　☆ زبیر بک سٹال۔ ماموں کانجن　☆ مدینہ بک سٹال۔ ریلوے روڈ۔ چتوکی

Scanned with CamScanner

کیا امریکہ کی بربادی کا وقت آپہنچا ہے؟

ظفر حسین بھٹی: ایڈیشنل ڈسٹرکٹ و سیشن جج

11 ستمبر کے مشہور زمانہ واقع کے بعد واقعات اس تیزی سے وقوع پذیر ہو رہے ہیں کہ ہر لمحہ نئے سے نئے نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ ماہ اگست 2003ء میں راقم کی ایک نشست منجم اعظم جناب انتظار حسین زنجانی کے دفتر میں اس وقت ہوئی جب انسانیت عالم وقت کے شیطان اعظم کے ہاتھوں ایسے ایسے مظالم سے روشناس ہو رہی تھی۔ جس کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔ اس گفتگو کو برخوردار شہزادہ سید مصور علی زنجانی نے ستمبر 2003 کے شمارہ میں آئینہ قسمت میں سپرد قلم کیا۔ آج چار سال گزرنے کے بعد اس گفتگو کے دوران اقلیم امامت کے چھٹے تاجدار امام جعفر صادقؑ کے بیان کردہ فرامین پر ایک بار پھر نظر ڈالنے کا موقع ملا تو کچھ عزیزہ عقدے وا ہوئے خاص طور پر اس وقت تو میں اذیت ناک پریشانی کے سمندر میں ڈوب گیا۔ جب نام نہاد سپر پاور امریکہ کے ایک بدطینت امیدوار صدارت کا یہ بیان پڑھا کے مسلمانوں کے مقدس مراکز مکہ اور مدینہ پر حملہ کر کے بزور طاقت قبضہ کر لینا چاہئے اور ان مقامات پر منعقد ہونے والے اجتماعات پر پابندی عائد کر دینی چاہیے۔ ایسے مکروہ عزائم یقیناً پر مذمت ہیں لیکن اس سے ایک حوصلہ افزا سوال پیدا ہوا کہ کیا ایسے اقدامات ظلم و بربریت کی چکی میں پسنے والے مظلوم انسانوں کے نجات دہندہ امام مہدیؑ کے ظہور پرنور کا پیش خیمہ تو نہیں ہیں جس کے ہاتھوں پر ظالم اور سفاک طاقت بشمول امریکہ کی بربادی کا تب تقدیر نے لکھ چھوڑی ہے اور جس پاک امامؑ نے بقول آئمہ معصومینؑ دنیا کو عدل وانصاف سے بھر دینا ہے۔ یورپ اور امریکہ کے ناپاک عزائم کو سامنے رکھیں اور عراق میں اب تک پیش آنے والے واقعات کو پس منظر میں رکھتے ہوئے امام علیؑ اور امام جعفر صادقؑ کی اپنے اپنے دور میں کی گئی پیش گوئیوں کی روشنی میں خود اندازہ کریں کہ ہم میں سے کون خوش قسمت ہوگا۔ جو اپنی زندگی میں امامؑ زمانہ کی نہ صرف زیارت سے ظرف یاب ہوگا بلکہ شیطان اعظم امریکہ کی بربادی بھی خود اپنی آنکھوں سے ملاحظہ کرے گا۔

امیر المومنین حضرت علیؑ ابن ابی طالب کی پیش گوئی بارھویں آقا کی آمد کے بارے میں: خطبہ افتخار یہ امام علی علیہ السلام کا ایک مشہور و معروف خطبہ ہے جو آپ نے اپنی حیات اقدس کے آخری دور میں ارشاد فرمایا۔ آج کے حالات دیکھئے اور اس خطبہ کے ایک ایک لفظ پر غور فرمائیے۔

(''میں عنقریب دنیا سے کوچ کرنے والا ہوں پس تم اُموی فتنہ اور حکومت کسریٰ کے منتظر رہو۔ اس کے بعد بنی عباس کی حکومت ہوگی جو خوف و ہراس ساتھ لائے گی اور ایک شہر بنایا جائے گا جس کا نام زوراء (بغداد) ہوگا جو دجلہ و فرات کے درمیان آباد کیا جائے گا۔ اسی مقام سے جابروں (صدام جیسے ظالموں) کی طینت نکلے گی اس میں قصر بلند کئے جائیں گے اور پردے لٹکائے جائیں گے اور لوگ مکر و فجور کے ساتھ عمل کریں گے۔ اس کے بعد فتنہ سرخ و سیاہ (یعنی قتل و غارت لہو میں نہلانے والی گولیوں اور سیاہ دھواں اگلتے ہوئے بموں سے) واقع ہونگے۔

میرے بارھویں قائم کے ظہور میں علامتیں ہیں!

۱۔ کوفہ کے کوچہ و بازار میں فوجوں کا دندناتے پھرنا۔
۲۔ مساجد کا نمازوں سے معطل رہنا۔
۳۔ حج کا منقطع ہونا۔
۴۔ خراسان میں زمین کا دھنس جانا۔
۵۔ دمدار ستاروں کا طلوع ہونا۔
۶۔ سیاروں کا قران۔
۷۔ نظام درہم برہم اور ہر طرف بگاڑ ہی بگاڑ نظر آنا۔
۸۔ معاشرے کا فساد اور بدامنی سے بھر جانا۔
۹۔ قتل و غارت کا بازار گرم ہونا۔
۱۰۔ لوٹ مار کا دور دورہ۔

امام جعفرؑ صادق کے اقوال بارھویں آقا کے ظہور کے بارے میں:

سیرت چہاردہ معصومینؑ پر معرکتہ الآراء تصنیف۔ ''الدمعۃ الساکبہ'' مولف: آقائے محمد باقر دہدشتی بہبانی نجفی۔ کے صفحہ نمبر 604 پر منقول ہے کہ ایک دفعہ کوفہ کے اکابرین کا ایک وفد امام معصومؑ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ آپؑ کے مشہور صحابی جناب سدیرؒ روایت کرتے ہیں کہ اس مجلس

فرنٹیئر بک ایجنسی غازی ہزارہ (سرحد) ☆عارف بک سٹال۔ جناح مارکیٹ سمندری ☆مسلم بک سٹال۔ جڑانوالہ

Scanned with CamScanner

میں، میں خود بھی موجود تھا۔عراق کے وفد سے دوران گفتگو امام برحقؑ نے قائم آل محمدؐ کے ظہور سے قبل عراق میں برباد ہونے والے واقعات پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا:۔

''اے اہل عراق! ایک وقت آئے گا جب حج ممنوع ہو جائے گا۔صحرائے عرب میں کفر پر پابندی لگ جائے گی۔نخل اور دریاؤں کے درمیان سرزمین عراق پر بنائی گئی مسجد گرادی جائے گی۔مقام زوراء (بغداد) کا وہ درخت کاٹ دیا جائے گا جس سے جناب مریمؑ کو ولادت عیسیٰؑ کے بعد بے موسم کھجوریں ملی تھیں۔اور یہی وہ وقت ہوگا جب حج کرنے پر پابندی عائد کردی جائے گی۔درختوں پر پھل نہیں لگیں گے۔قیمتوں میں ناقابل برداشت اضافہ کے سبب لوگ ایک دوسرے کو قتل کرنے لگیں گے۔ہر طرف قحط کا سماں ہوگا۔حکمران انتہائی ظالم ہونگے ایک طرف مصائب ہونگے' قحط ہوگا' بھوک ہوگی اور دوسری طرف عیش وعشرت ہوگی اور موج میلے ہونگے۔بغاوتیں ہونگی' فتنے ہونگے......امامؑ نے کچھ توقف فرمایا اور عراق میں بس جانے والی نسلوں کو متنبہ کرتے ہوئے واضح کیا:

(1) اے اہلِ عراق! جب خراسان کی طرف سے جھنڈے آئیں گے تو تمہارے اوپر برا وقت ہوگا (واضح رہے کہ خراسان ایران کا صوبہ ہے اس وقت امریکہ خود عراق پر پنجے گاڑے بیٹھا ہے اور وہیں سے ایران پر حملہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔)

(2) اے اہلِ رَے! جب ترک حملہ کریں گے تو بہت بربادی ہوگی۔(رَے ایران کے علاقہ میں ہے جبکہ ترک سے مراد اہل یورپ ہیں کیونکہ اس وقت ترک ادم یعنی موجودہ یورپ کا حصہ تھا)

(3) اے اہلِ عراق! جب اہل رے کا حملہ ہوگا تو تم ذلیل ہو جاؤ گے۔

(4) اے اہلِ عراق! شط العرب تمہیں لے ڈوبے گی (یعنی تمہارے لیے بہت پریشانی کا باعث بنے گی۔شط العرب ایران اور گلف ریاستوں کے درمیان وہ بحری علاقہ ہے جہاں سے پوری دنیا بشمول یورپ اور امریکہ کو تیل کی سپلائی ہر وقت جاری رہتی ہے اور اسی تیل کی مدد سے ان کے کارخانے چلتے ہیں۔ان ممالک سے نکلنے والا تیل اور شط العرب سے اس کی جاری رہنے والی سپلائی اور اسی سے وابستہ استعماری طاقتوں کے مفادات سے ہی اس پورے خطہ ارض کے عوام کو تباہ برباد کر کے رکھ دیا ہے۔) محفل میں یہ باتیں سن کر ایک بار سناٹا چھا گیا۔سدیرؒ روایت کرتے ہیں کہ میں نے سکوت کو توڑتے ہوئے دست بستہ عرض کی مولا یہ کون لوگ ہونگے جو عراق کی سلطنت کا یہ حال کردیں گے اور پھر ایران جیسے برادر ملک کو عراق کی جانب پیش قدمی کرنے پر مجبور کردیں گے اور سارے علاقہ کا امن وسکون غارت کردیں گے۔امام نے وضاحت فرمائی۔

''اے سدیرؒ! یہ وہ لوگ ہونگے جن کے کان بظاہر نوکیلے ہونگے۔ان کی وردیاں زرد ہونگی۔لوہے میں ڈھکے ہونگے۔ان کی زبان جنوں جیسی ہوگی آنکھیں چھوٹی ہونگی۔سب مدہوش ہونگے'' ۔(قارئین انیٹو افواج اور خاص طور پر حملہ آور امریکی افواج کی سج دھج، وردی کی وضع قطع، بولی جانے والی زبان اور انکی ہر وقت شراب کے نشہ میں دھت رہنے کی عادت کو دیکھیں اور امامؑ کی زبان مبارک سے نکلی ہوئی نشانیوں پر خود غور فرمائیں۔اپنی بات جاری رکھتے ہوئے امامؑ نے آخر پر فرمایا:'' **ایسی شیطانی مخلوق سے ہر شخص کو اللہ کی پناہ مانگنی چاہیے۔ان لوگوں کے ہاتھوں بہت بے گناہ قتل ہونگے۔اور یہی بربادی اور قتل وغارت ہمارے قائم کے ظہور کا سبب بنے گی''**۔

موجودہ دور کی سفاک ترین قوم امریکی اپنی بے پناہ عسکری طاقت کے بل بوتے پر پوری دنیا کے امن وسکون کو تباہ و برباد کرچکے ہیں۔عراق اور افغانستان کی اینٹ سے اینٹ بجادی گئی ہے۔مسلم ممالک خاص طور پر ان کیلئے مشق ستم بنے ہوئے ہیں۔ہادی دوراں بارہویں آقا اور بنی نوع انسان کے نجات دہندہ کے پردہ غیب سے ظاہر ہونے کی نشانیاں ایک ایک کر کے منظر عام پر آرہی ہیں۔آئمہ معصومین علیہ السلام کے بے شمار اقوال متعدد کتب تاریخ میں ملتے ہیں۔جس سے واضح ہوتا ہے کہ تاریخ انسانی کا سب سے پرامن، اطمینان بخش اور عدل وانصاف سے لبریز دور وہ ہوگا جب قائم آل محمدؐ ظہور کریں گے۔

یا صاحب الزمانؑ ہر دم ہووی امان
اے امین ذوالفقار العجل العجل
کر تیغ بے نیام آقا گھن انتقام
ویڑھا وسا سخیؑ خوشیاں تکھا سخیؑ

کیا ہم اتنے خوش قسمت ہیں کہ امام معصومؑ قائم آل محمدؐ کے پاک و پاکیزہ دور کا اپنی آنکھوں سے نظارہ کرسکیں؟ کیا امریکی استعمار کے شکنجے میں جکڑی اور ظلم و بربریت سے کراہتی انسانیت نجات پانے کو ہے اور کیا مہدی برحقؑ کے روپ میں ظاہر ہونے والے موسیٰؑ کے ہاتھوں موجودہ زمانے کے فراعین کی نحوست وتکبر کے بُت پاش پاش ہوکر غرقاب ہونے کا وقت آپہنچا ہے؟

یا ولی العالمین العجل العجل
یا امام المنتظر العجل العجل
یا صاحب الزمان العجل العجل
یا وارث دستار جد العجل العجل

☆وارث علی نیوز ایجنسی۔شاہ کوٹ ☆امتیاز نیوز ایجنسی۔تاندلیانوالہ ☆حیدر سنز۔بھوانہ بازار۔فیصل آباد

Scanned with CamScanner

دُنیا میرے آگے

تحقیق: صمصام الدین (امریکہ)

انٹرنیٹ سائنسی ترقی سے آج تمام دنیا ہمارے سامنے ایک کتاب میں موجود ہے کوئی بھی باشعور انسان توجہ سے عالم انسانی پر غور کرے تو اسے اندازہ ہو جائے گا کہ دنیا بھر میں انسانی وسائل کیا ہیں اور کن کن خطوں کے انسان اپنے ان وسائل کو کتنا اور کس حساب سے استعمال کر رہے ہیں پھر اسی طرح معلوم ہو جائیگا کہ جہاں جہاں جدید ترقی ہوئی اور جہاں جہاں ترقی ہوئی اور جہاں جہاں قدیم حوالوں پر انحصار جاری ہے ان خطوں کی ایسی صلاحیتوں کے فرق کے علاوہ ایسا فرق بھی پایا جاتا ہے جس میں بعض فطری کمزوریاں نمایاں ہو رہی ہیں۔ جو سائنسی ترقی کی اہلیت حاصل ہونے کے باوجود ان خطوں کو دیگر ترقی یافتہ خطوں کے برابر لانے میں بہت بڑی رکاوٹ ہیں۔ ہر ملک کے لوگ یا پھر پاکستانی اکثر بسلسلہ روزگار بیرون ملک جانے کے خواہاں ہوتے ہیں تو انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ عالمی معیشت کس طرف جا رہی ہے۔ کہاں دکھ اور کہاں سکھ ہیں۔ (1) فی کس سالانہ آمدنی: مجموعی قومی پیداوار بتقسیم آبادی ہے۔ (2) فی کس سالانہ آمدنی بلحاظ قوت خرید: اس میں حکومتی آسانیاں یعنی لبی سہولیات جو کہ بعض ممالک میں مفت ہیں۔ ٹرینوں بسوں وغیرہ کے حکومتی نظام سے چلنے والے ادارے جو برائے منافع نہیں و دیگر سہولیات کو ٹیکس اور مہنگائی کی کمی یا زیادتی کے حساب سے لیا گیا ہے۔ (3) اقوام متحدہ میں **189** ممالک ہیں لیکن بعض ممالک اقوام متحدہ کے رکن نہیں اور وہ کسی دوسرے ملک کا حصہ ہیں تاہم ان کی حکومتیں آزاد ہیں اور مرکز کو کسی قسم کا ٹیکس ادا نہیں کرتیں۔ کردستان اگرچہ آزاد ملک نہیں لیکن اس کی حکومت آزاد ہے اور وہاں کوئی جنگ نہیں ہو رہی۔ اس کی آبادی عراقی آبادی کی **23%** ہے۔ عراقی حکومت کردستان کو پٹرول کی کمائی کا **1/5** حصہ دیتی ہے جبکہ کردستان فی الحال حکومت کو کسی قسم کا ٹیکس ادا نہیں کرتا جبکہ کردستان میں فوج اور پولیس کردستان کی اپنی ہے۔

عالمی معلومات

شمار بلحاظ امارت	ملک	فی کس سالانہ آمدنی ڈالروں میں	فی کس سالانہ آمدنی بلحاظ قوت خرید وغیرہ ڈالروں میں	آبادی	شمار بلحاظ آبادی	شمار بلحاظ امارت	ملک	فی کس سالانہ آمدنی ڈالروں میں	فی کس سالانہ آمدنی بلحاظ قوت خرید وغیرہ ڈالروں میں	آبادی	شمار بلحاظ آبادی
1	لکسمبرگ	89ہزار	85ہزار	467ہزار	167	13	پرتگال	19,614	28ہزار	106لاکھ	76
2	ناروے	65ہزار	45ہزار	48لاکھ	114	14	اسرائیل	19,514	34ہزار	72لاکھ	96
3	آئرلینڈ	51,700	42ہزار	43لاکھ	121	15	قبرص	19,200	32ہزار	81لاکھ	154
4	آئس لینڈ	50,912	41ہزار	311ہزار	172	16	جنوبی کوریا	18,500	26ہزار	48ملین	26
5	سوئٹزرلینڈ	50,600	39ہزار	75لاکھ	95	17	متحدہ عرب امارات	19,000	29ہزار	44لاکھ	119
6	قطر	50,491	38ہزار	841ہزار	155	18	بہاماس	18,819	33ہزار	3,31000	171
7	ڈنمارک	49,590	38ہزار	56لاکھ	108	19	سلووینیا	18,490	24ہزار	20لاکھ	143
8	ریاستہائے متحدہ امریکہ	45,000	45ہزار	30 کروڑ	3	20	بحرین	17,150	26ہزار	7لاکھ	158
9	سویڈن	44,000	40ہزار	91لاکھ	88	21	تائیوان	15,519	33ہزار	23ملین	49
10	ہالینڈ	43,000	40ہزار	16 ملین	61	22	مالٹا	14,950	21ہزار	4,58,000	169
11	برطانیہ	39,100	37ہزار	6 کروڑ	22	23	ترینی ڈاڈ و ٹوباگو	14,936	19ہزار	13لاکھ	149
12	فن لینڈ	38,987	37ہزار	53لاکھ	111	24	اومان	13,870	19ہزار	26لاکھ	139

☆ ظفر بک سٹال۔شیخوپورہ ☆ سادات بک ڈپو۔برج اٹاری۔شیخوپورہ ☆ کالج بک ڈپو۔ٹوپی (صوابی)

شمار بلحاظ امارت	ملک	فی کس سالانہ آمدنی ڈالروں میں	فی کس سالانہ آمدنی بلحاظ قوت خرید وغیرہ ڈالروں میں	آبادی	شمار بلحاظ آبادی
149	مالی	480	29سو	12ملین	71
150	تاجکستان	423	25سو	67لاکھ	99
151	بےلیس	4225	13ہزار	3لاکھ	175
152	برکینہ فاسو	403	24سو	15ملین	63
153	زمبابوے	375	23سو	14ملین	68
154	موزنبیق	355	22سو	21ملین	52
155	گنی	354	22سو	94لاکھ	87
156	ٹوگو	335	21سو	66لاکھ	100
157	افغانستان	309	2ہزار	27ملین	45
158	مشرقی تیمور	308	2ہزار	12لاکھ	152
159	چین	302	2ہزار	132کروڑ	1
160	یوگنڈا	302	2ہزار	31ملین	38
161	گیمبیا	299	2ہزار	17لاکھ	146
162	نیپال	285	19سو	28ملین	40
163	مڈغاسکر	279	19سو	19ملین	55
164	روانڈہ	256	18سو	97لاکھ	83
165	نائیجر	249	18سو	14ملین	65
166	کانگو جمہوریہ	246	18سو	62ملین	21
167	سوازی لینڈ	232	17سو	11لاکھ	153
168	کانگو	227	17سو	37لاکھ	128
169	اری ٹری یا	224	17سو	48لاکھ	113

شمار بلحاظ امارت	ملک	فی کس سالانہ آمدنی ڈالروں میں	فی کس سالانہ آمدنی بلحاظ قوت خرید وغیرہ ڈالروں میں	آبادی	شمار بلحاظ آبادی
170	پالاء	190	15سو		
171	سینیگال	180	14سو	12ملین	70
172	گنی بساء	179	14سو	17لاکھ	147
173	حبشہ۔ ایتھی اوپیا	176	14سو	77ملین	15
174	استوائی گنی	171	13سو	5 لاکھ	164
175	لائبیریا	168	13سو	37لاکھ	129
176	ملاوی	160	12سو	14ملین	66
177	برونڈی	92	8سو	85لاکھ	91
178	تنزانیہ	316	2ہزار	40ملین	30
179	برما۔ میانمار	نامعلوم	3ہزار	49ملین	24
180	عراق	نامعلوم		3 کروڑ	39
181	کردستان۔ عراق	4,000	9ہزار	80لاکھ	
182	شمالی کوریا	2,000	9ہزار	24ملین	47
183	انگولا	نامعلوم	2ہزار	17ملین	59
184	کوبا	نامعلوم	9ہزار	11ملین	73
185	صومالیہ	نامعلوم	15سو	87لاکھ	90
186	پیراگوائے	نامعلوم	7ہزار	61لاکھ	103
187	سی ایرائیون	246	18سو	58لاکھ	105
188	مرکزی افریقہ، جمہوریہ	نامعلوم	16سو	43لاکھ	120
189	لٹویا	نامعلوم	17ہزار	22لاکھ	140
190	بوستوانہ	549	33سو	19لاکھ	145

دعا کی استجابت کے اوقات

فرمان معصومین ہے کہ درج ذیل اوقات میں دعائیں جلد قبول ہوتی ہیں:

1۔ قرآن مجید کی تلاوت کے بعد
2۔ اذان کے بعد
3۔ بارش کے وقت
4۔ دو نمازوں کے درمیان
5۔ مظلوم کو سہارا دیتے وقت
6۔ نماز جمعہ کے وقت
7۔ ظہر کی نماز کے وقت
8۔ وقت سحر سے طلوع شمس کے درمیان کے وقت

نوٹ: فرمان معصومین ہے کہ سحر سے طلوع شمس کے درمیان کے وقت جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔ رزق تقسیم ہوتا ہے اور بڑی سے بڑی حاجت قبول ہوتی ہے۔

مسافرخانہ امام رضا علیہ السلام

مستقبل قریب میں ایران، شام، عراق کے مقدس مقامات کی زیارات کا شرف حاصل کرنیوالے زائرین رہائش، سکیورٹی اور ٹرانسپورٹ کوئٹہ میں قیام کے دوران مسافرخانہ امام رضا علیہ السلام سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ مخیر حضرات سے التماس ہے کہ وہ مسافرخانہ امام رضاؑ کی تعمیر کیلئے **دل کھول کر عطیات** ارسال کریں تاکہ مسافرخانہ کی **تعمیر جلد از جلد ممکن** ہو سکے۔ فون **081-660808**
0300-3841099
رابطہ قیام و عطیات کیلئے : سید افتخار حسین جعفری عزا خانہ گلستان زہرا **20-A** گلستان ٹاؤن میجر علی شہید روڈ۔ کوئٹہ کینٹ

Scanned with CamScanner

طب معصومینؑ

ڈاکٹر منیر

طب معصومینؑ میں سے انتخاب آپ کی خدمت میں مسلسل پیش کرنے کا قصد کیا ہے۔ (انشاء اللہ) ایسے نسخہ جات جو کہ کتب اہل بیت قم جمہوری اسلامی ایران میں مکمل تحقیق و تکمیل کی منزلوں کو طے کرنے کے بعد عوام الناس کے استفادہ کے لئے پیش کئے گئے ان میں سے انتخاب ہر ماہ آپ کی خدمت میں پیش کیا جاتا رہے گا۔ مشکل یہ ہے کہ دواؤں کے پاکستانی یا اردو نام ڈھونڈنا مشکل کام ہے طب معصومین میں اس بات کا مکمل خیال رکھا گیا ہے کہ دو روپے کی دوا شاید لاکھوں روپے کی دوا کے ہم پلہ ہو بلکہ اس سے بھی موثر ہو۔ انتخاب پیش خدمت ہے۔

《یرقان》

نسخہ نمبر 1: پیپل کے پتے پانچ عدد، لسوڑے کے پتے پانچ عدد سردائی کی طرح پانی میں گھوٹ کر اور قدرے نمک ملا کر علی الصبح پلایا کریں یہ بلا قیمت معصومینؑ کا تحفہ یرقان کے قیمتی نسخوں سے زیادہ مفید ہے۔

نسخہ نمبر 2: راج ابیض (پھٹکڑی خام) ڈیڑھ تولہ باریک پیس کر اکیس پڑیا بنالیں اور ہر روز ایک ایک پڑیا مکھن میں رکھ کر کھلایا کریں پرانے سے پرانا یرقان بھی اس دوا سے بفضلہ دور ہو جائے گا۔

نسخہ نمبر 3: پھٹکڑی سفید عمدہ قسم لے کر بریان کریں اور باریک پیس کر پڑیا باندھ لیں اگر یرقان کو ایک مہینہ سے زیادہ ہو چکا ہے تو پہلے دن ایک چٹکی دوسرے دن دو اور تیسرے دن تین چٹکی اور پھر ہمیشہ تین تین چٹکی کھلا کر اوپر سے دہی کا پیالا پلا دیں۔ انشاءاللہ صرف سات یوم میں پرانے سے پرانا مرض بالکل ختم ہو جائیگا۔

نسخہ نمبر 4: بیخ احمر (رت ڈہی بوٹی) جس کے پتے بردار اور پھول زرد ہوتے ہیں اور جڑ بالکل سرخ ہوتی ہے۔ جس کو اونٹ کثرت سے کھاتا ہے بقدر دو تولہ جڑ سمیت گھوٹ کر مصری ملا کر پلائیں پرانے سے پرانا یرقان صرف تین دن میں ختم ہو جائے گا۔ خالص طب معصومین سے انتخاب۔

《جوشاندہ جات》

جوشاندہ نمبر 1: ہائی بلڈ پریشر کو فوری اعتدال پر لاتا ہے۔
گل سرخ، بادرنجبویہ، گل نیلوفر، تخم بارتنگ، تخم خیارین، تخم کاہو سب 5،5 گرام گلاس صبح شام قبل از غذا استعمال کریں۔

جوشاندہ نمبر 2: برائے رجع المفاصل (جوڑوں کا درد)
سورنجان شریں 3 گرام، چوب چینی نیم کوفتہ 3 گرام، تخم خربوزہ 3 گرام تخم خیارین نیم کوفتہ 3 گرام، اسگند نیم کوفتہ 3 گرام، عنب الثعلب 3 گرام تخم کرفس 3 گرام، پوست بلیلہ زرد 3 گرام، زنجبیل نیم کوفتہ 3 گرام حسب معمول جوشاندہ بنا کر بقدر ضرورت مند شامل کر کے استعمال کریں۔

جوشاندہ نمبر 3: برائے ورم رحم، سیلاق الرحم
عنب الثعلب، پرسیاؤشان، بیخ اذخر، بیخ کاسنی، بادیان، خارخسک ہر ایک 5،5 گرام جوشاندہ بنا کر بقدر ضرورت قند شامل کر کے صبح شام قبل از غذا استعمال کریں۔

جوشاندہ نمبر 4: برائے خسرہ، نزلہ و بخار
عناب ولایتی 5 عدد، مویز منقی 7 عدد، خاکسی 6 گرام، برگ گاؤزبان 3 گرام سب معمول جوشاندہ بنا کر استعمال کریں۔

جوشاندہ نمبر 5: مدر حیض
ابہل 4 گرام، مرکی 3 گرام، پرسیاؤشان 4 گرام، بیخ بادیان 4 گرام، عنب الثعلب 4 گرام، تخم گزر 3 گرام، پوست املتاس 5 گرام حسب معمول صبح و شام جوشاندہ پلائیں۔

جوشاندہ نمبر 6: جوشاندہ مصفی خون
جرائتہ تلخ 4 گرام، شاہترۃ 4 گرام، عناب 5 عدد، گل منڈی 4 گرام، سرپھوکہ 4 گرام، گل نیلوفر 4 گرام، بلیلہ سیاہ 6 گرام، نیم کوفتہ حسب معمول جوشاندہ یا خیساندہ استعمال کریں۔

جوشاندہ نمبر 7: جوشاندہ رفیق النفس (دمہ)
برگ گاؤزبان 4 گرام، برگ اڑوسہ 4 گرام، عناب ولایتی 5 عدد، تخم کتان 4 گرام، ابریشم مقرض 3 گرام، گل زوفا 4 گرام، سوما کلپا 3 گرام شہد یا قند بقدر ضرورت۔

جوشاندہ نمبر 8: جوشاندہ خلل شکم
گل بنفشہ 4 گرام، بادیان 4 گرام، مویز منقہ 7 عدد، بیخ کاسنی 5 عدد، برگ گاؤزبان 3 گرام حسب معمول استعمال کریں۔

جوشاندہ نمبر 9: نزلہ حار
گل بنفشہ 4 گرام، عناب ولایتی 5 عدد، سپستان 7 عدد، اصل السوس 4 گرام، نیم کوب برگ گاؤزبان 4 گرام تخم خطمی 4 گرام تخم خبازی 4 گرام، مویز منقہ 5 عدد، انجیر دو عدد حسب معمول جوش دے کر قند شامل کر کے استعمال کریں۔

جوشاندہ نمبر 10: عناب ولایتی 5 عدد، بیدانہ شریں 3 گرام، سپستان 7 عدد، برگ گاؤزبان 4 گرام حسب جوشاندہ یا خیساندہ بقدر ضرورت قند شامل کر کے استعمال کریں۔

☆ سید بک سٹال۔ سرکلر روڈ۔ گجرات ☆ راٹھور نیوز ایجنسی۔ گجرات ☆ اضر بک سٹال گجرات
Scanned with CamScanner

علم الاسماء

عظیم اللہ قریشی

آج کی بزم میں علم الاعداد کی رو سے بات کرونگا کیونکہ یہ علم جاننے کے بعد اگر آپ اصل بات کو پا گئے تو پھر کسی بھی علم کا حصول مشکل نہ ہوگا اور راز دل کی جھیں کھلتی جائیں گی۔ درحقیقت ہم لوگ بہت ساری حقیقتوں / عوامل سے نکل ہی نہیں سکتے ہیں۔ جو کہ نادیدہ ہیں جیسے کہ نام کے اعداد، جس وقت پیدائش ہوتی ہے اس وقت کا برج۔ جس وقت نطفہ قرار پکڑتا ہے یعنی 23 کروموسوم 23 کروموسوم سے ملتے ہیں اس وقت کا برج جو کہ اصلی برج ہوتا ہے اور جس پر آپ کا جسم خاکی کھڑا ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔ اگر تو کسی ولی اللہ کی نظر کرم پڑھ گئی اور اس نے آپکا نام درست رکھ دیا تو پھر تو ٹھیک ہے لیکن کتنے لوگ ہونگے جو کہ اولیاء اللہ کے معتقد ہونگے اور اگر ہونگے بھی تو کیا وہ اپنے بچوں کو اولیاء اللہ کے آستانے پر لے جا کر کہیں گے کہ جناب اس کا نام تجویز کریں اور پھر اس میں یہ عنصر بھی شامل ہے کہ پتہ نہیں وہ ولی اللہ اسوقت کس رنگ میں ہوگا۔

تو اپنی حالت کو دیکھ کر ضرورت محسوس ہوئی کہ ایک ایسی تحریر لکھی جائے کہ وہ لوگ جو کہ اپنا نام نہیں تبدیل کر سکتے یا گردش دوراں میں پھنسے ہوئے ہیں وہ فلاح پائیں یاد رکھیں جب تک اس نقطے کی سمجھ نہیں آئے گی۔ بہت ذمہ داری سے یہ بات کر رہا ہوں کوئی ولی اللہ بھی نہیں بن سکتا ہے جب تک کہ اس نقطہ پر نہ سمجھ جائے یا پھر اس پر عمل نہ کرے۔ وہ نقطہ کیا ہے وہ تحریر کے آخر میں بیان کرونگا کیونکہ جب تک وہ علم الاعداد کو سمجھے گا ہی نہیں تو پھر وہ نقطہ کو کیا سمجھے گا۔

مختصراً بیان فی علم الاعداد یعنی **Numerology**

سال کا حصہ	برج (نشان) Blood Group	منطقة البروج Zodiac عدد
21 مارچ سے 20 اپریل	حمل (مینڈھا) O+	9
21 اپریل سے 20 مئی	ثور (بیل) AB+	6
21 مئی سے 20 جون	جوزا (جڑواں بچے) B+	5
21 جون سے 20 جولائی	سرطان (کیکڑا) A+	2
21 جولائی سے 21 اگست	اسد (شیر) O+	1
22 اگست سے 22 ستمبر	سنبلہ (کنواری دوشیزہ) AB+	5
23 ستمبر سے 22 اکتوبر	میزان (ترازو) B+	6
23 اکتوبر سے 22 نومبر	عقرب (بچھو) A+	9
23 نومبر سے 20 دسمبر	قوس (کماندار) O+	3
21 دسمبر سے 19 جنوری	جدی (بکرا) AB+	8
20 جنوری سے 18 فروری	دلو (مشکیزہ بردار) B+	4
19 فروری سے 20 مارچ	حوت (مچھلی) A+	7

ستاروں کے نمبر، رنگ اور پتھر

دن	ستارہ	رنگ	پتھر	عدد
اتوار	شمس	گولڈن یا نارنجی	یاقوت Ruby	1 اور 4
پیر	قمر	سفید یا بالکل ہلکا سبز	موتی Pearl	2 اور 7
منگل	مریخ	سرخ رنگ، قرمزی	مرجان Corul	9
بدھ	عطارد	فیروزی یا تیز آسمانی	پکھراج Topaz	5
جمعرات	مشتری	صندلی پیلا	زمرد Emerald	3
جمعہ	زہرہ	سفید	ہیرا Diamond	6
ہفتہ	زحل	سیاہ، تیز جامنی	نیلم Sapphire	8

اعداد 1 سے لیکر 9 تک از روئے تاریخ پیدائش اور نام کے اعداد

((1))

عدد 1 شمس کے لیے مستعمل ہے یہ ایک مفید نمبر ہے اور خوشی کامیابی اور ترقی اسی نمبر کے تحت آتے ہیں۔ یہ آغاز کی نشاندہی کرتا ہے جس سے بقیہ 9 اعداد تخلیق پاتے ہیں۔ تمام اعداد کی بنیاد "1" ہے چنانچہ یہ عدد ہر اس چیز کے لیے استعمال ہوتا ہے جو تخلیقی انفرادی اور مثبت ہو۔ چنانچہ ہر وہ شخص جس کی پیدائش کا بنیادی عدد "1" ہو یعنی وہ کسی بھی ماہ کی پہلی دسویں انیس یا اٹھائیس تاریخ کو پیدا ہوا ہو۔ اس کے کام میں تخلیقی اور موجدانہ عنصر ہوتا ہے اور وہ نہایت منفرد مزاج اور اپنے خیالات اور آراء میں نہایت مستحکم اور اسی وجہ سے اپنے ارادوں میں ضدی اور مستقل مزاج ہوتا ہے اور یہ خصوصیات ان لوگوں میں زیادہ نمایاں ہوتی ہے جو 21 جولائی سے لیکر 28 اگست یا 21 مارچ سے 28 اپریل کی درمیانی مدت کے دوران پیدا ہوئے ہوں۔

عدد "1" کے حامل محنتی لوگ ہوتے ہیں لیکن وہ دوسروں کے ماتحت کام کرنے اور ان کے احکامات کی بجا آوری ان کی طبیعت پر گراں گزرتی ہے اور یہ اس وقت بہتر کارکردگی دکھاتے ہیں جب ان کو آزادانہ اپنی مرضی سے کام کرنے دیا جائے۔ جب یہ لوگ خوش نہیں ہوتے تب بھی دوسروں کو یہ خوشگوار تاثر دیتے ہیں یعنی اپنی ناگواری کو ظاہر نہیں ہونے دیتے ہیں۔

"1" کے حامل لوگ قائدانہ صلاحیتیں رکھتے ہیں اور جس بھی پیشے سے منسلک

یوسف جاوید اینڈ برادرز۔ مین بازار (کوہاٹ) ☆ ریاض نیوز ایجنسی۔ کوہاٹ ☆ چودھری نیوز ایجنسی۔ کوٹلہ ارب علی خان

ہوں یہ آپ کو نمایاں نظر آئیں گے۔عدد "1" کے حامل لوگ دانشور ہوتے ہیں اور کتابیں پڑھنا ان کا محبوب مشغلہ ہوتا ہے انتظامیہ سے منسلک لوگ ادبی معاملات اور طبقہ اشرافیہ اسی نمبر کے تحت آتے ہیں۔

کسی بھی مہینے کی **19** تاریخ کو پیدا ہونے والے لوگ خوش قسمت ہوتے ہیں **19** نمبر انتہائی مبارک ترین اعداد میں سے ایک ہے۔یہ مرکب نمبر کامیابی خوشی اور عزت واحترام کی نوید دیتا ہے یہ اس بات کی بھی نشاندہی کرتا ہے کہ آپ کے منصوبے پایہ تکمیل کو پہنچیں گے البتہ آپ کو خودغرضی اور انا پرستی سے گریز کرنا چاہیے۔**1** عدد کے ضمن میں مرکب عدد **28** غیر موافق عدد ہے اس تاریخ کو پیدا ہونے والے لوگوں کو تمام قانونی معاملات میں محتاط رہنا چاہیے۔اپنا وکیل چنتے وقت احتیاط سے کام لیں ورنہ ہار آپ کا مقدر ہوگی۔اور آپ سب کچھ کھو دیں گے۔عدد **28** طلاق کا عدد بھی ہے۔

غلط لوگوں پر اعتماد کرنے سے محتاط رہیں۔وکلاء جج صاحبان اور کارپوریشنوں کے مینیجر عموماً **28** تاریخ پیدائش رکھتے ہیں۔**28** عدد رکھنے والے تمام لوگوں تنبیہہ کی جاتی ہے کہ وہ کسی پر اعتماد نہ کریں۔

رنگوں میں پیلے رنگ کے تمام شیڈ،اورنج،گولڈن رنگ آتا ہے اور پتھروں میں پکھراج اور عنبر (کہربا) ہیں۔

شیخ اقبال لاہوری (علامہ اقبال یعنی شاعر مشرق) کا مفرد نمبر ایک ہے یعنی محمد اقبال۔آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ڈاکٹر صاحب کا ستارہ ہمیشہ اقبال (بلندیوں) پر رہا۔

1 عدد کے حامل افراد کا تعلق عدد **2،4** اور **7** سے دوستانہ رہتا ہے۔

(2)

یہ وہ لوگ ہیں جو کہ کسی بھی ماہ کی **2،11،20** یا **29** تاریخ کو پیدا ہوئے ہوں۔چونکہ یہ عدد قمر کا منفی نمبر ہے لہٰذا یہ عدد تبدیلی،بے چینی اور غیر یقینی حالات کی نمائندگی کرتا ہے۔یہ موسیقی اور عوامی سرگرمیوں اور دوستی کا عدد ہے۔اس کی خصوصیات ان لوگوں میں زیادہ ہوتی ہیں جو **20** جون سے لیکر **27** جولائی کی درمیانی مدت میں پیدا ہوئے ہوں۔

چونکہ اس کا تعلق قمر کے ساتھ ہے اور چونکہ چاند اسم رحمٰن کا مظہر ہے اس لیے یہ لوگ مزاجاً مہربان،تعاون کرنے والے اور مددگار ہوتے ہیں۔ان کے لب ولہجے میں ملائمت ہوتی ہے یہ فرض شناس،صراط مستقیم پر چلنے والے اور اچھی اور خوشگوار صحبت کو پسند کرنے والے ہوتے ہیں۔لہٰذا خوش دلی سے محفلوں وغیرہ میں شرکت کرتے ہیں۔

2 عدد کے حامل لوگ امن پسند،اچھے ثالث اور امن قائم رکھنے والے ہوتے ہیں ڈپلومیسی اور مصلحت اندیشی ان کے مزاج کا ایک اہم حصہ ہوتی ہے۔

یہ لوگ اس وقت بہتر کارکردگی دکھاتے ہیں جب یہ شادی شدہ ہوں۔غیر شادی شدہ ہونے کی صورت میں یہ لوگ رومانوی مسائل کا شکار ہوسکتے ہیں اگر ان کو صحیح شریک حیات مل جائے یا کم از کم ایک قریبی،قابل اعتماد دوست تو پھر ان کو بحرانی اوقات میں راہنمائی مل سکتی ہے۔عدد **2** کے حامل لوگ بے چین اور روس طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔چنانچہ ان کو ہر وقت مصروف رہنا چاہیے کیونکہ جب تک یہ لوگ مصروف رہیں گے تو خوش رہیں گے ان لوگوں کو تنہائی اور فرصت سے نفرت ہے۔آپ کی وضع قطع آپ کے لیے بہت اہم ہے اور آپ اپنی صلاحیتوں پر اور اپنے متعلق فخر محسوس کرتے ہیں آپ بہت محبت کرنے والے اور جذباتی شخصیت کے مالک ہیں۔

عدد **2** کے لوگ آزادی کے متوالے ہوتے ہیں اور کسی نئی چیز کی بنیاد یا ایجاد یا دریافت کرنے کی ان میں خصوصیت پائی جاتی ہے۔لیکن اپنے خیالات کو عملی جامہ پہنانے میں اتنی اچھی قوت ارادی کا مظاہرہ نہیں کرتے ہیں جیسا کہ **1** عدد کے حامل لوگ کرتے ہیں لیکن اگر یہ لوگ اسم رحمٰن کا ورد جو کہ ان کے حق میں اسم اعظم کا درجہ رکھتا ہے کو ورد زبان بنالیں تو پھر ہر کامیابی ان کے قدم چومے گی کیونکہ پھر یہ لوگ **1 in 2** بن جائیں وہ اسطرح کہ اسم رحمٰن کی عددی قیمت **298** ہے جس کا مرکب **19** ہے (**19** کی تشریح آگے آ رہی ہے) اور مفرد ایک ہے۔عدد **2** چونکہ قمر کا منفی نمبر ہے اس لیے اس کی طبیعت میں بے چینی،غیر یقینی کیفیت اور خیالات اور منصوبوں میں تسلسل کی کمی ان کی سب سے بڑی خامی ہوتی ہے ان میں خود اعتمادی کی بھی کمی پائی جاتی ہے۔لیکن چونکہ قمر سریع السیر یعنی اور کواکب کی نسبت سارے بروج کو تقریباً **28** روز میں طے کر جاتا ہے لہٰذا جب ان کو کوئی ایسا کام کرنا پڑ جائے جو کہ **Challenging** ہو تو پھر یہ اس کو بہت سرعت سے نمٹاتے ہیں۔

عدد **2** کے حامل لوگ انسانوں پر گہری نظر رکھتے ہیں اور پبلک ڈیلنگ آپ کی شخصیت کا خاصہ ہوتا ہے۔چونکہ آپ جمالی طبیعت رکھتے ہیں اسی لیے آپ قصداً کسی کے جذبات کو مجروح نہیں کرتے ہیں۔

چونکہ عدد **2** کا تعلق قمر سے ہے اور اس عدد کا تعلق **Entertainment** اور فنون لطیفہ سے ہے اس لیے اسکا تعلق موسیقی گلوکاری،تفریح مہیا کرنے والے اور دل بہلانے والے لوگوں سے ہے۔پبلک ریلیشنگ اور نرسنگ کا شعبہ بھی اسی سے تعلق رکھتا ہے۔اس عدد کے ضمن میں جو لوگ **20** کا عدد رکھتے ہیں وہ انتہائی خوش قسمت ہوتے ہیں جو کہ **20** تاریخ کو پیدا ہوتے ہیں یا جن کے نام کے اعداد کا دہائی کا عدد **20** ہوتا ہے۔کیونکہ اسم ودود کے اعداد بھی **20** ہیں اور اسم منعم کے بھی **200** اعداد ہیں۔(اور پُر اسرار اسم بدوح کے اعداد بھی **20** ہیں)

11 عدد رکھنے والے لوگوں کی زندگی میں دوسروں سے دھوکہ کھانا،زندگی میں مشکلات اور دشمنیاں اور معاشی مصروفیت میں خرابی **11** عدد کے تحت آتے ہیں۔عدد **11** رکھنے والوں کو جنس مخالف سے الجھنے سے گریز کرنا چاہیے ہے۔اس کے علاوہ **11** عدد رکھنے والوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ تمام خارجی پیشے آپ کے لیے موزوں ہیں یعنی اپنے شہر سے باہر یا ملک سے باہر۔اس کے علاوہ **11** عدد رکھنے والے قدرتی مناظر کی مصوری میں مہارت رکھتے ہیں۔

عدد **2** میں **29** کا عدد رکھنے والے بھی زیادہ خوش قسمت نہیں ہیں یہ لوگ

☆قیصر نیوز ایجنسی۔کنری (سندھ) ☆خان نیوز ایجنسی کھوئی رٹہ۔ ضلع کوٹلی ☆قریشی نیوز ایجنسی کوٹلی (آزاد کشمیر)

پیار محبت کے معاملات میں بہت دکھ اٹھاتے ہیں اور اگر ان کی شادی موزوں ساتھی سے ہوجائے تو بہت خوش رہتے ہیں۔ 29 کا عدد رکھنے والے کو عورتوں سے بہت ہوشیار رہنا چاہیے ہے کیونکہ صنف مخالف آپ کی طرف ایسی کھنچی چلی آئیں گی جیسے مکھیاں شہد کی طرف۔ 29 کا عدد دوستیوں کا عدد ہے ملبوسات اور کاسمیٹکس کے شعبے کا تعلق اسی عدد سے ہے۔

عدد 2 کے رنگوں میں سفید، چاندی اور سبز رنگ کے تمام شیڈ شامل ہیں اور پتھروں میں مون سٹون، موتی اور سنگ سیم شامل ہیں۔

عدد 2 کے حامل افراد کا تعلق 1 اور 7 کے ساتھ موافق رہتا ہے۔

((3))

عدد 3 مشتری کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہ مقصد حیات Ambition اور اتھارٹی سے متعلق ہے۔ مذہب، قانون، دولت اور اشاعت اسی نمبر کے تحت آتے ہیں۔ اس کی خصوصیات ان لوگوں میں نمایاں ہوتی ہے جو کہ 19 فروری سے لیکر 27 مارچ یا 21 نومبر سے لیکر 27 دسمبر کی درمیانی مدت میں پیدا ہوئے ہوں۔

عدد 3 کے حامل لوگ ہمیشہ بلند مقصد حیات رکھتے ہیں یہ کسی بھی ایسے موضوع کو جس کے متعلق یہ کچھ نہیں جانتے مخالفت نہیں کریں گے بلکہ متعلقہ موضوع کو خوب غور سے سنیں گے اور اپنی عقل اور قوت مدرکہ کی کسوٹی پہ پرکھیں گے۔ یہ لوگ اپنی فیملی خاص طور پر بہن بھائیوں سے بہت محبت کرتے ہیں اور لوگ جلد ہی ان کے دوست بن جاتے ہیں۔ یہ لوگ علوم مخفی میں خصوصی دلچسپی لیتے ہیں اور مذہب کے متعلق اپنی الگ ایک رائے رکھتے ہیں جو کہ باقی لوگوں سے مختلف ہوتی ہے یہ لوگ فلاحی اداروں کو عموماً بہت مال و دولت خیرات کے طور پر دیتے ہیں اور بڑے بڑے کاروباری منصوبوں میں روپیہ لگاتے ہیں اور اپنی کامیابی کی وجہ سے بہت سے حاسد پال لیتے ہیں۔

عدد 3 کے حامل کبھی بھی ماتحت عہدوں پر خوش نہیں ہوتے ہیں اور ہمیشہ بلندی پر پھلتے پھولتے ہیں۔ یہ لوگ مکاشفہ کی دولت سے مالا مال ہوتے ہیں۔ یہ لوگ تخلیقی خیالات کے مالک ہوتے ہیں یعنی ان کے خیالات اور آراء مستعار شدہ نہیں ہوتی ہیں۔ یہ لوگ کبھی بھی فراڈ اور دھوکہ بازی پر مبنی لین دین کو برداشت نہیں کرتے ہیں ان کی قوت ارادی اور ارادہ کی پختگی کامیابیوں کی راہ کو ہموار کرتی ہے۔ یہ لوگ اپنی سخاوت کو چھپانے کی حتی الوسع کوشش کرتے ہیں یہ لوگ بہت قابل بھروسہ ہوتے ہیں اور ان پر آنکھیں بند کر کے اعتماد کیا جاسکتا ہے اگر ان کو ایک مرتبہ کہہ دیا جائے کہ اس بات کو آشکارہ نہیں کرنا تو پھر یہ لوگ کسی قیمت پر بھی راز ظاہر نہیں کرتے ہیں۔ اگرچہ یہ لوگ شاہ خرچ نہیں ہوتے ہیں لیکن آپ ان کو کنجوس بھی نہیں کہہ سکتے ہیں۔

3 عدد کے ضمن میں 12 تاریخ کو پیدا ہونے والے لوگ بدقسمت سمجھے جاتے ہیں ان لوگوں کو دوسرے لوگ اپنے مفاد کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ قطع نظر اس کے کہ یہ لوگ کتنا کماتے ہیں ان کو ہمیشہ کسی نہ کسی مالی امداد کی ضرورت رہتی ہے۔ خاندانی ذمہ داریوں سے اکثر پالا پڑتا ہے جس کی وجہ سے ان کو مالی پریشانی لاحق رہتی ہے۔

عدد 3 کے رنگوں میں گہرا سرخ اور بنفشی (Violet) اور پتھروں میں ایمے تھیسٹ اور ارغوانی رنگ (یعنی سرخ اور اس سے ملتے جلتے جیسے نارنجی) کے دیگر پتھر شامل ہیں۔

عدد 3 کے حامل افراد کا تعلق 6,8 اور 9 کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے۔

اسم لطیف کی عددی قیمت 129 ہے جس کا مفرد 3 ہے جو کہ مشتری کا عدد ہے۔ چشم بصیرت سے 129 کو دیکھیں تو ایک بتداء ہے اور ایک انتہا ہے اور درمیان میں ایک زوج (جفت) جگمگا رہا ہے۔

((4))

عدد 4 ان لوگوں کا پیدائشی نمبر ہے جو کسی بھی ماہ کی 4,13,22 یا 31 تاریخ کو پیدا ہوئے ہوں۔ یہ یورانیس کے ساتھ متعلق ہے اور یہ عدد موسیقی (ایسی موسیقی جس کے سُر دھیمے ہوں اور جو کہ اسراری ہو جیسے دیپک راگ جس کے گانے سے آگ لگ اٹھتی ہے۔ یا راگ ملہار جس کے گانے سے بارش ہوجاتی ہے)، سائنس، انصاف اور بغاوت کی ترجمانی کرتا ہے۔ اگر آپ کی تاریخ پیدائش کا عدد 4 ہے تو پھر آپ عجیب و غریب شخصیت کے مالک ہیں اور اکثر آپ کو سمجھنا دشوار ہوتا ہے۔ آپ ہمیشہ دوسروں سے مخالف زاویہ نگاہ رکھتے ہیں اور کسی بھی بحث مباحثہ میں ہمیشہ مخالفت میں دلائل دیتے ہیں (ویسے یہ ضروری نہیں کہ مخالفت میں دلائل دیں یہ بہت کم casses میں ہوتا ہے) آپ کے کام کرنے کا انداز لگے بندھے انداز سے مختلف اور جدا ہوتا ہے اگر قواعد ضوابط آپ کو موافق نہ آئیں تو آپ ان کو بدلنے سے نہیں چوکتے ہیں

عدد 4 کے حامل افراد میں محبت، رحمدلی اور فراخ دلی کا عنصر بدرجہ اُتم پایا جاتا ہے یہ لوگ بہترین دوست ہوتے ہیں اور ہمیشہ وفادار رہتے ہیں اور شادی شدہ ہونے کی صورت میں اپنے آپ کو شریک حیات کے لیے وقف کردیتے ہیں اور جنس مخالف کے لیے نہایت احترام کے جذبات رکھتے ہیں۔

چونکہ یہ عدد 4 شمس کا منفی نمبر ہے لہٰذا یہ لوگ بہت مشکل سے دوست بنا پاتے ہیں لیکن اگر کسی کو ایک مرتبہ دوست بنالیں تو پھر اس کے لیے اپنے آپ کو وقف کردیتے ہیں اور A بلڈ گروپ والے افراد جو کہ سرد تر مزاج رکھتے ہیں وہ ان کے بہترین دوست ثابت ہوتے ہیں اور B بلڈ گروپ والوں کے ہاتھوں ہمیشہ یہ لوگ تکلیف اٹھاتے ہیں۔ کیونکہ اس نمبر پر مریخ کی گرمی خشکی کا اثر ہے۔ خصوصاً وہ شخص جو کہ منگل کے روز پیدا ہوا ہو۔

عدد 4 کی خصوصیات ان لوگوں میں زیادہ نمایاں ہوتی ہیں جو 21 جون سے لیکر 22 اگست کے درمیانی عرصے میں پیدا ہوئے ہوں۔

کسی بھی ماہ کی 22 تاریخ کو پیدا ہونے والے افراد اپنے خیالات اور عمل میں قطعی آزادانہ طرز عمل رکھتے ہیں یہ عام ڈگر سے ہٹ کر چلنے والوں کا نمبر ہے اور لوگ آپ کو عجوبہ اور نرالا تصور کرسکتے ہیں دوسروں سے مختلف معاملات میں اتفاق رائے رکھنا آپ کے لیے بہت مشکل ہے اور آپ کو اپنے دوستوں

☆کشمیر بک ڈپو۔کوٹلی (آزاد کشمیر) ☆جدید بک ڈپو۔کوٹلی (آزاد کشمیر) ☆احمد رضا نیوز ایجنٹ۔کوہاٹ (سندھ)

اور اقرباء سے تعلقات میں مشکلات پیش آسکتی ہیں آپ تنقید کرنے کو پسند کرتے ہیں۔آپ سفر کو پسند کرتے ہیں اور گھر میں مقید نہیں رہ سکتے ہیں آپ ہر اس پیشے یا کیریئر کو اپناتے ہیں جو کہ انوکھا یا عام ڈگر سے ہٹ کر ہو۔آپ کام کے دوران تنہائی کو پسند کرتے ہیں کیونکہ آپ کو کام کے دوران کسی دوسرے کی مداخلت پسند نہیں ہے۔مالی معاملات میں آپ کو محتاط رہنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔آپ دوسروں کے مسائل اپنے کندھے پر اٹھانے سے گریز کریں کیونکہ لوگ آپ کو اپنے مفادات کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

عدد**4** کے ضمن میں **31** نمبر سب سے زیادہ بدقسمت ہے اگر یہ آپ کی تاریخ پیدائش ہے تو پھر آپ اپنی ہی دنیا میں مگن ہیں اور آپ کے خیالات اور طرز زندگی کو سمجھنا بہت دشوار ہے۔آپ زندگی میں تنہا ہیں، اکثر افسردہ رہتے ہیں اور بہت سے پوشیدہ دشمن بنالیتے ہیں جو آپ کے خلاف چلتے ہیں آپ قواعد وضوابط اور مروجہ آئین سے بغاوت کرتے ہیں اور کسی اعلیٰ مقصد کے لیے بھرپور جنگ کرتے ہیں دوستوں سے وفاداری آپ کے لیے بہت اہم ہے اور آپ اپنے گھر اور بچوں سے بہت پیار کرتے ہیں لیکن آپ اکثر تنہائی محسوس کرتے ہیں کیونکہ یہ تنہائی کا نمبر ہے۔

عدد**4** والوں کا موافق رنگ نیلا، گرے، ارغوانی اور گولڈن ہے اور پتھروں میں نیلم اور پکھراج عدد**4** کے موافق پتھر ہیں۔

عدد**4** کے حامل افراد کا رجحان **1** اور **7** کی طرف رہتا ہے۔

((5))

پیدائش کا عدد**5** رکھنے والے لوگوں سے مراد وہ تمام لوگ ہیں جو کسی بھی ماہ کی **5,14** یا**23** تاریخ کو پیدا ہوئے ہوں۔

عدد **5** کا تعلق عطارد سے ہے چونکہ عطارد کو سیماب، فرار اور **Murcury** بھی کہا جاتا ہے اسی لیے اس کی طبیعت میں اضطراب پایا جاتا ہے علاوہ ازیں از روئے نجوم چونکہ عطارد دفتی فلک ہے لہٰذا ادبی امور اور دماغ، تیزی ذہن اور جوا اسی کے تحت ہیں۔

عدد**5** رکھنے والے لوگ روپیہ پیسہ کمانے کے منفرد طریقے جانتے ہیں عموماً یہ لوگ ہر اس کاروباری معاہدے میں رسک لینے کو تیار ہوجاتے ہیں جہاں بہت زیادہ منافع کمانے کی توقع ہو۔یہ لوگ گھومنے پھرنے اور متحرک رہنے کو بہت پسند کرتے ہیں لہٰذا شادی بھی ان افراد کو ایسی شخصیت سے کرنا چاہیے جو کہ نچلا بیٹھنا جانتی ہی نہ ہو۔

عدد**5** کے حامل لوگ اپنی شخصیت میں بہت کشش رکھتے ہیں اور بہت آسانی سے دوست بنالیتے ہیں جب تک تبدیلی اور جذباتی ہلچل ہو آپ بہت خوش رہتے ہو لیکن آرام سے بیٹھ کر حالات کی تبدیلی کا انتظار کرنا آپ برداشت نہیں کرسکتے ہیں۔آپ اس وقت تک چین سے بیٹھنا پسند نہیں کرتے جب تک کہ جو منصوبہ آپ کے دماغ میں ہے اسے عملی جامہ نہ پہنا دیں آپ دوستوں کے انتخاب میں ہمیشہ اپنی پسند نہ پسند کا خیال رکھتے ہیں۔آپ لوگوں کی شخصیت پرکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔چونکہ آپ کی شخصیت کی کشش بیک وقت کئی لوگوں کو آپ کی طرف متوجہ کرتی ہے اس وجہ سے آپ کو یہ بات بعض اوقات احساس جرم میں مبتلا کردیتی ہے کہ محفل کی جان آپ ہی ہیں اور باقی لوگوں کو کوئی توجہ نہیں دیتا ہے لیکن آپ کو اس معاملہ میں فکر مند ہونے کی کوئی ضرورت نہیں ہے کیونکہ یہ بات آپ کے اختیار میں نہیں ہے بلکہ یہ تو عدد**5** کا خاصہ ہے۔

عدد**5** کے حامل لوگ بہترین مشیر یا ٹیچر ہوتے ہیں۔عدد**5** کے حامل لوگ ایک دفعہ کامیاب ہونے کا ارادہ کرلیں تو پھر ضرور کامیاب ہوتے ہیں ۔عدد**5** کے حامل لوگ دوسروں کے مقابلے میں استدلال کی بہتر صلاحیت رکھتے ہیں۔یہ لوگ اوائل عمری میں ہی اپنی انفرادیت، قابلیت اور اپنی ہنر سیکھنے کی عمدہ اور سریع صلاحیت کے متعلق جان جاتے ہیں۔

عدد**5** کے حامل لوگوں پر اگر کوئی برائی غالب آجائے تو دنیا کی کوئی نصیحت آپ کو راہ راست پر نہیں لاسکتی ہے۔عدد**5** مقررین، سرکاری افسران، ادبی منتظمین، مالی ماہرین اور سفری سیلز مین پر حاکم ہے۔لہٰذا اپنی حاجت کو دیکھتے ہوئے طلسم تیار کرکے اپنے پاس رکھنے سے خواہش بر آتی ہے۔

عدد**5** کے ضمن میں **23** کا عدد گروپ کی کی بہترین خصوصیات کا عکاس ہوتا ہے لیکن **14** کا عدد ایک ایسا عدد ہے جو کہ تیز خرید وفروخت اور مال ودولت کی تیز گردش سے متعلق ہے۔اراضی یا پراپرٹی خریدیں، ایک دوسال رکھیں اور پھر بیچ دیں۔یہ عدد آپ کو بنا بھی سکتا ہے اور بگاڑ بھی سکتا ہے **14** عدد والے کو بددیانتی پر مبنی کاروباری اور مالی معاملات سے بچنا چاہیے۔یہ عدد**14** حسابات رکھنے والوں یعنی **Accountants** اور **Loan Agents** پر حاکم ہے۔

رنگوں میں ہلکا گرے، سفید اور تمام چمکدار میٹریل شامل ہیں۔عدد**5** کے موافق پتھروں میں ہیرا ہے اور فیروزہ اور زمرد آپ کی دوسری ترجیح ہونی چاہیے ہے۔

عدد**5** کے حامل افراد کا تعلق **1,6,7** اور **9** کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے۔

((6))

عدد**6** سے مراد وہ تمام لوگ ہیں جو کہ کسی بھی ماہ کی **6,15** یا**24** تاریخ کو پیدا ہوئے ہوں۔عدد**6** کا تعلق زہرہ سے ہے یہ مقناطیسی کشش اور شاندار شخصیت کا عدد ہے یہ عدد جنس، محبت، فنون لطیفہ کی نمائندگی کرتا ہے۔اگر آپ کا عدد چھ ہے تو جنس مخالف کے لیے آپ بہت کشش کا باعث ہیں اور وہ آپ کی **Company** کو پسند کرتے ہیں۔آپ کی شخصیت میں کشش ہے اور لوگ آپ کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں۔

عدد چھ کے حامل لوگ اپنے گھر میں دعوتیں دیکر اور تفریح کا سامان مہیا کرکے خوش ہوتے ہیں اور ضیافتوں اور معاشرتی معاملات پر شاہ خرچی کرتے ہیں۔مالی معاملات میں آپ خوش قسمت ہیں اور آپ کو وراثت میں جائیداد یا دولت مل سکتی ہے (مندرجہ بالا پیراگراف کوئی ضروری نہیں ہے کہ تجربات پر پورا اترے)

کاروبای سرمایہ کاری اور پارٹنرشپ آپ کے لیے بہت مفید ہے لیکن لطف و لذت آپ کی زندگی کا بنیادی جزو ہیں۔اور آپ بھی تارک الدنیا کی طرح زندگی

☆رحمان بک ڈپو۔کوٹلی (آزاد کشمیر) ☆فیاض روشن بک ڈپو۔کوٹلی (آزاد کشمیر) ☆سٹینڈرڈ بک ڈپو۔کوٹلی (آزاد کشمیر)

نہیں گزار سکتے ہیں۔ گانا بجانا اور ناچ ورنگ کی محفلیں سجانا اسی عدد سے متعلق ہیں لیکن اگر آپ اسلامی ذہن رکھتے تو پھر آپ نعت خوانی اور قوالی کی محفلیں منعقد کروائیں گے اور اگر غیر مقلد ہیں تو پھر اپنے گھر میں کسی بھی بہانے کبھی ختم قرآن یا کبھی کسی عالم کو بلوا کر اور اپنے عقیدے کے لوگوں کو بلوا کر اور لوگوں کو اکھٹا کروائیں گے۔ غرض آپ ہلہ گلہ کے شوقین ہیں چاہے اس کا کوئی بھی رنگ ہو۔

جنسی معاملات اور تعلقات عدد چھ والوں کے لیے بہت اہمیت کے حامل ہوتے ہیں اور ایک خوشگوار ازدواجی زندگی آپ کے لیے بہت ضروری ہے۔ ماحول کی نسبت لوگ آپ کے لیے زیادہ اہم ہیں حالانکہ آپ تھوڑی سی کوشش سے ماحول کو بہتر بنانے کی قدرت رکھتے ہیں۔ عدد چھ کے لوگ زندگی سے بہت محبت کرتے ہیں اور بالی عمریا میں ہی کیوپڈ کے تیر کا شکار ہو جاتے ہیں۔ عدد چھ کے لوگ جو چاہتے ہیں کمال ہوشیاری سے اندرونِ خانہ ایسی Game کھیلتے ہیں کہ جو وہ چاہتے ہیں ویسا ہی ہوتا ہے۔ عدد چھ کے حامل لوگ زندگی کو رومانوی نقطہ نظر سے دیکھتے ہیں اور لوگ آپ کی گرمجوشی اور جاندار شخصیت سے متاثر ہوتے ہیں۔

عدد چھ کے لوگ قابل نفرت بھی ہو سکتے ہیں اور شکی مزاج بھی لیکن ایسا بہت کم cases میں ہوتا ہے۔ جیولرز، بنگلوں وعالیشان کوٹھیوں کی آرائش و زیبائش اور دفتروں کی آرائش و زیبائش، پھولوں کی دوکان، کاسمیٹکس کا کاروبار یا دوکان، علاوہ ازایں ہر وہ کام جس کا تعلق آرائش و زیبائش سے ہے۔ اس پر عدد چھ کی حکومت ہے۔ عدد 6 کے ضمن میں 15 کا عدد رکھنے والے لوگ یعنی جو پندرہ تاریخ کو پیدا ہوئے ہوں اکثر مشاہدے میں آیا ہے کہ کنجوس ہوتے ہیں اور اگر کبھی خرچ بھی کریں تو اپنے اوپر ہی خرچ کرتے ہیں اور اگر بالفرض کسی دوسرے پر اگر خرچ بھی کریں تو اس کے پیچھے کوئی غرض پوشیدہ ہوتی ہے یعنی وہ آپ سے اپنا کوئی کام نکلوانا چاہتے ہیں۔

عدد 15 رکھنے والے لوگ اس لحاظ سے بہت خوش قسمت ہوتے ہیں کہ وہ دوسروں سے تحفے تحائف اور عنایات حاصل کرتے رہتے ہیں۔ 15 کا عدد رکھنے والوں کو شریک حیات کے انتخاب میں بہت احتیاط سے کام لینا چاہیے۔ اس کے علاوہ کسی بھی ماہ کی 4,8,13,17,22,26 اور 31 تاریخ کو پیدا ہونے والے شخص سے کسی بھی قسم کی ڈیلنگ دوستی یا تعلق سے پرہیز کرنا چاہیے ہے۔ عدد 6 کے حامل افراد کے رنگ نیلا، سبز، گلابی اور پیازی ہیں اپنے لباس آفس اور گھروں میں ان رنگوں کو استعمال کریں اور کالے اور گہرے جامنی رنگ سے پرہیز کریں۔ پتھروں میں فیروزہ آپ کا لکی سٹون ہے۔ زمرد بھی آپ کے لیے اچھا ہے۔

عدد 6 کے حامل افراد کی ذہنی ہم آہنگی 3,5 اور 9 کے ساتھ ہے۔

(7)

یہ عدد نیپچون اور قمر سے متعلق ہے اور مخفی علوم کی نمائندگی کرتا ہے۔ اور دل بہلانے اور تفریح پہنچانے کے شعبہ پر حاکم ہے۔

عدد 7 رکھنے والے لوگ بہت جلد پریشان ہو جاتے ہیں اور خلاف رائے سے متاثر ہوتے ہیں۔ گو اس بات میں کوئی شک نہیں کے عدد 7 والے بہت محنتی ہوتے ہیں لیکن پریشان کن حالات میں بالکل بھی کام نہیں کر سکتے ہیں۔

عدد 7 والے ہمیشہ دوسروں کی مدد کرنے کی کوشش کرتے ہیں آپ کی اسی خصلت کی وجہ سے بعض اوقات دوسرے لوگ آپ سے اپنے حصے کا کام بھی کروالیتے ہیں اس لیے آپ کو محتاط رہنے کا مشورہ دیا جاتا ہے تاکہ دوسرے لوگ آپ کو وہ کچھ کرنے پر مائل نہ کریں جو کہ آپ نہیں کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے علاوہ چونکہ آپ اپنی فیملی سے بہت محبت کرتے ہیں اور ان کے مسائل بھی اپنے کندھوں پر اٹھا لیتے ہیں اس معاملے میں عدد 7 والوں کو محتاط رہنے کی تلقین کی جاتی ہے ورنہ آپ کو بہت پریشانی اور تکلیف اٹھانی پڑے گی۔ عدد 7 کا حامل فرد اگر شادی شدہ ہے تو اسے یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنی شریک حیات کی نسبت اپنی فیملی کو زیادہ اہمیت نہ دی جائے ورنہ حالات خراب ہو سکتے ہیں۔ مشاہدے میں آیا ہے کہ ان کے ساتھ اکثر کے ساتھ گھر والوں کا رویہ کچھ خاص اچھا نہیں ہوتا ہے لہٰذا عدد 7 کے حامل افراد جلد از جلد شادی کرنے کی طرف مائل ہوتے ہیں تاکہ اپنی فیملی اور ناخوشگوار حالات سے چھٹکارا حاصل کر سکیں۔

عدد 7 کے حامل افراد تبدیلی آب و ہوا اور سفر کو پسند کرتے ہیں کیونکہ ان کی طبعیت میں بے چینی ہوتی ہے۔ اسی لیے عدد 7 کے حامل افراد اگر وہ استطاعت رکھتے ہوں تو پھر وہ غیر ممالک کا دورہ کرتے ہیں اور دور دراز کے علاقوں کی سیاحت کرتے ہیں آپ سفرنامے بہت شوق سے پڑھتے ہیں اور دنیا کے متعلق وسیع جنرل نالج رکھتے ہیں۔ عدد 7 کے حامل افراد جھیل، دریا یا سمندر کے قریب رہ کر بہت خوش ہوتے ہیں۔

عدد 7 کی خصوصیات ان لوگوں میں نمایاں ہوتی ہیں جو 21 جون سے لیکر 27 جولائی کی درمیانی مدت میں پیدا ہوئے ہوں۔ عدد 7 کے حامل افراد نہایت خودمختار اور Original Nature کے مالک ہوتے ہیں یہ لوگ اچھے لکھاری مصور اور شاعر ہوتے ہیں۔ عدد 7 کے حامل افراد جو بھی کام کریں جلد یا بدیر زندگی کے متعلق اپنا فلسفیانہ نقطہ نظر بیان کرتے ہیں اور اس کی جھلک ان کے ہر کام میں نظر آتی ہے۔

عدد 7 کے حامل افراد مجموعی طور پر مادہ پرست نہیں ہوتے ہیں۔ عدد 7 کے حامل افراد اپنی تیزی ذہن اور طریقہ بزنس سے دولت مند ہو جاتے ہیں اور اکثر یہ لوگ بہت عطیات وغیرہ لوگوں کو دیتے ہیں۔

عدد 7 کی حامل خواتین اکثر بہت سرمایہ دار آدمی سے شادی کرتی ہیں کیونکہ وہ مستقبل سے بہت پریشان رہتی ہیں۔

عدد 7 کے ضمن میں 16 کا عدد بہت غیر موافق ہے اگر آپ کی تاریخ پیدائش 16 ہے تو پھر آپ اپنے منصوبوں میں بہت احتیاط سے کام لیں اور راز کی بات کا ذکر اپنے سائے سے بھی نہ کریں۔ کیونکہ آپ کے دوست زیادہ دیر تک آپ کے دوست نہیں رہتے ہیں۔

مہران بک ڈپو۔ شاہی بازار۔ خیر پور ☆کاظمی سٹور۔ حیدر بازار۔ خیر پور میرس ☆نیشنل بک سٹال۔ پنج گولہ چوک۔ خیر پور

Scanned with CamScanner

عدد 7 کے متعلقہ رنگ سبز، پیلا، سفید، گرے اور ہلکا نیلا ہیں اور موافق پتھروں میں سے Cat's Eye حجر القمر، سنگ سیم، موتی، موس اگیٹ ہیں۔

عدد 7 کے حامل افراد کا تعلق 1،2 اور 5 کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے۔

(8)

عدد 8 کے حامل افراد وہ لوگ ہوتے ہیں جو کسی بھی ماہ کی 8،17 یا 26 تاریخ کو پیدا ہوئے ہوں۔

عدد 8 زحل کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہ بزنس، زمین، پراپرٹی، تیل کے کنویں اور ہر اس چیز سے متعلق ہے جس کا تعلق تراب سے ہے کیونکہ اس کا مزاج سرد خشک ہے اور یہ فکر وافسردگی کا عدد ہے۔

عدد 8 کے حامل افراد انتہائی محسوس کرتے ہیں اور لوگ آپ کے بارے میں غلط فہمیوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں یہ لوگ اکثر اپنی زندگی میں اپنی کاوشوں کا پھل نہیں پاتے ہیں لیکن موت کے بعد ان کی بڑی واہ واہ ہوتی ہے۔ یہ لوگ یا تو انتہائی کامیاب زندگی گزارتے ہیں یا پھر انتہائی ناکام ہوتے ہیں کیونکہ زحل کی یہی خاصیت ہے۔

عدد 8 کا تعلق غیر متوقع واقعات، رکاوٹوں اور ناکامیوں سے ہے۔ عدد 8 رکھنے والوں کو اندوہناک واقعات اور ذلت آمیز حالات سے واسطہ پڑتا ہے لیکن اس کے باوجود اگر پیدائشی زائچے میں عدد 8 یعنی اگر زحل طاقتور ہو یعنی سعد ہو تو پھر کامیابیاں اور کامرانیاں آپ کے قدم چومنے کے لیے تیار ہیں دیکھو محمود کو جو کہ غزنی کا رہنے والا تھا جس طرف رخ کرتا تھا کامیابیاں اور کامرانیاں قدم چومتی تھیں دیکھو ہندوستان پر 17 حملے کیے ہر دفعہ فتح یاب ہوا اب محمود کے مفرد اعداد بھی 8 ہیں اور حملے بھی 17 اور 17 کا مفرد 8 آتا ہے۔ میرے بعض دوست کہتے ہیں کہ محمود ابن سبکتگین کی فتوحات اور عروج کا سبب دو باتیں تھیں ایک ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی دعا اور دوسری ابوریحان البیرونی کی معیت۔ لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ یہ دو Factors صرف محمود کو ہی کیوں میسر آئے کسی اور کو کیوں نہ آئے۔ بلکہ میرے بھائیو وجہ صرف یہی ہے کہ زحل جو تباہیوں، بربادیوں، آفتوں اور سختیوں سے متعلق ہے۔ جب محمود پیدا ہوا تو اس وقت زحل طالع میں حالت شرف میں تھا اور محمود کے حق میں مندرجہ بالا بدقسمتیاں خوش قسمتیوں میں تبدیل ہو گئیں۔

عدد 8 سے متعلق جو بھی اہم اور سعد امور نمٹانے ہوں تو یاد رکھیے کہ پورے سات دنوں میں صرف ہفتہ یعنی الیوم السبت کو پہلی ساعت جو کہ زحل کی ہوتی اس میں یہ اہم امور نمٹائے جا سکتے ہیں لیکن پہلے دیکھ لے کہ زحل رجعت میں تو نہیں ہے یا پھر مزید حفاظتی اقدامات کے لیے رابطہ کریں کہ جن کے زائچے میں زحل نحس ہے۔

عدد 8 کے حامل افراد کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی زندگی میں 8 یا 4 اعداد کا زیادہ استعمال نہ کریں اور اگر 4 یا 8 کی تاریخ ہفتے کے دن آئیں تو کوئی بھی سعد کام نہ شروع کریں۔

عدد 8 کی خصوصیات ان لوگوں میں زیادہ پائی جاتی ہیں جو 21 دسمبر سے لیکر 19 جنوری کی درمیانی مدت میں پیدا ہوئے ہوں۔ یعنی برج جدی کے حامل افراد جن کا بلڈ گروپ AB ہوتا ہے۔

عدد 8 کے حامل افراد کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ کو زندگی میں دیر سے شادی کرنا چاہیے اور اپنے سے چھوٹی عمر کی لڑکی سے شادی کرنی چاہیے کیونکہ عدد 8 کے حامل افراد اپنی اصل عمر سے کم از کم 10 سال کم نظر آتے ہیں کیونکہ ان کے گوشت کی بافتوں کا تعلق Medical Point of velw سے Connective Tissues سے ہے۔ لہٰذا ان لوگوں کو جلد جھریاں نہیں پڑتی ہیں۔

عدد 8 کے حامل افراد اگرچہ سرد مزاج رکھتے ہیں لیکن دلی طور پر گرم جوش طبیعت کے مالک ہوتے ہیں اور اکثر اپنے مزاج کو چھپانے کی کوشش کرتے ہیں اور لوگوں کو اپنی رائے قائم کرنے کے لیے آزاد چھوڑ دیتے ہیں۔ عدد 8 کے حامل افراد کو تنبیہہ کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی جگہ چپکے چپکے چکر چلانے سے گریز کریں ورنہ بدنامی آپکا مقدر بن سکتی ہے۔

عدد 8 کے ضمن میں 17 عدد خوشیوں اور محبت کا عدد ہے اگر آپ کسی بھی ماہ کی 17 تاریخ کو پیدا ہوئے ہیں تو پھر آپ خوش مزاج ہیں اور شہرت اور ناموری حاصل کرنے کی زبردست صلاحیت رکھتے ہیں۔

عدد 8 کے ضمن میں 26 نمبر ایک غیر موافق نمبر ہے اگر آپ کی تاریخ پیدائش 26 ہے تو پھر آپ کو ہر قسم کی کی شراکت سے پرہیز کرنا چاہیے ہے۔ یہ عدد دشمنی کا ہے اور Partner Ship میں فساد اور پھوٹ ڈلوانے والا نمبر ہے۔ اس لیے کسی کے ساتھ کسی قسم کی بھی شراکت سے گریز کریں اور اچھی صحبت کا انتخاب کریں۔

عدد 8 کے موافق رنگوں میں سیاہ، نیلا، ارغوانی، سلیٹی اور خاکستری ہے۔ لیکن خیال رہے کہ اگر آپ گردش دوراں کے ستائے ہوئے ہیں تو پھر نیلا رنگ بہتر رہے گا۔ پتھروں میں کالا ہیرا، اور کالا موتی بہتر رہے گا۔ (Black Pearl and Black Diamond)

عدد 8 کے مشہور افراد میں ندوۃ العلماء کے بانی شبلی نعمانی ہیں ہیں جن کی تاریخ پیدائش 8 مئی 1857 ہے۔ چونکہ ان کے نام یعنی شبلی نعمانی کا مفرد 5 ہے اور از روئے علم الاعداد'' عدد 5 کا تعلق عطارد سے ہے چونکہ عطارد منشی فلک ہے لہٰذا ادبی امور اور دماغ، تیزی ذہن سے متعلق ہے''۔

شبلی نعمانی کے نام کے اعداد کی دہائی ہے 32 جو کہ 23 عدد کی خصوصیات کی حامل ہے اور یہ ایک ایسا عدد ہے جو کہ 19 کے بعد سب پر بھاری ہے شبلی نعمانی کی زندگی اٹھا کر دیکھ لیں کہ کیسے کامیاب ادبی زندگی گزاری ہے اور پھر موت کے بعد بھی 8 کے عدد کے مطابق لوگ اُن کی ادبی خدمات کو سراہتے ہیں۔ اسی طرح سندھ کے مشہور رہنما جی۔ ایم سید کی تاریخ پیدائش 17-01-1904 ہے اور ان کی تاریخ پیدائش کے مفرد اعداد 5 ہیں آپ دیکھیں کہ شروع کے دور میں کیسی زندگی گزاری اور پھر چونکہ زائچے میں زحل کی حالت کمزور تھی لہٰذا پابند سلاسل ہوئے اور پھر بہت ہی خراب حالات میں وفات پائی۔ J.M.Sayyed کے کلدانی حروف کے

☆انصاف بک ڈپو۔ شاہین بازار۔ ڈوگری (سندھ)　☆مون بک سٹور۔ ڈھرکی (سندھ)　☆اسماعیل کتاب گھر۔ شہید روڈ۔ جھنگ

مطابق دہائی کے اعداد ہیں 22 جو کہ انتہائی غیر موافق حالات کو ظاہر کرتے ہیں اس عدد کی خصوصیت ہی یہی ہے کہ دوسروں سے دھوکہ کھانا، نا قابل اعتبار دوست اور فیصلہ کرنے کی ناقص صلاحیت اور جلد ڈپریشن کا شکار ہو جانا۔ اسی طرح ہیلری کلنٹن کو دیکھ لیں جس کی تاریخ پیدائش ہے 26-10-1947 جیسا پہلے بھی تذکرہ ہو چکا ہے کہ 26 کا عدد ایک غیر موافق عدد ہے تو جب تک ہیلری کلنٹن بل کلنٹن کے ساتھ تھی تو سیاست میں اتنی آگے نہیں تھی لیکن جیسے ہی اس کے شوہر کی سیاسی زندگی مونیکا لیونسکی کی وجہ سے ختم ہوئی ہیلری ابھر کر سامنے آئی ہے کیونکہ سیاسی طور پر اب اس کا شوہر اس کے ساتھ نہیں اور یہ اکیلی ہے اور یہی 26 کے عدد کی خصوصیت ہے کہ یہ اکیلا کامیاب ہے ساجھے داری میں یہ نقصان دیتا ہے۔

مندرجہ بالا یعنی شخصیات کا تقابلہ کرنے کا مقصد یہی ہے کہ میری اس تحریر کو پڑھنے والے جان سکیں کہ صرف ایک نمبر پر ہی صحیح حکم نہیں لگایا جا سکتا ہے بلکہ بہت سے باتوں کو مدنظر رکھنا پڑھتا ہے جو کہ میں آپ کو بتاتا ہوں اس میں نام کے اعداد ، تاریخ پیدائش، برج شمسی اور برج اصلی (یعنی جو بلڈ گروپ کا برج ہے) اور ستارہ اہم حیثیت رکھتے ہیں ان سب پر اچھی طرح سے غور فکر کرنے کے بعد ہی آپ ایک درست حکم لگا سکیں گے۔ ورنہ آپ علم کی رسوائی کا سبب بنیں گے۔

عدد 8 کے حامل افراد کا تعلق 3 اور 9 کے ساتھ بہتر رہتا ہے

(9)

عدد 9 کے حامل افراد وہ لوگ ہوتے ہیں جو کسی بھی کی ماہ کی 9,18 یا 27 تاریخ کو پیدا ہوئے ہوں۔

عدد 9 کی خصوصیات ان لوگوں میں زیادہ ہوتی ہیں جو کہ 21 مارچ سے 20 اپریل کی درمیانی مدت میں پیدا ہوئے ہوں۔ عدد 9 کا تعلق مریخ سے ہے یہ عدد طاقت اور توانائی کی نمائندگی کرتا ہے۔ یہ آگ، زخموں اور حادثات کا نمبر ہے۔ یہ سٹیل دھاتوں اور طب کے پیشے پر حاکم ہے۔ یعنی اگر غیر موافق ہو تو ایک ڈاکٹر جو آپریشن کرے گا نا کام ہوگا ایک حکیم جو کشتہ بنائے گا اس کو آگ زیادہ مل جائے گی اسی طرح اس کو ہر بات پر منطبق کریں کیونکہ مریخ کا مزاج گرمی خشکی لیے ہوئے ہے۔

عدد 9 کے حامل افراد شخصیت کے لحاظ سے جلد مشتعل ہو جانے والے ہوتے ہیں اور جلد باز ہوتے ہیں۔ لیکن خود مختار ہوتے ہیں اور کسی کا محتاج رہنا پسند نہیں کرتے ہیں۔ یہ جنگجو طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کو ابتدائی زندگی میں نا مساعد حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے لیکن اپنے عزم صمیم، قوت ارادی اور مستقل مزاجی کی بدولت آخر کار کامیاب ہو جاتے ہیں لیکن یاد رہے کہ ایسا اُن ہی لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے جن کے زائچے میں مریخ طاقتور ہوتا ہے ورنہ نتیجہ الٹ ہوتا ہے۔

اگر عدد 9 زندگی میں حاوی رہے اور زندگی کے اہم واقعات اس عدد سے منسلک ہوں تو پھر ان کی بہت سے دشمنیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ جھگڑا فساد اور مخالفت کی فضا پیدا ہوتی ہے اور ایسے لوگ اکثر لڑائی یا جنگ میں قتل یا زخمی ہو جاتے ہیں۔

منسلک رہنے سے مراد یہ ہے کہ آپ کے نام کے اعداد کا عدد 9 ہو، آپ کی تاریخ پیدائش کا عدد 9 ہو، آپ منگل کے دن پیدا ہوئے ہوں، آپ کا برج حمل ہو، آپ کسی بھی ماہ کی 9,18,27 تاریخ کو پیدا ہوئے ہوں۔ آپ کے گھر کا نمبر کا عدد 9 ہو آپ کی گاڑی کا مفرد عدد 9 ہو وغیرہ وغیرہ۔

عدد 9 کے حامل افراد میں بہت دلیری اور پائی جاتی ہے اور یہ جس مقصد کو لیکر اٹھتے ہیں اس کو پورا کرتے ہیں یہ لوگ بہترین سپاہی ثابت ہوتے ہیں۔ وزارت دفاع اور فوج اور کا شعبہ اسی سے متعلق ہے۔ کیونکہ مریخ کا تعلق جنگ وجدل اور خون خرابے سے ہے۔ عمل اور گفتگو میں حد سے بڑھی ہوئی بے باکی اور جلد بازی ان کے لیے سب سے بڑا خطرہ ہے عدد 9 کے حامل افراد آگ اور دھماکوں سے پیدا ہونے والے حیران کن حادثات کی طرف رجحان رکھتے ہیں اور ان میں سے بہت کم ایسے جو زخمی ہونے سے بچے ہوں اور یہ بات تو طے ہے کہ عدد 9 کے حامل افراد کو زندگی میں کئی مرتبہ سرجری کے مراحل سے گزرنا پڑتا ہے۔

عدد 9 کے حامل افراد کو اپنی زندگی میں بہت سے جھگڑوں اور لڑائیوں سے واسطہ پڑتا ہے۔ عدد 9 کے حامل افراد اپنے اوپر تنقید کو بالکل پسند نہیں کرتے ہیں اور اپنے معاملات میں کسی کی مداخلت پر چراغ پا ہو جاتے ہیں۔ عدد 9 کے حامل افراد اپنی برتری منوانا چاہتے ہیں چاہے یہ گھر ہو یا دفتر یا محفل۔

اگر کسی بھی دوسرے بندے کو ان سے کام نکلوانا ہو تو اسے چاہیے ہے کہ عدد 9 کے افراد سے نرمی اور عاجزی کے لہجے میں بات کرے تو یہ ہر وہ کام کر دیں گے جو کہ وہ عام حالات میں نہیں کریں گے۔

عدد 9 کے حامل افراد محبت کے معاملے میں انتہا پسند ہوتے ہیں اسی لیے کوئی مکار خاتون ان کو محبت کا جھانسہ دیکر اِن کو انگلیوں پر نچا سکتی ہے اور ان سے ہر کام لے سکتی ہے حد یہ کہ قتل تک کروا سکتی ہے۔

عدد 9 کے ضمن میں 18 عدد کے حامل لوگ ترقی اور آگے بڑھنے کا زبردست جذبہ رکھتے ہیں یہ لوگ آخری وقت تک مقابلہ کرنے والوں میں سے ہیں اور کسی صورت میدان نہیں چھوڑتے ہیں اور میدان جنگ میں ہی مر جانا پسند کرتے ہیں لیکن بھاگنا یا مصلحت کوشی ان کی سرشت میں شامل نہیں ہوتی ہے مثلاً راجپوت قوم (بشرطیکہ اصلی ہو) راجپوت کے حروف کی تعداد بھی 18 ہے۔ 18 کا عدد رکھنے والے اکثر لوگ فوج میں بڑے بڑے عہدوں پر فائز نظر آتے ہیں۔

عدد 9 کے ضمن میں 27 کا عدد سب سے زیادہ بخت آور ہے۔ یہ لوگ موجدانہ صلاحیتوں کے مالک اور بہت ہی ذہین و فطین اور صاحب فراست ہوتے ہیں ایسے لوگ فوراً اگلے بندے کا ذہن تک پڑھ لیتے ہیں اسی وجہ یہ لوگ اپنے کام یا اپنے فرائض منصبی کے بارے میں مکمل معلومات رکھتے ہیں اور آج کا کام کبھی کل پر نہیں ٹالتے ہیں۔

مشہور لوگوں میں ایک نام رکن الدین بیبرس کا ہے۔ 37 جنگوں کا فاتح اور چنگیز خان کی فوج کی ناک قطبوغہ خان جس کے متعلق یہ مشہور تھا کہ اگر کسی طرف اس کو اکیلا ہی بھیج دیا جائے تو کامیاب ہوتا ہے۔ جب یہ قطبوغہ خان بیبرس کے مقابلے پر آیا تو بیبرس نے نہ صرف یہ کہ اس کو شکست دی بلکہ زندہ

مجید بک ڈپو۔ ریل بازار۔ جھنگ صدر ☆ طارق بک ڈپو۔ کچہری بازار چکوال ☆ آفتاب بک ڈپو۔ خانیوال

گرفتار کرلیا۔ رکن الدین بیبرس کے اعداد کی قیمت 639 ہے۔ آپ دیکھ سکتے ہیں کہ 639 کے حروف بنتے ہیں '' خ ش ط '' شین اور طاء مریخ کے حروف ہیں اور خاء زحل کا حرف ہے اور پھر 639 کا مفرد 9 بنتا ہے اور ظاہر اور باطن دونوں یعنی عدد اور حروف دونوں میں مریخ سے تعلق رکھتا ہے۔ آپ لوگ بیبرس کے حالات پڑھ کر دیکھ سکتے ہیں کہ اُس کی زندگی کس طرح گزری یعنی اس کا بچپن انتہائی سختی سے گزرا کیونکہ چنگیزی فوج نے اس کے شہر کو لوٹنے اور اس کے سارے خاندان کو قتل کرنے کے بعد اس کو اپنے ساتھ اٹھا کر لے گی اور پھر فروخت کر دیا اور پھر بیبرس نے غلامی کی حالت سے ترقی کی اور آخر کار بادشاہ بن گیا اور پھر بادشاہ بننے کے بعد سب امراء کو انتہائی دبا کر رکھا اور پھر اس کے دور میں بہت فتوحات ہوئیں اور صلیبی اس کے نام سے کانپتے تھے وہ جب بھی کسی صلیبی قلعے پر قبضہ کرتا تھا تو پہلے اردگرد کے مسلمان قلعوں پر پہلے قبضہ کرتا تھا کیونکہ اس کو پتہ تھا کہ یہ پیچھے سے شرارت کریں گے اور غداری کریں گے اور دشمن کے ہاتھ مضبوط کریں گے۔

عدد 9 کے منسوبہ رنگوں میں سرخ، قرمزی یعنی گہرا سرخ اور پیازی رنگ شامل ہیں جن لوگوں کے زائچے میں مریخ نحس ہے وہ پیازی رنگ کا استعمال کریں پتھروں میں روبی، گارنٹ اور عقیق سرخ ہیں۔

عدد 9 کے حامل افراد کا تعلق 3,5,6 اور 8 کے ساتھ بہتر رہتا ہے۔

نوٹ: 1 سے لیکر 9 تک جو اعداد کے پتھر دیئے گئے ہیں وہ صرف اور تاریخ پیدائش کے اعتبار سے دیئے گئے ہیں۔ میں ضروری سمجھتا ہوں کہ ایک مرتبہ پھر ان پتھروں کے خواص بیان کروں۔ اگر کسی کی تاریخ پیدائش فرض کریں 26 ہے تو پھر اس کا عدد 8 ہے کیونکہ 8=6+2 ہوتا ہے اسی طرح ہر تاریخ پیدائش کو سمجھیں۔

نمبر	پتھر
1	پکھراج اور عنبر موافق پتھر ہیں۔ پکھراج کو انگوٹھی میں پہنیں اور عنبر کو گلے میں لٹکائیں
2	حجر القمر، موتی اور سنگ سیم۔ حجر القمر کو انگوٹھی میں اور باقیوں کو گلے میں لٹکائیں
3	ایمے تھیسٹ اور بنفشی رنگ کا کوئی بھی پتھر دوسرا انتخاب فیروزہ اور زمرد
4	نیلم اور پکھراج۔ نیلم پہلا انتخاب ہونا چاہیے۔
5	ہیرا اور اگر میسر نہ ہو تو پھر فیروزہ اور زمرد۔
6	زمرد اور فیروزہ۔ زمرد کو انگوٹھی میں اور فیروزہ کو گلے میں۔
7	لہسنیا، حجر القمر، موس اگیٹ، سنگ سیم یا موتی۔ لہسنیا اور حجر القمر کو انگوٹھی میں۔ لہسنیا پہلا انتخاب ہونا چاہیے۔ موس اگیٹ کو گلے میں لٹکائیں۔ دوسری چوائس سنگ سیم ہونا چاہیے۔
8	سیاہ ہیرا یا پھر سیاہ موتی
9	یاقوت، گارنٹ، اور عقیق۔ گارنٹ اور عقیق کو گردن کے گرد لاکٹ کے طور پہنیں

ضروری معلوم ہوتا ہے کہ ان پتھروں کے نام مختلف زبانوں میں تحریر کردوں تاکہ خریدنے میں یا کسی کو مشورہ دینے میں آسانی رہے۔

پکھراج کو ہندی میں پوشپ راگ عربی میں یاقوت اصفر اور انگریزی میں **Topaz** کہتے ہیں۔ کہربا کو انگریزی میں **Amber** کہتے ہیں۔

حجر القمر کو ہندی میں چندر کانت اور انگریزی میں **Moon Stone** کہتے ہیں۔ موتی (مروارید) کو عربی میں لؤلؤ اور انگریزی میں **Pearl** کہتے ہیں۔

سنگ سیم کو ہندی میں پیلو اور انگریزی میں **Jade** کہتے ہیں۔

Amethyst یہ ایک قسم کا عقیق ہے اور اس کا رنگ ارغوانی ہوتا ہے۔

فیروزہ اور اس کو انگریزی میں **Turquoise** کہتے ہیں۔ زمرد اس کو پنجابی میں پنہ، عربی میں حجر الحیا اور انگریزی میں **Emerald** کہتے ہیں۔

نیلم کو عربی میں یاقوت ازرق اور انگریزی میں **Supphire** کہتے ہیں۔

ہیرا اس کو عربی میں الماس اور انگریزی میں **Diamond** کہتے ہیں۔

لہسنیا اس کو عربی میں عین الہریۃ اور انگریزی میں **Cat's Eye** کہتے ہیں۔

ماس اگیٹ یعنی نباتاتی عقیق اس میں کالسڈونی اور سنگ یشم کی دھاریاں ہوتی ہیں۔ اس کو رنگ بھورا یا زرد ہوتا ہے۔ یاقوت کو ہندی میں مانک اور انگریزی میں **Rubby** کہتے ہیں۔ پلک اس کو انگریزی میں **Garnet** کہتے ہیں

ہم اپنے ناموں کے اعداد ہمیشہ ابجد قمری سے لیتے ہیں۔ ایسا کرنا ایسے بندے کے حق میں درست ہے جو کہ پڑھا لکھا نہ ہو یا پھر مدرسے کی تعلیم ہو لیکن اگر اس کی تعلیم انگریزی ہو تو پھر اگر ہم اس کے **carler** کا حکم لگائیں گے تو پھر ہم کو کلدانی (بابلی) حروف ابجد سے مدد لینا پڑے گی۔ اور تجربہ ومشاہدہ میں آیا ہے کہ کلدانی حروف ابجد کا حکم درست ہوتا ہے۔ جیسا اللہ تبارک تعالیٰ فرماتے ہیں کہ '' میں بندے کے گمان کے ساتھ ہوں پس جیسا خیال کرے گا ویسا ہی پائے گا '' تو اسی طرح چونکہ ہم مکمل طور پر انگریزی رنگ میں رنگے ہوئے ہیں لہٰذا ہمارے ناموں اور سب چیزوں کی قیمت اوپر عالم مثال میں کلدانی حروف ابجد کے مطابق ہی ہے۔ ہاں سرزمین عرب کی بات اور ہے وہاں عربی تاریخیں ہیں۔ پس حکم لگاتے وقت یہ خیال رکھنا چاہیے کہ جس بندے کے نام کے اعداد آپ نکال رہے ہو وہ کس خطے سے تعلق رکھتا ہے۔

کلدانی حروف کی قیمت کا چارٹ

1	2	3	4	5	6	7	8
A	B	C	D	E	U	O	F
I	K	G	M	H	V	Z	P
J	R	L	T	N	W		
Q		S		X			
Y							

نوٹ: ایک بات کا خاص خیال رہے کہ پتھر کا جلد سے مس ہونا بہت ضروری ہے۔

☆ ریلوے بک سٹال۔ وزیر آباد ☆ صلاح الدین بک ڈپو مین بازار۔ وزیر آباد ☆ سید احمد شاہ نیوز ایجنٹ مین بازار علی پور چٹھہ

Scanned with CamScanner

نام اور تاریخ پیدائش میں مطابقت پیدا کرنا

یہ پریکٹس آپ ایسے بچوں پر کر سکتے ہو جو کہ under Matric ہوں اگر چہ بعد میں بھی کیا جا سکتا ہے لیکن پھر یہ ایک دشوار گزار مرحلہ ہے۔ کوئی سائل آپ کے پاس آئے تو آپ سب سے پہلے یہ دیکھو کہ اس کی تاریخ پیدائش موافق ہے یا نہیں ہے اور اگر نہیں ہے تو پھر آپ اس کو بدل دو کوئی اچھی سی تاریخ پیدائش رکھ لو اور پھر نام کے اعداد کے مطابق کر لو۔

فطرت اور نام کا چناؤ بلڈ گروپ کی روشنی میں

آپ کے نام کے حروف ابجد اس بات پر اثر انداز ہو سکتے ہیں کہ آپ اپنے منصوبوں کو کیسے پایہ تکمیل تک پہنچاتے ہیں دو افراد کے ناموں کا عدد ایک ہو سکتا ہے لیکن ان میں موجود مختلف حروف ابجد بتاتے ہیں کہ وہ کس طریقے سے اپنا اظہار کریں گے۔ ذہنی، جسمانی، جذباتی یا وجدانی طور پر یہ معلوم کرنے کے لیے ہم فطرت یا طبیعت کو بلڈ گروپ کی روشنی میں دیکھیں گے۔ لیکن پہلے واضح ہو کہ وجدانی، جذباتی، جسمانی اور ذہنی حروف کی خاصیتیں کیا ہیں میں ذرا ان کو مکمل اور جامع انداز میں بیان کروں گا تا کہ علم الاعداد سے زندگی کے ہر شعبہ کا بندہ فائدہ اٹھائے۔ خصوصاً جفار، Numerologist، اطباء اور ہومیو ڈاکٹر وغیرہ۔ یعنی وہ اگر اپنے مریضوں کا ریکارڈ رکھیں تو جلد ہی امراض شناسی میں دور نزدیک مشہور ہو جائیں گے اور اگر نمرالوجسٹ بلڈ گروپ کی روشنی میں پریکٹس کریں گے تو حیرت انگیز طور پر انتہائی درست احکامات لگائیں گے۔

دماغی یا ذہنی حروف

ان حروف کا تعلق عناصر کی رو سے آب سے ہے۔

کیفیت اس کی رطوبت ہے۔

مزاج اس کا سرد تر ہے۔

ہومیو پیتھی کی رو سے زہر کا نام ہے سفلس۔

طب یونانی کی رو سے خلط بلغم سے تعلق ہے۔

نظریہ مفرد اعضاء کی رو سے تحریک کا نام ہے اعصابی عضلاتی۔

نظریہ مفرد اعضاء کے 3 رہنما اصول یعنی تحریک، تحلیل اور تسکین میں سے اس کا تعلق تسکین سے ہے۔

Medical Point of View سے اس کا تعلق Nervous Tissues سے ہے جو کہ دماغ سے متعلق ہیں۔

Medical Point of View سے ان حروف کا تعلق A Blood Group سے ہے۔ اور White Blood Cells بناتے ہیں۔

Gases میں یہ آکسیجن گیس سے متعلق ہیں۔ اور Human Body میں Chemical Point of View کے سے یہ Alkaline بناتے ہیں۔

Bio Chamical Salts میں یہ حروف کلکیر (سرطان) یا فلور، کلکیر یا سلف (عقرب) اور فیرم فاس (حوت) سے متعلق ہیں۔

نظریہ بلڈ گروپ کے مطابق اس کا ذائقہ پھیکا یا میٹھا ہے جب اعصاب میں لذت کا احساس بڑھ جاتا ہے تو (سفیلینم) اور انقباض کی صورت میں خوف (مرکسال) کا احساس پایا جاتا ہے۔

A Group کا قدرتی ذائقہ کھارا یعنی کسیلا یعنی انتہائی سرد ہوتا ہے لیکن جب اعصاب میں لذت بڑھ جائے تو پھر یہ میٹھا یعنی گرم تر اور انقباض یعنی خوف کی صورت میں پھیکا ہوتا ہے۔

A Blood Group کا رنگ سفید ہے۔

علم فلکیات کی رو سے یہ قمر سے متعلق ہیں کیونکہ یہ ٹھنڈے حروف ہیں۔

ابجد قمری کی رو سے یہ حروف ''ج ز ک س ق ث ظ'' کا تعلق ذہنی حروف یا دماغی حروف سے ہے۔

حروف دماغی یا A Blood Group میں مندرجہ ذیل بروج شامل ہیں۔

سرطان (فاسفیٹ) عقرب (سلفیٹ) حوت (سوڈیم)

علم الاعداد کی رو سے سرطان کا نمبر 2 ہے۔ عقرب کا 9 اور حوت کا 7 ہے۔ شمس جب دورہ فلک طے کرتا ہوا ان بروج میں آتا ہے تو ان نمبرز کو تقویت ہوتی ہے۔

A Blood Group والوں کا اللہ سے نسبت اور تعلق کا رنگ یا علوم ولایت میں اس کا حصہ سلسلہ نقشبندیہ سے ہے جو کہ یادداشت اور طہارت کی نسبت ہے۔

اسماء الحسنٰی میں A Group کا تعلق اسمائے افعالیہ سے ہے جو کہ جمالی اسماء پر مشتمل ہیں اور کائنات عالم میں خاموشی سے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں (العلیم۔ الرحیم۔ السلام۔ المؤمن۔ باری۔ المصور۔ غفار۔ الوہاب۔ الرزاق۔ الفتاح۔ باسط۔ الرافع۔ لطیف۔ الخبیر۔ معز۔ الحفیظ۔ المقیت۔ الحسیب۔ الجمیل۔ الحلیم۔ الکریم۔ الوکیل۔ الحمید۔ المبدی۔ المحی۔ المصور۔ الواجد۔ الدائم۔ باقی۔ الباری۔ البر۔ المنعم۔ العفو۔ الغفور۔ الرؤف۔ المغنی۔ المعطی۔ النافع۔ الہادی۔ البدیع۔ الرشید۔ المجمل۔ القریب۔ المجیب۔ الکفیل الحنان۔ المنان۔ الکامل۔ لم یلد ولم یولد۔ الکافی۔ الجواد۔ ذوالطول۔ الشافی۔ المعافی)۔

علم الاعداد کی رو سے یہ حروف آپ کی سوچ کے انداز کو ظاہر کرتے ہیں۔ فیصلے ٹھنڈے دماغ سے اور پُرسکون طریقے سے کیے جاتے ہیں۔ آپ اپنے فیصلے جذباتی انداز سے نہیں کریں گے بلکہ آپ ہمیشہ معاملات کے بارے میں اچھی طرح سوچیں گے پھر عمل کریں گے۔ اگر آپ کے نام کے حروف میں دماغی حروف زیادہ ہیں تو پھر آپ کو ایسا Profession Adopt کرنا چاہیے جس میں ذہن کو کا استعمال زیادہ ہوتا ہو جیسے کمپیوٹر، اکاؤنٹس، چارٹرا کاؤنٹ وغیرہ۔

Scanned with CamScanner

یہ لوگ اگر منفی سوچ رکھتے ہوں تو پھر یہ معاشرے کے لیے انتہائی خطرناک ثابت ہوتے ہیں یہ لوگ شاطر مجرم، بلیک میلر اور انتہائی پلاننگ کے ساتھ جرم کرتے ہیں اور بہت کم پکڑے جاتے ہیں۔
یہ لوگ اگر مثبت سوچ رکھتے ہوں تو معاشرے میں بہت اچھا کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ لوگ اچھے مصنف، اچھے آفیسر اور معاشرے کو جنت کا نمونہ بنا دیتے ہیں۔ ان ہی لوگوں کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ۔

گر فردوس بروئے زمین است
ہمیں است و ہمیں است و ہمیں است

مادی حروف

ان حروف کا تعلق عناصر کی رو سے آتش سے ہے۔
کیفیت اس کی حرارت ہے۔ مزاج اس کا گرم خشک ہے۔
ہومیوپیتھی کی رو سے زہر کا نام ہے سائیکوسس۔
طب یونانی کی رو سے خلط صفرا سے تعلق ہے۔
نظریہ مفرد اعضاء کی رو سے تحریک کا نام ہے غدی عضلاتی۔
نظریہ مفرد اعضاء کے 3 رہنما اصول یعنی تحریک، تحلیل اور تسکین میں سے اس کا تعلق تحلیل سے ہے۔
Medical Point of View سے اس کا تعلق Muscular Tissues سے ہے جو کہ قلب سے متعلق ہیں۔
Medical Point of View سے ان حروف کا تعلق Red Blood Group سے ہے۔ اور یہ Red Blood Cells بناتے ہیں۔ Gases میں یہ Carbon گیس سے متعلق ہیں اور Human Body میں Chemical Point of View سے یہ Acid بناتے ہیں۔
Bio Chamical Salts میں یہ حروف کالی میور (جوزا)، نیٹرم فاس (میزان) اور نیٹرم میور (دلو) سے متعلق ہیں
نظریہ بلڈ گروپ کے مطابق اس کا ذائقہ کڑوا یا چرپرا ہوتا ہے جب اعصاب میں مسرت کا احساس بڑھ جاتا ہے تو (میڈھور انجم) اور انقباض کی صورت میں غم (تھوجا) کا احساس پایا جاتا ہے۔
B Group کے دو ذائقے ہیں ایک چرپرا اور ایک کڑوا جب یہ OB ہوتا ہے تو یہ چرپرا ہوتا ہے اور جب BB ہوتا ہے تو پھر یہ کڑوا ہوتا ہے۔ ویسے B گروپ کا قدرتی ذائقہ ترش (کھٹا) ہے
B Blood Group کا رنگ سرخ ہے۔
علم فلکیات کی رو سے یہ مریخ اور شمس سے متعلق ہیں کیونکہ یہ گرم خشک حروف ہیں۔
ابجد قمری کی رو سے یہ حروف "اھ طم ف ش ذ" کا تعلق مادی حروف سے ہے۔
حروف مادی یا B Group میں مندرجہ ذیل بروج شامل ہیں۔

جوزا (فاسفیٹ)   میزان (سلفیٹ)   دلو (سوڈیم)
علم الاعداد کی رو سے جوزا کا نمبر 5 ہے۔ میزان کا 6 ہے اور دلو کا 4 ہے۔ شمس جب دورہ فلک طے کرتا ہوا ان بروج میں آتا ہے تو ان نمبرز کو تقویت ہوتی ہے۔
B Blood Group والوں کا اللہ سے نسبت اور تعلق کا رنگ یا علوم ولایت میں اس کا حصہ سلسلہ سہروردیہ سے ہے۔ اسماء الحسنیٰ میں B Group کا تعلق اسمائے جلالیہ (صفاتیہ) سے ہے جو کہ جلالی اسماء پر مشتمل ہیں۔
الکبیر۔ المتعال۔ عزیز۔ العظیم۔ الجلیل۔ القہار۔ القادر۔ المقتدر۔ الماجد۔ الولی۔ الجبار۔ المتکبر۔ القابض۔ الخافض۔ المذل۔ الرقیب۔ الواسع۔ الشہید۔ القوی۔ المتین۔ الممیت۔ المعید۔ المنتقم ذوالجلال والاکرام۔ المانع۔ الضار۔ الوارث۔ الصبور۔ ذوالبطش۔ البصیر۔ الدیان۔ المعذب۔ المنفضل۔ المجید۔ الذی لم یکن له کفواً احد۔ ذوالحول الشدید۔ القاہر۔ الغیور۔ الشدید العقاب۔
علم الاعداد کی رو سے یہ حروف آپ کی سوچ کے انداز کو ظاہر کرتے ہیں۔ یعنی آپ بیٹھ کر سوچنے کی بجائے عمل کرتے ہیں۔ آپ تندرست و توانا ہیں اور ایک عملی شخصیت ہیں اور زیادہ تر مصروف رہتے ہیں

جذباتی حروف

ان حروف کا تعلق عناصر کی رو سے خاک (تراب) سے ہے۔
کیفیت اس کی یبوست ہے۔ مزاج اس کا سرد خشک ہے۔
ہومیوپیتھی کی رو سے زہر کا نام ہے ٹیوبر کلوسس (مادہ دِق)۔
طب یونانی کی رو سے خلط سودا سے تعلق ہے۔
نظریہ مفرد اعضاء کی رو سے تحریک کا نام ہے عضلاتی اعصابی۔
Medical Point of View سے اس کا تعلق Connective Tissues سے ہے جو کہ کھال اور ہڈیوں سے متعلق ہیں۔
Medical Point of View سے ان حروف کا تعلق AB Blood Group سے ہے۔
Gases میں یہ Carbonnitrogen گیس سے متعلق ہیں۔
اور Human Body میں Chemical Point of View سے یہ Calcium بناتے ہیں۔
Bio Chamical Salts میں یہ حروف نیٹرم سلف (ثور)، کالی سلف (سنبلہ) اور کلکیر یا سلف (جدی) سے متعلق ہیں۔
نظریہ بلڈ گروپ کے مطابق اس کا ذائقہ ترش ہے جب بافتوں میں لذت کا احساس بڑھ جاتا ہے تو (کلکیر یا کارب) اور غم کی صورت میں خوف (ٹیوبر کلونیم) پایا جاتا ہے۔
AB Group کا قدرتی ذائقہ کڑوا ہے۔

☆حنیف نیوز ایجنسی۔ گکھڑ منڈی   ☆سعید احمد نیوز ایجنٹ۔ علی پور چٹھہ   ☆بٹ نیوز ایجنسی۔ علی پور چٹھہ

AB Group کا رنگ سیاہ ہے۔
علم فلکیات کی رو سے یہ زحل سے متعلق ہیں کیونکہ یہ خشک سرد حروف ہیں۔
ابجد قمری کی رو سے یہ حروف "د ح ل ع ر خ غ" کا تعلق جذباتی حروف سے ہے۔
حروف جذباتی یا **AB Group** میں مندرجہ ذیل بروج شامل ہیں۔
ثور (فاسفیٹ) سنبلہ (سلفیٹ) جدی (سوڈیم)
علم الاعداد کی رو سے ثور کا نمبر **2** ہے۔ سنبلہ کا **9** ہے اور جدی کا **7** ہے۔ شمس جب دورہ فلک طے کرتا ہوا ان بروج میں آتا ہے تو ان نمبرز کو تقویت ہوتی ہے۔
AB Blood Group والوں کا اللہ سے نسبت اور تعلق کا رنگ یا علوم ولایت میں اس کا حصہ سلسلہ چشتیہ سے ہے جو کہ حضور اور کمال کی نسبت ہے۔
اسماء الحسنٰی میں **AB Group** کا تعلق اسمائے مشترک کمالیہ سے ہے جو کہ کمالی اسماء پر مشتمل ہیں اور کائنات عالم میں خاموشی سے اپنا کمال دکھا رہے ہیں۔ (الرحمٰن۔العلیم۔المالک۔الرب۔المھیمن۔الخالق۔السمیع۔البصیر۔الحکم۔العدل۔الحکیم۔الولی۔القیوم۔المقدم۔المؤخر۔الاول۔الآخر۔الظاہر۔الباطن۔الوالی۔المتعال۔المالک الملک۔المقسط۔الجامع۔الغنی۔الذی لیس کمثلہ شئی۔المحیط۔السلطان۔المزید۔المتکلم۔)۔
علم الاعداد کی رو سے یہ حروف آپ کی سوچ کے انداز کو ظاہر کرتے ہیں۔ فیصلے خواہشات کو مدنظر رکھ کر کیے جاتے ہیں۔ ان حروف سے متعلق لوگ انتہائی پراسرار ہوتے ہیں اور دہری، تہری شخصیت کے حامل ہوتے ہیں۔

وجدانی حروف

ان حروف کا تعلق عناصر کی رو سے باد سے ہے۔
کیفیت اس کی حرارت ہے۔ مزاج اس کا گرم تر ہے۔
ہومیوپیتھی کی رو سے زہر کا نام ہے سورا۔
طب یونانی کی رو سے خلط صفرا سے تعلق ہے۔
نظریہ مفرد اعضاء کی رو سے تحریک کا نام ہے غدی اعصابی۔
نظریہ مفرد اعضاء کے **3** رہنما اصول یعنی تحریک، تحلیل اور تسکین میں سے اس کا تعلق تحریک سے ہے۔
Medical Point of View سے اس کا تعلق **Epithelial Tissues** سے ہے جو کہ جگر سے متعلق ہیں۔
Medical Point of View سے ان حروف کا تعلق **O Blood Group** سے ہے۔
Gases میں یہ **Hydrogen** گیس سے متعلق ہیں۔
اور **Human Body** میں **Chemical** کے **Point of View** سے یہ **Sodium** بناتے ہیں۔
Bio Chamical Salts میں یہ حروف کالی فاس (حمل)، میگ فاس (اسد) اور سلیشیا (قوس) سے متعلق ہیں۔
نظریہ بلڈ گروپ کے مطابق اس کا ذائقہ نمکین ہے جب غدد میں انبساط کی صورت میں ندامت (سورائنم) انقباض کی صورت میں غصہ (سلفر) کا احساس پایا جاتا ہے۔
O Group کا قدرتی ذائقہ نمکین ہے لیکن جب یہ **OB** ہوتا ہے تو پھر اس کا ذائقہ چرپرا ہو جاتا ہے۔
علم فلکیات کی رو سے یہ مشتری اور زہرہ سے متعلق ہیں کیونکہ یہ گرم تر حروف ہیں۔
ابجد قمری کی رو سے یہ حروف "ب و ی ن ص ت ض" کا تعلق وجدانی حروف سے ہے۔
حروف وجدانی یا **O Blood Group** میں مندرجہ ذیل بروج شامل ہیں۔
حمل (فاسفیٹ) اسد (سلفیٹ) قوس (سوڈیم)
علم الاعداد کی رو سے حمل کا نمبر **9** ہے۔ اسد کا **1** ہے اور قوس کا **3** ہے۔ شمس جب دورہ فلک طے کرتا ہوا ان بروج میں آتا ہے تو ان نمبرز کو تقویت ہوتی ہے۔
O Blood Group والوں کا اللہ سے نسبت اور تعلق کا رنگ یا علوم ولایت میں اس کا حصہ سلسلہ قادریہ سے ہے جو کہ نسبتِ توحید نسبت ذات و نسبت عشق ہے۔
اسماء الحسنٰی میں **O Group** کا تعلق اسمائے ذاتیہ سے ہے۔ (اللہ۔الاحد۔الواحد۔الصمد۔الفرد۔الوتر۔النور۔الحق۔الحی۔القدوس۔)۔
علم الاعداد کی رو سے یہ حروف آپ کی سوچ کے انداز کو ظاہر کرتے ہیں۔ آپ ہمیشہ اپنی جبلت کو فوقیت دیتے ہیں ایسے افراد میں اکثر ایک خواب آلود عنصر ہوتا ہے اور زندگی کی دوڑ میں یہ لوگ پریکٹیکل نہیں ہوتے ہیں۔

حروف کی خاصیتیں اور بلڈ گروپ	وجدانی O	جذباتی AB	جسمانی B	ذہنی A
افتتاحی	K	ZORI	E	A
اصلاحی	FQUY	BSTX	W	HJNP
اختتامی	CV		DM	GL

اور اب میں خالصتاً روحانی انداز میں ایک مثال پیش کروں گا لیکن ایک عام ماہر علم الاعداد کو ایسا درست حکم لگانے میں بہت مشق کی ضرورت ہے۔
BABUR SULTAN جن پر حروف کی خاصیتیں کھل سامنے آتی ہیں۔ میرے مشاہدے کے مطابق کسی کے نام کے حروف شائد ہی کسی پر اس طرح منطبق ہوئے ہوں جیسا کہ بابر سلطان کے نام پر اسم بامسمّٰی کی طرح **Perfect** آئے ہیں۔

افضل بک ڈپو۔ جلال پور جٹاں۔ گجرات ☆شان نیوز ایجنسی۔ کلیانہ۔ گجرات ☆ملت نیوز ایجنسی دیونہ منڈی۔ گجرات

حروف کی خاصیتیں بلڈ گروپ کی روشنی میں	وجدانی O	جذباتی AB	جسمانی B	ذہنی A
افتتاحی		R		AA
اصلاحی		BBST		N
اختتامی				L
		5		4

دیکھئے یہاں پر حروف ذہنی 4 ہیں جو کہ A Blood Group سے تعلق رکھتے ہیں۔ جو کہ نسبت طہارت ہے اور نسبت یاداشت ہے آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ان کی علمی جلالت کتنی ہے۔ بہت ساری کتابوں کے مصنف ہیں اور کتنے متبحر عالم ہیں۔ ان کی تحریروں میں اسمائے جمالیہ جو کہ افعالیہ ہیں ان کا رنگ جھلکتا ہے۔

دوسری طرف دیکھئے کہ حروف جذباتی جو کہ AB بلڈ گروپ سے تعلق رکھتے ہیں جو کہ تصرف پر دال ہیں جو کہ نسبت حضور ہے اور نسبت کمال ہے اور چونکہ AB گروپ کا تعلق اسمائے مشترک یعنی کمالیہ سے ہے جو کہ علوم سریہ (علوم مخفی) سے متعلق ہے تو جیسا کہ آپ سب لوگوں پر معلوم ہے کہ بابر سلطان صاحب عالم غیب سے علوم کو عالم شہادت میں منتقل کرتے ہیں۔ جیسا کہ ان کی بہت ساری تصانیف جو کہ مختلف موضوعات پر ہیں (جیسے حقائق ہمزاد اور تحقیق جفر اور تجلیات جفر وغیرہ) اور حال ہی میں ایک حیرت انگیز تحقیقی تصنیف ایک اصلاحی موضوع پر جو کہ طب سے متعلق ہے یعنی " تحقیقاتِ انسانی Blood Group غذا طب اور ہومیوپیتھی " پر سپرد قلم کی ہے۔

چارٹ پر نظر ڈالیں تو پتہ چلتا ہے کہ ان کے نام میں اصلاح کا عنصر غالب ہے اور وہ اصلاحی کام کرنے کی طرف بہت جلد راغب ہوتے ہیں کیونکہ یہ ان کی شخصیت کا حصہ ہے۔

جدول برائے ابجد قمری از روئے فطرت /Groups

وجدانی O	جذباتی AB	جسمانی B	ذہنی A
ب دی ان ص ت ض	د ح ل ع ر خ غ	اھ طم ف ش ذ	ج ز ک س ق ث ظ
بادی	خاکی	آتشی	آبی

اب ابجد قمری کی رو سے بھی چارٹ حاضر خدمت ہے اور اس میں ایک مثال دوں گا۔

وجدانی O	جذباتی AB	جسمانی B	ذہنی A
ب دی ان ص ت ض	د ح ل ع ر خ غ	اھ طم ف ش ذ	ج ز ک س ق ث ظ
ب ب ن	ر ل	اطا	س

بابر سلطان: حروف ذہنی میں صرف ایک حرف ہے جو کہ سین ہے اور ایسا حرف ہے کہ جس کے بارے میں اللہ تبارک تعالیٰ فرماتے ہیں یاسین۔

والقرآن الحکیم۔۔۔۔ پوری آیت کے ترجمہ پر غور کیجئے۔ ایسے ہی حروف ذہنی کا یہ حرف اپنے کمال کو ظاہر کرتا ہے اور اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے کمال کو حرف سین کے ذریعے ظاہر کرتا ہے جیسا کہ بابر سلطان کر رہے ہیں اور عالم غیب کے علوم کو عالم شہادت میں منتقل کر رہے ہیں۔ حروف جسمانی میں آپ غور کریں تو آپ کو پتہ چلے گا کہ دو ابتداؤں کے درمیان ایک انتہا ہے یعنی الف کی عددی قیمت ایک ہے اور طاء کی 9 ہے اور حرف الف کا ستارہ شمس ہے اور حرف طاء کا مریخ ہے حروف میں 3 حروف ہیں اور باء نے دو مرتبہ تکرار کی ہے اور جیسا کہ آپ لوگ جانتے ہیں کہ تمام قرآن کا راز سورہ فاتحہ میں ہے اور سورۃ فاتحہ کا تمام راز بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں ہے اور بسم اللہ کا تمام راز حرف باء میں ہے اور یہاں پر حرف باء نے دو مرتبہ تکرار کی ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ موصوف نے روحانیت میں خصوصاً جفر کے حصہ آثار میں ایک خاص مقام پایا ہے۔

اہل علم اور اہل نظر پر حرف را کے مظاہر روشن ہیں نام کے اس حصے میں حرف راء ایک خاص جہت کی طرف اشارہ کرتا ہے اور وہ یہ ہے کہ موصوف کی شخصیت کی گہرائی کا کوئی اندازہ ہی نہیں ہے۔ عام طور پر ایسی شخصیات انتہائی پراسرار ہوتی ہیں اور یہ ایسی ہی شخصیات ہوتی ہیں جن کے پیچھے کئی ملکوں کی Agencies لگی ہوتی ہیں اور باوجود سر توڑ کوشش کے ان کی گرد کو بھی نہیں چھو سکتی ہیں۔

اب میں اس نقطہ کو بیان کرتا ہوں لیکن پہلے ایک بات بیان کرتا چلوں کہ دیکھو میری تاریخ پیدائش کا عدد 4 ہے اور میرا شمسی برج قوس ہے میرا وہ برج جس پر میرا جسم ترابی کھڑا ہے وہ اسد ہے۔ میرے نام کے اعداد کا مفرد 6 ہے۔ یہ سب مختلف حقیقتیں ہیں۔ اگر مجھ پر اللہ نے فضل کر لیا ہے اور میں علمی نقطہ نظر سے اس بات پر سمجھ بھی گیا ہوں کہ اگر میرے خون میں گرمی ہے اور مجھے گرمی خشکی کے امراض اس وجہ سے لگتے ہیں کہ میں جس دن پیدا ہوا اس منگل کا دن تھا اور 4 تاریخ تھی۔ کیونکہ مریخ کی گرمی مجھ پر اس وجہ سے منفی طور پر اثر انداز ہو رہی ہے کہ 4 جو کہ شمس کا منفی نمبر ہے وہ بھی اس کا معاون ہے۔ یہ حقیقت اور اس طرح کی اور بہت سی حقیقتیں اور Factors مل کر انسان کی زندگی کو اجیرن کر دیتے ہیں اگر چہ فائدے بھی دیتے ہیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان کا تدارک کیا ہے۔ تو اس کا تدارک کچھ نہیں ہے آخر آپ کتنے ہی طلاسم بنائیں گے جو کہ آپ کو فائدہ دیں گے (اگر آپ طلسمات کا فن جانتے ہیں جو کہ فی زمانہ کوئی بھی نہیں جانتا ہے کیونکہ آج تک جو کتابیں اس فن پر میری نظر سے گزری ہیں ان میں حکماء نے اس کے مقدمے تک کا ذکر کرنا مناسب نہیں سمجھا اور اس کو حد سے زیادہ اخفاء میں رکھا ہے) اور پھر طلسم بنانا کوئی آسان کام نہیں ہے؟

☆عارف نیوز ایجنسی۔ کھاریاں۔ گجرات ☆فاروق سٹیشنری مارٹ۔ کھاریاں ☆شمع نیوز ایجنسی۔ سیالکوٹ

Scanned with CamScanner

نقطہ

وہ نقطہ کیا ہے وہ نقطہ بیان کرنے سے قبل میں قرآن شریف سے کچھ آیات پیش کرونگا تاکہ بات سمجھ میں آجائے کیونکہ اگر وہ بھید میں نے ایک دم بیان کر دیا تو پھر شائد سمجھ میں نہ آئے۔ دراصل بات یہ ہے کہ زمیں اور آسمان کے درمیان جو کچھ بھی ہے وہ ایک مادے (Material) سے بنائی گیا ہے اور اس مادے کا نام ہے حق جو کہ اللہ تبارک تعالیٰ کی ایک صفت ہے۔ غور سے دیکھو اللہ تبارک تعالیٰ قرآن مجید میں کیا فرمارہے ہیں (اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا حق کے ساتھ۔ پارہ۔۱۳۔ سورۃ ابراہیم۔۱۹) (وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَھُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ۔ اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو اس کے درمیان (مخلوق) ہے پیدا کیا حق کے ساتھ۔ پارہ۔۱۴۔ سورۃ حجر۔۸۵) (خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ۔ آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا حق کے ساتھ۔ پارہ۔۲۳۔ سورۃ زمر۔۵) (وَخَلَقَ اللّٰہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ۔ اور اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا حق کے ساتھ۔ پارہ۔۲۵۔ سورۃ جاثیہ۔۲۲) (وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَھُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ۔ ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو اس کے درمیان (مخلوق) ہے پیدا کیا حق کے ساتھ۔ پارہ ۲۶۔ سورۃ الاحقاف۔۳) (خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ۔ آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا حق کے ساتھ۔ پارہ۔۲۸۔ سورۃ تغابن۔۳)

انسان کی بڑی شان ہے جس کی معرفت سے ملائک بھی عاجز ہیں (تبھی تو کہا تھا کہ یہ زمین پر جاکر فساد کرے گا) درحقیقت انسان کی معرفت اللہ کی معرفت ہے (من عرف نفسہ فقد عرف ربہ) اس کا جسم عالم ناسوت سے ہے اور اس کی روح عالم ملکوت سے ہے انسان کا نام انسان اسی وجہ سے ہے کہ یہ عالم ناسوت اور عالم ملکوت کا مجموعہ ہے۔

ظاہری ناسوت ہے انسان کا
باطنی ملکوت ہے انسان کا
جب تجلی ہوا اس شان پر
نام اس کا ہو گیا انسان تب

یعنی جس وقت انسان سو جائے تو عالم مثال (عالم غیب یا عالم برزخ) آباد ہو جاتا ہے اور جب جاگتا ہے تو عالم شہادت یا عالم ناسوت کو پاتا ہے یعنی سو جائے تو یہ جہان غائب ہو جاتا ہے اور جاگ جائے تو وہ جہاں غائب ہو جاتا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ عالم شہادت اور عالم غیب کی کوئی حقیقت نہیں ہے کیونکہ دونوں کو ثبات نہیں ہے اصل چیز انسان خود ہے کیونکہ یہ دونوں جہان اس کے گرد ہی گھومتے ہیں بقول اقبال۔

وہی جہاں ہے تیرا جس کو تو کرے پیدا
یہ سنگ و خشت نہیں جو تیری نگاہ میں ہے

جس طرف انسان کی رخ ہو جائے وہی جہاں پیدا ہوتا ہے دراصل یہ دونوں جہان انسان کے اندر سے پیدا ہو رہے ہیں پس دونوں جہاں اس کے اندر ہیں۔ مگر ہائے افسوس کہ انسان نادان اور نسیان کا (بھول کا) مریض ہے ہوا ہے جو یہ خیال کرتا ہے کہ میں اس جہان کے اندر ہوں۔ پس وہم اور بھول نے انسان کو ذلیل و خوار کیا ہوا ہے۔ روح اللہ کا امر ہے (قل الروح من امر ربی) یہ عوام کو خطاب ہے۔ خاصوں کو خطاب ہے کہ (الروح ھو اللّٰہ) یعنی روح وہی اللہ ہے لہٰذا روح کی معرفت اللہ کی معرفت ہے اور یہ روح اللہ نے پھونکی ہے اور اس پھونک کا نام انسان ہے ظاہری اعضاء کے مجموعے کا نام انسان نہیں ہے اسی لیئے مولانا روم فرماتے ہیں۔

گر بصورت آدمی انسان بدے
احمد و بوجہل خود یکساں بدے

واقعی انسان کی حقیقت بڑی اعلیٰ معرفت ہے یعنی ایسی معرفت ہے کہ حضور ﷺ فرماتے ہیں کہ من عرف نفسہ فقد عرف ربہ (جس نے اپنے نفس کو پہچانا گویا اُس نے رب کو پہچانا) بالفاظ دیگر اللہ اسم ہے تو انسان مسمیٰ ہے۔ اللہ تبارک تعالیٰ فرماتے ہیں کہ (اَلْاِنْسَانُ سِرِّیْ وَاَنَا سِرُّہٗ) انسان میرا راز ہے اور اس کا راز ہوں۔

اللہ تبارک تعالیٰ فرماتے ہیں کہ (وَھُوَ مَعَکُمْ اَیْنَمَا کُنْتُمْ) وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں کہیں تم ہوتے ہیں۔

اللہ تبارک تعالیٰ فرماتے ہیں کہ (وَفِیْٓ اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ) میں تمہارے نفسوں کے اندر ہوں کیا اب بھی تم مجھے نہیں دیکھتے؟

پس وہ طریقہ بیان کرتا ہوں جس سے تمام علوم کی کنجیاں ہاتھ میں آجائیں گی۔ دن رات میں سے کوئی وقت نکال اس آیت ﴿سَنُرِیْھِمْ اٰیٰتِنَا فِی الْاٰفَاقِ وَفِیْٓ اَنْفُسِھِمْ حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَھُمْ اَنَّہُ الْحَقُّ۔ پارہ:۲۵۔ سورۃ: حم سجدہ:۵۳۔ دکھادیں گے اپنی نشانیاں آفاق میں اور نفوس کے اندر حتی کہ کھل جائے کہ حق ان کے اندر جلوہ گر ہے۔ اور حدیث مبارکہ ہے من عرف نفسہ فقد عرف ربہ۔ جس نے اپنے آپکو پہچانا گویا اس نے رب کو پہچانا۔﴾ پر غور کر کے اپنے اندر جھانک کر دیکھے کہ میں "حق" ہوں۔ روزانہ ایک گھنٹہ یہ مشق کرے اور آہستہ آہستہ یہ دورانیہ بڑھاتا جائے تو تمام بد اثرات ختم ہو جائیں گے بلکہ یہ ستارے یہ اعداد غلام بن جائیں گے اور ولایت عظمیٰ حاصل ہوگی۔

☆ شمیم بک ڈپو۔ بان بازار۔ شہداد پور ☆ خورشید عالم بک ڈپو۔ سٹیشن روڈ۔ شہداد پور ☆ مظہر بک ڈپو۔ کورٹ روڈ۔ شہداد پور

شہزادہ سید محمد علی زنجانی

2008 میں سیارہ زحل و مشتری کے عجیب و غریب خواص

سبع کواکب ہماری روزمرہ زندگی میں بہت اہم ہیں۔انہی کواکب:

شمس ☉	قمر ☾	مریخ ♂	عطارد ♀	مشتری ♃	زہرہ ☿	زحل ♄
اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ

سے ہمارے ہفتہ کے ساتوں دن اور 24 گھنٹہ گھڑی میں چلنے والی ایک ایک گھنٹہ کی ساعتیں بھی انہی سے منسوب ہیں۔جو آپ کے مقامی طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہیں۔ستاروں سے متعلقہ افراد متعلقہ کام متعلقہ اشیاء کی تفصیل صفحہ نمبر 157 پر ملاحظہ کریں۔

ساعات کی ترتیب آپکے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے

شمار	پہلی								دوسری							تیسری							چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

روزمرہ کاموں یا سالانہ ماہانہ پلاننگ **آسمانی کونسل** میں قدرت نے جو ستارے سجائے ہیں بے شک میرے دادا بزرگوار منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی کا سدا بہار شعر اس پر صادق آتا ہے:

یہ ستارے یہ کہکشاں یہ فلک رہبر راہ زندگانی ہیں

یورانس مقابلہ آپکے آزادانہ کاموں میں دوسرے مداخلت کر کے آپ کو پریشان کر سکتے ہیں، اپنے تحفظات کا خیال رکھیں۔ 31 جولائی ساتویں مریخ زحل قران ہوگا۔ عرف عام میں اسے قران نحسین کہا جاتا ہے۔ یہ قران چھٹے اور ساتویں گھر کے کسب پر ہوگا۔ دوسروں کو ناراض کرنے یا دوسروں کی ناراضگی سے بچنے کیلئے انکے جذبات و احساسات کا خیال کریں۔ اپنے کیرئیر کے حوالہ سے کوشش، محنت کرنا آپکا کام ہے اور نتائج اللہ پر چھوڑ دیں۔ صدقات آسانی سے دے سکیں تو اس دن ناگہانی آفات بیماری نظر بد سے بچنے کا صدقہ حسب توفیق ضرور دیں۔ سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد 6 جون تا 9 ستمبر آپکے طالع میں رہیگا۔ مشتری کو مرشد گرو ستارہ مانا جاتا ہے۔ آئندہ سال یہ مکمل طور سے آپکے طالع میں رہے گا۔ اسکی آمد اب اور آئندہ آپکی شخصیت میں تمام عمدہ خصوصیات پیدا کر دے گی۔ متحمل مزاجی مضبوط قوت فیصلہ سے آپ عزت، شہرت، دولت غرض کہ ہر شعبہ زندگی میں اعلیٰ مقام کا حصول آسان ہو سکے گا۔ بشرط آپ اس وقت کو موسم بہار سمجھ کر کوشش کریں۔ 4 اگست مریخ مشتری مقابل ہونے سے غیر متوقع مسائل پریشانیاں قانونی الجھنیں آسکتی ہیں۔ اپنے مفادات کے تحفظ کیلئے تیار رہیں۔ اس دن مریخ پلوٹو بھی تربیع بنائیں گے۔ اپنے بنائے گئے پروگراموں پر نظر ثانی ضرور کرلیں۔ 20 اگست اور 4 اکتوبر مریخ زہرہ ساتویں آٹھویں قران جنس مخالف سے اچانک رغبت بڑھے، شادی شدہ افراد کی خانگی ازدواجی خوشیوں میں اضافہ ناراض زوجین کے مابین صلح صفائی ہو، غیر شادی شدہ افراد کو بے راہ روی سے بچنا چاہیے، ورنہ وہ کسی جنسی مرض کا شکار ہو سکتے ہیں۔ 10 ستمبر مریخ نیپچون تثلیث بننے سے جاری شدہ کاموں میں کامیابی نصیب ہو اور آگے بڑھنے کا جذبہ بڑھے گا۔ آپکا حاکم مریخ 15 ستمبر تا 28 اکتوبر آٹھویں شراکت کے خانہ مال میں عروج یافتہ رہے گا۔ تب مشترکہ مفادات کے کاموں میں حصہ لینا نیک کچھ حملی افراد کو شراکت کے علاوہ شادی سے بھی مفادات ملیں گے۔ 19 ستمبر مریخ پلوٹو تسدیس آپکی صلاحیتوں کو اُبھارے گی۔ دوسرے آپکی پذیرائی کریں گے۔ جس سے آپ کو روحانی خوشی ملے گی۔ 24 ستمبر چھٹے شرف عطارد اعلیٰ ملازمتی کارکردگی، شاباش یا حصول انعام ترقی، ایسے حملی جو نئی بہتر ملازمت کی تلاش میں ہیں۔ انکی اچانک امید برآئے گی۔ 21 اکتوبر مریخ مشتری تثلیث غیر متوقع خفیہ کامیابیاں ملیں گی۔ تب آپکو اخلاقی طور سے اچھے اور برے کی تمیز بھی کرنی چاہیے۔ عارضی فائدے کی بجائے ابدی فوائد کو ترجیح دیں۔ 22 اکتوبر مریخ نیپچون تربیع روزمرہ کاموں میں صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔ 24 اکتوبر مریخ یورانس تثلیث آپ میں انقلابی حوصلہ مندی اور قیادت کی صلاحیتوں کو ابھارے، حل المشکلات بھی ہوں۔ 28 اکتوبر تا 8 دسمبر مریخ نویں رہتے ہوئے سیر و سیاحت، مطالعاتی اور روحانی سفر پیش آئیں گے۔ قانونی امور میں بھی کامیابیاں حاصل ہونگی۔ 15 نومبر مریخ زحل تسدیس بننے سے بیرون ملک کاروباری سفر پیش آئیں۔ نئے معاہدوں سے تجارت کو فروغ ملے گا۔ 20 نومبر 14 دسمبر مریخ عطارد قران علم و ہنر آپکی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ 29 نومبر مریخ عطارد تربیع آپکی توقعات اور منصوبوں میں تاخیر ہوسکتی ہے۔ اپنے قانونی مشیر سے بھی رابطہ رکھیں۔ 29 نومبر مریخ مشتری تربیع بننے سے بیرون ملک حصول امیگریشن کے خواہاں حملی افراد کو اپنے سفری کاغذات کو ضرور چیک کرنا چاہیے تاکہ بعد ازاں انہیں کسی الجھن کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ 3 دسمبر مریخ نیپچون تسدیس اور مریخ یورانس تربیع

حصول خیر و برکت کے لیے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش 2010ء

نقش ہر نوبت بمعہ ذاتی ستارہ کا طلسم نوروز 20 مارچ بروز ہفتہ بوقت 22 بجکر 33 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز حاجت ادا کر کے گلے میں باپر سر پہنیں دیگر بوقت اذان جمعہ خطبہ جمعہ میں ہر جمعہ کو مستجاب دعاؤں کا وقت آتا ہے

بنے گی۔ ملے جلے حالات میں اپنی شخصیت اور اپنے وسائل کو بیلنس کریں، قرضہ لینے یا دینے سے اجتناب برتیں۔ آپکا حاکم مریخ 8 دسمبر تا 16 جنوری 2011 اپنے شرف برج میں رہیگا۔ یہ آپکے اندر سال کے اختتام اور سال نو کے آغاز میں مستقبل کی کوئی بہترین پلاننگ اور کارہائے نمایاں انجام دینے کی اعلیٰ صلاحیتوں کو اجاگر کرے گا۔ مخلصین کا بھرپور تعاون رہیگا۔ 14 دسمبر مریخ وتد السماء پر ہونے سے پسندیدہ ماحول نئے وسائل مستقبل قریب کی منصوبہ بندی کی جاسکے گی۔ 21 دسمبر تیسرے چاند گرہن لگنے سے عزیز و اقارب رشتہ داروں سے تعلقات میں کشیدگی، غیر ضروری اندرون ملک سفر سے اجتناب یا پھر صدقہ دے کر سفر کریں۔ اس دوران دو نفل نماز خسوف کی ادائیگی دعاؤں سے نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ 29 دسمبر مریخ زحل تربیع عارضی مشکلات لاسکتی ہے۔ حاسدین مخالفین سے اپنے مفادات کا تحفظ کریں۔

انعامی اسکیموں لاٹریوں میں دلچسپی لینے والے حملی افراد 24,22 جنوری، 15 فروری، 23,21,8 مارچ، 24 اپریل، 19,8 مئی، 12 جون، 31,23,11 جولائی، 20,8 اگست، 4 اکتوبر، 15 نومبر، 7 دسمبر کو قسمت آزمائی کریں تو بعید از قیاس نہیں کہ انکا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔

سعد تواریخ: 22,13,12,5 جنوری۔ 23,17,15,6 فروری۔ 30,23,21,18,8,4 مارچ۔ 24,6,18 اپریل۔ 21,19,8,3 مئی۔ 24,15,12 جون۔ 31,13,11,1 جولائی۔ 26,20,8 اگست۔ 19,12,10,4 ستمبر۔ 19,18,4 , 29,27,23,24,21 اکتوبر۔ 20,15,9,5,1 نومبر۔ 27,14,8,6 دسمبر

نحس تواریخ: 30,27,15,1 جنوری۔ 13,1 فروری۔ 26,22,20,11 مارچ۔ 25,23,5,3 اپریل۔ 24,18,4 مئی۔ 26,25,11,4 جون۔ 30,12 جولائی۔ 21,10,4,3 اگست۔ 26,21 ستمبر۔ 22,5 اکتوبر۔ 29,18,6 نومبر۔ 29,21,3 دسمبر

☆انصاف بک ڈپو۔ شاہین بازار۔ ڈوگری (سندھ) ☆مون بک سٹور۔ ڈھرکی (سندھ) ☆اسماعیل کتاب گھر۔ شہید روڈ۔ جھنگ

Scanned with CamScanner

دن	جمعہ
عدد	6
رنگ	ہلکا نیلا یا سبز
پتھر	اوپل، سبز پکھراج

TAURUS
زہرہ ثور
حالات و واقعات کی روشنی میں

William Shakespeare

خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2010ء (کیرئیر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں۔

آسمانی کونسل 2010ء تبدیلی تعمیر و ترقی اور جدت زمانہ کو چھو لینے کا سال ہے۔ سال کی ابتداء میں بیت السفر (نویں) گھر پانچ کواکب شمس عطارد پلوٹو ذنب اور آپکا حاکم زہرہ ہونگے۔ امسال تین بطی السیر سیارے مشتری، زحل اور یورانس برج تبدیل کرینگے۔ ان کواکب کی تبدیلی سے آپکی زندگی میں غیر متوقع تبدیلیاں آئیں گی۔ آپ اپنے ماحول اور حالات میں ان تبدیلیوں کو آتے ہوئے محسوس کرینگے۔ آپکا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو۔ تبدیلیاں متوقع ہو کر رہیں گی۔ دانشمندی اسی میں ہوگی کہ آپ ذہنی طور سے پہلے سے تیار رہیں۔ اپنے حالات کو زیادہ سے زیادہ اپنے موافق کرنے کی کوشش کریں۔ سال کی ابتداء یکم جنوری تیسرے بیت الاقرباء میں چاند گرہن ہونے سے عزیز و اقارب سے تعلقات میں کشیدگی اندرون ملک کیے گئے سفر بے مقصد ثابت ہو سکتے ہیں۔ 15 جنوری نویں سورج گرہن بیرون ملک کاروباری اغراض و مقاصد کے تحت کیے گئے سفر غیر سود مند اسکے علاوہ قانونی پریشانیاں طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے حصول میں رخنہ اندازیاں جیسے متوقع خدشات سے بچنے کیلئے ابتداء سال سے ہی جی کھول کر صدقات دینے شروع کریں۔ یقین رکھیں کہ صدقہ رد بلا ثابت ہو کر آپکو متوقع نحوستوں سے بچا سکتا ہے۔ ذکر الٰہی سے یقیناً دل آرام پاتے ہیں۔ واجب نماز دو نفل نماز خسوف (چاند) اور دو نفل نماز کسوف (سورج) کی ادائیگی دعاؤں سے آپ نحوستوں سے تحفظ کا یقین کر سکتے ہیں۔ آپکا حاکم ستارہ زہرہ 224.701 دنوں میں نظام شمسی کا چکر لگاتا ہے۔ امسال 365 دنوں میں یہ گیارہ منطقۃ البروج میں گردش کریگا۔ وقفہ وقفہ سے یہ آپکو زندگی کی بھرپور توانائیوں سے نوازے گا۔ سعد اکبر ستارہ مشتری جو گذشتہ سال سے وتد السماء پر ہونے سے آپکو بے پناہ سعادتوں سے نوازتا رہا ہے۔ اب یہ 18 جنوری بیت الامید ایک سال کیلئے اپنے گھر چلا جائیگا۔ 2010 میں اس کا قیام گیارہویں بارہویں گھر یکے بعد دیگرے رہیگا۔ یہ جاتے جاتے آپکو عزت و تکریم خصوصاً کیرئیر، کاروباری معاملات میں ترقی دے کر جائیگا۔ اب پھر یہ بارہ سال بعد واپس آئیگا۔ اپنی کاروباری ساکھ، عزت، جائیداد سے متعلقہ امور کا تحفظ دانشمندی سے کریں۔ 18 جنوری تا 6 جون اور پھر 9 ستمبر تا 31 دسمبر مشتری کے گیارہویں آمد سے آپکی دیرینہ خواہشات کی تکمیل نہایت آسان ہو جائیں گی۔ حلقہ احباب میں وسعت اور ایسے دوست ملیں گے۔ جو عمر

اللہ کے گھر کی تعمیر میں سات یا بارہ ہزار روپے حسبِ توفیق حصہ لیکر رسید کے ساتھ لوح اوج مشتری کانسی پر عامل شاہ زنجانی سے تحفتاً (مفت) طلب کریں

بھر ساتھ نباہ سکیں۔ زمین جائیداد کی خرید و فروخت سے فائدے ملے۔ علوم مخفیہ میں بھی آپکی دلچسپیاں بڑھیں۔ نظر بد، جادو، ٹوٹکوں کا تحفظ بھی کیا جاسکے گا۔ 6 جون تا 9 ستمبر مشتری بارہویں گھر رہیگا۔ اس دوران قرضہ کے لین دین میں محتاط رہیں۔ قرض کو آسان سمجھ کر نہ لیں۔ ضرورت سے زیادہ قرضہ ہرگز نہ لیں بلکہ قرضہ نہ ہی لیں تو بہتر ہوگا۔ اس عرصہ میں ناگہانی اخراجات ممکن ہیں۔ بیرون ملک حصول امیگریشن کیلئے اپلائی کرنا ان ایام میں نیک ہے اور اگر پہلے سے آپ نے اپلائی کر رکھا ہے تو امیگریشن ملنے کی نوید ممکن ہے۔ ستارہ زحل آپ کے نویں دسویں کا حاکم ہو کر ڈھائی سال کیلئے 5 اکتوبر 2012 تک طالع سے چھٹے اپنے شرفی برج میزان میں قیام پذیر ہے۔ اس کا قیام کیرئیر، روزگار خصوصاً ملازمت سے تعلق رکھنے والے ثوری افراد کیلئے بہت اہم ہے۔ آپ اسی سبب اسی عرصہ میں اپنے آپکو مستحکم سے مستحکم کر سکتے ہیں۔ 2012,2011, 2010 میں ذمہ دارانہ فرائض سے اپنے منصب پر ترقی پانا آپکے لیے نہایت آسان ہوگا۔ افسران بالا کی قربت، اعلیٰ حاکم سے روابط خوش تدبیری، عمدہ منصوبہ بندی سے آپ اپنی قسمت اور نصیب آسانی سے بدل سکتے ہیں۔ آپ میں اپنی صحت کو بحال بہتر رکھنے کا شعور بھی بیدار ہوگا۔ سپورٹس اور کھیلوں میں آپکی دلچسپیاں بڑھیں گی۔ زحل 13 جنوری تا 30 مئی رجعت پذیر رہے گا۔ ایام رجعت زحل میں تخمین بازی یا لاپرواہی سے کام نہ لیں۔ 7 اپریل تا 21 جولائی یہ شمسی زائچہ کے پانچویں آجائے گا۔ اس دوران آپکی دلچسپیاں اچانک پرائز بانڈز، لاٹریوں کی جانب بڑھ سکتی ہیں۔ گذشتہ کی گئی محنت کے ثمرات عزت پذیرائی ملازم پیشہ ثوری افراد کو اعلیٰ عہدہ مل سکتا ہے۔ ستارہ یورانس اپنے سات سالہ سفر میں آپکے بارہویں چلا آرہا ہے۔ یہ 28 مئی تا 14 اگست گیارہویں دوستوں کے گھر آجائیگا۔ یہ دوستوں سے تعلقات میں غیر متوقع تبدیلیاں لاسکتا

☆مسٹر بکس۔ کالج روڈ۔ لالہ موسیٰ ☆زاہد سٹیشنری مارٹ۔ کالج روڈ۔ لالہ موسیٰ ☆ کاظم سپورٹس اینڈ لائبریری۔ مین بازار لالہ موسیٰ
Scanned with CamScanner

لوحِ برج ثور حاکم سیارہ زہرہ

یہ لوح ان تمام افراد کے لیے موثر ہے جن کی تاریخ پیدائش 21 راپریل تا 21 رمئی ہے یا جن افراد کا نام ان حروف (ب، و) سے شروع ہوتا ہے
اَللّٰھُمَّ یَاذَانُوْا مَلْخُوْ تُوْ اَدَمُوْ تُوْ اَدِیْمُوْ تُوْنَ۔ اَلَّذِیْ ھُوَ مُسَبَّحٌ فِیْ کُلِّ مَکَانٍ وَّ مَمْدُوْحٌ بِکُلِّ لِسَانٍ وَمَذْکُوْرٌ فِیْ کُلِّ اَوَانٍ۔

ترجمہ: اے وہ ذات جو ہر جگہ تسبیح کی گئی ہے اور ہر زبان میں تعریف کی گئی ہے اور ہر وقت میں ذکر کی گئی ہے۔

یہ کلمہ برج ثور پر کندہ ہے جس کی برکت سے برج قائم ہے اور جو فرشتے اس برج اور آسمان پر ہیں اسی کلمہ سے اللہ تعالیٰ عزوجل کی حمد وثنا کرتے رہتے ہیں۔ جب کوئی فرد ان اسماء اور برج کے طلسمات کو اپنے پاس رکھتا ہے تو فرشتے اس کی طرف متوجہ ہو کر اس کا مقصد معلوم کرتے ہیں اگر اس کی خواہش جائز ہے تو وہ سب اس کی حاجت روائی کی دُعا کرتے ہیں۔ اگر اس کی نیت بدی پر ہے تو خاموش ہو کر کہتے ہیں کہ کیسا دلیر بندہ ہے کہ اپنے مالک سے بدی کا طلب گار ہے اور دُعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کی خواہش کو بھلا دے عدم قبول دعا کی یہی وجہ ہے جاہل گمان کرتے ہیں کہ کلام الٰہی میں تاثیر نہیں اللہ تعالیٰ ایسے عقیدہ سے بچائے۔ آمین

یَاطَفْعُوْعَثَجُ اَجِبْ یَا کَرْفَیَائِیْلُ۔ اَلَّذِیْ یَعْفُوْ عَنِ الْعَاصِیْنَ وَیَغْفِرُ الْخَاطِئِیْنَ منسوبی اسماء یا کافی یاغنی: جو روزانہ ورد کئے جائیں گے۔

ترجمہ: وہ جو گنہگاروں کو معاف کر دیتا ہے اور خطا کاروں کو بخش دیتا ہے۔

عاملین و کاملین فرماتے ہیں یہ اسم برج ثور سے منسوب ہے جسے حضرت نوح علیہ السلام نے طوفان کے موقع پر پڑھا تھا جس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے بچالیا۔

خواص لوح ثور: جو کوئی برج ثور کی لوح تیار کر کے اپنے پاس رکھے تو وہ گلے کی امراض سے محفوظ رہے۔ کیونکہ برج ثور گلے پر حکمران ہے۔ کنٹھ مالا، گلے آنا، زبان کی لکنت، اور گلے کی دیگر امراض کو دفع کرنے کے لئے لوح کو گلے میں ڈالیں۔ اگر اس لوح کو اپنے پاس رکھیں تو حاسدوں کی زبان بندی ہوگی۔ حاملِ لوح کے خلاف لوگ نہ چلیں گے اور نہ فضول باتیں کریں گے۔

وہ لوگ جو اپنے اندر کسی قسم کی کمی محسوس کریں مثلاً قوت میں یا دماغی طور پر یا فہمی طور پر یا کسی خاص صفت کی کمی ہو، مثلاً ان میں کمانے کی قوت کی کمی ہو، یا قسمت نہ کھلتی ہو، یا لوگوں میں عزت نہ ہوتی ہو تو ان کے لئے یہ لوح بڑی مفید اور موثر ہے۔ وہ ثوری افراد جو کاروبار اور مالی حالات میں کامیابی چاہتے ہوں، دوستوں میں عزت، ملازمت میں ترقی کے خواہش مند ہوں وہ بھی اس لوح کو اپنے پاس رکھیں تو عجیب وغریب اثرات محسوس کریں گے۔ یہ لوح ہر دل عزیزی لاتی ہے۔ حاملِ لوح اپنے حلقہ احباب، خاندان عزیز و اقارب میں عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جانے لگتا ہے۔ خواتین اپنے پاس یہ لوح رکھیں تو اُن کے نسوانی حُسن میں اضافہ کا باعث بنتی ہے۔ اُن کے تولیدی مسائل، حلق کی بیماریوں، گردن و شانوں کی بیماریوں سے نجات دلاتی ہے۔ رومانس اور دوستانہ مراسم میں استحکام پیدا ہوتا ہے۔ ازدواجی زندگی بھرپور اور خوشگوار ہونے لگتی ہے۔ حاملِ لوح کے دل میں نئی امنگیں پیدا ہونے لگتی ہیں اور زندگی سے لطف اندوز ہونے کا فن آنے لگتا ہے۔ حاملِ لوح کی شخصیت میں خود اعتمادی، مستقل مزاجی پیدا ہونے لگتی ہے۔ رومانس، محبت اور شفقت آمیز جذبات ابھرنے لگتے ہیں۔

صدقات: جو، سفید مولی، چاول، سفید کپڑا، روغن زرد، کافور، طعام ترش، اور سفید چیزیں

اوقاتِ صدقہ اور لوح پہننے کا وقت: جمعہ کو وقتِ طلوع آفتاب

منسوبی لوح یہ ہے ۔اس لوح کے سیدھی طرف یا کافی یاغنی کا نقش مربع سدسی (1193-21=1172) اور الٹی طرف یاطفعوعثج کا مربع سدسی (749-21=728) پُر کیا گیا ہے۔ برج ثور اور اس کے حاکم سیارہ زہرہ کی منسوبات لوح میں دی گئی ہیں۔ لوح کو مطلوبہ وقت میں تیار کر کے اپنے پاس رکھیں۔ واضح رہے کہ یہ الواح کاغذ کے علاوہ دھات پر بھی ان کے قوی ترین اثرات ہوتے ہیں۔ تحریر کردہ صدقہ کسی غریب مسکین کو دے کر لوح پہن لیں۔ اور روزانہ منسوبی اسمائے باری تعالیٰ کا کثرت سے ورد کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد لوح کے فیوض و برکات حاصل ہونے لگیں گے۔ یہ الواح دنیا میں پہلی مرتبہ صرف ہم ہی متعارف کرا رہے ہیں۔ کیونکہ تمام الواح عملیاتی قواعد وضوابط کے مطابق تیار کی جاتی ہیں۔ ربع صدی کی تحقیق کے بعد یہ الواح تیار کی گئی ہیں۔ اب تک ہزاروں افراد اِن الواح کے فیوض و برکات سے کامیاب زندگی گزار رہے ہیں۔



آپ کے برج کی لوح سے آپ کو متعارف کرایا جارہا ہے۔ انشاء اللہ العزیز مستقبل میں یہ الواح آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت بھی حاصل کرینگے۔

ہے۔ پرانے دوست زندگی سے نکل جائیں اور انکی جگہ نئے دوست لے لیں۔ خونی رشتے آپکا مقدر جبکہ اچھے دوستوں کا انتخاب آپکے ہاتھ میں ہے۔ اب کم ظرف دوست سے دور ہونا ہی بہتر ہے۔ قوت تخلیق جدت زمانہ کو مدنظر رکھ کر بعض انقلابی روحانی فیصلے مستقبل کیلئے کرنے سازگار رہیں گے۔ ساتویں اور بارہویں کا مالک مریخ 7 جون تک وتد الارض چوتھے گھر میں غیر معمولی قیام کریگا۔ اپنے طویل قیام کے دوران یہ 20 دسمبر 2009 تا 10 مارچ 2010 رجعت یافتہ رہیگا۔ تب گھریلو خانگی حالات کو بگڑنے نہ دیں۔ زمین جائیداد سواری کا سکھ وراثت کے حصول میں آسانیاں اگرچہ جبر اُمعاملات کے حل کی بجائے خاندانی پنچائتی راہ اپنانے سے آپکی عزت میں کمی ہرگز نہ آئیگی۔

2010 ایک آسان سال مگر حسب منشاء حصول مفادات کیلئے آسان نہیں آپکو کہیں جدو جہد اور کہیں صبر و تحمل انکساری اور کہیں قربانی دینے کی ضرورت بھی پڑے، گریز نہ کریں۔ کبھی جنگ سے فتح اور کبھی ہار کر بھی دوسروں کے دل جیت کر انکو فتح کیا جاسکتا ہے۔ ممکن ہو تو ایسا کر کے دیکھیں۔ آپکی عزت پذیرائی معاشرتی مقام میں اضافہ ہوگا۔

2010ء میں بیشتر ثوری طلبہ اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے بیرون ملک جانے کے خواہاں ہونگے اور انہیں ذراسی کوشش سے اپنے مقاصد میں کامیابی بھی مل سکتی ہے۔ آسمانی کونسل پر بننے والے نظرات سیارگان گرہنوں کے اثرات سے آپ اپنے سال ہذا کی بہتر سے بہتر منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔ آپکا حاکم زہرہ یکم تا **18** جنوری رہنے سے نویں مخیرانہ طبع، بیرون ملک روابط، سفر کا امکان ہے۔ **5** جنوری زہرہ عطارد قران نویں بیرون ملک، ادب، انٹرنیٹ پر تحقیقی سرگرمیاں اچانک بڑھ جائیں گی۔ **12** جنوری نویں زہرہ شمس قران اپنے احساسات و جذبات دوسروں تک پہنچانے میں عارضی مشکل پیش آسکتی ہے۔ **13** جنوری زہرہ یورانس تسدیس اپنے نظریات و خیالات مستقبل کو درخشاں بنانے کی پلاننگ مخلصین سے شیئرز کرنے کا موقع ملے گا۔ **18** جنوری تا **11** فروری زہرہ وتد السماء پر آپکی پیشہ ورانہ کاروباری سماجی حیثیت و شخصیت میں اضافہ باحیثیت اشخاص سے فائدہ، نئے کاروباری معاشی وسائل ملیں گے۔ **22** جنوری زہرہ زحل سے تثلیث بنے سے نئے بزنس ایگریمنٹ مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے بعض عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ **27** جنوری زہرہ مریخ مقابل شراکتی ازدواجی دوسروں سے تعلقات میں مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ صبر و تحمل محتاط رہ کر اپنے اور دوسروں کیلئے آسانی پیدا کر سکتے ہیں۔ **8** فروری زہرہ نیپچون قران جذبات محبت سے متعلقہ تجربہ کامیاب ہوسکتا ہے۔ آپکا حاکم زہرہ **11** فروری تا **7** مارچ گیارہویں اپنے شرفی برج میں رہیگا۔ یہ بھی عرصہ حلقہ احباب میں وسعت سماجی سیاسی حیثیت و شخصیت میں اضافہ آپکی اندرون بیرون ملک شناخت پذیرائی عزت و شہرت میں اضافہ ہوگا۔ **5-4** مارچ آپکا حاکم زہرہ عین شرفی درجات سے گزرے گا۔ یہ سال کے بہترین ایام ہیں۔ کوئی سا اہم فیصلہ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کا کر کے اس پر عمل کرنا نیک رہیگا۔ **15** فروری زہرہ پلوٹو تسدیس دوسروں کی خدمت، حوصلہ افزائی سے یکساں فوائد ملیں۔ **18,17,16 فروری گیارھویں بیت الامید میں قران سعدین زہرہ مشتری ہو گا۔ یوں تو یہ قران ہر سال ہی ہوتا ہے۔ 2010 میں اسکی اہمیت سو گنا یوں بڑھ گئی ہے** کہ زہرہ آپکا حاکم اور سعد اصغر ستارہ ہے اور مشتری سعد اکبر ہے۔ تب مشتری اپنے ذاتی گھر برج حوت میں بارہ سال کے بعد عروج یافتہ اور زہرہ یہاں شرف یافتہ ہوگا۔ یہ قران دیرینہ خواہشات کی تکمیل، مستقبل میں کامیاب زندگی گزارنے کی پلاننگ، خوش لباسی، ذاتی اور خانگی تزئین و آرائش کی جاسکے گی۔

امسال روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں

Understanding DUA

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ ۝ اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

ایک تسبیح نمازِ فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کریں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاہ زنجانی)

پسندیدہ جگہ منگنی شادی کیریئر کاروبار کے حوالہ سے کامیابیاں ان ثوری افراد کا مقدر بنیں گی۔ جو پہلے سے کوشش کر رہے ہیں، جو کوشش نہیں کر رہے ان افراد کو بھی غیر متوقع خوشیاں مل جائیں تو حیران نہ ہوں بلکہ شکر خداوندی بجالائیں۔ **4** مارچ زہرہ یورانس قران زندگی میں کوئی انفرادی تجربہ آپکو متوجہ کر سکتا ہے۔ دانشمندانہ رویہ برقرار رکھیں۔ **7** تا **31** مارچ زہرہ طالع سے بارہویں وبال یافتہ رہیگا۔ ناگہانی اخراجات پیش آسکتے ہیں۔ خفیہ امور کی انجام دہی احتیاط طلب ہوگی۔ بدنامی رسوائی اندیشہ شر حاسدین سے محتاط رہیں۔ **8** مارچ زہرہ مریخ تثلیث خانگی تزئین آرائش یا مہمانوں کی اچانک آمد سے اخراجات بڑھ جائیں گے۔ **9** مارچ زہرہ زحل مقابل بارہویں چھٹے ہونگے۔ پیشہ ورانہ کیریئر، ملازمت کے سلسلے میں سنجیدہ نوعیت کی ذمہ داریوں سے غفلت نیک فال نہ ہوگی، سخت محتاط رہیں، دانشمندی سے کام لیں۔ **11** مارچ زہرہ پلوٹو تربیع غیر فطرتی تعلقات سے جنسی امراض کے لاحق ہونیکا اندیشہ محتاط رہیں۔ **30** مارچ زہرہ نیپچون تسدیس اہم تجربات میں کامیابی۔ آپکا حاکم زہرہ یکم تا **25** اپریل طالع میں آکر عروج یافتہ ہونے سے خوش طبعی اطمینان قلب و ذہن یکسوئی میں اضافہ سماجی سیاسی عزت و توقیر بڑھے۔ آپکی شخصیت میں سحر انگیزی پیدا ہونے سے دوسرے آپ میں کشش محسوس کریں۔ جواں سال ثوری لڑکے لڑکیوں کے رشتوں کے متعدد پیغامات آئیں کہ انہیں متعدد رشتوں میں خود یا والدین کو فیصلہ کرنا آسان نہ ہو، مشاورت ضرور لیں۔ تب ذرائع آمدن میں اضافہ کیلئے کوششیں بھی بارآور ثابت ہوں۔ **3** اپریل زہرہ مریخ تربیع اندرون خانہ مہمانوں کی آمد میں حسن سلیقہ کو نظر انداز نہ کریں، ٹریفک میں بھی جلد بازی سے کام نہ لیں۔ **5** اپریل سے عزت توقیر میں اضافہ نیک خواہشات کی تکمیل، رشتہ، منگنی، دوستی، محبت کی ابتداء ہو۔ **24** اپریل زہرہ زحل تثلیث ذمہ دارانہ فرائض سے ملازمتی ترقی، صحت جسمانی بھی بہتر ہوسکے گی۔ **25** اپریل تا **20** مئی زہرہ خانہ مال میں آنے سے ذرائع آمدن میں اضافہ تاہم اخراجات بھی بلند رہیں، جان لیں فضول خرچی

اعوان برادرز نیوز ایجنسی۔ چوک اعظم ☆ محمدیہ کتب خانہ۔ عیدگاہ روڈ۔ لیہ ☆ عمران سٹیشنری اینڈ سپورٹس۔ لالہ موسیٰ

Scanned with CamScanner

اچھی شے نہیں ہے۔ 8 مئی زہرہ مریخ تسدیس بننے سے مشترکہ مفادات کے کام خوش اسلوبی سے انجام پائیں۔ 17 مئی زہرہ مشتری 18 مئی زہرہ زحل تربیعات بننے سے دوسروں پر بھروسہ خصوصاً مالی اعتبار ہرگز نہ کریں علاوہ ازیں کاروباری معاہدے بھی محتاط نظر ثانی کے طالب ہونگے۔ 19 مئی زہرہ نیپچون تثلیث کوشش سے بگڑے کام سنور سکتے ہیں۔ 20 مئی زہرہ یورانس تربیع دوسروں سے اپنے تعلقات میں تحفظات سے عزت پا سکتے ہیں۔ 20 مئی تا 14 جون زہرہ تیسرے بیت الاقرباء میں آنے سے اندرون ملک کاروباری سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوں، عزیز و اقارب سے تجدید مراسم ہو سکیں۔ 24 مئی زہرہ پلوٹو مقابل جلد بازی جذباتی فیصلوں سے بچیں۔ 12 جون زہرہ زحل تسدیس اندرون اور بیرون ملک کاروباری نئے نئے وسائل ملنے سے آمدن مصروفیات میں اضافہ ہو۔ 14 جون زہرہ یورانس تثلیث حل المشکلات کیلئے نیک ہے۔ 14 جون تا 10 جولائی زہرہ چوتھے وتد الارض پر رہیگا۔ گھریلو سماجی ازدواجی سیاسی خوشیاں راس آئیں گی۔ نئی سواری کا حصول رہائشی تزئین آرائش کی جا سکے گی۔ 15 جون زہرہ مشتری تثلیث بننے سے گھر زمین جائیداد رہائشی پلاٹ کی خرید یا پھر نئی سواری کا حصول خوش کن ثابت ہوگا۔ 26 جون نویں چاند گرہن، بیرون ملک سفر میں رکاوٹ قانونی الجھاؤ، عقد ثانی میں رکاوٹ جیسے مسائل پیش آ سکتے ہیں۔ 12 جولائی تیسرے سورج گرہن عزیز و اقارب سے تعلقات میں کشیدگی کاروباری سفر میں فوائد نہ ملیں۔ ٹریفک حادثات کا اندیشہ محتاط رہیں، صدقات بڑھائیں۔ دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) کی ادائیگی دعاؤں سے نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ 9 جولائی زہرہ نیپچون مقابل ہونے سے اجنبی افراد پر بھروسہ ٹھیک نہ ہوگا۔ 10 جولائی تا 6 اگست زہرہ پانچویں ہبوط یافتہ رہیگا۔ یہ بھی عرصہ احتیاط طلب اہم فیصلے جلد بازی میں نہ کریں۔ 13 جولائی زہرہ پلوٹو تثلیث بننے سے ہم خیال احباب سے اپنے مسائل پر تبادلہ خیال فرما سکتے ہیں۔ 7 اگست 8 ستمبر زہرہ چھٹے تاہم عروج یافتہ رہیگا۔ آپ کسی ادارے کے سربراہ ہیں تو تب ماتحت لوگوں سے بہتر سے بہتر کام لے سکتے ہیں۔ نئی اور بہتر ملازمت کے مواقع ملیں گے۔ 7 اگست زہرہ یورانس مقابل سے غیر مستحکم کام کرنے سے اعتراض کریں۔ 8 اگست زہرہ زحل قران چھٹے ہونے سے کیریئر ملازمتی امور میں آپکی ہمت کوشش سے بہتری آ سکتی ہے۔ نئی بہتر ملازمت بھی مل سکتی ہے۔ 10 اگست زہرہ مشتری مقابل ہونے سے اپنے وسائل جذباتی پن میں ضائع نہ کریں۔ اور نہ ہی کم ظرف لوگوں کی حوصلہ افزائی کریں اس دن زہرہ پلوٹو بھی حالت تربیع میں ہونے سے اس بات کو تقویت مل رہی ہے۔ دوسروں سے تعلقات میں احتیاط برتیں ورنہ آپکی صحت جسمانی متاثر ہو سکتی ہے۔ 20 اگست اور 4 اکتوبر زہرہ مریخ چھٹے ساتویں قران کریں گے۔ شراکتی ازدواجی اختلافات دور کرنے کیلئے یہ بہترین وقت ہے۔ گذشتہ پیدا شدہ مشکلات بھی حل کی جا سکیں گی۔ بزرگوں مخلصین سے بھرپور تعاون ملے گا۔ 4 ستمبر زہرہ نیپچون تثلیث بھی حل المشکلات کیلئے نیک وقت ہے۔ 8 ستمبر تا 30 نومبر زہرہ طالع کے مقابل ساتویں رہیگا۔ اس دوران اسے 18 اکتوبر تا 19 نومبر رجعت رہیگی۔ زمانہ رجعت میں زہرہ ساتویں سے چھٹے بھی آئیگا۔ یہ بھی عرصہ اہم وحساس نوعیت کے کاموں کیلئے سازگار نہیں ہے۔ زندگی کے اہم اور مستقبل کے فیصلے سوچ سمجھ کر کریں۔ 12 ستمبر یکم نومبر اور 8 دسمبر زہرہ پلوٹو تین مرتبہ حالت تسدیس میں ہونے سے آپکو ایسے ہم خیال احباب کا ساتھ ملے گا۔ جو آپکے

حصول خیر و برکت کے لیے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش 2010ء

نقش مہر نبوت بمعہ طلسم مشتری نوروز 20 مارچ بروز ہفتہ بوقت 22 بجکر 33 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز بوقت اذان جمعہ/خطبہ جمعہ میں اسال نوروز سے قبل دعائیں یہ وقت ہر جمعہ کو مستجاب ہے

وسائل میں رہ کر آپکے مسائل کا حل نکال سکیں۔ بزرگوں، تجربہ کار، مخلص افراد کے تجربات سے فائدہ اٹھانے میں دیر نہ کریں۔ 21 دسمبر اس سال کا آخری چاند گرہن آپکے خانہ مال میں لگے گا۔ غیر متوقع مالی نقصان قریبی خاندان کے افراد کے بچھڑنے کا صدمہ الغرض خرابی صحت خصوصاً گلہ، کان، ناک اور جلدی امراض سے متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔ دسمبر میں بھی جی کھول کر صدقات دیں۔ گرہن کے دن دو نفل نماز خسوف ضرور ادا کریں۔ اسکی سعادت تبھی پا سکتے ہیں۔ بشرط آپ شروع سال میں اسکی پلاننگ کر لیں۔ انعامی مقابلوں، پرائز بانڈز میں دلچسپی لینے والے ثوری افراد ان تواریخ میں حصہ لیں تو انکی قسمت یاوری کر سکتی ہے۔ انعامی اسکیموں میں دلچسپی لینے والے 5 جنوری، 17 فروری، 8 مارچ، 18 اپریل، 15,10 جون، 11 جولائی، 25 اکتوبر، 5 نومبر، 11,1 دسمبر کو قسمت آزمائی کریں تو بعید از قیاس نہیں کہ انکی قسمت یاوری کرے۔

سعد تواریخ: 22,13,12,5 جنوری۔ 28,17,15,8,6 فروری۔ 30,23,21,16,8,4 مارچ۔ 28,24,18,6,5 اپریل۔ 21,19,8,3 مئی۔ 28,15,14,12,10,9,8 جون۔ 23,13,11,10,9,1 جولائی۔ 26,20,8 اگست۔ 19,12,10,4 ستمبر۔ 29,24,21,19,18,8,4 اکتوبر۔ 27,19,16,15,8,5,1 نومبر۔ 27,20,15,8,6,1 دسمبر

نحس تواریخ: 27,15,1 جنوری۔ 13,1 فروری۔ 26,22,20,18,11,9 مارچ۔ 25,23,3 اپریل۔ 20,18,17,4 مئی۔ 26,25,24,23,22,19,11,4 جون۔ 26,25,12 جولائی۔ 21,17,10,7 اگست۔ 26,21 ستمبر 24,23 اکتوبر۔ 22,5,2 نومبر۔ 29,28,25,18,6 دسمبر 29,22,21,18,17,3

☆ملک سپورٹس۔ مین بازار لالہ موسیٰ ☆ملت بک سٹال۔ مین بازار لالہ موسیٰ ☆سہالوی بک ڈپو۔ کالج روڈ۔ لالہ موسیٰ

دن بدھ
عدد 5
رنگ پیلا یا ملے جلے
پتھر عقیق سبز زمرد فیروزہ

GEMINI جوزا
عطارد
حالات وواقعات کی روشنی میں

خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2010ء (کیرئیر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں۔

آسمانی کونسل 2010 پر روحانی، انقلابی معاشی سال میں آپ نہایت سرفراز و کامیاب ہو کر نکلیں گے ۔اس کی فلکی دلیل آپکا حاکم عطارد شروع سال میں وراثت شراکت خانہ مال میں ہمراہ شمس زہرہ ذنب اور پلوٹو کیساتھ اور سعد اکبر ستارہ مشتری نویں نصیب یاوری کے اپنے فطرتی گھر میں 18 جنوری تک رہ کر 2010 میں آپکے بیت العزت اور بیت الامید کے دو اہم گھر میں بھی سیر کناں ہوگا۔ مشتری کے علاوہ دو اور سست الرفتار سیارے زحل اور یورانس بھی رجعت اور استقامت سے برج تبدیل کرینگے۔ مشتری زحل یورانس کی بروجی تبدیلی آپکے حالات ماحول کے مطابق اہم اثرات مرتب کرینگے۔ آپکی فطرتی بے قراری بے چینی اور دل کی خوش کن دھڑکن امسال کچھ زیادہ تیز رہے گی۔

آپکا جی چاہے گا کہ آپ پورا سمندر پی جائیں مسرت اور خوشیاں ایک ساتھ سمیٹ لیں مگر یاد رکھیں رزق اتنا ہی ملتا ہے جتنا مقدر میں لکھا ہو۔ البتہ صدقات، خیرات، بزرگوں کی دعاؤں، وظائف قرآنی، اسم اعظم کے ورد و تدبیر سے اس میں اضافہ ضرور کیا جاسکتا ہے۔ 2010 روحانی فیوض و برکات کے حصول کیلئے بھی نیک ہے۔ نیز ایسا تبھی ممکن ہے جب انفرادی سوچ کی بجائے اجتماعی خدمت کی مثبت سوچ پر عمل کیا جائے اور آپ ماشاءاللہ بارہ منطقۃ البروج میں اس عظیم فلکی برج سے تعلق رکھتے ہیں جو تعمیر پر آجائیں تو ایسے ایسے کارہائے نمایاں انجام دے سکتے ہیں جو آپ کیلئے صدقہ جاریہ بن جائیں۔ آپ پورے ملک کے لیے نہ سہی مگر اپنے خاندان اور فیملی فرینڈز کو بھرپور مشاورت بہ آسانی دے سکتے ہیں۔ کسی کو سیدھی راہ دکھانا بھی راہ خضریٰ کی عبادت سے کم نہیں۔ یکم جنوری آپکے خانہ مال میں چاند اور 15 جنوری آٹھویں سورج گرہن لگے گا۔ شراکت، معاشیات میں نقصانات، عزیزوں کے صدمات، خرابی صحت (ناک، کان، گلہ) جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں۔ شروع سال سے ہی صدقات وخیرات بڑھائیں۔ دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) کی ادائیگی دعاؤں سے نحوستوں کے دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ آپکا حاکم

اللہ کے گھر کی تعمیر میں سات یا بارہ ہزار روپے حسب توفیق حصہ لیکر رسید کے ساتھ لوح اوج مشتری کانسی پر عامل شاہ زنجانی سے تحفتاً (مفت) طلب کریں

عطارد امسال بارہ منطقۃ البروج میں اپنے دوست بادشاہ فلک شمس کے ہمراہ گردش کرتے ہوئے (یکم تا 15 جنوری)، (18 اپریل تا 12 مئی)، (21 اگست تا 13 ستمبر) اور (10 تا 30 دسمبر) رجعت پذیر رہیگا۔ ان ایام خصوصاً پانچ گرہنوں کے ایام میں محتاط روی اپنائیں۔ 2010 کے ماہ مارچ میں شرف زہرہ اپریل شرف شمس ستمبر اکتوبر شرف واوج عطارد ہونے کے سبب اہم اور نیک ماہ ہیں۔ 5,4 مارچ شادی، شراکت، حصول امیگریشن کیلئے کوشش کرنا نیک ثابت ہونگی۔ 9,8 اپریل بااثر شخصیات سے فوائد، جائیداد کی خرید وفروخت سے نفع اور عزیز واقارب سے خوشگوار تجدید مراسم ہوسکیں گے۔ 25,24 ستمبر ذاتی گھر جائیداد، سواری کے حصول کیلئے نیک 24,23 اکتوبر حسب منشاء ملازمت کیلئے کی گئی کوشش بارآور ثابت ہوگی۔ ملازمتی، عزت، ترقی، پذیرائی، شاباش بھی افسران بالا سے مل سکے گی۔ سیارہ مریخ چھٹے گیارہویں کا حاکم یکم جنوری تا 7 جون تیسرے رہیگا۔ یہ انتظامی صلاحیتوں میں اضافہ، اندرون ملک کاروباری اغراض سے متعدد سفر پیش آئیں گے۔ یکم جنوری تا 10 مارچ یہ رجعت پذیر ہوگا تو تب پلاننگ کے بغیر سفر فائدہ مند ثابت نہ ہونگے۔ ساتویں دسویں کا حاکم ستارہ مشتری 2010 میں بیت السفر، بیت العزت اور بیت الامید تین گھروں میں وقفہ وقفہ سے سیر کناں رہیگا۔ آپکا نصیب یاوری کر جانے سے خرابی قسمت کا گلہ ان جوزوی افراد کا جاتا رہیگا، جو جلد جلد مایوس ہوکر اپنے مالک حقیقی سے گلے شکوے شروع کردیتے ہیں۔ بیرون ملک سفر بسلسلہ حج وغیرہ، زیارات مقدسہ، دنیاوی سیاحت کا ممکن ہے۔ بشرطیکہ اس کیلئے آپ نے ماضی قریب میں کوئی پلاننگ کررکھی ہے۔ قانونی الجھاؤ کم مقدمات میں کامیابی نصیب

☆ مہران نیوز ایجنسی اسٹیشن روڈ۔ حیدرآباد ☆ ریلوے بکسٹال۔ میانوالی ☆ ریلوے بکسٹال۔ خانیوال

لوحِ برج جوزا حاکم سیارہ عطارد

یہ لوح ان تمام افراد کے لیے موثر ہے جن کی تاریخ پیدائش 22 مئی تا 21 جون ہے یا جن افراد کا نام ان حروف (ق،ک) سے شروع ہوتا ہے
اَللّٰھُمَّ یَاخَیْثُوْا مَیْثُوْرًا اَرْفَشْ دَارْعِلْیُوْنَ۔O اَلَّذِیْ سَبَقَتْ اَوْلِیَّتُہٗ قَبْلِ کُلِّ قَبْلٍ فَلَاقَبْلَ اِلَّا وَاَنْتَ قَبْلَہٗ۔

ترجمہ: اے وہ ذات جو ہر پہلی چیز سے بھی پہلے موجود تھی۔

یہ کلمہ برج جوزا پر کندہ ہے جس کی برکت سے برج قائم ہے اور جو فرشتے اس برج اور آسمان پر ہیں اسی کلمہ سے اللہ تعالیٰ عزوجل کی حمد وثنا کرتے رہتے ہیں۔ جب کوئی فرد ان اسما اور برج کے طلسمات کو اپنے پاس رکھتا ہے تو فرشتے اس کی طرف متوجہ ہوکر اس کا مقصد معلوم کرتے ہیں اگر خواہش اس کی جائز ہے تو وہ سب اس کی حاجت روائی کی دُعا کرتے ہیں۔ اگر اس کی نیت بدی پر ہے تو خاموش ہوکر کہتے ہیں کہ کیسا دلیر بندہ ہے کہ اپنے مالک سے بدی کا طلب گار ہے اور دُعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کی خواہش کو بھلا دے عدم قبول دعا کی یہی وجہ ہے جاہل گمان کرتے ہیں کہ کلام الٰہی میں تاثیر نہیں اللہ تعالیٰ ایسے عقیدہ سے بچائے۔ آمین

یَاحَجْطِیُّ اَجِبْ یَاسَمْسَائِیْلُ۔ اَلَّذِیْ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ۔ منسوبی اسماء یاعلی یا عظیم جو روزانہ ورد کئے جائیں گے۔

ترجمہ: وہ ذات جو زندگی بخشتی اور فنا کرتی ہے۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برج جوزا سے منسوب ہے۔ اس اسم کی برکت سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام مردے زندہ کرتے تھے۔

خواص لوح جوزا: وہ تمام افراد جن کا منسوبی برج جوزا ہے اُن کے لیے یہ لوح تمام اُمور میں کامیابی کی ضمانت دیتی ہے۔ حاملِ لوح آنتوں، پیٹ، اعصابی امراض اور خاص طور پر پھیپھڑوں کے امراض سے محفوظ رہتا ہے۔ ذہنی ونفسیاتی مسائل سے تحفظ اور مادی معاملات حل ہونے اور روحانی ترقی کے لیے لوحِ جوزا خوب کام کرتی ہے۔ حاملِ لوح کے اندر وجدانی کیفیات پیدا کرتی ہے تحریر وتقریر میں نکھار اور کامیابی لاتی ہے۔ دماغی صلاحیتوں کو جلا بخشتی ہے۔ اس لوح کی برکت سے درس وتدریس کے کاموں میں ترقی کے اسباب پیدا ہونے لگتے ہیں۔ لوحِ جوزا احساسِ کمتری کو ختم کرکے اظہار خیال کی قوت کو پروان چڑھاتی ہے۔ حاملِ لوح میں ملنساری اور مطابقت پذیری کی صلاحیتوں میں اضافہ ہونے لگتا ہے۔ یہ لوح امتحان میں کامیابی، محبت سرفرازی، حصول ویزا امیگریشن میں کامیابی اور ماڈلنگ میں شہرت کا سبب بنتی ہے۔ یہ لوح بدھ کے روز ساعت عطارد میں تیار کی جاتی ہے جبکہ شمس برج جوزا میں ہو۔ سال بھر میں ایک ماہ ہی اسے تیار کرنے کے لیے میسر آتا ہے۔ اگر وقت گزر گیا تو پھر سال بھر انتظار کرنا پڑے گا۔

صدقات: کھچڑی مونگ، کپڑا سبز، روغن زرد، گُل کنیر زرد وغیرہ۔

اوقاتِ صدقہ اور لوح پہننے کا وقت: بدھ کو دو گھنٹہ بعد طلوع آفتاب

منسوبی لوح یہ ہے۔ اس لوح کے سیدھی طرف یاعلی یاعظیم کا نقش مربع نصفی (1152 نصف کیا 576-8=568) اور الٹی طرف یاحجطئی کا مربع سدسی (441-21=420) پُر کیا گیا ہے۔ برج جوزا اور اس کے حاکم سیارہ عطارد کی منسوبات لوح میں دی گئی ہیں۔ لوح کو مطلوبہ وقت میں تیار کرکے اپنے پاس رکھیں۔ واضح رہے کہ یہ الواح کاغذ کے علاوہ دھات پر ہی ان کے قوی ترین اثرات ہوتے ہیں۔ تحریر کردہ صدقہ کسی غریب مسکین کو دے کر لوح پہن لیں۔ اور روزانہ منسوبی اسمائے باری تعالیٰ کا کثرت سے ورد کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد لوح کے فیوض وبرکات حاصل ہونے لگیں گے۔ یہ الواح دنیا میں پہلی مرتبہ صرف ہم ہی متعارف کرا رہے ہیں۔ کیونکہ تمام الواح عملیاتی قواعد وضوابط کے مطابق تیار کی جاتی ہیں۔ ربع صدی کی تحقیق کے بعد یہ الواح تیار کی گئی ہیں۔ اب تک ہزاروں افراد ان الواح کے فیوض وبرکات سے کامیاب زندگی گزار رہے ہیں۔





آپ کے برج کی لوح سے آپ کو متعارف کرایا جارہا ہے۔ انشاء اللہ العزیز مستقبل میں یہ الواح آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت بھی حاصل کرینگے۔

Scanned with CamScanner

ہو۔ایسے جوزوی جو عقد ثانی کرنے کے خواہاں ہیں انکی آسانی سے شادی خانہ آبادی ہو سکے گی۔ آپکی عزت و تکریم میں اضافہ، سماجی سیاسی حیثیت و شخصیت میں ممتاز ہونگے۔ پیشہ ورانہ کاروباری ساکھ میں اضافہ، خواہاں طلبہ اعلیٰ تعلیم کیلئے بیرون ملک جا سکیں گے۔ زراعت پیشہ جوزوی مثبت زرعی اقدامات سے پہلے سے زیادہ نفع پائیں گے۔ کیریئر کی ابتداء کرنے والے جوزوی بھی جلد اپنی حیثیت بنائیں گے۔ اندرون ملک اور بیرون ملک لمبے ہوائی سفر پیش آئیں گے۔ حلقہ احباب وسعت دیرینہ خواہشات کی تکمیل از قسم زمین جائیداد کی خرید و فروخت سے فائدہ ملے گا۔ ستارہ زحل تمام سال پانچویں ماسوائے 7 اپریل تا 21 جولائی چوتھے (وتد الارض) میں رہیگا۔ زحل برج میزان میں شرف یافتہ ہونے سے آپکا رجحان انعامی اسکیموں، لاٹریوں کی طرف نہ صرف رہے بلکہ بڑے انعامات کا حصول بھی ممکن ہے۔ سیرو تفریح کھیلوں میں آپکی دلچسپیاں بڑھیں گی۔ زحل جب چوتھے گھر میں ہوگا تب اچانک خانگی خاندانی مسائل پیش آ سکتے ہیں۔ انہیں صبر و تحمل سے حل کریں۔ گاڑی چلاتے وقت بھی جلد بازی سے کام نہ لیں۔ یہ 14 اگست تا 31 دسمبر وتد السماء کیریئر کے گھر میں 2010 میں رجعت کرتے ہوئے آئے گا۔ یورانس گیارہویں اپنے فطرتی گھر میں سیر کناں ہے۔ تب یہ آپکو کیریئر کے حوالہ سے جدت زمانہ کے مطابق نئی تبدیلیوں سے آگاہ کرے گا۔ آپ وہ کچھ جان سکیں گے جس کی آپکو فی زمانہ عین ضرورت ہے۔ 2010 آپکی معلومات عامہ عالمی سائنسی سطح کے مطابق وسیع ہوں گی۔ دوسرے آپ سے مشاورت لینا پسند کرینگے۔

آسمانی کونسل میں بننے والی نظرات سیارگان کی روشنی میں سال ہذا کی پلاننگ کرلیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کامیاب شخصیت یا مالی اعتبار سے انتہائی مستحکم ہو جائیں۔ آپکا حاکم عطارد 10 جنوری تک آٹھویں اور پھر یکم مئی تک نویں رہے گا۔ وراثت یا شادی شراکت سے فوائد کاروباری اغراض و مقاصد سے اندرون و بیرون ملک سفر پیش آئیں گے۔ 5 جنوری عطارد زہرہ قران انعامی فوائد یا آغاز محبت ہو سکتا ہے۔ 6 فروری عطارد یورانس تسدیس بننے سے ماہرین کی خدمات ملیں، علم و ہنر میں اضافہ ہو۔ 13 فروری عطارد زحل تثلیث حل المشکلات کیلئے نیک وقت گذشتہ پیدا شدہ مشکلات دور کرلی جائیں گی۔ اسی دن شام عطارد مریخ مقابلہ گاڑی، مشینری کو چیک ضرور کرلیں۔ 27 فروری عطارد نیپچون قران نویں آپکی ذہنی تخلیقی صلاحیتوں میں وسعت و نکھار پیدا کر کے آپکو زندگی کے رازوں سے آشکار کرے گا۔ عطارد یکم تا 17 مارچ وتد السماء پر وبال یافتہ رہیگا۔ اہم کاموں کی تکمیل میں محتاط رہیں۔ خصوصاً گاڑی چلاتے وقت ٹریفک قوانین کا خیال رکھیں۔ 4 مارچ عطارد پلوٹو تسدیس آپکی شخصیت میں مثبت تبدیلیاں لائیگی۔ 8 مارچ عروج یافتہ مشتری عطارد سے قران کیریئر کے گھر میں ہونے سے آپکی کاروباری عزت ساکھ میں اضافہ ہوگا۔ 16 مارچ عطارد یورانس قران آپکی صلاحیتوں کو نکھارے گا۔ 17 مارچ تا 12 اپریل عطارد بیت الامید میں رہتے ہوئے علمی و ادبی سرگرمیوں میں دلچسپیاں، ذہنی تخلیقی صلاحیتوں میں دوست احباب سے فوائد ملیں۔ 18 مارچ عطارد مریخ تثلیث بننے سے کام کاج کرنے کی صلاحیتوں میں اضافہ صحت جسمانی بہتر رہے گی۔ 18 مارچ عطارد زحل مقابلہ اہم کاموں کی تکمیل نظر ثانی کی طالب ہونگی۔ 20 مارچ عطارد پلوٹو تربیع غیر متوقع مشکلات بزرگوں مخلصین سے مشاورت لیں۔ 2 اپریل تا 10 جون عطارد طالع سے بارہویں رہیگا۔ کوئی غیر معمولی مسئلہ آپکو ذہنی پریشانیوں سے دوچار کر سکتا

ہے۔ ضروری نہیں کہ یہ آپکی وجہ سے ہو تاہم حل المشکلات کیلئے بزرگوں مخلصین سے مشاورت ضرور لیں۔ 15 اور 25 اپریل اور 11 جون عطارد مریخ تربیع بننے سے دوسرے آپ کیلئے مشکلات لا سکتے ہیں۔ خود اعتمادی بحال ہونے سے حالات کا سنجیدگی سے مقابلہ کریں۔ 6 اپریل اور 19 مئی عطارد پلوٹو تثلیث بننے سے حالات میں مثبت تبدیلیاں آئیں گی۔ 9 جون عطارد زحل تثلیث بننے سے گذشتہ پیدا شدہ مشکلات دور کی جائیں گی۔ 10 تا 25 جون آپکا حاکم عطارد طالع میں عروج یافتہ رہیگا۔ آپکی ذہانت تخلیقی قوتوں میں اضافہ، پیشہ ورانہ مہارت بڑھے گی۔ یادداشت میں اضافہ، حکام یا با اثر لوگ آپ سے کوئی ذمہ دارانہ کام لیں گے۔ جسے آپ بہ آسانی انجام دے سکیں گے۔ 10 جون عطارد یورانس اور عطارد مشتری تسدیس بنے گی۔ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے پلاننگ کر سکیں گے اور آپکو اپنے مقاصد کے جلدی نتائج بھی مل سکیں گے۔ 24 جون عطارد زحل تربیع بننے سے حاسدین مخالفین کی ریشہ دوانیوں سے محتاط رہیں۔ اسی دن عطارد نیپچون تثلیث بھی بنے گی۔ جو مخلصین کے بھرپور تعاون کی دلیل ہے۔ 25 جون تا 9 جولائی عطارد دوسرے خانہ مال میں رہے گا۔ ذرائع آمدن کو بڑھانے کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہونگی۔ 25 جون عطارد یورانس 26 جون عطارد مشتری تربیع بنے گی۔ 26 جون کو ہی آٹھویں چاند گرہن لگنے سے مشترکہ مفادات کے تحت کیے گئے کاموں میں نقصان کا اندیشہ، 12 جولائی خانہ مال میں سورج گرہن ناگہانی مالی نقصان کے خدشات بعید از قیاس نہیں۔ ہر دو ایام میں محتاط رہیں۔ صدقات و خیرات، نماز خسوف (چاند گرہن) اور نماز کسوف (سورج گرہن) کی ادائیگی دعاؤں سے نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ 9 22 جون عطارد پلوٹو مقابلہ دوران گفتگو، تحریر و تقریر محتاط رہیں۔ یکم جولائی عطارد مریخ تسدیس حوصلہ مندی اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کیلئے معاون ہے۔

☆ اتفاق نیوز ایجنسی فریئر مارکیٹ۔ کراچی ☆ عبداللہ بک سٹور بندر روڈ۔ لاڑکانہ سندھ ☆ اسلامی کتب خانہ احمد پور شرقیہ۔ بہاولپور

جولائی عطارد زحل تسدیس بننے سے اہم کاموں کی پلاننگ نظر ثانی حل المشکلات ہوسکیں گی۔ 9 تا 27 جولائی عطارد بیت الاقرباء تیسرے گھر آنے سے طلبہ کی تعلیمی سرگرمیوں میں اضافہ سیر وسیاحت کے تفریحی پروگرام بن سکیں گے۔ 10 جولائی عطارد یورانس 11 جولائی عطارد مشتری تثلیث بننے سے کاروباری خانگی حالات میں خیر وبرکت بہتری آئیگی۔ 26 جولائی عطارد نیپچون مقابلہ روزمرہ سے ہٹ کر اہم کام توجہ طلب ہونگے۔ 28 جولائی 3 اکتوبر عطارد (وتد الارض) چوتھے اپنے شرفی گھر میں رہیگا۔ رجعت واستقامت سے اس کا قیام کچھ لمبا ہوگا۔ اپنے شرفی برج میں ہونے کے سبب یہ سال کا بہترین دور شمار کیا جاسکتا ہے۔ ماسوائے ایام رجعت (21 اگست تا 13 ستمبر) ان ایام میں قدرے چوکنا رہیں۔ شرف یافتہ عطارد اور عروج یافتہ مشتری دسویں آمنے سامنے رہیں گے۔ پیشہ ورانہ کاروباری خانگی امور اہمیت اختیار کر جائیں گے۔ مشتری چونکہ بارہ سال بعد آپکے وتد السماء پر آرہا ہے۔ لہٰذا 28 جولائی تا 13 اکتوبر جب عطارد شرف یافتہ خصوصاً 25,24 ستمبر شرفی درجات سے گزرے گا۔ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے طویل المیعاد معاشی، کاروباری، ذاتی، اپنی جوانی یا بڑھاپے کیلئے ابھی سے کوئی پروگرامنگ کرلیں تاکہ بعد ازاں آپ کیلئے آسانیاں پائیں۔ کوئی انشورنس پلان یا بچت کی اسکیموں پر عملدر آمد کرنا نیک رہیگا۔ 30 جولائی عطارد پلوٹو تثلیث بننے سے جنس مخالف کی طرف رغبت رہے گی۔ 2 اکتوبر عطارد مشتری مقابل ہونے سے اپنی شخصیت کے تحفظات، تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ ضروری ہے۔ اہم سفر کے سلسلے میں منصوبہ بندی کی جاسکے گی۔ 3 تا 21 اکتوبر عطارد بیت الاولاد پانچویں گھر رہیگا۔ صاحب اولاد افراد اپنے بچوں کی تعلیم وتربیت نگہداشت کی طرف خصوصی توجہ دیں گے۔ 8 اکتوبر عطارد زحل قران پانچویں ہونے سے اپنے بچوں کے مستقبل کی بزرگوں کی مشاورت سے بہتر پلاننگ کرسکیں گے۔ 18 اکتوبر عطارد نیپچون تثلیث بننے سے آپکی مصروفیات میں اضافہ شب وروز کام کاج کرنے سے آپکی صحت جسمانی بھی متاثر ہوسکتی ہے۔ اپنی صحت کا بھی خیال رکھیں۔ 23 اکتوبر عطارد پلوٹو تسدیس روزمرہ معاملات میں تبدیلی کا امکان ہے۔ 25 اکتوبر عطارد زہرہ قران آپکی حیثیت وشخصیت میں اضافہ عزت ویذیرائی مل سکے گی۔ 5 نومبر عطارد مشتری تثلیث سے علم وہنر پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کاروباری ساکھ بڑھے گی۔ 6 نومبر عطارد نیپچون تربیع بننے سے اپنی سوچ اور بنائے گئے منصوبوں پر نظر ثانی کرنا نیک ہے۔ 7 نومبر عطارد یورانس تثلیث اپنی تخلیقات کو اجاگر کرنے کیلئے آپ کسی تقریب کا اہتمام کرسکتے ہیں۔ 9 نومبر تا یکم دسمبر اور 18 تا 30 دسمبر عطارد طالع کے مقابل شراکتی نوعیت کے کاموں میں دلچسپی بڑھ جائے گی۔ خواہاں جوزدی شادی سے شراکت یا شراکت سے شادی جیسا کوئی سلسلہ جوڑنے کی کوشش کرسکتے ہیں۔ 18 نومبر عطارد زحل تسدیس سے ذہن تخلیقی قوتوں میں اضافہ کاروباری وسائل بڑھیں گے، پیدا شدہ مشکلات دور کی جاسکیں گی۔ 20 نومبر تا 14 دسمبر عطارد مریخ قرانات ہونے سے ہمت وحوصلہ بڑھے، مستقبل درخشاں بنانے کیلئے دلیرانہ فیصلے کیے جاسکیں گے۔ 25 نومبر اور 22 دسمبر عطارد مشتری تربیعات بننے سے خود اعتمادی سے بڑھ کر دوسروں پر مالی بھروسہ کرنے سے اعتراض برتیں۔ ورنہ مالی نقصانات برداشت کرنے پڑسکتے ہیں۔ 27 نومبر اور 21 دسمبر عطارد نیپچون تسدیس آپکے وجدان گیان تخیل کی قوت میں اضافہ کیے گئے کاموں میں پذیرائی ملے گی۔ 28

حصول خیر وبرکت کے لیے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش 2010ء

نقش مہر نبوت بمعہ طلسم مشتری نوروز 20 مارچ بروز ہفتہ بوقت 22 بجکر 33 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشاؑ کا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز بوقت اذان جمعہ / خطبہ جمعہ میں امسال نوروز سے قبل دعائیں یہ وقت ہر جمعہ کو مستجاب ہے

نومبر تا 21 دسمبر عطارد یورانس تربیعات بننے سے چیلنج پسندانہ کاموں میں دوسروں کی للکار میں آکر خواہ مخواہ جذباتی نہ ہوں۔ اپنے کاموں کو خود اعتمادی سے انجام دیں۔ یکم اور 11 دسمبر عطارد زہرہ تسدیسات بننے سے ذمہ دارانہ فرائض سے حیثیت وشخصیت شراکتی کاموں میں نفع حاصل ہوسکے گا۔ 6 اور 14 دسمبر آٹھویں عطارد پلوٹو قرانات شراکتی پہلوؤں پر شکوک وشبہات پیدا نہ ہونے دیں۔ سال 2010 کی کامیابی سرفرازی میں دانشمندانہ رویے اور صبر وتحمل جیسے امور پر خصوصی توجہ دیں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے خواہشمند جوزدی افراد 5 جنوری، 18,8 مارچ، 8 مئی، 1 جولائی، 20 اگست، 25,4 اکتوبر، 20 نومبر، 14,11,1 دسمبر کو قسمت آزمائی کریں تو بعید از قیاس نہیں کہ انکا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔

سعد تواریخ : 24,22,13,12,5 جنوری۔ 27,17,15,8,6 فروری۔ 30,21,16,14,8,4 مارچ۔ یکم، 6، 18، 25,24 اپریل۔ 21,19,3 مئی۔ 28,15,14,12,10,9,8 جون۔ 30,13,11,10,9,1 جولائی۔ 26,20,8 اگست۔ 19,12,10,4,3 ستمبر۔ 25,23,21,18,17,8,4 اکتوبر۔ 27,20,19,18,16,9,7,5,1 نومبر۔ 1، 11، 14، 27,21 دسمبر۔

نحس تواریخ: 30,27,15,1 جنوری۔ 13,1 فروری۔ 26,22,20,11,9 مارچ۔ 23,5,3 اپریل۔ 4، 17، 18، 24,23,20 مئی۔ 26,25,24,11 جون۔ 26,25,12 جولائی۔ 21,17,10,7,4,3 اگست۔ 26,21 ستمبر۔ 22,5,2 اکتوبر۔ 29,28,25,6 نومبر۔ 29,22,21,17,3 دسمبر

☆ اتحاد نیوز ایجنسی موتی پلازہ۔ راولپنڈی ☆ یونائیٹڈ بک لینڈ مہران مرکز۔ سکھر ☆ کیپٹل نیوز ایجنسی بندر روڈ۔ بہاولپور
Scanned with CamScanner

CANCER

قمر سرطان

دن پیر
عدد 2
رنگ دودھیا
پتھر در نجف سفید مرجان

حالات وواقعات کی روشنی میں

خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2010ء (کیرئیر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں۔

آسمانی کونسل 2010 روحانی انقلابی معاشی سال میں ستاروں کا نقشہ آپکے شمسی زائچہ میں کچھ عجیب و غریب اثرات کا حامل دکھائی دیتا ھے ۔ابتداءسال میں طالع کے مقابل شمس عطارد زہرہ ذنب اور پلوٹو، چوتھے شرفی زحل آٹھویں مشتری نیپچون نویں یورانس وتد السماء کا حاکم مریخ خانہ مال میں اور طالع میں راس اور **آپکا حاکم قمر جسے سال کے پہلے ہی دن گرہن لگ جائیگا۔ اپنے ارد گرد ہونے والے حالات و واقعات کا بغور مشاہدہ کریں** ۔اپنے خلاف ہونیوالی سازشوں سے باخبر رہیں۔سہل پسندی، متلون مزاجی سے اجتناب برتیں۔قمر کو ملکہ فلک اور ماں کی شفقت سے منسوب کیا جاتا ہے۔آپکی شفقت رحم دلی سے کچھ حاسد ناجائز فائدہ اٹھا کر آپکے خلاف سازشیں اور بدنام کرنے کی کوشش کرسکتے ہیں۔ 15 جنوری ساتویں سورج گرہن خانگی شراکتی ازدواجی مسائل، شکوک وشبہات، مسائل و پریشانیاں لاسکتے ہیں۔لہٰذا شروع سال سے ہی صدقات بڑھائیں۔ دونفل نماز خسوف (چاند) دونفل نماز کسوف (سورج گرہن) کی ادائیگی، دعاؤں، صدقات سے نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ 2010 میں بہترین صدقات دودھ، چاول، آٹا، سوجی، میدہ، دال ماش، ڈبل روٹی، چینی، مصری، برفی، کھویا، سفید کپڑا حسب توفیق پیر کے دن دینا معمول بنالیں۔ پھر کوئی نحوست نظر بد سازش آپکے قریب نہ آسکے گی۔اس سال تین اہم کواکب مشتری، زحل اور یورانس رجعت استقامت کے سبب بروج تبدیل کرینگے۔ستاروں کی بروجی تبدیلی آپکی زندگی میں انقلابی تبدیلیاں لاسکتی ہیں۔اس مقصد کیلئے ذہنی طور سے تیار رہیں۔پانچویں اولاد، انعام، محبوب اور دسویں کیرئیر کاروبار کا حاکم مریخ جو عموماً 57.25 دن میں ایک برج طے کرتا ہے۔یہ غیر معمولی طور سے 16 اکتوبر 2009 تا 7 جون 2010 آپکے خانہ مال میں حالت اوج میں رہیگا۔مریخ حصول دولت کی خواہش کوشش کو نہ صرف ابھارے گا۔بلکہ طویل المیعاد معاشی اسکیموں میں روپیہ لگانا از قسم انشورنس پالیسی یا پھر بچت اسکیموں میں سرمایہ کاری نفع بخش ثابت ہوگا۔

اللہ کے گھر کی تعمیر میں سات یا بارہ ہزار روپے حسبِ توفیق حصہ لیکر رسید کے ساتھ لوح اوج مشتری کانسی پر عامل شاہ زنجانی سے تحفتاً (مفت) طلب کریں

خاندان میں وسعت اور تقریبات میں شرکت کے متعدد مواقع ملیں گے۔ 20 دسمبر 2009 تا 10 مارچ 2010 جب مریخ رجعت پذیر ہوگا۔تب کاروبار یا کیرئیر کے حوالہ سے سرمایہ کاری احتیاط طلب، کاروباری حقائق اور سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد ایک سال کیلئے اپنے نویں فطرتی گھر بیت السفر میں نہ صرف بلکہ اپنے ذاتی برج حوت میں عروج یافتہ ہوگا۔یوں سمجھ لیں آپکا یقیناً نصیب کھل جائیگا۔آپ زندگی کی تمام عمدہ خصوصیات کو محسوس اور استعمال کرنے کی قابلیت حاصل کرسکتے ہیں اور کامیاب ہونگے۔حج وعمرہ وزیارات مقدسہ کی دیرینہ سعادت آپکے مقدر میں ہوگی۔قانونی معاملات حسب منشاء حل ہوسکیں گے۔ سچ اور حق کی فتح سے آپ احساس مسرت محسوس کرینگے۔مضبوط قوت فیصلہ سے ایثار وقربانی کے جذبات دوسرے بھی آپکی کریم النفسی سے مستفیض ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔خواہاں طلبہ اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے بیرون ملک جاسکیں گے۔ستارہ مشتری مختصر عرصہ کیلئے 6 جون تا 9 ستمبر وتد السماء پر دسویں گھر بھی آئیگا۔تب پیشہ ورانہ، معاشی، کاروباری امور سے مالی فوائد کا حصول یقیناً ہوسکے گا۔وراثت دولت یا کسی اور ذرائع سے مالی فوائد ملیں۔ملازم پیشہ سرطانی افراد کو ذمہ دارانہ عہدہ کا حصول اپنے اعلیٰ کردار سے ترقی، عزت، منزلت، پذیرائی، شاباش مل سکے گی۔امسال سعادت مشتری کیساتھ ساتھ ستارہ زحل کی شرفی سعادت بھی آپکو سارا سال ملے گی۔ماسوائے 7 اپریل تا 21 جولائی جب زحل رجعت پذیر ہوکر چوتھے آئے گا تو تب خانگی کاروباری مسائل پیدا کرے گا۔ٹریفک حادثات سے بھی محتاط رہیں۔زحل 21 جولائی کو واپس آپکے شمسی زائچہ کے چوتھے شرفی برج میزان میں 6 اکتوبر 2012 تک رہیگا۔ 2011,2010 اور 2012 ستارہ زحل

☆ شاہین بکسٹال ریل بازار۔گوجرانوالہ ☆ حفیظ بکڈپو۔کبیروالا ضلع خانیوال ☆ زینت جنرل اسٹور مین بازار۔جوہرآباد

Scanned with CamScanner

لوحِ برج سرطان حاکم سیارہ قمر

یہ لوح ان تمام افراد کے لیے موثر ہے جن کی تاریخ پیدائش 22/جون تا 23/جولائی ہے یا جن افراد کا نام ان حروف (ح، ہ) سے شروع ہوتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَادَھْمُوْثُ اَرْخَا اَرْخِیْمُ اَرْخِیْمُوْنَ۔O اَلَّذِیْ ھُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ مَلَاءَ کُلِّ شَیٍٔ عَدْلُہٗ وَرَحْمَتُہٗ وَکَرَمُہٗ۔

ترجمہ: اے وہ ذات جو رحمٰن اور رحیم ہے جس کا کرم، رحمت اور عدل ہر چیز پر محیط ہے۔

یہ کلمہ برج سرطان پر کندہ ہے جس کی برکت سے برج قائم ہے اور جو فرشتے اس برج اور آسمان پر ہیں اسی کلمہ سے اللہ تعالیٰ عزوجل کی حمد وثنا کرتے رہتے ہیں۔ جب کوئی فرد ان اسما اور برج کے طلسمات کو اپنے پاس رکھتا ہے تو فرشتے اس کی طرف متوجہ ہو کر اس کا مقصد معلوم کرتے ہیں اگر اس کی خواہش جائز ہے تو وہ سب اس کی حاجت روائی کی دُعا کرتے ہیں۔ اگر اس کی نیت بدی پر ہے تو خاموش ہو کر کہتے ہیں کہ کیسا دلیر بندہ ہے کہ اپنے مالک سے بدی کا طلب گار ہے اور دُعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کی خواہش کو بھلا دے عدم قبول دعا کی یہی وجہ ہے جاہل گمان کرتے ہیں کہ کلام الٰہی میں تاثیر نہیں اللہ تعالیٰ ایسے عقیدہ سے بچائے۔ آمین

یَاشَلِیْخُوْثَا اَجِبْ یَامَرْعَیَائِیْلُ۔ اَلَّذِیْ رَفَعَ سَمٰوٰتِ بِغَیْرِ عَمَدٍ۔ منسوبی اسماء یارحمٰن یارحیم جو روزانہ ورد کئے جائیں گے۔

ترجمہ: وہ ذات جس نے آسمان کو بغیر ستون کے بلند فرمایا۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برجِ سرطان سے منسوب ہے۔ اور یہ وہ اسم جس کی برکت سے حاملان عرش، عرش کو اُٹھائے ہوئے ہیں۔

خواص لوحِ سرطان: اس لوح کی برکت سے حاملِ لوح نظام ہضم، جلدی امراض، سانس اور گردوں کی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔ یہ لوح خود اعتمادی، محبت وشفقت آمیز خیالات میں وسعت اور گہرائی پیدا کرتی ہے۔ جنسی سردمہری کو ختم کرتی ہے۔ خواتین میں نسوانی حُسن وخوبصورتی کو جاذبیت بخشتی ہے۔ خواتین میں مادرانہ جذبہ مضبوط ہوتا ہے اور مردوں میں تحفظی جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ گھریلو اشیاء کی سپلائی کرنے والے، دکاندار، پراپرٹی ڈیلرز، مشروبات اور خورد ونوش کی چیزوں کا کاروبار کرنے والے افراد کے لیے یہ لوح خیر وبرکت اور ترقی کا سبب بنتی ہے۔ یہ لوح سوموار کے دن ساعت قمر میں ان اوقات میں تیار کی جاتی ہے جب شمس برج سرطان میں ہو۔

صدقات: چاول، کیلا، شیریں جوس، دہی، سفید کپڑا، کافور، سفید جانور وغیرہ

اوقاتِ صدقہ اور لوح پہننے کا وقت: سوموار کو شام کے وقت

منسوبی لوح یہ ہے۔ اس لوح کے سیدھی طرف یارحمٰن یارحیم کا نقش مربع نصفی (578 نصف کیا 289-8=281) اور الٹی طرف یاشلیخوثا کا مربع نصفی (1458 نصف کیا 729-8=721) پُر کیا گیا ہے۔ برج سرطان اور اس کے حاکم سیارہ قمر کی منسوبات لوح میں دی گئی ہیں۔ لوح کو مطلوبہ وقت میں تیار کر کے اپنے پاس رکھیں۔ واضح رہے کہ یہ الواح کاغذ کے علاوہ دھات پر ہی ان کے قوی ترین اثرات ہوتے ہیں۔ تحریر کردہ صدقہ کسی غریب مسکین کو دے کر لوح پہن لیں۔ اور روزانہ منسوبی اسمائے باری تعالیٰ کا کثرت سے ورد کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد لوح کے فیوض وبرکات حاصل ہونے لگیں گے۔ یہ الواح دنیا میں پہلی مرتبہ صرف ہم ہی متعارف کرا رہے ہیں۔ کیونکہ تمام الواح عملیاتی قواعد وضوابط کے مطابق تیار کی جاتی ہیں۔ ربع صدی کی تحقیق کے بعد یہ الواح تیار کی گئی ہیں۔ اب تک ہزاروں افراد ان الواح کے فیوض وبرکات سے کامیاب زندگی گزار رہے ہیں۔



آپ کے برج کی لوح سے آپ کو متعارف کرایا جارہا ہے۔ انشاءاللہ العزیز مستقبل میں یہ الواح آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت بھی حاصل کرینگے۔

کی شرفی سعادت آپکو وقفہ وقفہ سے ملتی رہے گی۔ زحل شراکت اور وراثت کا مالک ہے۔ اس دوران جن سرطانی افراد کی شادی ہوگئی انہیں اپنے شریک حیات سے مادی فوائد کا حصول یقیناً ہو سکے گا۔ 2010ء زمین جائیداد کی خرید و فروخت، ذاتی گھر بنانے کی دیرینہ آرزو پوری ہو سکے گی۔ اندرون خانہ حالات کے کنٹرول کی ضرورت کو بھی نظر انداز نہ کریں ورنہ حالات میں عارضی تناؤ کی کیفیت وقفہ وقفہ سے محسوس کر سکتے ہیں۔ ستارہ یورانس 28 مئی تا 14 اگست وتد السماء پر رہتے ہوئے غیر متوقع نئے کاروباری وسائل ملیں جن کی پہلے کبھی ضرورت یا سوچ بھی نہ ہوگی۔ جدت زمانہ کیساتھ آپ وہ سب کچھ حاصل کر سکتے ہیں جن کی آپکو اگلے آنے والے سالوں میں ضرورت ہوگی۔ اپنے کاروبار کو وسعت دے سکتے ہیں۔ ان سعادتوں کے علاوہ مارچ شرف زہرہ کے سبب نصیب یاوری، اپریل شرف شمس کے سبب عزت کاروباری وسعت، مئی اوج مریخ کے سبب مالی کاروباری یکساں فوائد ستمبر شرف عطارد کے سبب بیرون ملک حصول امیگریشن، شفایابی اور عزیز واقارب سے تجدید مراسم جیسے سعد حالات وواقعات وقفہ وقفہ سے ملیں گے۔ آپ اپنی مثبت پلاننگ سے حالات کو اپنے لیے بہتر سے بہتر موافق بنا سکتے ہیں۔ آسمانی کونسل میں 2010 میں بننے والی نظرات سیارگان سے آپکو اپنے حالات کو مزید سنوارنے کی راہنمائی مل سکتی ہے۔ یوں تو آپکا حاکم ستارہ قمر ہر ماہ بارہ منطقۃ البروج میں گھوم جاتا ہے۔ تاہم سالانہ حالات کے نتائج کیلئے ہم سالانہ شمسی گردش کیساتھ وتد السماء کے حاکم مریخ کے فلکی اثرات کو دیگر ستاروں سے بننے والی نظرات کو اہمیت دیں گے۔

شمس طالع کے مقابل رہ کر 20 جنوری آٹھویں آجائیگا۔ مشترکہ مفادات کاموں میں حصہ لینے اور شادی سے فوائد 15 جنوری 23 مارچ پانچویں دسویں کا حاکم مریخ اوجی حالت میں مریخ کے قریب آٹھویں کے حاکم زحل سے جب یہ شرفی حالت میں ہوگا۔ دو مرتبہ تسدیس بنائیگا، خوش قسمتی کے ایسے مواقع جو پہلے کبھی میسر نہ ہونگے، وہ آپکو دستک دیں گے۔ یاد رکھیں ایسے لمحات کبھی کبھی زندگی میں آتے ہیں جب بدقسمتی کے گلہ شکوہ کو خوش بختی میں بدلا جا سکتا ہے۔ ایسے مواقع سے بھرپور استفادہ کریں اپنے کاروبار کو وسعت دے سکتے ہیں۔ 27 جنوری مریخ زہرہ مقابل ہونگے۔ دوسروں سے تعلقات میں احتیاط برتیں۔ 30 جنوری مریخ شمس مقابلہ سے ٹریفک حادثات کا امکان محتاط رہیں۔ 8 مارچ مریخ زہرہ تثلیث زندگی میں خوشگوار یادگار لمحات سیر وتفریح دوستوں سے تجدید مراسم، نئے نئے تعلقات بنیں گے۔ 9 مارچ چوتھے دسویں زحل زہرہ مقابل سماجی سیاسی تعلقات احتیاط اور تحفظات کے طالب ہونگے۔ 21 مارچ تا 20 اپریل خانہ مال کا حاکم بادشاہ فلک شمس وتد السماء اپنے شرفی برج میں رہیگا۔ نئے بزنس کیریئر کی ابتداء کی جا سکتی ہے۔ وہ سرطانی جو عملی زندگی میں قدم رکھیں گے۔ انکی الگ شناخت پہچان جلد ہی بن جائیگی۔ 22 مارچ شمس زحل مقابل ہونے سے اہم کاروباری مالی فیصلے جلد بازی میں نہ کریں۔ بیت الامید کا حاکم زہرہ 31 مارچ تا 25 اپریل اپنے گھر میں عروج یافتہ رہیگا۔ حلقۂ احباب میں وسعت سماجی سیاسی زندگی میں توقیر، عزیز واقرباء سے مادی فوائد، دوسروں کا غیر مشروط تعاون ملے گا۔ 3 اپریل مریخ زہرہ تربیع حاسدین کے شر سے محتاط رہیں۔ 9,8 اپریل شرف شمس دسویں گھر ہونے سے کوئی بڑی کاروباری ڈیل ہو سکتی ہے۔ 18 اپریل مشتری زہرہ تسدیس بنے گی۔ شمس 20 اپریل تا 21 مئی گیارہویں آنے سے بااثر اعلیٰ شخصیات سے ملاقات فائدہ

ایسے تمام افراد جن کا تعلق پبلک سے ہوتا ہے۔ مثلاً ڈاکٹرز، وکلاء، دکاندار، سیاستدان وغیرہ اگر لوح کو پاس رکھیں تو تسخیرِ خلق ہوگی۔ دوست احباب، عزیز و اقارب سے اچھے تعلقات اور رشتوں میں استحکام پیدا کرنے میں یہ لوح سریع التاثیر ہے۔ لوح جمعۃ المبارک کے روز ساعت زہرہ میں تیار کی جاتی ہے اس وقت جب کہ سورج برج میزان میں ہو۔

صدقات: جو، سفید مولی، چاول، سفید کپڑا، روغن زرد، کافور، طعام ترش، اور سفید چیزیں

اوقات صدقہ اور لوح پہننے کا وقت: جمعہ کو وقتِ طلوع آفتاب

منسوبی لوح یہ ہے۔ اس لوح کے سیدھی طرف یا کافی یا غنی کا نقش مربع سدی (1193-21=1172) اور الٹی طرف یاھطلو یا طلمیا شوما کا مربع سدی (519-21=498) پُر کیا گیا ہے۔ برج میزان اور اس کے حاکم سیارہ زہرہ کی منسوبات لوح میں دی گئی ہیں۔ لوح کو مطلوبہ وقت میں تیار کر کے اپنے پاس رکھیں۔ واضح رہے کہ یہ الواح کاغذ پر تیار نہیں کی جاتیں بلکہ دھات پر ہی ان کے قوی ترین اثرات ہوتے ہیں۔ اگر کسی وجہ سے خود تیار نہ کر سکیں تو خوبصورت لاکٹ کی شکل میں دھات پر تیار شدہ لوح مناسب ہدیہ پر ہم سے بھی منگوا سکتے ہیں۔ تحریر کردہ صدقہ کسی غریب مسکین کو دے کر لوح پہن لیں۔ اور روزانہ منسوبی اسمائے باری تعالیٰ کا کثرت سے ورد کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد لوح کے فیوض و برکات حاصل ہونے لگیں گے۔ یہ الواح دنیا میں پہلی مرتبہ صرف ہم ہی متعارف کرا رہے ہیں۔ کیونکہ تمام الواح عملیاتی قواعد و ضوابط کے مطابق تیار کی جاتی ہیں۔ ربع صدی کی تحقیق کے بعد یہ الواح تیار کی گئی ہیں۔ اب تک ہزاروں افراد ان الواح کے فیوض و برکات سے کامیاب زندگی گزار رہے ہیں۔





آپ کے برج کی لوح سے آپ کو متعارف کرایا جارہا ہے۔ انشاء اللہ العزیز مستقبل میں یہ الواح آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت بھی حاصل کرینگے۔

Scanned with CamScanner

ملازمت اور ماتحت کام کرنے والوں کو اچھے ماتحت ورکر آگے سے مل سکیں گے۔ مشتری 6 جون تا 9 ستمبر بارہ سال بعد آپکے طالع کے مقابل آجائیگا۔ تب یہ
طالع کو مکمل سعد نظر سے یوں ناظر ہوگا جیسے کوئی مرشد کامل یا گرو اپنی ایک ہی نظر سے آپکی سبھی نحوستوں کو دور کردے چونکہ یہ عرصہ عارضی ہوگا۔ لہٰذا اس سعد وقت
میں اہم فیصلے یا کام کرنے نیک ہیں۔ مشتری 9 ستمبر تا 31 دسمبر چوتھے گھر طالع کو ساقط نظر ہوکر وہ اثرات نہ دے گا جو ساتویں دے رہا تھا۔ البتہ یہاں ملازمتی
ترقی بیرون ملک حصول امیگریشن میں آسانیوں کے علاوہ محنت سے دولت بھی عطا کریگا۔ ستارہ یورانس عارضی طور سے 28 مئی تا 14 اگست طالع کے مقابل
انہی دنوں آئیگا۔ جب مشتری بھی ساتویں ہوگا۔ یورانس کا قیام ایک برج میں سات سالہ ہوتا ہے۔ اپنے قیام کے دوران یہ غیر متوقع حالات اور اتفاقیہ تبدیلیاں
بھی لاسکتا ہے۔ مشتری ساتویں شادی کیلئے نیک اور طالع میں زحل رشتہ یا شادی ختم کروانے کیلئے بداثرات کا حامل ہے۔ یورانس ازدواجی علیحدگی جیسے حالات
کو تقویت دیتا ہے۔ شادی شدہ میزانی افراد کو 2010 میں اپنی خانگی ازدواجی زندگی میں بے حد محتاط رہنا ہوگا۔ انکا شریک حیات ذرا سی بدگمانی سے ان سے
ناراض ہوکر علیحدگی جیسا انتہا کا فیصلہ کرسکتا ہے۔ صدقات خیرات سے نحوست کو دور کریں۔ آسمانی کونسل پر 2010 میں بننے والے نظرات سیارگان اور
گرہنوں کی تفصیل عرض ہے۔ آپ ان کی روشنی میں سال ہذا کی بہتر سے بہتر پلاننگ کرسکتے ہیں۔ آپکا حاکم زہرہ یکم تا 18 جنوری شمسی زائچہ کے چوتھے ہونے
سے خاندانی مصروفیات کے علاوہ خانگی ازدواجی مسرتوں کیلئے نیک ہے۔ 13 جنوری زہرہ یورانس تسدیس بننے سے آپ اپنے وسائل اور مسائل کو مخلصین سے
شیئر کرکے اپنے آپکو کچھ ہلکا محسوس کرینگے۔ مشاورت لینے کا عمل سنت نبویؐ ہے۔ بشرط آپ صدق خلوص سے کسی کو مشورہ دیں یا دوسرا آپکو دے۔ 18 جنوری
تا 11 فروری زہرہ پانچویں آنے سے معاملات عشق و محبت، رومانوی ماحول میں دلچسپیاں بڑھیں گی۔ 22 جنوری زہرہ زحل تثلیث بننے سے خاندانی خانگی یا
ذاتی گھر بنانے، تعمیر و ترقی جیسے کاموں میں آپکی دلچسپیاں بڑھیں گی۔ نئے کاروباری معاہدے بھی عمل میں آئیں گے۔ 27 جنوری زہرہ مریخ مقابلہ دوسروں
سے تعلقات میں خرابی کسی یار مار دوست کی بے وفائی سے دل برداشتہ ہوسکتے ہیں۔ قبل اسکے ایسا ہو۔ موقعہ شناس دوست نما افراد کی تطہیر کرلیں۔ 8 فروری زہرہ
نیپچون قران جذباتی حساس نوعیت کے معاملات توجہ طلب ہونگے۔ 11 فروری تا 7 مارچ طالع کا حاکم زہرہ چھٹے برج حوت میں شرف یافتہ رہیگا۔ میزانی
بیروزگار افراد کو کوئی نہ کوئی اچھا روزگار مل جائیگا۔ ملازمتی ترقی مراعات یا افسران بالا سے شاباش ملے گی۔ ماتحت آپکی نگرانی میں بہتر کام کرسکیں، صحت جسمانی
بہتر ہوگی۔ کاروباری نوعیت کا قرضہ اگر آپ کسی فرد ادارے یا بینک سے لینے کے خواہاں ہیں تو آپکو حسب منشاء قرضہ بھی مل سکے گا۔ دانشمندی کا تقاضہ اسی میں
ہے کہ کم سے کم قرضہ لیں جو بہ آسانی بعد ازاں ادا کیا جاسکے۔ آپکا حاکم زہرہ 5,4 مارچ عین شرفی درجات سے گزرے گا۔ ادھر طالع کے مقابل 21 مارچ تا
20 اپریل گیارہویں کا حاکم شمس بھی شرف یافتہ رہیگا۔ یہ مشترکہ سعادتوں کا تسلسل شادی شراکت حلقہ احباب میں وسعت کیلئے نیک و اہم ہے۔ شمس طالع کے

امسال روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں

Understanding DUA

اغفرلی ذنبی و اسئلک الدرجات العلیٰ من الجنۃ ٥ میرے گناہ معاف فرما اور میں تجھ سے جنت کے اونچے درجوں کی بھیک مانگتا ہوں۔
ایک تسبیح نماز فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاہ زنجانی)

مقابل 10,9 اپریل شرفی درجات سے گزرتے ہوئے چند دنوں کیلئے آپکو ساڑھ ستی کی انجانی سی نحوست سے آزاد کردیگا۔ آپ ہشاش بشاش اور اپنے اردگرد
خوشیاں سکون و سکھ محسوس کرینگے۔ 15 فروری زہرہ پلوٹو تسدیس مخلصین سے تبادلہ خیالی مفید ثابت ہوگی۔ 17 فروری قران سعدین زہرہ مشتری آپکے چھٹے
ہونے سے شفاء یابی کی قوت بڑھے گی۔ ایسے میزانی افراد جو عرصہ سے بیمار چلے آرہے ہیں، انکی صحت بحال نہ صرف بلکہ وہ اپنے آپکو کم عمر محسوس کرنے لگیں
گے۔ 4 مارچ زہرہ یورانس قران آپکی محنت ماہرانہ رائے کو دوسرے اہمیت دینگے۔ 7 تا 31 مارچ زہرہ طالع کے مقابل وبال یافتہ مگر اپنے فطرتی گھر میں
ہونے سے خواہاں میزانی لڑکے لڑکیوں کو شادی بیاہ ہونے میں آسانیاں پیدا کریگا۔ 8 مارچ زہرہ مریخ تثلیث بننے سے حلقہ احباب میں وسعت دیرینہ
خواہشات کی تکمیل رومانوی ماحول میسر آئیگا۔ 9 مارچ زہرہ زحل مقابلہ جب زحل طالع میں شرف یافتہ ہونے سے دوسروں سے تعلقات کی نوعیت عجیب و
غریب ہوسکتی ہے جن سے دوریاں ہیں وہ قریب اور جن سے قربت ہے وہ دور جانے لگیں گے۔ اس پراسراریت ماحول میں توازن قائم کریں ورنہ آپ پر ہی
الزام بے وفائی لگ سکتا ہے۔ 11 مارچ زہرہ پلوٹو تربیع دوسروں سے تعلقات میں احتیاط برتیں۔ 30 مارچ زہرہ نیپچون تسدیس آپکی عزت پذیرائی میں
اضافہ ہوگا۔ 31 مارچ تا 25 اپریل زہرہ آٹھویں عروج یافتہ اپنے ذاتی گھر میں ہونے سے مشترکہ مفادات کے تحت کاموں یا شادی سے فوائد لیں۔ 13
اپریل زہرہ مریخ دوسرے کے جذبات کو سمجھنے میں غلطی نہ کریں۔ 5 اپریل زہرہ پلوٹو تثلیث آپکی خدمات ماہرانہ رائے سے دوسرے فائدہ اٹھائیں گے۔ 18
اپریل زہرہ مشتری تسدیس، صحت، وراثت، محبت، ادائیگی قرضہ بغیر محنت کے اچانک دولت ملنے جیسے سکھ متوقع ہیں۔ 24 اپریل زہرہ نیپچون تربیع بننے سے
اجنبی افراد پر مالی اعتماد ٹھیک نہ ہوگا۔ 24 اپریل زہرہ یورانس تسدیس اپنی قابلیت سے مستقبل کو درخشاں بنا سکیں گے۔ 24 اپریل زہرہ زحل تثلیث بننے

سے نئے کاروباری معاہدوں کے علاوہ جائیداد کی خرید و فروخت میں بھی آپکی دلچسپی بڑھے گی۔ 25 اپریل تا 20 مئی زہرہ نویں (بیت السفر) میں آنے سے طلبہ اعلیٰ تعلیم کے مقاصد اندرون اور بیرون ملک حاصل کرسکیں گے۔ قانونی امور میں کامیابیاں کاروباری اغراض و مقاصد کیلئے بیرون ملک سفر بھی پیش آسکتا ہے۔ 17 مئی زہرہ مشتری 8 مئی زہرہ زحل تربیعات بننے سے دوسروں سے خصوصی تعلقات شکوک وشبہات یا کسی حاسد کی شرانگیزی سے متاثر ہو سکتے ہیں محتاط رہیں۔ 19 مئی زہرہ نیپچون تثلیث جذباتی اور رومانوی امور یا دیگر حساس معاملات بزرگوں سے تعلقات اہمیت اختیار کر جائیں گے۔ 20 مئی زہرہ یورانس تربیع دوسروں کے رویہ جات آپکو حیران و پریشان کرسکتے ہیں۔ زیادہ توقعات وابستہ کرنا بھی جذباتی صدمہ لاسکتا ہے۔ 20 مئی تا 14 جون زہرہ وتد السماء دسویں کیرئیر کے گھر رہتے ہوئے دوسروں کا آپ سے تعاون بڑھے۔ وہ افراد جو پہلے نظرانداز کرتے رہے ہیں۔ اب آپکے گرویدہ ہوں، سماجی سیاسی حیثیت و شخصیت میں اضافہ ہوگا۔ اہم کاموں کی تکمیل ہوسکے گی۔ 24 مئی زہرہ پلوٹو مقابل ہونے سے بلاوجہ کی ٹینشنوں سے بچنے کیلئے ذکر الٰہی کی طرف دل لگائیں۔ 12 جون زہرہ زحل تسدیس کاروباری پیشہ ورانہ سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا۔ 14 جون تا 10 جولائی زہرہ بیت الامید میں آنے سے حلقہ احباب میں وسعت آپکی دیرینہ خواہشات پوری ہوسکیں گی۔ 15 جون زہرہ مشتری تثلیث بننے سے عزت مقبولیت میں اضافہ، پسندیدگی، دوسرے آپکی سحرانگیزی سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ خواہاں لڑکے لڑکیوں کے رشتے طے ہوسکیں گے۔ 26 جون چوتھے چاند گرہن خاندانی مسائل و پریشانیوں کا اندیشہ ہے اپنی بہتر توجہ مسائل کے حل کی طرف رکھیں۔ 9 جولائی زہرہ نیپچون مقابلہ حساس معاملات میں دوسروں پر بھروسہ کرنے کا ہرگز نہیں۔ 12 جولائی دسویں سورج گرہن کاروباری عزت ساکھ جاری کاموں میں رکاوٹیں آسکتی ہیں۔ بزرگوں والدین کی ناراضگی سے بھی بچیں۔ ایسے میں صدقات خیرات کیساتھ ایام گرہن میں دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن)، دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) کی ادائیگی دعاؤں سے نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ 10 جولائی تا 17 اگست زہرہ طالع سے بارہویں ہبوط یافتہ رہیگا۔ خفیہ امور کی انجام دہی احتیاط طلب ہوگی۔ 13 جولائی زہرہ پلوٹو تثلیث امید و بیم کی کیفیت سے نکلنے کیلئے بزرگوں سے مشاورت لیں۔ 8 اگست تا 8 ستمبر اور 8 نومبر تا 30 نومبر طالع کا حاکم زہرہ طالع میں عروج یافتہ رہنے سے خود اعتمادی میں اضافہ کریگا۔ 2010 میں 29½ سال میں دو مرتبہ یہ حسن اتفاق ہوگا کہ آپکے طالع میں 2½ سالہ قیام کے دوران زحل کو شرف اور آپکے حاکم زہرہ سے اسکا قران طالع میں ہوگا۔ زہرہ کے طالع میں آتے ہی 8 اگست زہرہ زحل قران کریں گے۔ تب زہرہ عروج زحل شرف یافتہ ہوگا۔ پرانے لوگ آپکی زندگی سے نکل کر انکی جگہ نئے اور بہتر لوگ لے لیں گے۔ زندگی کے حقائق سننے سمجھنے کا موقع ملے گا۔ 10 اگست زہرہ مشتری مقابل ہونے سے

حصولِ خیر و برکت کے لیے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش 2010ء

نقش مہر نبوت بمعہ طلسم مشتری نوروز 20 مارچ بروز ہفتہ بوقت 22 بجکر 33 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشاؑ کا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز بوقت اذان جمعہ / خطبہ جمعہ میں امسال نوروز سے قبل دعائیں یہ وقت ہر جمعہ کو مستجاب ہے

شراکتی ازدواجی رشتوں میں شکوک وشبہات سے بچیں۔ ایک دوسرے کے جذبات کا احترام کریں۔ 20 اگست 4 اکتوبر زہرہ مریخ قران دوستی محبت کے رشتے بڑھیں گے۔ 8 ستمبر تا 8 نومبر اور 30 نومبر تا 31 دسمبر زہرہ خانہ مال وبال یافتہ رہنے سے ناگہانی اخراجات پیش آسکتے ہیں، فضول خرچی سے بچیں۔ 21 دسمبر نویں چاند گرہن لگنے سے بیرون ملک کاروباری سرگرمیاں متاثر ہوسکتی ہیں۔ قانونی الجھنوں سے بھی بچیں۔ صدقہ کے علاوہ دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) کی ادائیگی دعاؤں سے نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ 2010 ایک اہم اور احتیاط طلب سال مگر آنے والے حالات کیلئے یہ مشعل راہ ثابت ہوگا۔

انعامی اسکیموں میں دلچسپی رکھنے والے میزانی افراد 24,22 جنوری، 15 فروری، 23,21,8 مارچ، 24 اپریل، 19,8 مئی، 12 جون، 31,23,11 جولائی، 20,8 اگست، 4 اکتوبر، 15 نومبر، 7 دسمبر کو حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا نصیب یاوری کرجائے۔

سعد تواریخ: 22,13,12,5 جنوری۔ 28,17,15,8,6 فروری۔ 30,23,21,16,8,4 مارچ۔ 28,24,18,6,5 اپریل۔ 21,19,8,3 مئی۔ 28,15,14,12,10,9,8 جون۔ 23,13,11,10,9,1 جولائی۔ 26,20,8 اگست۔ 19,12,10,4 ستمبر۔ 29,24,21,19,18,8,4 اکتوبر۔ 27,19,16,15,8,5,1 نومبر۔ 27,20,15,8,6,1 دسمبر

نحس تواریخ: 27,15,1 جنوری۔ 13,1 فروری۔ 26,22,20,18,11,9 مارچ۔ 25,23,3 اپریل۔ 20,18,17,4 24,23 مئی۔ 26,25,24,23,22,19,11,4 جون۔ 26,25,12 جولائی۔ 21,17,10,7 اگست۔ 26,21 ستمبر 22,5,2 اکتوبر۔ 29,28,25,18,6 نومبر۔ 29,22,21,18,17,3 دسمبر

Scanned with CamScanner

دن منگل
عدد 9
رنگ سرخ قرمزی
پتھر مرجان، گارنٹ

SCORPIO
عقرب
مریخ

Sheikh Rasheed

حالات وواقعات کی روشنی میں

خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2010ء (کیرئیر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں۔

آسمانی کونسل 2010ء روحانی انقلابی معاشی سال میں قدرت کاملہ آپ پر بدستور مہربان رہے گی۔ اگرچہ آپکی گذشتہ سال 29 اکتوبر 2009ء سے شمس ساڑھ ستی کا آغاز ہو چکا ہے۔ اسکے آغاز سے آئندہ ساڑھے سات سال کا ثمرہ منجمین کے نزدیک ناقص ثمرہ ہے ۔ بتدریج سال بہ سال نحوست ساڑھ ستی کے بداثرات دیتے دیتے مشکلات کی انتہاء تک پہنچادیتا ہے۔ تاہم 2010ء میں ابھی یہ سب کچھ رونما ہوگا۔ اسکا سبب زحل کا طالع سے بارھویں اپنے شرفی برج میں 2½ 29 سال آنے کے سبب ہے۔ شرف یافتہ زحل اپنے ابھی مکمل ناقص اثرات ظاہر نہ کریگا۔ 13 جنوری زحل رجعت کرتے ہوئے 7 اپریل تا 30 مئی (بیت الخوف) بارھویں سے (بیت الامید) گیارھویں گھر چلا جائیگا۔ یوں شرف زحل اور زحل کے رجعت یافتہ ہونے کے سبب جاری ساڑھ ستی کا نیا نیاز ور ٹوٹ جائیگا۔ یوں فلک پر ستارے مہربان ہونگے کہ آپ بھی دوسروں پر مہربان ہوجائیں۔ امسال زحل کیساتھ سست الرفتار ستارے مشتری اور یورانس بھی برج تبدیل کرینگے۔ سعد اکبر ستارہ مشتری جو آسمان فلک پر گرد اور مرشد کامل کا درجہ رکھتا ہے۔ یکم جنوری اپنا سفر کا آغاز جو (بیت الارض) چوتھے گھر سے کرکے 18 جنوری تا 6 جون، پھر 9 ستمبر تا 31 دسمبر یہ (بیت الاولاد) پانچویں رہیگا۔ 7 جون تا 8 ستمبر یہ (بیت المرض) چھٹے گھر بھی آئیگا۔ سعد اکبر مشتری اپنی سعد کاسمک شعاؤں کی بدولت آپکو 2010 میں تین گھروں کے الگ الگ سعد اثرات سے نوازے گا۔ جبکہ فطرت میں یہ ایک ایک سال میں ایک برج طے کرتا ہے۔ مشتری پانچویں میں سعادت خوش بختی عقل وفہم روحانی ادراک عطا کرنے کے علاوہ حصول انعامات صاحب اولاد بچوں کی اعلیٰ تعلیم وتربیت نگہداشت کی جانب کچھ زیادہ ہی رجحانات پائیں گے۔ چھٹے آنے سے قرض لینے یا دینے میں سہولت تاہم آنے والے سالوں میں نحوست زحل ساڑھ ستی کا غلبہ ہوگا۔ لہٰذا غیر ضروری قرضہ نہ لیں۔ دانشمندانہ بات آپکو ہدیہ ہے، ورنہ نہ تو قرضہ ادا ہو سکے گا اور نہ ہی قرض کی رقم سنبھال پائیں گے۔ مشتری چھٹے رہ کر دسویں گھر کو سعد ناظر ہونے سے ملازمتی ترقی بہتر

اللہ
اوج مشتری
کے گھر کی تعمیر میں سات یا بارہ ہزار روپے حسبِ توفیق حصہ لیکر رسید کے ساتھ لوح
کانسی پر عامل شاہ زنجانی سے تحفتاً (مفت) طلب کریں

تبدیلی ملازمت اور ماتحت کام کرنے والوں کا تعاون رہیگا۔ مشتری عارضی طور سے ساتویں آنے سے دیرینہ شادی کے خواہاں لڑکے لڑکیوں کی اس سال یقینی شادی خانہ آبادی ہو سکے گی۔ انکے والدین کو منگنی کے چکر میں نہیں پڑنا چاہیے، ورنہ آگے ساڑھ ستی کے سبب طے شدہ رشتہ ٹوٹ بھی سکتا ہے۔ ستارہ مشتری کی سعادت، کشادگی رزق، خانگی، شراکتی بہتر وسائل، حج وعمرہ، زیارت مقدسہ کی سعادت جیسے نیک اثرات سے نوازے گا۔ سیارہ یورانس 28 مئی تا 14 اگست پانچویں سے چھٹے غیر متوقع آپکے رجحانات میں سپورٹس مین شپ اپنی صحت جسمانی بہتر اور بحال رکھنے کا شعور عطا کرے۔ ڈاکٹر حضرات سے آپکی دوستیاں آپکے میڈیکل سائنسی علم میں مزید اضافہ کا باعث بنیں گی۔

آسمانی کونسل 2010 کونسل میں سب سے اہم عجیب و غریب اثرات آپکا حاکم ستارہ مریخ دے گا ۔ نظام شمسی میں اس کا ایک سرکل 686.980 دنوں میں مکمل ہوتا ہے اور یہ ایک برج میں 57.25 دن طے کرتا ہے۔ 2009 اور 2010 میں آپکے حاکم مریخ کی دلچسپ حرکات عالمی منجمین کو اپنی طرف متوجہ کیے ہوئے ہیں۔ ستارہ مریخ حالت اوج وتد السماء کیرئیر (دسویں) کے گھر میں 16 اکتوبر 2009 تا 7 جون 2010 تک تقریباً 7 ماہ 22 دن قیام کریگا۔ (اپنے قیام کے دوران یہ 20 ستمبر 2009 تا 10 مارچ 2010 رجعت یافتہ رہیگا۔ تب اہم کاموں کی تکمیل مشاورت کیساتھ احتیاط طلب بھی ہوگی۔) آپکا حاکم مریخ آسمان فلک پر آسمانی افواج کے کمانڈر انچیف کی حیثیت رکھتا ہے۔ حالت اوج میں یہ شجاعت، خود اعتمادی اور کارہائے نمایاں انجام دینے کی امنگ اور صلاحیت عطا کریگا۔ مستقل مزاجی اور بے جگری سے مشکلات میں بے خطر کود پڑنے کی جرأت حاصل ہو نہ صرف بلکہ مشکلات پر بھی قابو پایا جاسکے گا۔

☆ فیصل بک سیلر بمقام ڈاک خانہ مٹہ ضلع سوات ☆ علی نیوز ایجنسی۔ پسرور۔ ضلع سیالکوٹ ☆ چودھری بک ڈپو مین بازار۔ ڈسکہ

Scanned with CamScanner

لوحِ برج عقرب حاکم سیارہ مریخ

یہ لوح ان تمام افراد کے لیے موثر ہے جن کی تاریخ پیدائش 24 اکتوبر تا 22 نومبر ہے یا جن افراد کا نام ان حروف (ن، ی) سے شروع ہوتا ہے
اَللّٰھُمَّ یَانُوْرُ اَرْعِش اَرْعِیْشَ اَرْعِیْشَشْ الْعُتُوْنَ۔○ اَلَّذِیْ بِعِزَّتِہٖ وَ جَبَرُوْتِہٖ وَسِرِّہٖ وَ عَلَانِیَتِہٖ۔

ترجمہ: اے وہ ذات جو عزت، قہر، جبروت، باطن اور ظاہر کی مالک ہے۔

یہ کلمہ برج عقرب پر کندہ ہے جس کی برکت سے برج قائم ہے اور جو فرشتے اس برج اور آسمان پر ہیں اسی کلمہ سے اللہ تعالیٰ عز وجل کی حمد وثنا کرتے رہتے ہیں۔ جب کوئی فرد ان اسما اور برج کے طلسمات کو اپنے پاس رکھتا ہے تو فرشتے اس کی طرف متوجہ ہوکر اس کا مقصد معلوم کرتے ہیں اگر اس کی خواہش جائز ہے تو وہ سب اس کی حاجت روائی کی دُعا کرتے ہیں۔ اگر اس کی نیت بدی پر ہے تو خاموش ہوکر کہتے ہیں کہ کیسا دلیر بندہ ہے کہ اپنے مالک سے بدی کا طلب گار ہے اور دُعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کی خواہش کو بھلا دے عدم قبول دعا کی یہی وجہ ہے جاہل گمان کرتے ہیں کہ کلام الٰہی میں تاثیر نہیں اللہ تعالیٰ ایسے عقیدہ سے بچائے۔ آمین

منسوبی اسماء یامالک یاقدوس جو روزانہ ورد کئے جائیں گے۔　یَاشَطِیْثَا اَجِبْ یَا ھَرْقِیَائِیْلُ۔ اَلَّذِیْ بَسَطَ الرَّحْمَۃَ لِلْعِبَادِ۔

ترجمہ: وہ جس کی رحمت اپنے بندوں پر پھیلی ہوئی ہے۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برج عقرب سے منسوب ہے۔ اور یہ اسم حضرت جبرائیل کے جناح کے پروں پر تحریر ہے۔

خواص لوح عقرب: جب شمس برج عقرب میں داخل ہو۔ اُس وقت اگر کوئی فرد یہ لوح تیار کر کے اپنے پاس رکھے تو وہ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے لوگ قطعی اس سے دشمنی نہ کر سکیں گے اور نہ کسی طرح کا کوئی نقصان پہنچا سکیں گے۔ بلکہ حاملِ لوح کا دشمنوں پر رعب اور دبدبہ رہے گا۔ اس لوح کا دوسرا فائدہ یہ ہے کہ جن افراد کو ایسا مرض لگا ہے کہ کسی صورت میں آرام نہیں آتا، یا آئے دن امراض میں گھرے رہتے ہیں ان کو بھی لوح تیار کر کے اپنے پاس رکھنا چاہئے۔ عورتیں، تیار شدہ لوح پاس رکھیں تو مخالفین کی چغلی اور حاسدوں کے حسد سے محفوظ رہیں۔ اس لوح کا حامل ہر فرد مقدمہ سے فتح یابی حاصل کر لیتا ہے سحر جادو، ٹونہ اور آسیب سے حفاظت میں رہتا ہے۔ یہ لوح موذی امراض اور موذی حشرات الارض سے بھی محفوظ رکھتی ہے۔ یہ لوح سرجن ڈاکٹرز، افواج کے سپاہی اور افسران، سائنس کے مختلف شعبوں سے متعلقہ افراد، عدلیہ سے متعلقہ افراد اور تحقیق کرنے والے افراد کے لیے بھی خوش بختی لاتی ہے۔ جنسی امراض، سرحلق وناک کی بیماریاں اور معدے کے امراض سے شفایابی کے لیے اسباب پیدا کرتی ہے۔ یہ لوح خواتین وحضرات میں جنسی سرد مہری کو ختم کر کے صحت مندانہ جنسی لذت کی خواہش پیدا کرتی ہے۔

صدقات: چقندر، گاجر، دال مسور، گندم، قند سیاہ، سرخ کپڑا، سرخ پھول وغیرہ

اوقاتِ صدقہ اور لوح پہننے کا وقت: منگل کو ایک گھنٹہ بعد طلوع آفتاب

منسوبی لوح یہ ہے۔ اس لوح کے سیدھی طرف یامالک یا قدوس کا نقش مربع سدسی (**283-21=262**) اور الٹی طرف یاشطیثا کا مربع سدسی (**831-21=810**) پر کیا گیا ہے۔ ہر عقرب اور اس کے حاکم سیارہ مریخ کی منسوبات لوح میں دی گئی ہیں۔ لوح کو مطلوبہ وقت میں تیار کر کے اپنے پاس رکھیں۔ واضح رہے کہ یہ الواح کاغذ کے علاوہ دھات پر ہی ان کے قوی ترین اثرات ہوتے ہیں۔ تحریر کردہ صدقہ کسی غریب مسکین کو دے کر لوح پہن لیں۔ اور روزانہ منسوبی اسمائے باری تعالیٰ کا کثرت سے ورد کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد لوح کے فیوض وبرکات حاصل ہونے لگیں گے۔ یہ الواح دنیا میں پہلی مرتبہ صرف ہم ہی متعارف کرا رہے ہیں۔ کیونکہ تمام الواح عملیاتی قواعد وضوابط کے مطابق تیار کی جاتی ہیں۔ ربع صدی کی تحقیق کے بعد یہ الواح تیار کی گئی ہیں۔ اب تک ہزاروں افراد ان الواح کے فیوض وبرکات سے کامیاب زندگی گزار رہے ہیں۔



آپ کے برج کی لوح سے آپ کو متعارف کرایا جارہا ہے۔ انشاء اللہ العزیز مستقبل میں یہ الواح آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت بھی حاصل کریں گے۔

Scanned with CamScanner

آپکی عزت وتکریم کاروباری معاشی حیثیت و شخصیت میں اضافہ ہوگا۔ نئے نئے کاروباری مراسم تقویت پائیں گے۔ عملی زندگی میں قدم رکھنے والے جواں سال عقربی اپنے اندر نیا امنگ، جوش و جذبہ اور کارہائے نمایاں انجام دینے کی ترنگ پیدا ہوتا محسوس کریں جو اس سے پہلے کسی نے انجام نہ دیے ہوں یا پھر ایسے مفید قدیم کاموں کو اپنی ذہانت محنت سے جدید بنا کر عزت پذیرائی اور معاشرتی شاباش پائیں۔ باغبانی، جنگلات، زراعت سے تعلق رکھنے والے عقربی افراد کا نفع گذشتہ سالوں سے خاصا بڑھ جائیگا۔ آپکی کوئی بنجر زمین بھی محنت سے قابل کاشت ہوسکے گی۔ 2010 میں غیر متوقع مفید وسائل مخلص احباب خود چل کر آپکے پاس آئیں تو حیران نہ ہوں اپنے اس قیمتی وقت کو موسم بہار کی طرح استعمال کریں۔ جیسے پھل پھول کھلنے کیلئے بہار میں بیج لگا کر اسکی نگہبانی کی جاتی ہے۔ نصف سال 2010 میں آپ جتنے بھی مستقبل کو درخشاں روشن آرام دہ بنانے کیلئے کام کریں گے۔ اتنے ہی آگے آنیوالے سات سالوں میں قصص القران عزیز مصر کے خواب حضرت یوسفؑ کی تعبیر اور غلہ کے گودام بنانے کی مثل کے مطابق اپنی ساڑھ ستی کا خراب دور بہ آسانی گزار سکیں گے۔ ساڑھ ستی سے تحفظ کیلئے مندرجہ ذیل روحانی تدارک صدقات وخیرات کردیں تو آپ زحل کی نحوست کو ممکن کم کرسکتے ہیں۔ بسلسلہ روحانی تدارک نحوست ساڑھ ستی کو روکنے کیلئے عاملین کاملین نے صدیوں سے نو مستند تدارک اپنا رکھے ہیں۔ اسکا روحانی تدارک کسی بزرگ روحانی یا شاہ زنجانی کروایا جاسکتا ہے۔ صدقات وخیرات بھی بلا مذہب وملت دنیا بھر کے منجمین عاملین جو بتاتے ہیں۔ وہ آپ ہدیہ دیں۔ یہ بھی صدقات یا حسب توفیق صدقات آپ بآسانی دے سکتے ہیں۔ بروز پیر چاول ٹوٹا، بروز منگل گوشت یا کلیجی پھیپھڑے، بروز ہفتہ کالے چنے، بروز اتوار گندم یا باجرہ اسکے علاوہ جواہرات، یاقوت، مرجان گلابی، مرجان سفید، در نجف، موتی یا موتیوں کی مالا سفید عقیق یا پھرست (سات) رنگے عقیق کی تختی یا کڑا بنوا کر پہن سکتے ہیں۔ لوح محفوظ گلے کیلئے اور رنگین نقش اسم اعظم ادارہ سے مفت منگوا کر فریم کروا کر اپنے گھر یا کاروباری جگہ لگائیں۔ قرآنی توبہ کی آیات کا کثرت سے ورد کریں۔ جنتری ہذا صفحہ نمبر 102 پر دی گئی عزیمت کا روزانہ ورد کریں۔ پورن ماشی (چاند کی چودہ) کو جب عین چاند اپنے جوبن پر دو سفید نر مادہ صحت مند کبوتر آزاد کریں۔ حسب استطاعت ان روحانی تدارک سے فیض پایا گیا تو یقیناً آپکی جاری ساڑھ ستی کے بداثرات نرم پڑ جائیں گے۔

آسمانی کونسل پر بننے والی نظرات سیارگان اور گرہنوں 2010 کی روشنی میں سال ہذا کی بہترین پلاننگ بہتر انداز، انفرادی ذاتی سوچ کے علاوہ بزرگوں، مخلصین کی مشاورت بھی شامل حال کریں کہ آنے والے چھ سات سال نحوست زحل ساڑھ ستی کے سبب مشکل ہوسکتے ہیں۔ قران پاک میں قصص الانبیاء اسی سبب بیان کیے گئے ہیں کہ ہم ماضی جان کر حال میں رہ کر مستقبل کو محفوظ درخشاں بنانے کیلئے عملی اقدمات کریں۔ 6 جون تا 9 ستمبر کوئی بڑا انشورنس پلان ٹھوس سرمایہ کاری بچت اسکیموں میں انویسٹمنٹ کرنے سے آسانیاں پائیں گے۔ یکم جنوری نویں چاند گرہن لگنے سے بیرون ملک سفر تجارتی سرگرمیاں امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ کے کام متاثر ہوسکتے ہیں۔ 15 جنوری تیسرے سورج گرہن عزیز واقارب سے اختلاف رائے، دوران سفر اپنے سامان کی گمشدگی محتاط رہیں۔ شروع سال میں صدقات بڑھائیں۔ ایام گرہن دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) کی ادائیگی دعاؤں سے نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ 27 جنوری مریخ زہرہ مقابل جذباتی حساس نوعیت کے کاموں میں محتاط رہیں۔ مشکل فیصلے بھی سوچ سمجھ کر بجالائیں۔ 30 جنوری مریخ شمس مقابل کاروباری مسائل کے حل کیلئے اپنے وسائل کے اندر

رہیں۔ قرضہ لینا یا پھر کریڈٹ دینا بھی مناسب نہ ہوگا۔ 11 فروری تا 7 مارچ ساتویں بارہویں کا حاکم زہرہ پانچویں شرف یافتہ ہونے سے انعامی فوائد خواہاں عقربی کا اچانک رشتہ طے ہونے کی نوید، بیرون ملک اپلائی کی گئی امیگریشن کے علاوہ معاملات عشق ومحبت میں آپکی دلچسپیاں بڑھیں گی۔ 13 فروری مریخ عطارد مقابل ہونے سے کاروباری معاہدے کرنے میں احتیاط برتیں۔ 15 فروری 23 مارچ مریخ زحل تسدیس بننے سے پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ پیدا شدہ مشکلات دور کی جاسکیں گی۔ بزرگوں سے مشاورت اس سال قدم قدم پر لیں۔ 21 مارچ تا 20 اپریل وتد السماء کا حاکم بادشاہ فلک شمس چھٹے شرف یافتہ ہوگا۔ شرف یافتہ شمس آپکے اوج یافتہ حاکم مریخ 21 مارچ کو بنظر تثلیث ہوگا۔ تب نوروز عالم افروز کی سعادت قبولیت دعا کی گھڑی بھی آئیگی۔ اس مبارک موقع پر کسی روحانی محفل کا اہتمام کرکے اپنے اہل خانہ، دوست احباب اور آنیوالے 6/7 سالوں کی نحوست سے تحفظ، خیر وبرکت کی دعائیں ضرور کریں۔ قدرت نحوست کیساتھ (شفاء) خیر وبرکت کے مواقع بھی خود ہی مہیا کررہی ہے۔ بشرط آپ محفل دعائے کا اہتمام کریں۔ 8 مارچ مریخ زہرہ تثلیث مشترکہ مفاد کے کاموں کیلئے نیک وقت ہوگا۔ 18 مارچ مریخ عطارد تثلیث آپکی صلاحیتوں کو اجاگر کام کاج کرنے کی زیادہ صلاحیت کو ابھارے گی۔ 3 اپریل مریخ زہرہ تربیع جذباتی پن دوسروں سے تعلقات میں محتاط رہیں۔ 5 اور 25 اپریل، 11 جون مریخ عطارد تربیعات دوستوں اور مشترکہ مفادات کے کاموں میں احتیاط برتیں، ٹریفک میں جلد بازی، حادثات کا اندیشہ، پیشہ ورانہ کاروباری معاہدے بھی سخت احتیاط طلب ہونگے۔ 4 مئی مریخ شمس تربیع جذباتی پن غم وغصہ پر قابو رکھنے کے علاوہ مصروفیات کے سبب اپنی صحت جسمانی کا بھی خیال رکھیں۔ 8 مئی مریخ زہرہ تسدیس پیدا شدہ مشکلات مخلصین کے تعاون مشاورت سے دور کی جائیں گی۔ 4 جون مریخ نیپچون مقابل ہونے سے میڈیکل چیک اپ اپنی صحت جسمانی کا خیال

☆ پاکستان سٹینڈرڈ بک سٹال۔ سرگودھا ☆ ظفر بک سٹال۔ اُردو بازار۔ سرگودھا ☆ مکتبہ جعفریہ بلاک نمبر 7۔ سرگودھا

Scanned with CamScanner

رکھیں۔ 7 جون طویل عرصہ کے بعد آپکا حاکم مریخ برج تبدیل کر کے (بیت الامید) گیارہویں گھر 30 جولائی تک کیلئے آجائیگا۔ نصف سال میں آپ نے کیا کھویا کیا پایا اسکا احتساب ضرور کرلیں تا کہ نصف سال کی مثبت پلاننگ آپ کیلئے آسان ہو۔ 15 جون مریخ پلوٹو تثلیث مستقبل میں اپنے وسائل کے بہتر استعمال کیلئے آپ اپنے بنائے گئے پروگراموں پر نظر ثانی کرلیں تو فی زمانہ متوقع خامیوں کو دور کیا جاسکے گا۔ 26 جون تیسرے چاند گرہن سفر سے پہلے صدقات خیرات دیں۔ عزیزوں پڑوسیوں سے اختلاف رائے سے بچیں۔ 12 جولائی نویں سورج گرہن ہونے سے کاروباری اغراض و مقاصد کیلئے کیے گئے سفر منفعت بخش ثابت نہ ہونگے۔ لہٰذا غیر ضروری سفر سے اجتناب برتیں۔ صدقات وخیرات دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) کی ادائیگی دعاؤں سے نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ یکم جولائی مریخ عطارد تسدیس سے پیدا شدہ مشکلات دور ہوسکیں گی۔ 11 جولائی مریخ شمس تسدیس آپکے کام کاج کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوسکے گا۔ 30 جولائی تا 14 ستمبر مریخ طالع سے بارہویں بیت الخوف میں وبال یافتہ رہیگا۔ غیر ضروری اخراجات کا اندیشہ اپنے معلوم نامعلوم خفیہ دشمنوں سے محتاط رہیں۔ ناگہانی نحوستوں سے بچنے کیلئے صدقات وخیرات بڑھائیں۔ 14 اگست مریخ مشتری مقابلہ قانونی پریشانیوں سے بچنے کیلئے اپنے قانونی مشیر سے مسلسل مشاورت کرتے رہیں۔ اس دن مریخ پلوٹو تربیع اپنے پروگراموں پر نظر ثانی نیز صحت جسمانی کا خیال اور میڈیکل چیک اپ ضرور کرائیں۔ بیت الامید کا حاکم عطارد 28 جولائی تا 13 اکتوبر اپنے گھر میں شرف یافتہ ہوتے ہوئے 24 ستمبر کو عین شرفی درجات سے گزرے گا۔ وراثت، حصول انعامات سے متعلقہ دیرینہ خواہشات پوری ہوسکیں گی۔ حلقہ احباب میں اعلیٰ تعلیم یافتہ اچھے دوستوں کا اضافہ ہوسکے گا۔ 21 اگست تا 13 ستمبر عطارد رجعت یافتہ ہونے سے قدرے فوائد رک رک کرملیں گے۔ تب کوئی دیرینہ خواہش یا کسی بچپن کے دوست ساتھی سے اچانک ملاقات آپکے لیے نہایت مسرت کا باعث بنے گی۔ 20 اگست مریخ زہرہ بارہویں قران ازدواجی خوشیوں میں اضافہ ہوگا۔ ناراض زوجین میں ملاپ صلح ہوسکے گی۔ آپکا حاکم مریخ 15 ستمبر تا 28 اکتوبر طالع میں آنے سے حوصلہ مندی، انتظامی امور میں قابلیت باعث ترقی و کامیابی ثابت ہوگی۔ اپنے جوش و جذبات پر قابو رکھیں، کوشش کریں کہ دوسرے آپ سے ناراض نہ ہوں۔ 18 ستمبر مریخ پلوٹو تسدیس بننے سے صحت جسمانی بہتر آپ دوسروں کیلئے اہم خدمات دینے کی پوزیشن میں ہونگے۔ 4 اکتوبر طالع میں مریخ زہرہ قران رومانوی شادی یا پھر نئی شراکت کا امکان ہے۔ 21 اکتوبر مریخ مشتری تثلیث انعامی شوق دفوائد، کوئی پرانی یا نئی جذباتی رومانوی داستان شروع ہوسکتی ہے۔ آپکی شخصیت دوسروں کیلئے حوصلہ مندی کا باعث بنے گی۔ 24 اکتوبر مریخ نیپچون تربیع روزمرہ مصروفیات کی زیادتی کے سبب آپکی صحت جسمانی متاثر ہوسکتی ہے محتاط رہیں۔ 24 اکتوبر مریخ یورانس تثلیث بننے سے آپکے اندر قائدانہ صلاحیتیں ابھریں۔ آپ کو کسی اہم کام کی ذمہ داری مل سکتی ہے۔ کسی پنچائت کے صحیح یا ناراض افراد میں صلح صفائی کرواسکتے ہیں۔ آپکا حاکم مریخ 28 اکتوبر تا 8 دسمبر خانہ مال میں رہنے سے ذاتی کوششوں سے ذرائع آمدن میں اضافہ ہوگا۔ 15 نومبر مریخ زحل تسدیس اہم خانگی کاروباری کاموں میں مصروفیات بڑھیں گی۔ 29 نومبر مریخ مشتری تربیع بننے سے آپکے نظریات وخیالات دوسروں

حصول خیر و برکت کے لیے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش 2010ء

نقش ہر نبوت بمعہ طلسم مشتری نوروز 20 مارچ بروز ہفتہ بوقت 22 بجکر 33 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشاؑ کا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز بوقت اذان جمعہ/خطبہ جمعہ میں امسال نوروز سے قبل دعائیں یہ وقت ہر جمعہ کو مستجاب ہے

سے متصادم ہوسکتے ہیں۔ حاسدین سے قانونی جنگ کا بھی اندیشہ ہے۔ 3 دسمبر مریخ نیپچون تسدیس حوصلہ مندی اور حل المشکلات ہوسکیں گی۔ ایسے میں سینئر افراد مخلصین سے مشاورت ضرور لیں۔ 3 دسمبر مریخ یورانس تربیع آپکو ناگہانی مالی اخراجات یا نقصانات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ تخمین بازی یا کسی لالچی کے کام میں ہرگز سرمایہ کاری نہ کریں۔ ٹریفک میں بھی گاڑی چلاتے وقت محتاط رہیں۔ 8 دسمبر تا 16 جنوری 2011 آپکا حاکم مریخ تیسرے اپنے شرفی برج میں رہیگا۔ آپکی حاضر دماغی اور انتظامی صلاحیتوں میں اضافہ یہ نہایت سعد وقت ہوگا کہ آپ آئندہ سال 2011 کی ابھی سے پلاننگ شروع کریں کیونکہ ساڑھ ستی کے اثرات سامنے آنے شروع ہوجائیں گے۔ 14 دسمبر مریخ پلوٹو آپکے خیالات میں تبدیلیاں لائیگا۔ جذباتی پن سے بچیں۔ 29 دسمبر مریخ زحل تربیع بننے سے خاندانی مشکلات مسائل سامنے آسکتے ہیں۔ بزرگوں سے مشاورت ضرور لیں۔ سال کے اختتام پر بھی صدقات وخیرات بڑھائیں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے شوقین عقربی افراد 18،8 مارچ، 10 جون، 11،1 جولائی، 21 اکتوبر، 20،5 نومبر، 14 دسمبر کو قسمت آزمائی کریں تو بعید از قیاس نہیں کہ ان کا کوئی بڑا انعام لگ سکے۔

سعد تواریخ: 22,13,12,5 جنوری۔ 23,17,15,6 فروری۔ 30,23,21,18,8,4 مارچ۔ 24,18,6 اپریل۔ 21,19,8,3 مئی۔ 24,15,12 جون۔ 31,13,11,1 جولائی۔ 26,20,8 اگست۔ 19,12,10,4 ستمبر۔ 19,18,4, 29,27,23,24,21 اکتوبر۔ 20,15,9,5,1 نومبر۔ 27,21,14,8,6 دسمبر

نحس تواریخ: 30,27,15,1 جنوری۔ 13,1 فروری۔ 26,22,20,11 مارچ۔ 25,23,5,3 اپریل۔ 24,18,4 مئی۔ 26,25,11,4 جون۔ 30,12 جولائی۔ 21,10,4,3 اگست۔ 26,21 ستمبر۔ 22,5 اکتوبر۔ 29,18,6 نومبر۔ 29,3 دسمبر

☆ حسن برادرز۔ چشتیہ بازار۔ سکردو بلتستان ☆ علی گڑھ بک سٹور۔ اُردو بازار۔ سکھر ☆ اسلام بک ڈپو منگورہ ضلع سوات

Scanned with CamScanner

23 Nov. To 21 Dec.

2010 ف

دن جمعرات
عدد 3
رنگ سبز
پتھر فیروزہ

SAGITTARIUS
قوس
مشتری
حالات وواقعات کی روشنی میں

Imran Khan

خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2010ء (کیرئیر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں۔

آسمانی کونسل 2010ء روحانی انقلابی معاشی سال میں آپکے حاکم مشتری کے علاوہ دوبطی السیر (سست رفتار) ستارے زحل اور یورانس بھی برج تبدیل کرینگے۔اہم ستاروں کی بروجی تبدیلی جبکہ وہ زائچہ کے اوتاد طالع 10,2,4 اور ترفع 9,5 گھروں میں آئیں یا ان سے سعد ونحس نظرات بنائیں تو یقیناً وہ سال تبدیلیوں کا سال ثابت ہوتا ہے۔آپکا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری جسے مرشد کامل یا گرو بھی کہا جاتا ہے۔یہ فطرت کے مطابق بارہ منطقۃ البروج میں جہاں سے گزرتا جاتا ہے اپنی فیاضی کے سبب عطا سے بھی بڑھ کر عطا کرتا ہے۔دنیاوی اور روحانی علوم میں علم نجوم ایک نہایت ہی لطیف ستاروں کی شعاعوں کی بدولت آگاہی دینے والا علم ہے اور غیب کا علم ہرگز نہیں ہے۔ارشاد باری ہے کہ آسمان پر چاند ستارے ہم نے کھیل تماشہ کیلئے نہیں بنائے عقل مند لوگوں کیلئے اس میں نشانیاں ہیں۔جو عقل و دانش استعمال کرے گا وہ یقیناً حکمت اور مستقبل کی آگاہی جان کر اپنے مستقبل کا تحفظ اور اپنے اہل خاندان کا مستقبل درخشاں بنا سکتا ہے۔ 2010 کچھ ایسا ہی حکمت اور دانائی عطا کرنے والا سال آگیا ہے۔ایک تو سال کا مفرد نمبر 3 ہے۔جو آپکے ستارہ مشتری کا لکی نمبر ہے۔دوم مشتری بارہ سال بعد برج حوت (بیت الارض) چوتھے گھر میں 18 جنوری آئندہ ایک سال کیلئے آجائیگا۔اپنی تیز رفتاری کے سبب یہ مختصر عرصہ کیلئے پانچویں گھر بھی جائیگا۔یوں یہ تیسرے، چوتھے، پانچویں سعد گھروں کے منسوبات کو اجاگر کریگا۔آپ کے حاکم مشتری کی سالانہ نشست یوں رہے گی۔یکم جنوری تا 17 جنوری بیت اقرباء تیسرے گھر، 18 جنوری تا 6 جون اور پھر 9 ستمبر تا 31 دسمبر بیت الارض چوتھے گھر، 6 جون تا 9 ستمبر بیت الاولاد پانچویں گھر میں رہیگا۔آپکا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ اپنے حالات ماحول کے مطابق سعادتیں یقیناً پائیں گے۔مشتری تیسرے گھر ہونے سے عزیز واقارب رشتہ داروں سے مراسم خوشگوار رہیں گے۔وراثتی تقسیم جائیداد کے امور حسب منشاء حل ہو سکیں گے۔اندرون ملک کاروباری سیاحتی سفر خوشگوار ثابت ہونگے۔مشتری چوتھے جب اپنے گھر میں ہوگا تو اسکی سعادت سو گنا بڑھ جائیگی۔ویسے بھی یہ اسکا اوتادی گھر ہے۔یہاں بیٹھ کر یہ وتد السماء کیرئیر دسویں کے علاوہ آٹھویں اور بارہویں گھروں کو سعد ناظر ہونے سے آپکی عزت توقیر نیک نامی میں مقبولیت میں اضافہ ذاتی گھر زمین

اللہ کے گھر کی تعمیر میں سات یا بارہ ہزار روپے حسب توفیق حصہ لیکر رسید کے ساتھ لوح اوج مشتری کانسی پر عامل شاہ زنجانی سے تحفتاً (مفت) طلب کریں

جائیداد سواری خریدنے کی دیرینہ آرزو پوری ہو سکے گی۔رہائش تزئین و آرائش بھی ہو سکے گی۔حالات کچھ بھی ہوں آپکی کاروباری ساکھ بڑھے، نئے نئے کاروباری وسائل سے کاروبار میں وسعت آئے گی۔زراعت باغبانی سے تعلق رکھنے والے قوسی افراد بارہ بروج میں سے واحد خوش قسمت ہونگے جنہیں اپنی زراعت کا دوگنا چوگنا نفع اس سال حاصل ہوگا۔انکی بنجر زمین بھی کاشت ہو سکے گی۔حکام اور بااثر شخصیات سے تعلقات اور مفادات کا حصول ہو سکے گا۔والدین سے تعلقات میں خوشگواری اور انکی دعائیں آپکی کامیابی کا ضامن بن جائیں گی۔ملازم پیشہ افراد کی اگر ترقی رکی ہوئی ہے تو انکی ترقی اس سال یقیناً ہو جائیگی۔افسران بالا انکے کام سے مطمئن اور خوش رہیں گے۔مشترکہ مفادات کے شراکتی وراثتی کاموں میں حصہ لینے سے بھی فائدہ ملے گا۔دیرینہ بیمار قوسی افراد کو اچھا معالج ملنے اور ذاتی پرہیز سے صحت کاملہ ہو سکے گی۔ایسے قوسی جو بیرون ملک امیگریشن کے خواہاں ہیں انکو امیگریشن ضرور اپلائی کر دینا چاہیے اور اگر پہلے سے امیگریشن اپلائی کر رکھا ہے تو انہیں امیگریشن مل جائیگا۔خواہاں قوسی حج و عمرہ، زیارات مقدسہ پر جا سکیں گے، وراثت کا حصول اور دشمن زیر ہونگے۔مشتری جب پانچویں ہوگا تب علمی، ادبی، روحانی محافل میں دلچسپیاں بڑھیں گی۔خواہاں طلبہ بیرون ملک اعلیٰ تعلیم کیلئے نہ صرف جا سکیں گے۔بلکہ جانے کے بعد بیرون ملک حصول امیگریشن میں بھی انہیں آسانی ہوگی۔آپکے ذوق وشوق، پسندیدگی، جذبات عشق و محبت اچانک بڑھ جائیں گے۔صاحب اولاد قوسی افراد کو اپنے بچوں کی اعلیٰ تعلیم، کامیابی اور انکے شادی بیاہ کی خوشیاں ملیں گی۔بزرگ قوسی افراد اپنے توشہ آخرت کیلئے کوئی صدقہ جاریہ کے کام انجام دے کر روحانی خوشی اور اطمینان محسوس کرینگے۔ 2010ء میں آپکی روحانی دلچسپیوں، ریاضت، چلہ کشی کا شوق بھی بڑھے نہ صرف بلکہ

☆ سید نیوز ایجنسی دینہ۔ ضلع جہلم ☆ غفار بکسٹال۔ نزد ہائی سکول۔ ڈھرکی ☆ صابری دار الکتب۔ قذافی مارکیٹ اُردو بازار لاہور

لوحِ برج قوس حاکم سیارہ مشتری

یہ لوح ان تمام افراد کے لیے موثر ہے جن کی تاریخ پیدائش 23 نومبر تا 21 دسمبر ہے یا جن افراد کا نام اس حرف (ف) سے شروع ہوتا ہے
اَللّٰھُمَّ یَا اَشْبِرُ اَشْرُوْ اَشْمَخُ اَشْمَا عَا اَشْمِعُوْنَ۔○اَلَّذِیْ ذَلَّتْ الْاَعِزَّۃُ لِعِزَّتِہٖ وَقَھَرَ کُلِّ شَیْءٍ بِقُدْرَتِہٖ وَ سُلْطَانِہٖ وَمُلْکِہٖ۔

ترجمہ: اے وہ ذات جس کے سامنے ہر عزت ہیچ ہے اور ہر چیز پر اس کی قدرت اور بادشاہی کا قہر مسلط ہے۔

یہ کلمہ برج قوس پر کندہ ہے جس کی برکت سے برج قائم ہے اور جو فرشتے اس برج اور آسمان پر ہیں اسی کلمہ سے اللہ تعالیٰ عزوجل کی حمد وثنا کرتے رہتے ہیں۔ جب کوئی فرد ان اسما اور برج کے طلسمات کو اپنے پاس رکھتا ہے تو فرشتے اس کی طرف متوجہ ہو کر اس کا مقصد معلوم کرتے ہیں اگر اس کی خواہش جائز ہے تو وہ سب اس کی حاجت روائی کی دُعا کرتے ہیں۔ اگر اس کی نیت بدی پر ہے تو خاموش ہو کر کہتے ہیں کہ کیسا دلیر بندہ ہے کہ اپنے مالک سے بدی کا طلب گار ہے اور دُعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کی خواہش کو بھلا دے عدم قبول دعا کی یہی وجہ ہے جاہل گمان کرتے ہیں کہ کلام الٰہی میں تاثیر نہیں اللہ تعالیٰ ایسے عقیدہ سے بچائے۔ آمین

یَاشَطْحَ النُّوْرُ اَجِبْ یَارَوْھِیَائِیْلُ۔ اَلَّذِیْ لَا یَخْفٰی عَلَیْہِ مَا فِی الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔ منسوبی اسماء یا کبیر یا متعال جو روزانہ ورد کئے جائیں گے۔

ترجمہ: وہ کہ جس سے مشرق ومغرب میں کچھ بھی پوشیدہ نہیں۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برج قوس سے منسوب ہے۔ اور اس اسم کی برکت سے دوزخ کے ساتوں دروازے مومنین پر بند ہوتے ہیں۔

خواص لوح قوس: برج قوس کی یہ لوح خواتین میں لیکوریا کی بیماری سے شفایابی میں معاون ثابت ہوتی ہے۔ عرق النساء، وجع المفاصل اور حلق کی بیماریوں سے تحفظ بخشتی ہے۔ سیر وسیاحت کرنے والے افراد کے لیے نفع بخش ثابت ہوتی ہے۔ بطور پرائیویٹ سیکرٹری کام کرنے والے افراد اور سیاستدانوں کے لیے اچھی شہرت کی ضامن ہے۔ سوچ میں نئے انداز اور نئے زاویے پیدا کرتی ہے۔ یہ لوح مال ودولت اور خوش بختی کو اس طرح کشش کرتی ہے جیسے مقناطیس لوہے کو۔ اقتصادی بدحالی کو ختم کرتی ہے۔ حصول ملازمت، حصول رشتہ، پیغام نکاح بیرونِ ملک سفر جیسے امور میں خضر راہ ثابت ہوتی ہے۔ جن افراد میں کام کرنے کا جذبہ سرد پڑ جاتا ہے انہیں پُرجوش اور پُرعزم کرتی ہے۔ پبلسٹی کا کام کرنے والے افراد، ماڈلنگ کا کام کرنے والے افراد کے لیے خوش قسمتی لاتی ہے۔

صدقات: گندم، جو، چاول، کچنار، چنے کی دال کپڑا زرد، سرخ شکر وغیرہ

اوقاتِ صدقہ اور لوح پہننے کا وقت: جمعرات کے دن شام کے وقت

منسوبی لوح یہ ہے۔ اس لوح کے سیدھی طرف یا کبیر یا متعال کا نقش مربع سدسی (795-21=774) اور الٹی طرف یاشطح النور کا مربع سدسی (615-21=594) پُر کیا گیا ہے۔ برج قوس اور اس کے حاکم سیارہ مشتری کی منسوبات لوح میں دی گئی ہیں۔ لوح کو مطلوبہ وقت میں تیار کر کے اپنے پاس رکھیں۔ واضح رہے کہ یہ الواح کاغذ کے علاوہ دھات پر ہی ان کے قوی ترین اثرات ہوتے ہیں۔ تحریر کردہ صدقہ کسی غریب مسکین کو دے کر لوح پہن لیں۔ اور روزانہ منسوبی اسمائے باری تعالیٰ کا کثرت سے ورد کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد لوح کے فیوض وبرکات حاصل ہونے لگیں گے۔ یہ الواح دنیا میں پہلی مرتبہ صرف ہم ہی متعارف کرا رہے ہیں۔ کیونکہ تمام الواح عملیاتی قواعد وضوابط کے مطابق تیار کی جاتی ہیں۔ ربع صدی کی تحقیق کے بعد یہ الواح تیار کی گئی ہیں۔ اب تک ہزاروں افراد ان الواح کے فیوض وبرکات سے کامیاب زندگی گزار رہے ہیں۔





آپ کے برج کی لوح سے آپ کو متعارف کرایا جا رہا ہے۔ انشاء اللہ العزیز مستقبل میں یہ الواح آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت بھی حاصل کرینگے۔

آپکو روحانی کامیابیاں بھی حاصل ہوسکیں گی۔ حلقہ احباب میں وسعت اور اچھے دوست ملیں۔ پرانے دوستوں سے پھر سے تجدید مراسم ہوسکیں گے۔ اہل خاندان میں بھی نمایاں مقام اور منفرد حیثیت مل سکے گی۔ پانچویں بارہویں کا حاکم مریخ 16 اکتوبر 2009ء تا 7 جون 2010ء طویل عرصہ شمس زائچہ کے نویں قیام کریگا۔ سفر قیام (امیگریشن) کا اگرچہ آپ نے پہلے کبھی سوچا بھی نہ ہو تو اس سال اچانک ایسا جنون سوار ہوسکتا ہے۔ کاروباری اغراض کے تحت متعدد سفر پیش آئیں۔ البتہ ایام رجعت مریخ 20 دسمبر 2009 تا 10 مارچ 2010 قدرے محتاط رہیں اور غیر ضروری بیرون ملک سفر نہ کریں۔ 23 مئی، 17 اگست مشتری زحل مقابل ماضی کی غلطیوں کو دھرانا دانشمندی نہ ہوگا۔ اپنے ذہن پر دباؤ نہ لیں اور نہ ہی دوسروں سے زیادہ بحث مباحثہ کریں۔ جس سے آپکی شخصیت اثر انداز ہو۔ الغرض قوسی افراد کیلئے وہ سعادتیں جو ابتک احاطہ تحریر میں نہیں آسکیں اور آپ ان سعادتوں کے حصول کے متمنی ہیں وہ بھی مل سکیں گی۔ معدنی نگینہ، زرد عقیق، خواتین سونے، مرد چاندی یا پلاٹینم کی انگشتری میں مڑوا کر پہن لیں تو موبائل سگنل کی طرح آسمانی خوش بختیاں انہیں جلد ڈھونڈ کر آپکا مقدر سنوار دیں گی۔ 2010 کو آپکی نصیب یاوری اور مقدر سنوارنے کا سال بھی کہہ سکتے ہیں۔ دشمن اپنے بدارادے کے تحت آپکا کچھ بگاڑ نہ پائیں گے۔ بلکہ الٹا آپ سے معافی کے خواستگار ہونگے اور آپ انہیں خوشنودی خدا کیلئے معاف بھی کر دیں گے کہ آپکا حاسد حیران ہوئے بغیر نہ رہ سکے گا۔ ادھر نحس اکبر ستارہ زحل شرف یافتہ ہونے اور اپنے پاپوں کا ازالہ کرنے کیلئے 29 اکتوبر 2009 تا 6 اکتوبر 2012 تک بیت الامید میں رہیگا۔ (ماسوائے 7 اپریل تا 21 جولائی جب یہ رجعت یافتہ ہو کر دسویں گھر آئیگا، تب کام قدرے کچھ زیادہ محنت طلب ہو جائینگے۔) 2010 میں ½8 ماہ مسلسل ستارہ زحل کی سعادت آپکو ملے گی۔ یوں کہہ لیں آپکی کئی دیرینہ خواہشات پوری ہوسکیں گی۔ دوستوں کی دوستی نہ صرف کام آئے بلکہ آپ بھی احسان کا بدلہ احسان سے ادا کرسکیں۔ رکی ہوئی زمین جائیداد کی خرید و فروخت حسب منشاء ہونے سے مال و اسباب میں اضافہ ہوسکے گا۔ آپکو یقین آئے یا نہ آئے آپکے کسی صدقہ جاریہ کے عمل سے آپکی زندگی بھی بڑھ سکتی ہے۔ صدقہ جاریہ کے کئی ایک کام آپکے ہاتھ سے ہونگے۔ مخلصین آپ اور آپکے اہلخانہ کو دعاؤں میں یاد رکھیں اور آپ انکے ثمرات بھی جلد پاسکیں گے۔ اکثر قوسی افراد کی انعامی اسکیموں سے انٹرنیشنل لاٹریوں میں حصہ لینے کی آرزو بڑھے گی۔ بعید از قیاس نہیں اس سال انکا کوئی بڑا انعام بھی نکل آئے۔ اپنی پیشہ ورانہ، کاروباری محنت یا پھر دیگر ذرائع سے بھی آپ امیر بن سکتے ہیں۔ تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ، ایجاد و اختراع، عالمی میڈیا، انٹرنیٹ، مطالعہ، باطنی خوش تدبیری سے آپ دنیاوی و روحانی خوشیاں محسوس کرسکیں گے۔ اپنے جاری کاموں میں تواتر و تسلسل قائم رکھنے اور ان سے مفادات کے حصول انتظام بالا اہتمام ذمہ داری خوش اسلوبی سے انجام دے سکیں گے۔ ہر کام میں حسن تدبیر اور بہترین اسلوب کیلئے یقین کامل کیساتھ کوشاں رہنا اور ہر کام حسن تدبیری سے کرنے کی آرزو آپکے اندر زمانہ قیام زحل گیارہویں شرفی برج میزان میں ہونے تک جاری رہے تو حیران نہ ہوں، ستارے اپنے لطیف اثرات اس طرح دیا کرتے ہیں۔ جس طرح گرہنوں کے بداثرات نظر نہیں آتے مگر کبھی اس سے خصوصاً حاملہ خواتین اس سے ڈر رہی ہوتی ہیں۔ ستارہ یورانس ایک برج میں سات سال رہتا ہے۔ ان دنوں یہ آپکے چوتھے سیر کناں ہے۔ امسال یہ برج بدلتے ہوئے 28 مئی تا 14 اگست پانچویں آنے سے غیر متوقع یا اتفاقیہ آپکو انعامی فوائد عطا کرنے کے علاوہ الہام والقاء اعلیٰ تخیل کی روحانی قوت سے بھی فیض پاسکتے ہیں۔ آپکے خواب یا

امسال روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں

Understanding DUA

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ اے ہمارے رب ہمیں آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں عذاب دوزخ سے بچا

ایک تسبیح نماز فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کریں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاہ زنجانی)

الہامی کیفیات سچ کا روپ دھار سکتی ہیں۔ امسال حاصل قوت میں اضافہ کیلئے درود شریف کثرت سے پڑھتے رہیں۔

آسمانی کونسل پر 2010 میں بننے والے نظرات سیارگان اور گرہنوں کی تفصیل عرض ہے کہ آپ اپنے سال کی بہترین پلاننگ کرسکیں۔ یکم جنوری آٹھویں چاند گرہن وراثتی جھگڑے، ہمسائیوں سے تعلقات میں تحفظات البتہ شراکتی کاموں میں بھی محتاط رہیں۔ 15 جنوری خانہ مال میں سورج گرہن لگنے سے اخراجات کے بڑھنے اور اپنے کاروباری معاشی معاملات سے غافل نہ رہیں۔ ایام گرہن دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) کی ادائیگی دعاؤں، صدقات سے نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ 11 فروری تا 7 مارچ زہرہ چوتھے گھر میں اپنے شرفی برج حوت میں رہتے ہوئے 5,4 مارچ عین شرفی درجات سے گزرے گا۔ ادھر ایک اور مشتر کہ سعادت 21 مارچ تا 20 اپریل شمس نویں کا حاکم ہو کر پانچویں شرف یافتہ رہتے ہوئے 9,8 اپریل بھی عین شرفی درجات سے گزرے گا۔ مارچ اپریل یوں سعادت مشتری کے سبب بھی مہینے نیک ثابت ہونگے۔ 17 فروری بیت الارض میں قران سعدین ہوگا۔ زہرہ اوجی و حاکم مشتری سے چوتھے قران کریگا۔ 2010 کی 18,17,16 فروری کی تواریخ حصول خوش بختی نہ صرف بلکہ آپکی زندگی کی کامیاب ترین تواریخ ثابت ہونگی۔ خاندانی خانگی خوشیاں آپکا مقدر ہونگی۔ ان فیوض و برکات لمحات کو جتنا سمیٹنا چاہیں سمیٹ لیں۔ 28 فروری مشتری شمس قران جدید نجوم کے مطابق دلیرانہ صلاحیت میں عملی اقدامات کرنے میں محتاط رہیں۔ کوئی ایسا کام نہ کریں جو آپکی شان کے خلاف ہو 8 مارچ مشتری عطارد قران علم و ہنر ادبی، علمی، تخلیقی صلاحیتوں میں نہ صرف اضافہ بلکہ آپ کوئی علمی کارہائے نمایاں بہ آسانی انجام دے سکتے ہیں طلبہ کیلئے یہ وقت نہایت اہم و نیک ہے۔ 18 اپریل مشتری

زہرہ تسدیس بننے سے آپکی شخصیت کی پسندیدگی، پذیرائی، نامہ محبت، منگنی، شادی جیسے پیغامات مل سکتے ہیں۔ 17 مئی مشتری زہرہ تربیع حاسدین مخالفین کے شر سے محتاط رہیں۔ 18 مئی مشتری شمس تسدیس بزرگوں مخلصین سے حوصلہ مندی ملنے کے علاوہ گذشتہ پیدا شدہ مشکلات دور ہوسکیں گی۔ 26 جون تا 9 ستمبر مشتری پانچویں آکر 23 جولائی سے 18 نومبر رجعت کرتا ہوا 9 ستمبر پھر چوتھے آجائیگا۔ یہ بھی وقت خاندانی کاروباری غیر متوقع اتار چڑھاؤ ہوسکتے ہیں۔ جن کا کچھ مضائقہ نہیں تاہم روزمرہ کاموں سے ہٹ کر اہم کاموں کی تکمیل کی طرف توجہ ضرور رکھیں۔ 8 جون 19 ستمبر مشتری یورانس تسدیس ہونے سے آپ یکسانیت سے ہٹ کر آزادی کے متلاشی ہونگے۔ ایسے میں ضروری ہے کہ آپکا ماحول ہمراہی بہتر ہوں۔ ورنہ آزادی کے نام پر آپ بے راہ روی، روپیہ پیسہ، صحت کو متاثر کرسکتے ہیں۔ 10 جون مشتری عطارد تسدیس بننے سے مخلصین بزرگوں سے اچھی مشاورت مل سکتی ہے۔ اگر آپ ایسا چاہ رہے ہوں تو قیمتی مشاورت کی قدر کرنا بھی سیکھیں۔ 15 جون مشتری زہرہ تثلیث بننے سے بیرون ملک روابط بڑھیں۔ خواہاں قوسی عقد ثانی کرسکیں۔ قانونی کامیابیاں بھی نصیب ہوسکیں گی۔ 26 جون مشتری عطارد تربیع کے علاوہ خانہ مال میں چاند گرہن لگنے سے ناگہانی مالی کاروباری نقصانات، عزیزوں کے صدمات برداشت کرنے پڑیں۔ 11 جولائی مشتری عطارد تثلیث حل المشکلات کیلئے نیک تاہم 12 جولائی آٹھویں سورج گرہن لگنے سے مشترکہ ستارے اور وراثت کے کاموں میں الجھاؤ کا امکان ہے۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) کی ادائیگی دعاؤں صدقات خیرات سے نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ 25 جولائی، 3 اگست سست رفتار ستارے مشتری پلوٹو تربیعات بنیں گی۔ غیر متوقع مشکلات و پریشانیاں آسکتی ہیں۔ ہفتہ قبل تا بعد ان ایام میں کوئی ایسا کام نہ کریں جو آپکی عزت کے منافی ہو۔ اپنی شخصیت اور معاملات کو بیلنس کریں۔ صدقات و خیرات بھی ضرور دیں۔ 26 جولائی مشتری شمس تثلیث بزرگوں مخلصین سے حل المشکلات میں مشاورت لینا نیک رہیگا۔ 10 اگست مشتری زہرہ مقابل ہونے سے اپنے خلاف یار مار قسم کے دوست افراد کی سازشوں سے محتاط رہیں۔ 9 ستمبر مشتری واپس چوتھے گھر میں آجائیگا۔ 21 ستمبر مشتری شمس مقابل ہونے سے دوسروں کے نظریات و خیالات آپ سے متصادم ہونگے۔ اختلاف رائے ہونے پر اپنے جذباتی پن غم و غصہ پر قابو رکھیں۔ 2 اکتوبر مشتری عطارد مقابل ہونے سے غیر ضروری سفر سے اجتناب اور کاروباری معاہدے سوچ سمجھ کر کریں۔ 21 اکتوبر مشتری مریخ تثلیث بننے سے خود اعتمادی بڑھے صحت جسمانی بہتر ہو۔ سیر و تفریح کے پروگرام بنیں۔ گذشتہ پیدا شدہ مشکلات دور کی جاسکیں گی۔ 5 نومبر مشتری عطارد تثلیث آپکی تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ نہ صرف بلکہ آپ علمی تخلیقی کارہائے نمایاں انجام دینے میں کوشاں رہیں گے۔ 16 نومبر مشتری شمس تثلیث با اثر افراد سے ملکر اجتماعی منصوبہ بنائیں جس سے اجتماعی دوسروں اور آپکو بھی صدقہ جاریہ کے طور پر فیض ملتا رہیگا۔ 25 نومبر 22 دسمبر مشتری عطارد تربیعات آپکو یاد دلا رہی ہیں کہ اپنے کاروباری خانگی اور سفر سے متعلقہ اہم کاموں میں محتاط رہیں۔ 29 نومبر مشتری مریخ تربیع سچ بولنے

حصول خیر و برکت کے لیے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش 2010ء

نقش مہر نبوت بمعہ طلسم مشتری نوروز 20 مارچ بروز ہفتہ بوقت 22 بجکر 33 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز بوقت اذان جمعہ، خطبہ جمعہ میں امسال نوروز سے قبل دعائیں یہ وقت ہر جمعہ کو مستجاب ہے

سے دوسرے ناراض، نوبت کورٹ کچہری تک پہنچ سکتی ہے۔ سچ ضرور بولیں مگر بھینس کے آگے بین نہ بجائیں۔ خاموشی یا محتاط رہنے کی پالیسی بہتر ہوگی۔ 17 دسمبر مشتری شمس تربیع بننے سے کم ظرف لوگوں سے بچیں۔ 21 دسمبر طالع کے مقابل چاند گرہن لگنے سے شراکتی ازدواجی تعلقات میں شکوک و شبہات پیدا نہ ہونے دیں۔ 2011ء آپکا حاکم بارہ سال بعد خانہ مال میں آرہا ہے تو ابھی سے طویل المیعاد مستقبل کیلئے معاشی پلاننگ کرنی شروع کردیں۔ انعامی اسکیموں میں دلچسپی لینے والے قوسی افراد 22 جنوری، 17,15 فروری، 23,8 مارچ، 24,18 اپریل، 8 مئی، 15,12 جون، 31 جولائی، 20,8 اگست، 21,4 اکتوبر، 15 نومبر تاریخوں میں قسمت آزمائی کریں تو آپکا نصیب یاوری اور کوئی بڑا انعام لگ سکتا ہے۔

سعد تواریخ: 24,22,13,12,5 جنوری۔ 28,17,15,8,6 فروری۔ 28,21,17,16,14,8,4 مارچ۔ 28,18,6,1 اپریل۔ 19,18,3 مئی۔ 24,20,15,10,8 جون۔ 31,23,13,11,10 جولائی۔ 26, 8 اگست۔ 19,12,10,4 ستمبر۔ 29, 27, 25, 24, 23, 21, 19, 18 اکتوبر۔ 27,19,18,16,15,5 نومبر۔ 21,18,14,11,8,7,3 دسمبر

نحس تواریخ: 30,27,15,1 جنوری۔ 13,1 فروری۔ 26,22,20,18,11,9 مارچ۔ 25,23,5,3 اپریل۔ 24,23,20,17,4 مئی۔ 26,23,9,4 جون۔ 30,26,25,12,9 جولائی۔ 17,10,4,3 اگست۔ 26,21 ستمبر۔ 22,5,2 اکتوبر۔ 29,28,25,6 نومبر۔ 29,22,21,17 دسمبر

☆ سیون بک سٹور۔ گھوٹکی (سندھ) ☆ مشتاق احمد نیاز بک سیلر۔ ڈوگری (لاڑکانہ) ☆ ریلوے بکسٹال۔ لاڑکانہ

Scanned with CamScanner

22 Dec. To 20 Jan.

2010

دن ہفتہ
عدد 8
رنگ خاکی نیلا سیاہ
پتھر سیاہ عقیق، نیلم

CAPRICON

جدی

زحل

حالات وواقعات کی روشنی میں

Hina Rabbani Khar

خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2010ء (کیرئیر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ھی پڑھیں۔

آسمانی کونسل 2010ء روحانی انقلابی معاشی سال میں بارہ منطقة البروج میں یوں معلوم ھوتا ھے کہ قدرت کاملہ نے اس سال تمام سعادتیں آپ ھی کیلئے سمیٹ دی ھیں ۔اس کی مضبوط سادہ سی دلیل یوں ہے کہ آپکا حاکم معلم زمانہ زحل جونظام شمسی میں ایک سرکل 10759.20 دنوں یا 29½ سال میں مکمل کرتے ہوئے ہر 27 سال کے بعد 2½ سال کیلئے اسے آپکے وتد السماء دسویں برج میزان کیرئیر کے گھر میں شرف حاصل ہوتا ہے۔ بھی بدقسمتی کے مارے لوگ آپکے حاکم کو شرف یافتہ ہونے کے انتظار میں رہتے ہیں۔ 2010 تین بطی السیر (سست رفتار ستارے) برج تبدیل کرینگے۔ان میں آپکے حاکم زحل کے علاوہ سعد اکبر ستارہ مشتری آپکے شمس زائچہ کے 4,3,2 گھروں میں استقامت اور رجعت کے سبب یکم تا 18 جنوری بیت المال میں پھر 18 جنوری تا 6 جون اور 9 ستمبر تا 31 دسمبر بیت الاقرباء ذاتی برج حوت میں عروج یافتہ رہیگا۔جبکہ 6 جون تا 9 ستمبر چوتھے بیت الارض میں رہیگا۔مشتری مرشد کامل یا گرو ستارہ وراثت شراکت بیرون ملک سفر، حج وغیرہ، زیارات مقدسہ، خاندانی کاروباری سعادتیں بھرپور انداز سے دے گا۔علاوہ ازیں ستارہ یورانس تیسرے بیت الاقرباء سے چوتھے بیت الارض پر 28 مئی تا 14 اگست رہیگا۔ یہ آپکے روزمرہ رہن سہن، حالات وواقعات، بودوباش میں غیر متوقع تبدیلیاں لاسکتا ہے۔ ذہنی طور سے اس مقصد کیلئے تیار رہیں۔زحل مشتری یورانس کے علاوہ ایک چوتھا ستارہ جو آپکے چوتھے گیارھویں سعد گھروں کا مالک ہے۔اسکا طویل قیام 16 اکتوبر 2009ء تا 7 جون 2010ء بیت الخوف وراثتی گھر میں رہیگا۔جبکہ اس کا عموماً قیام ایک برج میں 57.25 دن کا ہوتا ہے۔ نحس ستارے کا نحس گھر میں قیام آپکو غیر متوقع مالی وراثتی فوائد ایسی دولت جو بغیر محنت کے حاصل ہو کوئی بڑا انعام لگ جانا، از قسم انشورنس، کلیم یا ڈوبی ہوئی رقموں کا اچانک مل جانا، شادی، شراکت سے یا مشترکہ مفادات کے تحت کیے گئے کاموں سے حصول دولت کافی زمانہ اچانک ملنا کسی کرامت سے کم نہ ہوگا۔ایسی دولت چونکہ فضول کاموں میں خرچ ہوسکتی ہے۔لہٰذا اسکو سنبھال کر رکھنا، آپکی دانشمندی پر منحصر ہے۔ 2010 کی ابتداء یکم جنوری پانچ ستاروں شمس، عطارد، زہرہ، ذنب اور پلوٹو کا اجتماع طالع میں ہو

اللہ کے گھر کی تعمیر میں سات یا بارہ ہزار روپے حسبِ توفیق حصہ لیکر رسید کے ساتھ لوح اوج مشتری کانسی پر عامل شاہ زنجانی سے تحفتاً (مفت) طلب کریں

گا۔یوں لگتا ہے کہ سبھی کی نظریں آپ پر مرکوز ہونگی اور آپ سے دوسروں کی توقعات یکدم بڑھ جائیں گی۔اسی دن ساتویں چاند گرہن لگنے سے آپکی بڑھتی ہوئی عزت، مقبولیت کے خلاف لوگ سازشیں کرسکتے ہیں۔نظر بد، جادوٹونہ بھی آپ پر کروادیا جائے تو بعید از قیاس نہ ہوگا۔ 15 جنوری طالع میں سورج اس نحوست کو مزید تقویت دیتا ہے کہ وقتی طور سے ذہنی دباؤ بڑھ سکتا ہے۔انسب ہوگا کہ سال کی ابتداء سے ہی اپنی حیثیت سے بڑھکر صدقات دیں۔ جتنے زیادہ صدقات وخیرات دینگے، اتنی ہی جلدی آپ سے بلائیں دور ہونگی۔ ہر شمسی برج کیلئے اسکے طالع کے حاکم کی اہمیت سب سے زیادہ ہوتی ہے۔آپکا حاکم زحل (نحس اکبر ستارہ) آپ کیلئے ہمیشہ سعد ہے۔اب تو وہ ویسے ہی 2½ سال کیلئے آپکے سب سے زیادہ سعد دسویں کیرئیر کے گھر میں سعادت دینے حالت شرف آگیا ہے۔ اسکی سعادت آپکو موسم بہار کی طرح فیض یاب کریگی۔آپکا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے ہو آپ اسکی سعادت سے فیض یاب ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔آپکے حالات یکسر بدل سکتے ہیں۔آپکا قیام ومقام آپکے تعلقات بھی بدل سکتے ہیں۔ پرانے لوگ آپکی زندگی سے نکل جائیں اور انکی جگہ دوسرے بہتر، سمجھدار، تعلیم یافتہ، ہنرمند لوگ لے لیں گے۔ یہ سارا عمل 29 اکتوبر 2009ء تا 5 اکتوبر 2015 تک ایام شرف زحل تک جاری رہیگا۔دسواں گھر عزت وتکریم، شہرت، پیشہ ورانہ امور سے تعلق رکھتا ہے۔شرف زحل کے سبب سارا سال (ماسوائے 7 اپریل تا 20 جولائی جب زحل رجعت کرتا ہوا نویں گھر رہیگا) بھرپور سعادتوں سے نوازے گا۔امسال آپکو گذشتہ کی گئی محنت کے ثمرات ملیں اور آپ مزید جہد مسلسل اور انتھک محنت کو اپنا شعار بنالیں کیونکہ آپ جان گئے ہیں کہ محنت ہی میں عظمت ہے۔تحمل وبردباری، ثابت قدمی، مستقل مزاجی سے آپ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے میں کوشاں رہیں

☆ گوندل بک ڈپو۔مین بازار علی پور چٹھہ ☆ مون بک ڈپو۔نزد جامع مسجد اکبری۔علی پور چٹھہ ☆ بھائی بھائی بک ڈپو۔علی پور چٹھہ

لوحِ برج جدی حاکم سیارہ زحل

یہ لوح ان تمام افراد کے لیے موثر ہے جن کی تاریخ پیدائش 22 دسمبر تا 20 جنوری ہے یا جن افراد کا نام ان حروف (ز ذ ظ گ ض خ ج) سے شروع ہوتا ہے
اَللّٰھُمَّ یَامَلِیْخُوْثَا اَمْلِیْخَا مَلْخُوْنَ۔ ○ اَلَّذِیْ لَہُ الْقُدْرَۃُ وَالْعِزَّۃُ وَالْمُلْکُ وَالْمَلَکُوْتُ وَالْعَظَمَۃُ وَالْکِبْرِیَاءِ۔

ترجمہ: اے وہ ذات جو طاقت، عزت، ملک، بادشاہی، بزرگی اور عظمت کی مالک ہے۔

یہ کلمہ برج جدی پر کندہ ہے جس کی برکت سے برج قائم ہے اور جو فرشتے اس برج اور آسمان پر ہیں اسی کلمہ سے اللہ تعالیٰ عزوجل کی حمد وثنا کرتے رہتے ہیں۔ جب کوئی فرد ان اسما اور برج کے طلسمات کو اپنے پاس رکھتا ہے تو فرشتے اس کی طرف متوجہ ہو کر اس کا مقصد معلوم کرتے ہیں اگر اس کی خواہش جائز ہے تو وہ سب اس کی حاجت روائی کی دعا کرتے ہیں۔ اگر اس کی نیت بدی پر ہے تو خاموش ہو کر کہتے ہیں کہ کیسا دلیر بندہ ہے کہ اپنے مالک سے بدی کا طلب گار ہے اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کی خواہش کو بھلا دے عدم قبول دعا کی یہی وجہ ہے جاہل گمان کرتے ہیں کہ کلام الٰہی میں تاثیر نہیں اللہ تعالیٰ ایسے عقیدہ سے بچائے۔ آمین

یَاطَیْھُوْجَ اَجِبْ یَادَرْدِقْیَائِیْلُ۔ یَا غَالِبُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ۔ منسوبی اسماء یافتاح یارزاق جو روزانہ ورد کئے جائیں گے۔

ترجمہ: اے ہر چیز پر غلبہ رکھنے والے۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برج جدی سے منسوب ہے۔ اور یہ اسم حضرت میکائیل کے ہاتھوں پر لکھا ہوا ہے۔

خواص لوح جدی: اس لوح کو بروز ہفتہ ساعت زحل میں تیار کیا جاتا ہے جب سورج برج جدی میں داخل ہو۔ یہ لوح جاہ ومرتبہ، کفایت شعاری کی صفات پیدا کرتی ہے۔ طویل العمری اور تحمل وبرداشت کی توفیق پیدا کرتی ہے۔ چونکہ زحل والے لوگ جاہ طلبی کی خواہشات کو چھپاتے ہیں۔ اور بعض اس خواہش سے اس لئے بے اعتنائی برتتے ہیں کہ سب چیزیں فانی ہیں۔ اس لئے وہ لوگ چاہتے ہیں کہ ہم میں جاہ طلبی کے مظاہرہ اور کوشش کرنے کی قوت پیدا ہو۔ اور خواہشات مرتبہ ودولت کی زیادتی ہو۔ تو ان کو برج جدی کی یہ لوح اپنے پاس رکھنا چاہیے۔ وہ لوگ جن کو گھٹنے کی کوئی تکلیف ہو ان کو اس لوح کی برکت سے صحت ملتی ہے۔ اس لوح کو سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھیں۔ یہ لوح ان جدی والوں کے لیے بے حد موثر ہے جن کا برج کسی پیدائشی وقت کے نقص کے باعث فائدہ نہیں دیتا۔ اور اس نقص کے لئے بے حد موثر ہے جو جدی والوں کی خصوصیات اپنے اندر پیدا کرنا چاہے۔ اور جدی والوں کو یہ لوح پاس رکھنے سے وہ تمام کامیابیاں حاصل ہوں گی، جو اس برج کی خصوصیات سے ہوں گی۔ یہ لوح حامل کو تحفظ بھی دے گی اور اس برج کی فطری اور طاقتور قوت سے فائدہ حاصل کرنے کے مواقع بھی فراہم کرے گی۔ اور جدی والے جو زندگی میں ابھی تک کسی مقام تک نہ پہنچ سکے ہوں وہ بھی اس لوح سے فیض حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ لوح ستارہ زحل کی نحوست اور زحل کی ساڑھ ستی کے بداثرات سے حامل کو اس طرح بچاتی ہے جس طرح بارش سے چھتری۔ کاموں میں استحکام اور بقا حاصل ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ مخلوق پر تسلط رہتا ہے۔ لوگوں پر رعب اور دبدبہ حاصل ہونے لگتا ہے۔ ہر قسم کی رکاوٹیں اور بندشیں اس لوح کی برکت سے ختم ہو جاتی ہیں۔ عروج اور ترقی کے اسباب پیدا ہونا شروع ہونے لگتے ہیں۔ پبلک ایڈمنسٹریشن کرنے والے افراد، سیاستدان، گورنمنٹ ملازمین، زراعت سے متعلقہ افراد کے لیے یہ لوح موثر ہے سیاستدانوں کو الیکشنیں کامیابی کے لیے اس لوح کی روحانیت سے ضرور فیض حاصل کرنا چاہیے۔ اس لوح کی برکت سے مخلوق پر تسلط قائم رہتا ہے اور حامل لوح اپنے آپ کو دوسروں سے مختلف اور خوشی کا مالک محسوس کرتا ہے۔

صدقات: دال ماش، ساگ ہر قسم، کنجد سیاہ، ماش سیاہ، روغن سیاہ، نمک سیاہ، لاجورد گل کاسنی اوقات صدقہ اور لوح پہننے کا وقت: ہفتہ کو دوپہر کے وقت

منسوبی لوح یہ ہے۔ اس لوح کے سیدھی طرف یافتاح یارزاق کا نقش مربع سدسی (798=21-819) اور الٹی طرف یاطیھوج کا مربع نصفی (44 نصف کیا 22-8=14) پُر کیا گیا ہے۔ برجدی اور اس کے حاکم سیارہ زحل کی منسوبات لوح میں دی گئی ہیں۔ لوح کو مطلوبہ وقت میں تیار کر کے اپنے پاس رکھیں۔ واضح رہے کہ یہ الواح کاغذ کے علاوہ دھات پر ہی ان کے قوی ترین اثرات ہوتے ہیں۔ تحریر کردہ صدقہ کسی غریب مسکین کو دے کر لوح پہن لیں۔ اور روزانہ منسوبی اسمائے باری تعالیٰ کا کثرت سے ورد کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد لوح کے فیوض وبرکات حاصل ہونے لگیں گے۔ یہ الواح دنیا میں پہلی مرتبہ صرف ہم ہی متعارف کرا رہے ہیں۔ کیونکہ تمام الواح عملیاتی قواعد وضوابط کے مطابق تیار کی جاتی ہیں۔ ربع صدی کی تحقیق کے بعد یہ الواح تیار کی گئی ہیں۔ اب تک ہزاروں افراد ان الواح کے فیوض وبرکات سے کامیاب زندگی گزار رہے ہیں۔

آپ کے برج کی لوح سے آپ کو متعارف کرایا جا رہا ہے۔ انشاء اللہ العزیز مستقبل میں یہ الواح آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت بھی حاصل کرینگے۔

Scanned with CamScanner

گے۔ ایجاد و اختراع، مطالعہ باطن، انصاف پسندی، کفایت شعاری اور ہر کام کو حسن تدبیر سے کرنے اپنے کیریئر (پیشہ ورانہ امور) کو تواتر و تسلسل سے کرتے رہنے کا جذبہ بڑھے۔ آپ اپنے اور اپنے اہل خاندان کے مستقبل کو روشن بنانے کیلئے عمدہ منصوبہ بندی کرسکیں گے۔ گویا شجرکاری یا کاشت کاری کے اصولوں کے مطابق 2011, 2010 اور 2012 میں آپ جو جو نیک منصوبے بنا کر ان پر عمل درآمد کرلیں گے اسکے ثمرات سے نہ صرف خود بلکہ آپکے قریب لوگ اہل خاندان بھی مستفیض ہوسکیں گے۔ زحل مختصر عرصہ کیلئے 7 اپریل تا 21 جولائی نویں آنے سے بیرون ملک کاروباری امور عزیز و اقارب سے تعلقات خصوصاً قانونی امور توجہ طلب ہونگے۔ بسلسلہ روزگار بیرون ملک جانے والے جدوی کوئی غیر قانونی طریقہ باہر جانے کیلئے استعمال نہ کریں ورنہ انہیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ زحل جیسے ہی وتد السماء پر دوبارہ آئیگا اپنے شرفی اثرات کی نوازشات تیز کردے۔ مستقبل کو درخشاں بنانے کا پلان کرنے اور اس پر عملدرآمد کا 2010 بہترین وقت ہوگا۔

2010ء میں آسمانی کونسل میں بننے والی نظرات اور گرہنوں کی تفصیل عرض ہے تاکہ اس سال آپ آنے والے وقت کی بہتر پلاننگ کرسکیں۔ یکم اور 15 جنوری گرہنوں کے ساتھ آپکے حاکم زحل کو وتد السماء پر 13 جنوری رجعت ہوگی۔ جنوری کا مہینہ روزمرہ امور سے ہٹ کر اہم سماجی سیاسی امور کیلئے احتیاط طلب، مخلصین اور بزرگوں سے مشاورت کا مہینہ ہے۔ 22 جنوری زحل زہرہ تثلیث سے نئے نئے کاروباری وسائل ملنے سے آپکی کاروباری ساکھ بہتر اور پیشہ ورانہ مہارت بڑھے گی۔ 24 جنوری تثلیث زحل شمس اگرچہ دوست ستارے نہیں تاہم شرف زحل بہرحال سعادت کا پہلو نمایاں رہیگا۔ مشترکہ مفادات کے کاروبار یا انشورنس پلان لینا، نیک ثابت ہوگا۔ تب سونا کی خرید و فروخت یا پاس رکھنا بھی نیک ہے۔ یکم فروری 21 اگست زحل پلوٹو تربیعات بنیں گی، تب زندگی میں چیلنج پسندانہ کاموں کا ساتھ رہیگا۔ اپنی مستقل مزاجی سے آپ ان چیلنجوں کا نہ صرف مقابلہ کریں گے اور اپنے تحفظات کا پورا پورا خیال کرسکیں گے۔ ستارہ زہرہ آپکے بیت الاولاد اور بیت العزت کا حاکم ہوکر 11 فروری تا 7 مارچ بیت الاقرباء کے گھر شرف یافتہ ہوتے ہوئے 5,4 مارچ شرفی درجات سے گزرے گا۔ ادھر آٹھویں کا حاکم بادشاہ فلک شمس بیت الارض میں 21 مارچ تا 20 اپریل شرف یافتہ رہیگا۔ ان ایام کے تسلسل سے عزیز و اقارب سے تجدید مراسم، خاندانی خانگی مسرتوں میں اضافہ، صاحب اولاد جدوی کو اولاد سے خوشیاں، خواہاں لڑکے لڑکیوں کا رشتہ طے ہوسکے، شادی سے مالی فوائد بھی ملیں۔ تب مشترکہ مالی منصوبوں کی اہمیت بڑھ جائیگی۔ تبدیلی کاروبار یا نئے کاروبار کی ابتداء بھی ان سعد ایام میں کرنی نیک ہے۔ 15 فروری اور 23 مارچ زحل مریخ تسدیس بننے سے بزنس خصوصاً شراکتی بزنس میں وسعت کاروباری شراکتی کنٹرول اور نئے معاہدے کرنا سودمند رہیں گے۔ 9 مارچ زحل زہرہ مقابل ہونے سے حاسدین آپکے خانگی ازدواجی سکھ کے علاوہ بچوں کو بے راہ روی کی طرف مائل کرسکتے ہیں، بعض امور میں احتیاط سے کام لیں۔ 18 مارچ زحل عطارد مقابلہ غیر ضروری سفر، تحریر و تقریر کرتے وقت محتاط رہیں۔ 21 مارچ نوروز عالم افروز کی سعادت سے فیض یاب ہوں۔ 22 مارچ زحل شمس مقابل 29½ سال بعد اس عجیب انداز سے ہوگا کہ دونوں ستارے اپنے اپنے شرفی گھر میں ہونے سے زندگی کے مشکل ترین فیصلے بھی حوصلہ ہمت سے کرسکیں گے۔ ایسے میں بزرگوں، والدین کی دعائیں ضرور لیں 24 اپریل زحل زہرہ تثلیث

اس سال روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں

اَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَ عَذَابِ الْاٰخِرَۃِ ۝ ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے محفوظ رکھ

ایک تسبیح نماز فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاد زنجانی)

آپکے کیریئر، پیشہ ورانہ امور میں بڑھاوا دے گی۔ کاروباری کیے گئے معاہدوں کی پاسداری یقیناً نبھائیں۔ 27 اپریل اور 26 جولائی زحل یورانس مقابل ہونے سے آپکے جاری کاموں کا تسلسل ٹوٹ سکتا ہے۔ حاسدین آپکے مقابل اور آپکی حوصلہ شکنی کرسکتے ہیں۔ ایسے میں اپنے جذباتی پن، غم و غصہ پر قابو رکھیں۔ اپنے کاروباری سلسلوں کے تسلسل کو یکدم تبدیل بھی نہ کریں۔ ٹھہرو مشاورت سے متوقع مشکلات کو دور کیا جاسکے گا۔ 18 مئی زحل زہرہ تربیع قریبی احباب سے شکوک و شبہات کے سبب دوری کا اندیشہ ہے۔ سنجیدہ نوعیت کے امور مشاورت، صبر و تحمل سے حل کریں۔ 19 مئی زحل شمس تثلیث بننے، پیدا شدہ مشکلات پر حتی الامکان قابو پایا جاسکے گا۔ دوسروں سے تعلقات میں بہتری کامیابی کی منازل کی طرف توجہ بڑھے گی۔ 23 مئی 17 اگست زحل مشتری مقابل ہونے سے اپنے نظریات و خیالات کی پختگی پر جدت زمانہ کے سبب نظر ثانی کرلیں۔ حصول مقاصد کیلئے زیادہ ہی محنت کرنی پڑسکتی ہے۔ آپ فطرتاً مستقل مزاج ہیں۔ لہٰذا اپنے مقاصد کے حصول کی جدوجہد جاری رکھیں۔ دوسروں یا اجنبی افراد کو اپنے ذاتی معاملات میں دخل اندازی کا موقعہ ہرگز نہ دیں۔ 30 مئی زحل نویں مستقیم ہونے سے بیرون ملک کاروباری روابط بڑھیں گے۔ 9 جون زحل عطارد تثلیث مشاورت حل المشکلات کیلئے نیک وقت ہوگا۔ 12 جون زحل زہرہ تسدیس پیشہ ورانہ کاروباری عزت ساکھ میں اضافہ، نئے نئے کاروباری معاہدے کرنے ممکن ہوسکیں گے۔ 19 جون زحل شمس تربیع ناقص ثمرات حادثات حاسدین مخالفین کی جانب سے ریشہ دوانیاں نظر بد، جادو ٹونہ جیسے اندیشے نظر آتے ہیں۔ ایسے میں صدقہ و خیرات کے عمل کو بڑھائیں۔ متوقع مسائل، پریشانیوں سے نبٹنے کیلئے کوئی روحانی مشاورت و تدارک میں بھی محتاط رہیں۔ تب ضرورت ہو تو پیر صاحب یا پیڑ صاحب میں تمیز ضرور کرلیں۔ 26 جون طالع میں چاند گرہن ذہنی دباؤ، پریشر، صحت جسمانی کے

☆ پاکستان بک ڈپو۔ لاڑکانہ (سندھ) ☆ عبداللہ بک سٹور لوہا بازار۔ لاڑکانہ ☆ کاٹھیاوار سٹور لوہا بازار۔ لاڑکانہ

Scanned with CamScanner

متاثر ہونے یا کسی ناگہانی پریشانی کا اندیشہ ہے۔ 9 جولائی زحل عطارد تسدیس حل المشکلات بزرگوں مخلصین سے مشاورت کیلئے نیک وقت ہوگا۔ 12 جولائی ساتویں سورج گرہن شراکتی ازدواجی مسائل و پریشانیاں پیش آسکتی ہیں۔ آپکی اور شریک حیات کی صحت جسمانی مشترکہ طور سے متاثر ہوسکتی ہے۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن)، دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) کی ادائیگی دعاؤں، صدقات سے نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ 21 جولائی زحل وتد السماء پر آکر 23 جولائی زحل شمس تسدیس بنے گی۔ آپ پھر سے جواں جذبہ کیساتھ اپنے حالات اور اہل خانہ کے حالات کو بہتر اور مستقبل کو درخشاں بنانے میں کوشاں ہوجائیں گے۔ 31 جولائی زحل مریخ قران کیریئر میں کامیابیوں میں تاخیر، نظر بد، حسد سے بچنے کیلئے صدقات خیرات، روحانی تدارک از بس ضرور کریں۔ 8 اگست زحل زہرہ قران، تب زحل شرف اور زہرہ عروج یافتہ ہوگا۔ یہ اس سال کی مضبوط سعد نظر ہے۔ آپ اپنی محنت کوشش سے کیریئر کی بلندیوں پر پہنچ سکتے ہیں۔ اساتذہ، بزرگوں اور والدین سے شفقت، محبت اور دعائیں مل سکیں گی۔ 28 جولائی تا 3 اکتوبر چھٹے نویں کا حاکم عطارد نویں (بیت السفر) میں شرف یافتہ ہوکر 24 ستمبر عین شرفی درجات سے گزرے گا۔ یہ دن اور مجموعی طور سے یہ سبھی زمانہ نیک رہیگا۔ ماسوائے 21 اگست تا 13 ستمبر جب یہ رجعت (الٹی رفتار) میں ہوگا۔ تب قدرے محتاط فیصلے کریں یہ سبھی عرصہ پیشہ ورانہ ملازمتی امور کیلئے نیک، نئی اعلیٰ ملازمت کے خواہاں خصوصاً بیروزگار جدوی افراد کو روزگار کے مواقع مل سکیں گے۔ حج وعمرہ، زیارات مقدسہ کی سعادت، ذراسی کوشش سے نصیب ہوگی۔ علاوہ ازیں سیر وتفریح سیاحت کے پروگرام بھی بن سکیں گے۔ طلبہ اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے بیرون ملک جاسکیں گے۔ قانونی امور میں بھی کامیابیاں نصیب ہوسکیں گی۔ یکم اکتوبر زحل شمس قران جدید نجوم کے مطابق دوسروں سے محتاط تعلقات سے عزت مراسم قائم رہ سکتے ہیں۔ غیر مستحکم فیصلے بھی نہ کریں۔ 8 اکتوبر زحل عطارد قران آپکا کسی مستحکم آرگنائزیشن سے رابطہ قائم ہوسکتا ہے۔ کاروباری اغراض ومقاصد کیلئے اندرون اور بیرون ملک سفر منفعت بخش ثابت ہونگے۔ اپنے وسائل میں رہ کر بعض پینڈنگ کام یا کاروباری سلسلے دوبارہ بحال وموثر ہوسکیں گے۔ 18 نومبر زحل عطارد تسدیس تخلیقی، علمی، ادبی، انٹرنیٹ پر معلومات عامہ میں اضافہ ہوسکے گا۔ جن سے ذاتی اور اجتماعی مسائل کے حل کرنے کا موقعہ ملے گا۔ 7 دسمبر زحل شمس تسدیس مستقبل کے مضبوط و مستحکم فیصلے کیے جاسکیں گے۔ حصول امیگریشن یا کسی روحانی ریاضت جیسے اہم غیر متوقع فیصلے کا بھی امکان ہے۔ 29 دسمبر زحل مریخ تربیع تب بنے گی جب دونوں کو اب اپنے اپنے شرفی برج میں ہونگے۔ آسمانی افواج کے کمانڈر انچیف مریخ جو آپکے چوتھے اور گیارہویں گھر کا حاکم ہے اور آپکے طالع برج جدی میں اسے شرف کی اعلیٰ قوت ملتی ہے۔ ادھر آپکا حاکم زحل برج میزان وتد السماء پر شرف یافتہ دونوں ستاروں کی یہ نحس نظر کسی بڑے نقصان، بیماری، بااثر حکام یا افسران بالا کی اچانک آمد آپ سے ناراضگی، ٹرانسفر، تبدیلی، تنزلی کا باعث بن سکتی ہے۔ آپ کسی چیلنج میں آئے بغیر جذباتی پن، غم وغصہ میں پڑے بغیر خاموشی اختیار کریں اور سکون سے اپنے مسائل حل ہونے کی طرف توجہ دیں۔ ممکن ہے کہ جس تبدیلی کو آپ اچھا خیال نہ کریں، آگے جاکر آپ کیلئے خوش بختی کا باعث بن جائے۔

حصول خیر و برکت کے لیے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش 2010ء

نقش مہر نبوت بمعہ طلسم مشتری نوروز 20 مارچ بروز ہفتہ بوقت 22 بجکر 33 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم بإسعادت مولا مشکل کشا کا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز بوقت اذان جمعہ/خطبہ جمعہ میں اسال نوروز سے قبل دعائیں یہ وقت ہر جمعہ کو مستجاب ہے

2010ء آپکی زندگی کا کامیاب بہترین سال تاہم حاسدین بھی کے ہوسکتے ہیں۔ آپکی بڑھتی ہوئی عزت مقبولیت ساکھ سے متاثر ہوکر جولوگ آپ سے ٹکرلیں گے، وہ اپنے بد ارادے میں ہرگز ہرگز کامیاب نہ ہوسکیں گے۔ تاہم عزت ملے تو سجدہ شکر بھی بجالائیں اور صدقات وخیرات اس سال پھر عرض ہے کہ اپنی حیثیت سے بڑھ کردیں۔ 2012-2011 میں بھی آپکا حاکم زحل شرف یافتہ لہٰذا آنے والے سال بھی آپکی کامیابی کی کچھ مزید نوید لے کر آئیں گے۔ آئندہ سالوں کی تعمیر وترقی کی پلاننگ ابھی سے کرلیں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے کے خواہشمند جدی حضرات 22 جنوری، 15 فروری، 23,8 مارچ، 24 اپریل، 8 مئی، 12 جون، 31 جولائی، 20,8 اگست، 4 اکتوبر، 15 نومبر کو قسمت آزمائی کریں تو بعید از قیاس نہیں کہ ان کو کوئی بڑا انعام ہاتھ لگ جائے۔

سعد تواریخ: 24,22,13,12,5 جنوری۔ 28,27,17,15,13,8,6 فروری۔ 30,23,21,17,14,8,4 مارچ۔ 24,18,6,1 اپریل۔ 21,19,8,3 مئی۔ 28,20,15,14,12,10,9,8 جون۔ 23,13,11,10,9 جولائی۔ 26,20,8 اگست۔ 19,12,10,4,3 ستمبر۔ 25,24,21,18,8,1 اکتوبر۔ 19,18,15,7,5 نومبر۔ 14,11,8,7,6,3,1 دسمبر

نحس تواریخ: 30,27,15,1 جنوری۔ 1 فروری۔ 26,22,20,18,16,11,9 مارچ۔ 25,23,5,3 اپریل۔ 24,23,20,18,17,4 مئی۔ 26,25,24,22,19 جون۔ 30,25,12 جولائی۔ 21,17,10,7 اگست۔ 26,21 ستمبر۔ 22,5,2 اکتوبر۔ 29,28,25,6 نومبر۔ 29,22,21,18,3 دسمبر

محمد علی نیوز ایجنٹ۔لودھراں ☆ انعام نیوز ایجنسی لورالائی ☆ محمد بشیر نیوز ایجنٹ۔فتح پور

Scanned with CamScanner

2010 س ق ث س

دن	ہفتہ
عدد	4
رنگ	نیلا
پتھر	لاجورد، نیلم

AQUARIUS

دلو
یورانس

حالات وواقعات کی روشنی میں

Ch. Shujaat Hussain

خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2010ء (کیرئیر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں۔

آسمانی کونسل پر 2010 روحانی انقلابی معاشی سال آپکے لیے یکے بعد دیگرے خوش بختیاں لیکر آرہا ہے۔ **آپکا ستارہ زحل 27 سال بعد 29 اکتوبر 2009 تا 5 اکتوبر 2012 نویں (بیت السفر) میں شرف یافتہ رہتے ہوئے آپکا نصیب سنوار دیگا** ۔زحل کا ایک سرکل 10759.20 دنوں یعنی ½29 سال پر محیط ہے۔امسال بیت المال بیت الاعداء کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری جس کا سرکل نظام شمسی میں 4332.59 دنوں کا ہے۔یہ بھی بیت المال اپنے گھر میں عروج یافتہ ہونے کیلئے سال بھر کیلئے آجائیگا۔جبکہ گذشتہ سال سے مشتری آپکے طالع میں ہے۔اپنی تیز رفتاری کے سبب یہ طالع دوسرے بلکہ تیسرے گھر بیت الاقرباء تک اپنی سعادت بخش کرنوں سے نوازے گا۔اسکے علاوہ اتفاقیہ تبدیلیاں لانے والا ستارہ یورانس بھی دوسرے سے تیسرے گھر مختصر عرصہ کیلئے آئیگا۔تین بطی السیر ستارے (زحل مشتری یورانس) آپکی روزمرہ زندگی حالات وماحول میں زبردست سعادت تبدیلیاں لانے کے منتظر ہیں۔اس سے قبل کہ آپ خوش بختی کی نوید جان کر کہیں غافل نہ ہوجائیں۔ کچھ اور نحس فلکی اثرات آسمانی کونسل پر شمسی زائچہ میں سال کی ابتداء میں بننے والے ستاروں کا نقشہ بھی جان لیں یکم جنوری بیت الاعداء بارہویں خفیہ دشمنوں کے گھر میں پانچ کواکب شمس، عطارد، زہرہ، ذنب اور پلوٹو جبکہ طالع کے مقابل نحس اصغر ستارہ مریخ 16 اکتوبر 2002ء تا 7 جون 2010ء نصف سال رہ کر طالع دوسرے اور دسویں گھر کو نحس ناظر رہیگا۔ستاروں کی نشست بتاتی ہے کہ حاسدین مخالفین ظاہراً اور خفیہ طور سے آپکے خلاف سازشیں کر کے آپکی عزت ساکھ کاروبار مال واسباب کو نقصان پہنچانے کے درپے ہونگے۔اس سے قبل کہ وہ نقصان پہنچائیں، قدرت کاملہ آسمانی کونسل میں جنوری میں بننے والے گرہنوں کے بداثرات آپکے ان ہردو دشمنوں پر پڑیں گے۔یکم جنوری بیت الرض چھٹے ظاہری دشمنوں کے گھر میں چاند گرہن ہونے سے آپکے دشمنوں کو منہ کی کھانی پڑے گی۔اس سے قبل کہ وہ آپ کے خلاف کوئی سازش کریں وہ خود ہی کسی مصیبت میں گرفتار ہوجائیں گے۔ادھر 15 جنوری بیت الاعداء بارہویں خفیہ دشمنوں کے گھر میں سورج گرہن لگے گا۔وہ کمینے دشمن جو آپکو ہر طرح سے نقصان پہنچانے کی تاک لگائے بیٹھے ہیں۔گرہن کے نتیجہ میں از خود ہی کسی ناگہانی مصیبت کا شکار ہوجائیں

اللہ کے گھر کی تعمیر میں سات یا بارہ ہزار روپے حسبِ توفیق حصہ لیکر رسید کے ساتھ لوح اوج مشتری کانسی پر عامل شاہ زنجانی سے تحفتاً (مفت) طلب کریں

گے۔آپکو بدنی، روحانی، جسمانی امراض، نظر بد، جادوٹونہ سے بھی نجات ملے گی۔ ممکنہ لیے گئے قرض کی بھی ادائیگی ہوسکے گی۔ یوں گرہنوں کے بداثرات ہمیشہ اپنی نحس شعاعوں سے نحوست ہی پہنچاتے ہیں۔اس مرتبہ حکمت الٰہی سے یہ تمام نحوست آپکے معلوم نامعلوم دشمنوں پر پڑیگی۔آپ حیران ہونگے کہ سنت موسیٰ کیطرح آپ اس زمانہ کے فرعونوں سے بہ آسانی کیسے بچ گئے۔ حیران ہونا چھوڑ دیں، شکر خداوندی بجالائیں۔ کہ وہ حکمت سے آپکو کیسے بچاتا ہے صدقات وخیرات اس ماہ جی کھول کر کریں، بے شک صدقہ ہی ردِ بلا ہوتا ہے۔ایام گرہن میں دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن)، دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) کی ادائیگی دعاؤں سے مزید ناگہانی نحوست سے بچنے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔آپکا حاکم زحل جسے سبھی نحس اکبر ستارہ کہتے ہیں۔ (مگر یہ ہمیشہ آپ کیلئے حاکم ستارہ ہونے کے سبب سعد رہتا ہے) جب یہ شرفی برج میزان میں بھی داخل ہوتا ہے تو شمسی زائچہ کے اعتبار سے بارہ منطقۃ البروج سبھی کیلئے اپنی بروجی نشست کے اعتبار سے سعد ہوجاتا ہے۔ 27 سال بعد اسکی حاصل شدہ آسمانی سعادت کے حصول کیلئے ایک عالم منتظر اور بے چین رہتا ہے۔ منجمین عاملین کاملین آپکے حاکم ستارے زحل کے شرف میں آنے کا بے چینی سے انتظار کرتے ہیں اور اب انتظار کی گھڑی ختم ہوئی کہ زحل شرف یافتہ برج میزان میں آچکا ہے اور برج جدی اور آپکے برج دلو کا حاکم ستارہ ہے۔ جبکہ آپکا ایک اور ذیلی حاکم ستارہ یورانس بھی ہے۔ جسکی دریافت کو ابھی نصف صدی بھی نہیں ہوئی۔ ہنوز ماہرین علم نجوم اس کے زیادہ اثرات جاننے کیلئے اب بھی کوشاں ہیں۔ستارہ زحل 2010 میں نویں میں رہتے ہوئے 13 جنوری رجعت کرتے ہوئے 7 اپریل آٹھویں گھر آجائے۔ یہاں آکر 30 مئی مستقیم ہوکر 21 جولائی پھر اپنے شرفی برج میزان میں آجائیگا۔شرف زحل کے امسال سعد ایام یکم جنوری تا 7 اپریل اور 21

☆ صدیقیہ کتاب گھر۔ ارفع مسجد مارکیٹ۔ کوٹ ادو ☆ ملت کتاب گھر۔ کوٹ ادو ☆ غفاریہ بک سٹال۔ کوٹ ادو

Scanned with CamScanner

لوحِ برج دلو حاکم سیارہ زحل

یہ لوح ان تمام افراد کے لیے موثر ہے جن کی تاریخ پیدائش: 21 رجنوری تا 19 رفروری یا جن افراد کا نام ان حروف (س، ش، ص، ث) سے شروع ہوتا ہے

اَللّٰھُمَّ یَاعَلَّامُ اَرْعِلُ اَرْعَا اَرْعِیْ یَزْنُوْنَ۔○اَلَّذِیْ ھُوَالْعَالِمُ بِکُلِّ شَیْءٍ کَانَ اَوْ یَکُوْنُ اَلَّذِیْ لَایَغِیْبُ عَلَیْہِ الْغُیُوْبُ۔

ترجمہ: اے وہ ذات جو ہر چیز کو جاننے والی ہے اور وہ ذات ہر مخفی چیز کو جاننے والی ہے۔

یہ کلمہ برج دلو پر کندہ ہے جس کی برکت سے برج قائم ہے اور جو فرشتے اس برج اور آسمان پر ہیں اسی کلمہ سے اللہ تعالیٰ عزوجل کی حمد وثنا کرتے رہتے ہیں۔ جب کوئی فردان اسماء اور برج کے طلسمات کو اپنے پاس رکھتا ہے تو فرشتے اس کی طرف متوجہ ہو کر اس کا مقصد معلوم کرتے ہیں اگر اس کی خواہش جائز ہے تو وہ سب اس کی حاجت روائی کی دُعا کرتے ہیں اگر اس کی نیت بدی پر ہے تو خاموش ہو کر کہتے ہیں کہ کیسا دلیر بندہ ہے کہ اپنے مالک سے بدی کا طلب گار ہے اور دُعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کی خواہش کو بھلا دے عدم قبول دعا کی یہی وجہ ہے جاہل گمان کرتے ہیں کہ کلام الٰہی میں تاثیر نہیں اللہ تعالیٰ ایسے عقیدہ سے بچائے۔ آمین

یَامُوْمَتَکِیْفَا اَجِبْ یَا اَطْفَانِیْلُ۔ اَلَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَالسَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ۔ منسوبی اسماء یافتاح یارزاق جو روزانہ ورد کیے جائیں گے۔

ترجمہ: وہ کہ اس جیسا کوئی نہیں اور وہ سنتا اور دیکھتا ہے۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برج دلو سے منسوب ہے۔ اور حضرت یعقوب علیہ السلام نے اسی اسم کو پڑھا جس کی برکت سے ان کی آنکھیں روشن ہوئیں اور حضرت یوسف علیہ السلام بھی ان سے آن ملے۔

خواص لوح دلو: جس شخص کے پاس برج دلو کی یہ لوح ہوگی وہ دیو، پری، بھوت پریت، آسیب، جنات اور سحر جادو، ٹونہ وغیرہ تمام آفات ارضی وسماوی سے حفاظت میں رہے گا۔ اگر گھر، مکان، دکان، دفتر، کارخانہ وغیرہ میں لگائیں تو وہ جگہیں محفوظ رہیں۔ برج دلو والوں کے لئے یہ لوح خوش بختی لانے کا سبب بنتی ہے۔ جو لوگ اس لوح کو اپنے پاس رکھیں گے اُن میں آرٹ، اخلاق، تواضع، استقلال پیدا ہوگا۔ یعنی مزاج میں توازن اور بہتری پیدا کرے گی جو ان کے کاموں میں کامیابی کا باعث بنے گی۔ اور اس طرح حاملین لوح دوسروں کے فریب اور حسد سے محفوظ رہیں گے۔ اطلاعات ونشریات کے شعبہ سے منسلک افراد، پبلشرز، الیکٹرونک میڈیا، ریڈیو اور ٹیلی وژن سے متعلقہ افراد، سوشل ویلفیئر اور ٹیکنیکل اداروں میں کام کرنے والے تمام افراد بھی اس لوح کی برکت سے ناموری حاصل کر سکتے ہیں۔ ایسے لوگ جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو۔ یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام وبقا رہے۔ وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں یا فرمیں ہیں۔ جن کے ماتحت بہت سے ملازمین کام کرتے ہوں وہ چاہیں کہ ماتحت حکم سے روگردانی نہ کریں اور اُن پر غلبہ رہے تو یہ لوح اپنے پاس رکھیں۔

صدقات: دال ماش، ساگ ہر قسم، کنجد سیاہ، ماش سیاہ، روغن سیاہ، نمک سیاہ، لاجوردگل کاسنی۔

اوقات صدقہ اور لوح پہننے کا وقت: ہفتہ کو دوپہر کے وقت

منسوبی لوح یہ ھے۔ اس لوح کے سیدھی طرف یافتاح یارزاق کا نقش مربع سدسی (819-21=798) اور الٹی طرف یاموتکیفا کا مربع نصفی (608 نصف کیا 304-8=296) پُر کیا گیا ہے۔ برج دلو اور اس کے حاکم سیارہ زحل کی منسوبات لوح میں دی گئی ہیں۔ لوح کو مطلوبہ وقت میں تیار کر کے اپنے پاس رکھیں۔ واضح رہے کہ یہ الواح کاغذ کے علاوہ دھات پر بھی ان کے قوی ترین اثرات ہوتے ہیں۔ تحریر کردہ صدقہ کسی غریب مسکین کو دے کر لوح پہن لیں۔ اور روزانہ منسوبی اسمائے باری تعالیٰ کا کثرت سے ورد کریں۔ انشاءاللہ بہت جلد لوح کے فیوض وبرکات حاصل ہونے لگیں گے۔ یہ الواح دنیا میں پہلی مرتبہ صرف ہم ہی متعارف کرا رہے ہیں۔ کیونکہ تمام الواح عملیاتی قواعد وضوابط کے مطابق تیار کی جاتی ہیں۔ ربع صدی کی تحقیق کے بعد یہ الواح تیار کی گئی ہیں۔ اب تک ہزاروں افراد ان الواح کے فیوض وبرکات سے کامیاب زندگی گزار رہے ہیں۔





آپ کے برج کی لوح سے آپ کو متعارف کرایا جا رہا ہے۔ انشاءاللہ العزیز مستقبل میں یہ الواح آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت بھی حاصل کرینگے۔

جولائی تا 31 دسمبر ہونگے۔ زحل وہ ستارہ ہے جس سے لوگ خوف زدہ، خصوصاً جب یہ 7½ سالہ نحوست ساڑھ ستی کے اثرات دیتا ہے تو عرش سے فرش پر لے آتا ہے۔ علم نجوم کے قدر دان اس لطیف آگاہی دینے والے علم سے نہ صرف اپنی ساڑھ ستی جان لیتے ہیں بلکہ اس کے تدارک سے اسکی نحوست سے محفوظ بھی ہو جاتے ہیں۔ اب تو زحل شرف یافتہ ہے۔ ماسوائے ان بروج کی جنکی ساڑھ ستی چل رہی ہے۔ یہ خوشی اور مسرت کا پیغام لیکر طلوع ہوا ہے۔ زحل کی اصلاح نجوم میں خادم فلک اور میں اسے معلم زمانہ کہتا ہوں، جس طرح طالبعلم کو استاد سے مار پڑتی ہے تب وہ افسردہ لیکن شعور میں استاد کی مار سے دیے ہوئے سبق سے ممکنہ غلطیوں سے بچت کی خضرِ راہ بھی زحل ہی دکھاتا ہے۔ زحل اپنے شرفی گھر قیام کے دوران آپکو اعلیٰ مرتبہ کا حصول فلسفیانہ نقطہ طلبہ بھی اعلیٰ تعلیمی قابلیت پا سکیں گے۔ آپکی کاروباری خصوصاً بیرون ملک امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ کی طرز تجارت میں جدت اپنے ماضی کے پینڈنگ کاموں کی انجام دہی حال میں بہتر اسلوب مشاورت دعاؤں سے امسال آپکو غیر معمولی کامیابیاں ملیں گی۔ مطالعہ باطنی، روشن ضمیری، روحانیت میں اضافہ علوم مخفیہ میں آپکی دلچسپیاں اچانک بڑھ جائیں گی۔ کسی مرشد کامل یا پھر بزرگ روحانی سے فیض ملے گا۔ انصاف پسندی سے پنچائتی یا پھر قانونی فیصلے بھی آپکے حق میں ہونگے۔ انفرادی کاموں سے ہٹ کر آپ اجتماعی کاموں کی طرف بھی مشغول رہیں، تحمل و بردباری، مستقل مزاجی سے آپ اہل خاندان کی فلاح و بہبود کا کوئی منصوبہ پایۂ تکمیل تک پہنچائیں گے۔ اس سے آپکا نام زندہ جاوید اور صدقہ جاریہ کے طور سے یاد رکھا جائیگا۔ جن دنوں زحل آٹھویں آئیگا، وراثتی، اشتراک عمل سے متعلق مالی فوائد ایسا شادی کرنے سے بھی ممکن ہے۔ انعامی فوائد بغیر محنت کے دولت، انشورنس کلیم یا ڈوبی ہوئی رقوموں کی وصولی ہو سکے گی۔ ادھر ستارہ مشتری شروع سال میں طالع ہونے سے آپکو تحفظ خود اعتمادی کی عمدہ خصوصیات عطا کرے، تاہم 18 جنوری تا 6 جون اور پھر 9 ستمبر تا 31 دسمبر یہ خانہ مال میں بارہ سال بعد آنے سے آپکے کاروبار کو چار چاند لگا دیگا۔ ذرائع آمدن میں غیر متوقع اضافہ ہو تو حیران نہ ہوں ستارہ مشتری مذہب قانون کے علاوہ دولت پر کلی طور سے حاکم ستارہ ہے۔ اب تو یہ آپکے خانہ مال میں آیا ہے نہ صرف بلکہ یہاں ذاتی برج حوت کا ہو کر عروج یافتہ ہونے کے سبب اپنی سعادتوں کو کئی گنا بڑھا دیگا۔ طویل المیعاد معاشی پلاننگ از قسم انشورنس پلان، بچت اسکیموں میں سرمایہ کاری کے علاوہ زمین جائیداد میں ٹھوس سرمایہ کاری کرنا بھی نیک رہیگا۔ ستارہ مشتری آپکو کامیاب زندگی گزارنے کے ڈھنگ سے آشنا کرانے کیساتھ دولت کے صحیح استعمال سے بھی آگاہ کریگا۔ خاندان میں وسعت اور اضافہ خوشی کا سبب بنے گا۔ مشتری کی سعد نظرات چھٹے آٹھویں اور دسویں میں آنے سے ملازمت سے تعلق رکھنے والے دلوی اس سال ترقی، مراعات، حسب منشاء ٹرانسفر ہونیکے علاوہ ایسے بونس یا انعامی فوائد بھی پا سکتے ہیں جنکا انہوں نے پہلے کبھی سوچا بھی نہ ہو۔ مشتری 6 جون تا 9 ستمبر تیسرے آنے سے عزیز و اقارب سے خوشگوار تجدید مراسم اندرون ملک تفریحی پروگرام بیرون ملک کاروباری تجارتی سفر، روحانی ریاضت، چلہ کشی میں شوق اور کامیابی کے مراحل کسی استاد کی راہنمائی سے مل سکیں گے۔ سیارہ یورانس سارا سال خانہ مال ماسوائے 28 مئی تا 14 اگست تیسرے رہیگا۔ غیر متوقع مالی فوائد کے اتفاقات یا خوشگوار سفر نصیب ہونگے، جو ہمیشہ یادگار رہیں۔ ستارہ مریخ بیت الزوج ساتویں گھر یکم جنوری تا 6 جون رہتے ہوئے شراکتی خانگی ازدواجی مسائل و پریشانیاں لا سکتا ہے۔ خصوصاً 20 دسمبر 2009 تا 10 مارچ 2010 جب یہ رجعت (الٹا چلنا) یافتہ ہوگا، تب زیادہ سخت احتیاط کی ضرورت ہوگی۔ خواہاں لڑکے لڑکیوں کے 6 جون تک رشتوں میں یہ رکاوٹ پیدا کراتا رہیگا۔ اندیشہ ہے

امسال روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں

Understanding DUA

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۝ نہیں ہے کوئی حرکت وقت کروہی جو بلند و برتر خدا سے ملتی ہے

ایک تسبیح نمازِ فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاہ زنجانی)

کہ طے شدہ رشتہ بھی ختم ہو جائے۔ زوجین کو اپنے مابین شکوک و شبہات سے بچنا چاہیے اور دوسروں کو اپنے نجی معاملہ میں مداخلت کا موقعہ بھی نہیں دینا چاہیے۔ نحوستوں سے بچنے کیلئے صدقات و خیرات خصوصاً منگل کے دن قربانی کے فلسفہ کو سمجھ کر صدقہ گوشت حسب توفیق دینے سے متوقع نحوستوں سے بچ سکتے ہیں۔

آسمانی کونسل میں 2010 میں بننے والی نظرات سیارگان گرہن کی تفصیل عرض ہے تاکہ اس کی روشنی میں اپنے اس سال کو مزید بہتر بنا سکیں۔ 22 جنوری آپکا حاکم زحل زہرہ تثلیث بننے سے جذباتی ہیجانی رجحانات پیدا ہوں تو محتاط رہیں۔ کیریئر، کاروبار میں تیزی آئیگی۔ 24 جنوری زحل شمس تثلیث مشترکہ مفادات کے کام نئے کاروباری معاہدے عمل میں آئیں گے۔ صحت جسمانی بھی بہتر ہو سکے گی۔ 11 فروری تا 7 مارچ چوتھے نویں کا حاکم زہرہ خانہ مال میں شرف یافتہ ہو کر 4,5 مارچ عین شرفی درجات سے گزرے گا۔ ذرائع آمدن میں اضافہ اہل خاندان کیساتھ خوشگوار تعلقات، تجدید مراسم، بیرون ملک سیاحتی سفر پیش آیا تو نہایت مفید سفر ثابت ہوگا۔ اس تسلسل میں ساتویں کا حاکم شمس تیسرے 21 مارچ تا 20 اپریل شرف یافتہ رہتے ہوئے 9,10 اپریل عین شرفی درجات سے گزرے گا۔ جدید علوم خصوصاً سائنسی علوم، علمی ادبی سرگرمیاں اچانک بڑھیں عزیز و اقارب، پڑوسیوں، تقریبات میں مسلسل وقت گزرے گا۔ یکم فروری 21 اگست زحل پلوٹو تربیع بننے سے چیلنج پسندانہ کاموں میں نہ پڑیں دوسرے اپنی بڑھائی اپنی زبان سے کرتے ہیں تو انہیں کرنے دیں اپنے کاموں پر توجہ دیں اور انہیں خاموشی سے جاری رکھیں۔ 13 فروری زحل عطارد تثلیث سنجیدہ اور تخلیقی عملی کاموں میں رجحانات بڑھیں۔ 15 فروری اور 23 مارچ زحل مریخ تسدیس بننے سے اپنے مسائل کو اپنے وسائل کے اندر رہ کر حل کریں۔ مخلصین سے مشاورت ضرور لیں۔ 9 مارچ زحل مریخ مقابلہ جذباتی فیصلوں سے اعتراض کریں، ناپسندیدہ افراد سے دور رہیں۔ 18 مارچ زحل عطارد مقابل تحریر و تقریر معاہدے کرتے ہوئے محتاط رہیں۔ 22 مارچ زحل شمس مقابلہ غیر متوقع مشکلات کو دانشمندی سے

☆ صدیقیہ کتاب گھر۔ ارفع مسجد مارکیٹ ☆ شاہین بکسٹال ڈنگہ ضلع گجرات ☆ اجمل نیوز ایجنسی۔ کوٹ ادو

کنٹرول کریں۔ 24 اپریل زحل زہرہ تثلیث بننے سے پیشہ ورانہ عزت کیریئر میں اضافہ آپکی کاروباری ساکھ بڑھے گی۔ کاروباری وسعت بہتری کیلئے مثبت اقدامات مخلصین سینئر افراد کی مشاورت سے کیے جاسکیں گے۔ 27 اپریل اور 26 جولائی زحل یورانس مقابلہ بننے کے ان ایام سے ہفتہ قبل تا بعد اپنے جاری روزمرہ یا کاروباری ملازمتی فرائض کی انجام دہی پر نظر ثانی کریں۔ خود احتسابی سے اپنے نقائص خود نکالیں، ایسا نہ ہو کہ حاسدین آپکی کوئی کمزوری ہاتھ آنے پر آپکو بلیک میل نہ کرنا شروع کردیں۔ ضروری ہو تو اپنی جگہ سے ہجرت یا کاروبار میں وہ مناسب تبدیلیاں کریں جن پر آپ بغور مشاورت کرچکے ہوں۔ 18 مئی زحل شمس زہرہ تربیع جذباتی رومانوی شکوک وشبہات اختلاف رائے سے بچیں۔ 19 مئی زحل زہرہ تثلیث بننے سے خانگی کاروباری شراکتی فیصلے باہم رضامندی سے کریں۔ 23 مئی اور 17 اگست زحل مشتری مقابل تب آپکو ماضی کے تجربات کی روشنی میں نئے تجربات اور کوئی ایسا فیصلہ نہیں کرنا چاہیے جو مستقبل میں آپ کیلئے مشکلات لائے، دوسروں کو اپنی نجی زندگی میں دخل اندازی کا موقعہ بھی نہ دیں، ورنہ انکی بے جا مداخلت کے باعث خواہ مخواہ کی پریشانیوں سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ 30 مئی زحل مستقیم ہوگا، 9 جون زحل عطارد تثلیث بننے سے حل المشکلات کی جاسکیں گی۔ 12 جون زحل زہرہ تسدیس بننے سے بزنس میں وسعت آپکی عزت ساکھ میں اضافہ ہوگا۔ 19 جون زحل شمس تربیع بننے سے دوسروں سے اختلاف رائے، نیز بزرگوں سے بھی اختلاف رائے، مشکل فیصلے سوچ سمجھ کر بجالائیں۔ دیگر بزرگوں مخلصین سے مشاورت ضرور لیں۔ تاکہ ممکنہ جذباتی غلطی سے بچا جاسکے۔ 24 جون زحل عطارد تربیع کاروبار یا جائیداد کی خرید وفروخت کی تحریری امور میں کوئی غلطی نہ کریں۔ 26 جون طالع سے بارہویں چاند گرہن بڑھتے ہوئے اخراجات میں کمی خفیہ دشمن زیر وذلیل وخوار ہونگے۔ 9 جولائی زحل عطارد تسدیس اپنے وسائل میں اپنے مسائل حل کرسکیں گے۔ 12 جولائی چھٹے سورج گرہن امراض اور قرضہ سے حتی الامکان نجات ملے گی۔ تاہم ماتحت کام کرنیوالوں کی نگرانی سخت کریں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن)، دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) کی ادائیگی دعاؤں سے نحوستیں دور ہونیکا یقین کیا جاسکتا ہے۔ 23 جولائی زحل شمس تسدیس تب بنے جب زحل شرف یافتہ شمس اپنے گھر میں عروج یافتہ ہو۔ اگرچہ دونوں دشمن ستارے ہیں، مگر اپنے اپنے سعد تحفظات کے تحت ستارے کچھ لو اور کچھ دو کی سیاسی پالیسی کے تحت کاروباری شراکتی اور دوسروں سے تعلقات میں فائدہ دے سکتے ہیں۔ 31 جولائی زحل مریخ قران (وند السماء پر قران نحسین) بنائیں گے۔ زحل شرف میں ہونے کے سبب کاروباری تحفظات رہیں۔ البتہ کام میں عارضی تاخیر ہوسکتی ہے۔ اس دن دودھ یا چاول کا صدقہ حسب توفیق ضرور دیں۔ 8 اگست زحل زہرہ قران اس سال کی مضبوط سعادت بخش نظر ہے کاروباری وسعت، بیرون ملک بھی کاروباری وسائل بڑھ سکتے ہیں۔ نئے نئے کاروباری معاہدے کرنے بہت نیک ثابت ہونگے۔ 20 جولائی تا 3 اکتوبر پانچویں آٹھویں کا حاکم عطارد آٹھویں وراثتی گھر میں شرف یافتہ رہتے ہوئے 24 ستمبر عین شرفی درجات سے گزرے گا۔ بچوں کے مستقبل کیلئے کوئی بڑا انشورنس پلان یا کوئی زمین جائیداد خریدنی بہت نیک ثابت ہوگی۔ 21 اگست تا 13 ستمبر عطارد رجعت یافتہ ہونے سے شراکتی کاموں میں محتاط رہیں، ورنہ بدگمانی سے شراکتی معاہدے ٹوٹ سکتے ہیں۔ یکم اکتوبر زحل شمس وند السماء پر قران کرینگے۔ جدید نجوم میں انکا یہ قران کاروباری حوصلہ مندی، مستقبل کی منصوبہ بندی کیلئے نیک ہے۔ 8 اکتوبر زحل عطارد قران پیدا شدہ مشکلات کے حل کیلئے وسائل تلاش کیے جاسکیں گے۔ 15

حصول خیر وبرکت کے لیے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش 2010ء

نقش مہر نبوت بمعہ طلسم مشتری نوروز 20 مارچ بروز ہفتہ بوقت 22 بجکر 33 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کا کاٹ کر تعویذ بناکر خوشبو لگا کر دو نفل نماز بوقت اذان جمعہ/ خطبہ جمعہ میں امسال نوروز سے قبل دعائیں یہ وقت ہر جمعہ کو مستجاب ہے

نومبر زحل مریخ تسدیس کاروبار خصوصاً ایسے کام جنکا تعلق سفری تجارت سے ہو پھل پھول سکتے ہیں۔ خواہ انکے فوائد قدرے تاخیر سے ملیں۔ 18 نومبر زحل عطارد تسدیس بیرون حصول امیگریشن اپلائی کرنے کیلئے نیک ہے۔ 7 دسمبر زحل شمس تسدیس اپنی سال ہذا کی کامیابیوں پر خوشی اور ناکامیوں پر توجہ فرماسکیں گے، کہ ایسا کیوں ہوا؟ 21 دسمبر چھٹے چاند گرہن ملازمتی فرائض میں غفلت تنزلی کا باعث بن سکتی ہے اور سال نو 2011ء کی پلاننگ کرسکیں گے۔ آپکا حاکم زحل ابھی شرف میں رہتے ہوئے 2011- 2012 بھی اچھے ثمرات دیگا۔ 29 دسمبر زحل مریخ تربیع خرابی صحت سے بچنے کیلئے صدقہ ضرور دیں اور اپنا میڈیکل چیک اپ بھی کرائیں۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لینے والے 13 فروری، 8 مارچ، 10,9 جون، 11,9 جولائی، 8 اکتوبر، 18,5 نومبر تاریخوں کو حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کی قسمت یاوری ہوسکے۔

سعد تواریخ: 24,22,13,12,5 جنوری۔ 28,27,17,15,13,8,6 فروری۔ 30,23,21,17,14,8,4 مارچ۔
24,18,6,1 اپریل۔ 21,19,8,3 مئی۔ 28,20,15,14,12,10,9,8 جون۔ 23,13,11,10,9 جولائی۔
26,20,8 اگست۔ 19,12,10,4,3 ستمبر۔ 25,24,21,18,8,1 اکتوبر۔ 19,18,15,7,5 نومبر۔
14,11,8,7,6,3,1 دسمبر

نحس تواریخ: 30,27,15,1 جنوری۔ 1 فروری۔ 26,22,20,18,16,11,9 مارچ۔ 25,23,5,3 اپریل۔
24,23,20,18,17,4 مئی۔ 26,25,24,22,19 جون۔ 30,25,12 جولائی۔ 21,17,10,7 اگست۔
26,21 ستمبر۔ 22,5,2 اکتوبر۔ 29,28,25,6 نومبر۔ 29,22,21,18,3 دسمبر

Scanned with CamScanner

20 Feb. To 20 March

2010

دن جمعرات
عدد 3
رنگ نیلا یا سبز
پتھر زرد عقیق، زرد پکھراج

PICES

حوت

نیپچون

Shoukat Aziz

حالات وواقعات کی روشنی میں

خواتین خانہ اپنے سالانہ حالات 2010ء (کیرئیر، بزنس، ملازمت کو نکال کر) ویسے ہی پڑھیں۔

آسمانی کونسل 2010ء روحانی انقلابی معاشی سال میں آپکا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد آپکے طالع میں 18 جنوری کو ایک سال کیلئے آنیگا۔ نظام شمسی میں اسکا ایک سرکل 4332.59 دنوں میں مکمل ہوتا ہے۔ جب یہ اپنے ذاتی گھر برج قوس برج حوت کے علاوہ سرطان میں شرف یافتہ برج میزان میں اوج یافتہ ہوتا ہے تو اس سعد اکبر ستارے کی سعادت کی قوت ہزاروں گنا بڑھ جاتی ہے جسکی پیائش ممکن نہیں۔ آپ غفلت نیند سے اُٹھ جائیں کہ آپکا نصیب جاگنے والا ہے۔ یہ اپنی تیز رفتاری کے سبب 6 جون تا 9 ستمبر بیت المال میں بھی رہیگا۔ بارہ منطقۃ البروج میں آپکا برج حوت آخری برج ہے جو تکمیل کائنات کا مظہر ہے۔ سعد اکبر ستارہ مشتری جسے مرشد کامل یا گرو بھی کہا جاتا ہے۔ اپنی سعادت کے سبب بھی بروج کو اپنی طاقتور کاسمک شعاعوں سے فیض پہنچاتا ہے۔ 2010 آپکی نصیب یاوری، قسمت بدلنے اور خرابی قسمت کا گلہ دور ہونے کا وقت آن پہنچا ہے۔ دیرینہ شادی کے خواہاں حوتی لڑکے لڑکیاں یا بڑی عمر کو پہنچنے والے حوتی اس سال سعادت مشتری کے سبب یقینا رشتہ ازدواج میں منسلک ہو سکیں گے۔ ابتداء سال میں بیت الامید دوستوں کے گھر پانچ ستارے شمس، عطارد، زہرہ، ذنب اور پلوٹو اجتماع کیے ہوئے ہیں۔ یوں لگتا ہے کہ آپکے دوست اور دشمن اس گھر میں اکھٹے ہو کر آپکے خلاف کوئی سازش کر رہے ہیں، ان کواکب کے مقابل پانچویں قمر اور راس چھٹے مریخ آٹھویں شرفی زحل بیٹھا ہے۔ سال کے پہلے ہی دن بیت الاولاد میں چاند گرہن لگنے سے اولاد اور عشق ومحبت کے معاملات توجہ طلب ہونگے۔ محبوب، دوستوں کی بے وفائی کا جذباتی صدمہ ممکن ہے۔ 15 جنوری بیت الامید میں سورج گرہن لگنے سے دوستوں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہونگی۔ اس سال کچھ دوست آپکی زندگی سے نکل جائیں اور انکی جگہ بہتر دوست عروج مشتری کے سبب لے لیں گے۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن)، دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) کی ادائیگی دعاؤں صدقات سے متوقع نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ امسال آپکے حاکم مشتری کے علاوہ دو اہم سست الرفتار کواکب زحل، یورانس برج تبدیل کرینگے۔ ادھر بیت المال بیت السفر کا حاکم مریخ بیت المرض میں 7 ماہ 22 دن قیام 7 جون 2010 تک رہیگا۔ جبکہ اسکا

اللہ کے گھر کی تعمیر میں سات یا بارہ ہزار روپے حسب توفیق حصہ لیکر رسید کے ساتھ لوح اوج مشتری کانسی پر عامل شاہ زنجانی سے تحفتاً (مفت) طلب کریں

ایک برج میں عموماً قیام 57.25 دن کا ہوتا ہے۔ ان دو سعد گھروں کے ستارے کی یہ پراسرار عجیب وغریب حرکات قابل توجہ ہے۔ ہم اس کا ثمرہ بھی عرض کرینگے پہلے مرشد کامل گرو کو سعد اکبر آپ کے حاکم ستارہ مشتری کو مرکز ومحور بناتے ہیں کیونکہ یہ آپکے برج حوت کا حاکم جبکہ ذیلی حاکم نیپچون بھی ہے۔ یکم جنوری تا 17 جنوری مشتری آپکے طالع سے (بیت الاعداء) بارہویں میں رہیگا۔ جانے سے قبل یہ آپکو شفاء یابی کی قوت، روحانی ریاضت میں کامیابی، خواہاں حوتی افراد کو بیرون ملک امیگریشن دلا جائیگا۔ ہسپتال کی مسلسل بیماری، قید یا کسی اور بندش سے بھی آزادی دلائیگا۔ آپکا حاکم مشتری 18 جنوری تا 6 جون اور پھر 9 ستمبر تا 31 دسمبر طالع میں رہیگا۔ خواہاں لڑکے لڑکیوں کی اس سال شادی یقینی طور سے ہو سکے گی۔ آپکی حیثیت وشخصیت کو اس سال سے بتدریج نکھار آ جائیگا۔ آپکی ذہنی وتخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ کے علاوہ آپکا مزاج شروع سال سے ہی روحانیات، خوف خدا کی طرف مائل رہیگا۔ آپکے ہاتھ سے امسال ایسے اچھے انفرادی یا اجتماعی کام ہو سکیں گے۔ جو صدقہ جاریہ کے طور سے آپکی دنیا وآخرت سنوار دینگے۔ سعادت مشتری کے سبب آپ اپنے اندر خود اعتمادی، مضبوط قوت فیصلہ کے سبب آئندہ مستقبل کی بارہ سالہ پلاننگ کرنا چاہیں تو یہ آسانی سے کر سکتے ہیں۔ مشتری کا سرکل بارہ سالہ ہے۔ اسکی آمد موسم بہار سے تعبیر کر کے آج آپ جو کاشت کرینگے، اسکا پھل اور فوائد آپ یا آپکی اولاد کو ملتے رہینگے۔ آپکی خوش طبع، کریم النفسی اور فراخ دلی میں اضافہ سے اہل خاندان اور قریبی احباب آپ سے فائدہ اٹھائیں گے۔ آپکا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو، اہم ستاروں کی بروجی تبدیلی سے آپ متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ آپ خواہ اس تبدیلی کیلئے تیار ہوں یا نہ ہوں ستاروں پر آسمانی کونسل کی نشست آپکی روزمرہ زندگی اور حالات میں تبدیلی لا کر رہے گی تو پھر

حنیف نیوز ایجنسی۔ گکھڑ منڈی ☆ سعید احمد نیوز ایجنٹ۔ علی پور چٹھہ ☆ بٹ نیوز ایجنسی۔ علی پور چٹھہ

لوحِ برج حوت حاکم سیارہ مشتری

یہ لوح ان تمام افراد کے لیے موثر ہے جن کی تاریخ پیدائش 20 رفروری تا 20 رمارچ ہے یا جن افراد کا نام ان حروف (د، چ) سے شروع ہوتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَامَشْمَخْ مَشْخِیْثَا قَشْلَامُوْنَ۔ ○ اَلَّذِیْ اِنَّمَا اَمْرُہٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ۔

ترجمہ: اے وہ ذات جو جب کسی چیز کا ارادہ کرتی ہے تو اِسے کہتی ہے ہو جا۔ پس وہ ہو جاتی ہے۔

یہ کلمہ برج حوت پر کندہ ہے جس کی برکت سے برج قائم ہے اور جو فرشتے اس برج اور آسمان پر ہیں اسی کلمہ سے اللہ تعالیٰ عزوجل کی حمد وثنا کرتے رہتے ہیں۔ جب کوئی فرد ان اسما اور برج کے طلسمات کو اپنے پاس رکھتا ہے تو فرشتے اس کی طرف متوجہ ہو کر اس کا مقصد معلوم کرتے ہیں اگر اس کی خواہش جائز ہے تو وہ سب اس کی حاجت روائی کی دُعا کرتے ہیں۔ اگر اس کی نیت بدی پر ہے تو خاموش ہو کر کہتے ہیں کہ کیسا دلیر بندہ ہے کہ اپنے مالک سے بدی کا طلب گار ہے اور دُعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کی خواہش کو بھلا دے عدم قبول دعا کی یہی وجہ ہے جاہل گمان کرتے ہیں کہ کلام الٰہی میں تاثیر نہیں اللہ تعالیٰ ایسے عقیدہ سے بچائے۔ آمین

یَاسَمِیْعًا اَجِبْ یَا نُوْرَائِیْلُ۔ اَلَّذِیْ سَیَّرَ الشَّمْسَ مِنَ الْمَشْرِقِ اِلَی الْمَغْرِبِ۔ منسوبی اسماء یا کبیر یا متعال جو روزانہ ورد کئے جائیں گے۔

ترجمہ: اے وہ کہ جس کے حکم سے سورج مشرق سے مغرب کی جانب رواں رہتا ہے۔

عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ اسم برج حوت سے منسوب ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی اسم کو ایک مٹھی خاک پر پڑھا اور "شَاھَتِ الْوُجُوْہُ لِلْکَافِرِیْنَ وَالْمُشْرِکِیْنَ" کہ کر دشمنوں کی طرف پھینک دی۔ اس کے اثر سے سب کے سب اندھے ہو گئے اور شکست کھا کر بھاگ گئے۔

خواص لوح حوت: جن دو میاں بیوی میں ناچاکی ہو، اُن میں سے کوئی ایک فرد لوح کو اپنے پاس رکھے تو ناراضگی اُن کی ختم ہوگی اور آپس میں پیار محبت بڑھے گی۔ یہ لوح اُن لوگوں کے لئے بے حد موثر ہے جو پانی میں سفر کرتے ہیں مچھلیاں پکڑنے کا کام کرتے ہیں، بحری جہاز ران اور سمندری کام کرنے والے تمام افراد کی حفاظت کرتی ہے۔ بحری افواج کے جوانوں کے لئے یہ لوح بے حد مفید ہے۔ اس لوح کے حاملین کو غیب سے ہونے والے حادثات کی اطلاع قبل از وقت ہونے کے اسباب پیدا ہوتے ہیں۔ دوسروں سے مدد اور مہربانی دلاتی ہے۔ سمندر، دریاؤں کے ذریعے کاروبار کرنے والوں کو دولت بخشتی ہے۔ یہ لوح غیر یقینی صورتوں میں بھی فائدہ دیتی ہے۔ اور جو لوگ کمزور ستاروں کے تحت پیدا ہوتے ہیں اور آئے دن مصائب وناکامی کا شکار رہتے ہیں یا مریض رہتے ہیں۔ ان کے لئے لوحِ برج حوت بہت ہی کارآمد ہے تمام کمزوریوں کو، خواہ جسمانی ہوں یا مادی، دُور کر دیتی ہے۔ یہ لوح آنکھوں کی بیماریوں اور نظام ہضم کی خرابی سے شفایابی کا سبب بنتی ہے۔ حاملینِ لوح کے خوابیدہ پیار ومحبت کے جذبات کو بیدار کرتی ہے۔ ڈاکٹرز، نرسز، میڈیسن سے متعلقہ افراد کے لیے خوش بختی لانے کا سبب بنتی ہے۔ یہ لوح جب شمس برج حوت میں داخل ہو تب جمعرات کے دِن ساعت مشتری میں تیار کی جائے۔

صدقات: گندم، جو، چاول، کچنار، چنے کی دال کپڑا زرد، سرخ شکر وغیرہ

اوقاتِ صدقہ اور لوح پہننے کا وقت: جمعرات کے دن شام کے وقت

منسوبی لوح یہ ھے ۔ اس لوح کے سیدھی طرف یا کبیر بامتعال کا نقش مربع سدی (795-21=774) اور الٹی طرف یاسمیعًا کا مربع نصفی (692 نصف کیا 346-8=338) پُر کیا گیا ہے۔ برج حوت اور اس کے حاکم سیارہ مشتری کی منسوبات لوح میں دی گئی ہیں۔ لوح کو مطلوبہ وقت میں تیار کر کے اپنے پاس رکھیں۔ واضح رہے کہ یہ الواح کاغذ کے علاوہ دھات پر ہی ان کے قوی ترین اثرات ہوتے ہیں۔ تحریر کردہ صدقہ کسی غریب مسکین کو دے کر لوح پہن لیں۔ اور روزانہ منسوبی اسمائے باری تعالیٰ کا کثرت سے ورد کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد لوح کے فیوض وبرکات حاصل ہونے لگیں گے۔ یہ الواح دنیا میں پہلی مرتبہ صرف ہم ہی متعارف کرا رہے ہیں۔ کیونکہ تمام الواح عملیاتی قواعد وضوابط کے مطابق تیار کی جاتی ہیں۔ ربع صدی کی تحقیق کے بعد یہ الواح تیار کی گئی ہیں۔ اب تک ہزاروں افراد اِن الواح کے فیوض وبرکات سے کامیاب زندگی گزار رہے ہیں۔

آپ کے برج کی لوح سے آپ کو متعارف کرایا جا رہا ہے۔ انشاء اللہ العزیز مستقبل میں یہ الواح آپ کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت بھی حاصل کرینگے۔

کیوں نہ ستاروں کی سعادت خصوصاً اپنے حاکم مشتری کی سعادت کے سبب قبل ازیں متوقع مثبت تبدیلی حالات کیلئے تیار ہو جائیں آپ ذہنی طور سے جتنا تیار ہونگے اتنی ہی زیادہ سعادتیں سمیٹ سکیں گے۔ آپکی معاشرتی عزت و تکریم میں اضافہ ہو اور آپ خاص معاشرتی مقام تک بہ آسانی پہنچ بھی سکتے ہیں۔ کامیاب زندگی گزارنے کے ڈھنگ سے واقف اور بدلتے حالات کے مطابق خود کو بھی تبدیل کرنے کی اعلیٰ صلاحیت کے حامل بن جائینگے۔ ستارہ مشتری 6 جون تا 9 ستمبر بیت المال میں رہیگا۔ فطرتی طور سے مشتری کلی طور سے دولت کا حکمران ستارہ ہے اور جزوی طور سے بینک اسکے زیر اثر ہونے کے علاوہ مذہب اور قانون دانی کا بھی یہ شریف طبع حکمران ستارہ ہے۔ امسال مشتری عارضی طور سے خانہ مال میں آیا ہے، یہ ذرائع آمدن میں اضافہ غیر متوقع کئی نئے کاروباری معاہدے، نئے کاروبار کی ابتداء کروانے کیساتھ طویل المیعاد معاشی پروگرام از قسم انشورنس پلان یا بچت اسکیموں کی طرف رجحانات بڑھائیگا۔ خاندان میں وسعت کئی مذہبی، سیاسی تقریبات میں شرکت کے مواقع ملیں گے۔ 23 جولائی تا 18 نومبر میں یہ دوسرے سے پہلے گھر رجعت کرتا ہوا مستقیم ہوگا تو آپ دوسروں کو بھی اچھے سے اچھا مستقبل درخشاں اور محفوظ بنانے کیلئے کوئی معاشی پلان دے سکیں گے۔ ستارہ زحل ویسے تو تمام سال آٹھویں وراثت گھر میں سارا سال شرف یافتہ رہیگا۔ یہ گھر وراثت مشترکہ مفاد شادی سے دولت ملنے، ڈوبی ہوئی رقوم کا اچانک مل جانا، انشورنس کلیم ملنے کے علاوہ سٹاک شیئر یا انعامی اسکیموں، انٹرنیشنل لاٹریوں میں حصہ لینے سے کوئی بڑا انعام جیک پاٹ لگ جائے تو بعید از قیاس نہ ہوگا۔ 13 جنوری زحل رجعت کرتے ہوئے 30 مئی کو مستقیم ہونے کے باوجود 7 اپریل تا 21 جولائی طالع کے مقابل ساتویں رہیگا۔ زحل کی ساتویں آمد شراکتی ازدواجی مسائل لائیگی۔ ایسے لڑکے لڑکیاں جن کا رشتہ حال ہی میں طے ہوا ہے، وہ محتاط رہیں کہ انکی نسبت کسی نامعلوم سبب کیوجہ سے ٹوٹ سکتی ہے۔ انہیں اپنے سسرالی رشتہ داروں کو کسی شکایت کا موقع نہیں دینا چاہیے، ایسے میں صدقہ و خیرات کو بڑھائیں۔ سیارہ یورانس سات سال کیلئے آپکے طالع میں تیز رفتاری کے سبب 28 مئی تا 4 اگست بیت المال میں آنے سے اتفاقیہ کاروباری مالی فوائد دے گا۔ ستارہ مریخ یکم جنوری تا 7 جون بیت المرض میں رہنے سے شفایابی جسمانی قوت طاقت عطا کریگا۔ پیشہ ورانہ فنی قابلیت سے دولت میں اضافہ، ذمہ دارانہ ملازمتی فرائض کی ادائیگی سے ترقی، مراعات، شاباش کا ملنا ماتحت کام کرنیوالوں کی نگرانی سے انکی کارکردگی بھی بہتر کر سکیں گے۔ اب ہم 2010 میں بننے والی نظرات سیارگان اور بقایا گرہنوں کی طرف آتے ہیں تاکہ آپ اپنے سال کی بہتر سے بہتر پلاننگ کر سکیں۔ طالع میں بیٹھے یورانس کی 13 جنوری زہرہ سے تسدیس بنے گی۔ یہ وقت اشتراک عمل کیلئے نیک ہے۔ 6 فروری مشتری پلوٹو تسدیس بننے سے آپکو آگے بڑھنے اور اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کے متعدد مواقع ملیں گے۔ خود اعتمادی آپ اپنی منزل کیطرف بڑھتے چلے جائیں گے۔ حتیٰ کہ آپ اپنی منزل مقصود پالیں۔ مستقبل درخشاں بنانے کیلئے بزرگوں، سینئر کی مشاورت سے مثبت فیصلے کیے جا سکیں گے۔ طالع میں زہرہ 11 فروری تا 7 مارچ رہیگا۔ برج حوت میں اسے شرف حاصل ہوتا ہے، یوں 2010 فروری کا مہینہ ہر لحاظ سے نیک ماہ ثابت ہوگا، نوٹ فرمالیں۔ 27 فروری آپکے طالع میں قران سعدین (زہرہ مشتری) ہوگا۔ ایک خوبصورت سعد نظر آپکے زائچہ میں بارہ منطقۃ البروج میں بننے والی سعد نظرات میں نہایت اہم ہے۔ مشتری آپکا حاکم طالع اپنے گھر میں عروج یافتہ زہرہ کو آپکے طالع میں شرف ہوتا ہے۔ اس دن اور 4،5 مارچ جب زہرہ عین شرفی درجات سے گزرے گا، آپکو زندگی کی کوئی بہت

> **امسال روحانی و دنیاوی کامیابی کے لیے یہ دعا پڑھیں**
>
> Understanding DUA
>
> رَبَّنَا آتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً ○ اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور ہمیں آخرت میں بھلائی دے
>
> ایک تسبیح نماز فجر یا عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا نیک ہے۔ (عامل شاہ زنجانی)

بڑی نوید مل سکے گی۔ حالات آپکے موافق خوشی شادمانی کا احساس، نئے کاموں کی تکمیل کے علاوہ پینڈنگ، رکے ہوئے کام بھی تکمیل پائیں گے۔ تب ربیع الاول کا مہینہ بھی ہوگا۔ اس دن کوئی خوشی کی تقریب یا روحانی محافل میلاد شریف کروا کر اپنی جائز حاجات حضورؐ کے وسیلہ سے مانگیں تو آپکی دعائیں یقیناً قبولیت دعا کا درجہ پائیں۔ 28 فروری مشتری شمس قران کوئی مالی معاہدہ یا رسک لینا نیک نہ ہوگا۔ 8 مارچ میں طالع میں مشتری عطارد شادی شراکت علم تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ 21 مارچ تا 20 اپریل چھٹے کا حاکم شمس دوسرے شرف یافتہ ہو کر 8،9 اپریل عین شرفی درجات سے گزرے گا۔ ملازمت سے تعلق رکھنے والے حوتی افراد کو اپنے آفس کی طرف سے مراعات، بونس، یا پھر ایڈوانس قرضہ کی سہولت مل سکے گی۔ بزنس کاروبار سے تعلق رکھنے والے حوتی بھی اپنے بزنس کو بڑھانے کیلئے کسی نیک یا مالیاتی ادارے سے قرضہ لینا چاہیں تو انہیں بہ آسانی قرضہ مل سکے گا۔ دانشمندانہ فیصلہ ہوگا کہ ضرورت سے زیادہ قرضہ نہ لیں۔ مقروض حوتی فروری مارچ اپریل کے مہینہ میں اپنا قرضہ کم کرنے کی کوشش جاری رکھیں تو انکا قرضہ ممکنہ کم ہو سکتا ہے۔ 18 اپریل مشتری زہرہ تسدیس تب بنے گی جب دونوں کواکب اپنے اپنے گھروں میں طاقتور اور عروج یافتہ ہونگے۔ عزیز و اقارب سے تجدید مراسم، اندرون ملک خوشگوار سفر، شادی کیلئے پسندیدگی رشتہ خاندان میں طے ہونے کے امکانات زیادہ ہیں۔ رشتہ کی بات میں سرگرمیاں بہت رہیں گی۔ ماسوائے ان ایام جب طالع کے مقابل زحل 7 اپریل تا 21 جولائی آئیگا۔ تب رشتہ شادی کی بات میں ٹھہراؤ آسکتا ہے۔ ایسے میں صدقہ و خیرات دینا نہ بھولیں۔ 17 مئی مشتری زہرہ تربیع بننے سے خاندانی مسائل، ذمہ داریوں میں اضافہ ہوگا۔ دوسرے آپ سے لڑائی جھگڑا کریں، تو اجتناب برتیں۔ 18 مئی مشتری شمس قران غیر ضروری سفر سے اجتناب اور کاروباری مالی رسک نہ لیں۔ 23 مئی مشتری طالع زحل ساتویں مقابل ہونے سے منگنی، شادی، شراکت خدانخواستہ متاثر ہو سکتا ہے۔ 8 جون مشتری،

☆ رحمٰن بک ڈپو مظفر آباد (آزاد کشمیر) ☆ شاہد نیوز ایجنسی مظفر آباد (آزاد کشمیر) ☆ عزیز کتاب گھر جی ٹی روڈ۔ کوٹ ادو

Scanned with CamScanner

یورانس قران خانہ مال میں ہونے سے اتفاقیہ مالی فوائد خاندان میں رشتہ ناطوں کے سبب اضافہ ہوسکے گا۔ 10 جون مشتری عطارد تسدیس بننے سے ذہنی تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ جدت زمانہ سے کچھ نئے سائنسی علوم وفنون بھی سیکھ سکیں گے۔ 15 جون مشتری زہرہ تثلیث بننے سے پیشہ ورانہ غیر متوقع فوائد آپکی محنت کام ہنر مندی کو بے حد سراہا جائیگا۔ ملازمتی ترقی اپنے ہم عصروں میں ممتاز انعام ترقی بونس یا شاباش کے مستحق قرار پائیں گے۔ آپکی شخصیت کی سحر انگیزی سے دوسرے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ 23 جون مشتری شمس تربیع بننے سے حتی افراد اپنے بچوں کی نگہداشت تعلیم وتربیت کیساتھ ان کے شب وروز پر توجہ دیں۔ 26 جون مشتری عطارد تربیع بننے سے تحریر وتقریر میں غلطیوں سے بچیں۔ اسی دن بیت الامید میں چاند گرہن لگنے سے دوسروں سے وابستہ توقعات میں مایوسی، یار مار لوگوں کی حرکات سے دلبرداشتہ ہوسکتے ہیں۔ دانشمندی ہوگی کہ آپ دوسروں سے اپنی توقعات کی وابستگی میں کمی لائیں۔ 11 جولائی مشتری عطارد تثلیث آپکے بگڑے ہوئے حالات کو سنوارنے میں 12 جولائی پانچویں سورج گرہن لگنے سے اولاد کی جانب سے فکر وپریشانی، معاملات الفت میں شکوک وشبہات کا اندیشہ محتاط رہیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن)، دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) کی ادائیگی دعاؤں صدقات سے نحوستیں دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ 23 جولائی تا 18 نومبر مشتری مستقیم (سیدھا) ہوکر 9 ستمبر پھر طالع میں آکر پہلے جیسی سعادتوں سے بھی بڑھ کر سعادتیں دینے لگے گا۔ 25 جولائی، 3 اگست مشتری پلوٹو تربیع بننے سے اپنے مقاصد کی تکمیل کیلئے کچھ زیادہ محنت کرنی پڑ سکتی ہے۔ اپنی خوداعتمادی قائم رکھیں۔ 26 جولائی مشتری شمس تثلیث ایک بار پھر خوداعتمادی میں اضافہ، دلیرانہ اقدامات سے آپ مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے عملی اقدامات کرینگے۔ بیت الارض چوتھے بیت الزواج ساتویں کا حاکم عطارد 28 جولائی تا 13 ستمبر ساتویں اپنے گھر میں شرف یافتہ رہیگا۔ علمی ادبی حلقوں خصوصاً نوجوانوں میں آپکی عزت مقبولیت بڑھے گی اور آپ دوبارہ اپنے آپ کو جوان محسوس کرینگے، جوان نوجوان بنیں۔ شراکتی ازدواجی خاندانی خوشیاں جائیداد کی خرید وفروخت کی جاسکے گی۔ عطارد 24 ستمبر عین شرفی درجات سے گزرے گا۔ تو یہ دن آپکی زندگی کے مستقبل کے فیصلوں کیلئے اہم ہوگا۔ ناراض زوجین میں صلح ہوسکے گی۔ 10 اگست مشتری زہرہ مقابل ہونے سے حاسدین، مخالفین دوسروں کے دل میں آپکی جانب سے غلط فہمیاں ڈال سکتے ہیں۔ 17 اگست ایک مرتبہ پھر مشتری زحل مقابلہ تب ہوگا جب مشتری خانہ مال زحل شرفی حالت میں آٹھویں وراثتی گھر میں ہوگا۔ تب وراثتی جھگڑے یا نقصانات کا اندیشہ ہو تو آپ ان جھگڑوں سے پرہیز کریں۔ وراثتی شراکتی مسائل اگر کچھ نقصان سے بھی حل ہوں تو انہیں کرلیں، غم نہ کریں۔ جلد ہی آپکے نقصان کا ازالہ ہوسکے گا۔ 19 ستمبر ایک مرتبہ پھر مشتری یورانس قران طالع میں ہوگا۔ آپکے وجدان گیان (تخلیقی صلاحیتوں) میں اضافہ، القا اور الہامی کیفیات سے بھی گزریں گے۔ قبل ازیں آپ ذہنی طور سے تیار ہوئے تو آپ اپنی ان روحانیات کی لطیف کیفیات سے لطف اندوز ہوکر آنیوالے اپنے مستقبل کو روشن ضمیری سے دیکھ سکیں گے۔ 2 اکتوبر مشتری عطارد مقابلہ تحریری، غلطیوں سے بچیں۔ 21 اکتوبر مشتری مریخ تثلیث بننے سے خوداعتمادی سے آپ ذاتی اور اجتماعی مفادات کیلئے کام کرسکیں گے۔ عزت پذیرائی میں اضافہ ہوگا۔ 5 نومبر مشتری عطارد تثلیث طلبہ اعلیٰ تعلیم کیلئے بیرون ملک جانے کے

حصول خیر وبرکت کے لیے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش 2010ء

نقش مہر نبوت بمعہ طلسم مشتری نوروز 20 مارچ بروز ہفتہ بوقت 22 بجکر 33 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز بوقت اذان جمعہ / خطبہ جمعہ میں امسال نوروز سے قبل دعا کریں یہ وقت ہر جمعہ کو مستجاب ہے

خواہاں ہوئے تو بہ آسانی ذرا سی کوشش کے بعد جاسکیں گے۔ 16 نومبر مشتری شمس تثلیث بننے سے آپ پیشہ ورانہ کاروباری فیصلے دلیرانہ کرتے ہوئے رسک بھی لے سکیں گے۔ نومبر دسمبر احتیاط طلب ماہ ہیں۔ 25 نومبر اور 22 دسمبر مشتری شرفی عطارد تربیعات بنیں گی۔ اپنے حقوق کا تحفظ کریں، دوسروں سے الجھنے سے مسائل زیادہ بگڑ سکتے ہیں۔ 29 نومبر مشتری عطارد تربیع بننے سے آپکے نظریات وخیالات دوسروں سے متصادم، لڑائی جھگڑے کا باعث بن سکتے ہیں محتاط رویہ اپنائیں۔ آپکو پتہ ہے کہ آپ شریف طبع اور جھگڑالو ہرگز نہیں ہیں۔ 17 دسمبر مشتری شمس تربیع بننے سے تب بھی اختلاف رائے سے بچیں۔ 21 دسمبر بیت الارض میں چاند گرہن خاندانی مسائل، حادثات لاسکتا ہے محتاط رہیں۔ دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) کی ادائیگی، دعاؤں، صدقات سے نحوستوں کے دور ہونے کا یقین کرسکتے ہیں۔ انعامی اسکیموں میں دلچسپی رکھنے والے حوتی افراد 15 فروری، 23 مارچ، 31 جولائی، 21 اکتوبر، 15 نومبر کو قسمت آزمائی کریں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام لگ سکے۔

سعد تواریخ: 24,22,13,12,5 جنوری۔ 28,17,15,8,6 فروری۔ 28,21,17,16,14,8,4 مارچ۔ 28,18,6,1 اپریل۔ 19,18,3 مئی۔ 24,20,15,10,8 جون۔ 31,23,13,11,10 جولائی۔ 26, 8 اگست۔ 19,12, 10, 4 ستمبر۔ 29, 27, 25, 24, 23, 21, 19, 18 اکتوبر۔ 27,19,18,16,15,5 نومبر۔ 21,18,14,11,8,7,3 دسمبر

نحس تواریخ: 30,27,15,1 جنوری۔ 13,1 فروری۔ 26,22,20,18,11,9 مارچ۔ 25,24,23,5,3 اپریل۔ 24,23,20,17,4 مئی۔ 26,23,9,4 جون۔ 30,26,25,12,9 جولائی۔ 20,17,10,4,3 اگست۔ 26,21 ستمبر۔ 22,5,2 اکتوبر۔ 29,28,25,6 نومبر۔ 29,22,17 دسمبر

☆ مدینہ کتاب گھر۔ کوٹ ادو ☆ ناصر کتاب گھر۔ کوٹ ادو ☆ محمد اشرف بک سٹال۔ قلعہ دیدار سنگھ

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم يُغْنِيهِمُ اللَّهُ مِنْ فَضْلِهِ (اللہ اپنے فضل سے غنی کردے)

جو شخص فاضل مال اسلئے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل و عیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے (ارشاد امام علی رضاؑ)

LUCKY NUMBERS PRIZE BONDS 2010

کس کا دل نہیں چاہتا کہ اسکا پرائز بانڈز نکل آئے مگر دولت زندگی میں اتنی ہی ملتی ہے جتنی **لوح محفوظ** میں لکھی ہو۔ مگر دوعاؤں، قرآنی وظائف، صدقات و جواہرات سے **لوح محمود اثبات سے دولت بڑھائی جا سکتی ہے۔** مگر کسی کو اس علم کی آگاہی نہیں۔ جو ذرہ جہاں ہے آفتاب ہے۔ ہر شخص کی خداوند نے اس دُنیا میں ایک ڈیوٹی لگائی جو وہ جانتے ہوئے یا انجانے میں پوری کر رہا ہے۔ جیسے ہر شخص ڈاکٹر، انجینئر، لوہار، سنار، وزیر، صدر نہیں بن سکتا ہے۔ بے علم دیر سے اور صاحب علم جلد منزل مقصود پر پہنچ جاتے ہیں۔ ہم اہل ایمان مسلمان خوش قسمت ہیں کہ ہم امت محمدی ﷺ ہیں۔ **انبیاء، چہاردہ معصومین علیہم السلام انتخاب اللہ** ہیں۔ اسی طرح آل نبیؐ اولاد علیؑ ہونا بھی اسی کا انتخاب ہے۔ اسی نسبت سے سادات اکرام کی دُنیا بھر میں اہل ایمان عزت کرتے ہیں۔ ہم سادات پر بھی واجب (ڈیوٹی) ہے کہ اپنے نانا محمد ﷺ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے ضرورت مند بہن بھائیوں کیلئے دعائیں کریں۔ اس ضمن میں جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی روحانی ریاضت، آگاہی علوم باطنی جاننے کے سلسلہ کے ابتداء میں ہی التماس کی گئی ہے (جنہوں نے رمضان المبارک کے تمام شب و روز عبادات الٰہیہ میں گزرے) کہ پریشان حال بہن بھائیوں کی کشادگی رزق کیلئے دعائیں کرنا معمول بنائیں جسے انہوں نے تسلیم کرلیا ہے۔ ایسے بہن بھائی جو کشادگی رزق خصوصاً پرائز بانڈز سے حصول دولت کے متمنی ہوں وہ 72,66,14,12,5 یا پھر 99 مختلف مالیت کے پرائز بانڈز حسب توفیق خرید کر اصل اپنے پاس رکھیں اور ان کی فوٹو کاپی بمعہ نام والدین (تاریخ پیدائش، وقت و مقام اور پتہ) کے ہمراہ دعا کیلئے بالمشافہ یا بذریعہ ڈاک روانہ کرسکتے ہیں۔ **تدبیر قسمت کی آگاہی بھی مفت معلوم** کرسکتے ہیں وظائف دعاؤں کی مدت آپ کیلئے 3 ماہ تا 3 سال ہو سکتی ہے۔ اس دوران یقیناً آپکی قسمت یاوری کریگی اور آپکے خریدے ہوئے پرائز بانڈز پر انعام نکل آئے تو یہ کرشمہ دعا ہی ہوگی۔ فسٹ انعام نکل آنے پر نصف شہزادہ صاحب کو ہدیہ، سیکنڈ انعام نکل آنے پر 25% شہزادہ صاحب کو دینا واجب ہوگا۔ شہزادہ حافظ محسن علی زنجانی آپکے اس پیسے کو کلی اختیار کے تحت دینی، روحانی و ذاتی کاموں کے استعمال میں لائینگے۔ تیسرا انعام آپ ہی کا سو فیصد ہوگا۔ خواہاں بہن بھائی شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی سے بالمشافہ بروز جمعہ 10 بجے تا 12 بجے دن کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور (حافظ صاحب کے موبائل کا نمبر 0300-4303429 ہے) مل کر فیض یاب ہوسکتے ہیں۔ غیر مقامی بہن بھائی پہلے جوابی لفافہ بھیج کر روحانی فارم مفت طلب کریں پھر اسکے مطابق تفصیلات لف کر کے رجسٹری ڈاک سے روانہ کریں۔

فسٹ، سیکنڈ پیکٹ متوقع پرائز بانڈ 2010

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9
008	135	205	319	409	528	607	719	809	905
025	148	227	336	435	549	625	735	826	926
061	162	249	357	468	571	641	762	839	951
073	180	271	362	482	583	652	781	850	973
095	194	285	380	491	595	670	790	893	994

جن لوگوں نے پچھلے سال شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی کو بسلسلہ دعا پرائز بانڈز کی فوٹو کاپیاں ارسال کی تھیں اُن میں سے بہت سے خوش نصیبوں کے بڑے تو نہیں البتہ چھوٹے انعام ضرور نکلے یہ کرشمہ دعا ہی کا نتیجہ تھا کہ اُن لوگوں کی قسمت میں جتنا انعام لکھا تھا انہیں ملا۔ شہزادہ سید مصور علی زنجانی شائقین کی نمبرز کیلئے **"انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں"** کے اب تک مسلسل سات ایڈیشن نکال چکے ہیں۔ اب انشاءاللہ جنوری 2010ء سے ہر 15 دن بعد "انعام لکی نمبرز ایڈیشن" شائع کیا جائیگا جس میں حکومتی پرائز بانڈز جن کی مالیت 40000,15000,7500,1500,750 اور 200 روپے ہے کے متوقع لکی نمبرز نکالنے کیلئے مثالوں کے ساتھ مستند طریقے دیئے جائینگے۔ اس رسالہ کا مطالعہ آپکو انعام کے بہت قریب گویا آپکی قسمت سنوار دیگا معمولی پڑھا لکھا بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ یہ رسالہ اپنے قریبی بک سٹال سے طلب کریں یا پھر دفتر مکتبہ آئینہ سے براہِ راست طلب کریں۔

کاشانہ زنجانی D-125 حضرت سید میراں حسین زنجانی روڈ۔ نزد مین مارکیٹ۔ گلبرگ 2 لاہور کے پتے پر روانہ کریں

Scanned with CamScanner

رجال الغیب معلوم کرنے کا آسان طریقہ

نقوش لکھنے اور اعمال کرنے کے لئے یہ دیکھنا ضروری ہوتا ہے کہ اس روز رجال الغیب کس سمت ہیں۔ اگر وہ نقش لکھتے وقت یا وظیفہ کرتے وقت سامنے ہوں تو کام میں رکاوٹ ہوتی ہے۔ نقش یا وظیفہ صحیح کام نہیں کرتا۔ اس لئے ایسی طرف منہ کریں کہ رجال الغیب آپ کی پشت پر ہوں تاکہ سامنا نہ کرنا پڑے۔ مثلاً چاند کی 27,19,12,4 تاریخ کو جب آپ نقش لکھنے بیٹھیں تو آپ کا منہ مشرق کی طرف اور پشت مغرب کی طرف ہونی چاہئے۔ جبکہ چاند کی 29,22,14,7 تاریخ کو آپ کا چہرہ مغرب کی جانب اور پشت مشرق کی جانب ہونی چاہئے تاکہ اعمال کارگر ثابت ہوں۔ واضح ہو کہ چار سمتیں ہوتی ہیں اور چار کونے۔ اس طرح کل آٹھ سمتیں ہوئیں۔ نیچے جس سمت کے سامنے تاریخیں درج ہیں اس جانب رجال الغیب ہیں اس طرف پشت کر کے کام کریں۔ نیچے سمت اور چاند کی تاریخیں درج ہیں۔ اور اس کے ساتھ جدول ہے۔ اس جدول میں متعلقہ افراد متعلقہ کام اور متعلقہ اشیاء درج ہیں۔ سعد اوقات میں ان لوگوں سے ملنا اور چیزیں خریدنا فائدہ دیتا ہے اور نحس اوقات میں نقصان۔

جنوب مشرق 24`16`09`01	جنوب مغرب 25`17`10`02	جنوب 26`18`11`03	مغرب 27`19`12`04
شمال مغرب 00`20`13`05	شمال مشرق 28`21`00`06	مشرق 29`22`14`07	شمال 30`23`15`08

کواکب	متعلقہ افراد	متعلقہ کام	متعلقہ اشیاء
شمس ☉	وزراء' حکام اعلیٰ' سرکردہ لوگ' امراء' بڑے آدمی' افسران	سرکاری دفاتر اور بڑی فرموں کے متعلقہ کام	کپڑے' سونے کے زیورات' جواہرات' قیمتی اشیاء اور سپورٹس کا سامان
قمر ☽	ہمسائے' عزیز و اقارب	گھریلو کام	اشیائے خوردنی' لطیف مشروبات' خانگی فرنیچر
عطارد ☿	پرنٹر' پبلشر' ادیب' شاعر' پریس والے اور تحریری کام کرنے والے	پرنٹنگ' پبلشنگ' تعلیم' پبلسٹی' خط و کتابت	سینے کی اشیاء' کٹ پیس' رسائل' چوڑیاں' کتابیں
زہرہ ♀	ایکٹر' جوہری' مستورات	معمہ بازی' تفریحات' فلم' سوشل کام	زیب و زینت کی اشیاء' کپڑے' زیورات
مریخ ♂	سرجن' ڈینٹسٹ' کیمسٹ' فوج اور پولیس والے' لوہے کے بیوپاری' کباڑیے' سنار	کشتی کا مقابلہ' ریس' مشینوں کی مرمت' لوہے کا کام' ٹرانسپورٹ' مشکل مہمات	دھاتیں' انجینئرنگ کا سامان' مشینری' آٹو موبائل ٹولز' ٹوپیاں' ادویہ۔
مشتری ♃	پیر' استاد' جج' قاضی' بینکرز' وکلاء	کپڑا' سٹاک شیئرز' کاروبار' ترقیاتی سکیمیں' روپیہ کا لین دین' شپنگ	مذہبی امور سے متعلقہ اشیاء' سفری اشیاء' ریس وسٹہ' بانڈز
زحل ♄	تجربہ کار افراد' زمیندار' بڑی عمر کے لوگ	طویل کاروبار' مکان' جائیداد' بنیاد رکھنا' چمڑے کا کاروبار' اناج	زمین' معدنیات' جواہرات' مذہبی اور قانونی کتابیں' کپڑا
یورانس ♅	ہوائی جہازوں کا عملہ' موجد' سائنس دان' الیکٹریشن	نئی سکیمیں' روحانی امداد' نئے معاہدات' ریسرچ' الیکٹرک کا کام	جرابیں' الیکٹرک کا سامان' ہوائی جہاز' ریڈیو' کیمرہ' نایاب اشیاء' قالین
نیپچون ♆	معمہ کا کام کرنے والے مجمع لگانے والے' ڈاکٹر' ادویہ فروش	ہڑتالیں' پروپیگنڈہ' جاسوسی' دغا اور فریب کے کام	بارش کا کوٹ' بوٹ' ریکارڈ میوزک' سائنٹیفک آلات' فوٹوگراف
پلوٹو ♇	مشورہ دینے والے رہنما	انشورنس' ٹیکس' ترکہ' میراث' اوقاف فنڈ	بندوق' چاقو' کیمیکلز' ادویات' لیبارٹری کے آلات

☆ کتاب گھر۔ نزد جیل۔ کوہاٹ ☆ البدر سٹیشنری مارٹ۔ ہنگو (کوہاٹ) ☆ یوسف جاوید اینڈ برادرز۔ مین بازار کوہاٹ

کل امر مرھون باوقتھا ○ (حدیث رسول ﷺ)

2010 اوقات عملیات کے بہترین

حضورپرنور ختم المرسلین سید یوم النشور ﷺ کا فرمان پاک ہے کہ **کل امر مرھون باوقتھا** یعنی تمام امور اپنے اوقات کے مرہون ہیں۔ فرمودۂ پاک کے بعد کسی چوں چراں کی گنجائش نہیں ہے۔ اب تمام غور صرف یہی ہے کہ علم نجوم کی بنیاد بھی اس ہی فلسفہ پر ہے۔ چنانچہ حکمائے اشراق و ماہرین علم نجوم نے مختلف اجرام فلکی کے باہم متناظر ہونے کے اوقات کو مناسب اعمال کے لئے منطبق کیا ہے۔ لہٰذا بعد از بسیار تحقیق و تدقیق 2010ء میں قائم ہونے والی مختلف نظرات کواکب کو استخراج کیا گیا ہے تاکہ عامل حضرات فیضیاب ہوسکیں۔

نظرات کے اثرات مندرجہ ذیل ہیں

علم النجوم کے زائچہ اور عملیات میں انہی کو مدنظر رکھا جاتا ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

تثلیث (ث): یہ نظر سعد اکبر ہوتی ہے یہ کامل دوستی، فاصلہ 120 درجہ کی نظر سے بغض و عدوات مٹاتی ہے۔ اگر حصول رزق، محبت، حصول مراد و ترقی وغیرہ سعد اعمال کئے جائیں تو جلد ہی کامیابی لاتے ہیں۔

تسدیس (س): یہ نظر سعد اصغر ہوتی ہے۔ نیم دوستی اور فاصلہ 60 درجہ اثرات کے لحاظ سے تثلیث سے کم درجہ پر ہے۔ سعد دنیاوی امور سرانجام دینا اور سعد عملیات میں کامیابی لاتا ہے۔

مقابلہ (لہ): یہ نظر نحس اکبر اور کامل دشمنی کی نظر ہے۔ فاصلہ 180 درجہ، جنگ و جدل، مقابلہ اور عداوت کی تاثیر ہر دو ستاروں کی منسوبات میں پائی جاتی ہے۔ دو افراد میں جدائی، نفاق، عداوت، طلاق، بیمار کرنا وغیرہ نحس اعمال کئے جائیں تو جلد اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ سعد اعمال کا نتیجہ بھی خلاف ظاہر ہوگا۔

تربیع (ع): یہ نظر نحس اصغر ہے۔ فاصلہ 90 درجہ اس کی تاثیر بدی میں نمبر 1 مقابلہ کم ہے۔ تمام نحس اعمال کئے جاسکتے ہیں۔ اگر دشمن دوست ہو چکا ہو تو اس کی تاثیر سے دشمنی کا احتمال ہوتا ہے۔

قران (ن): فاصلہ صفر درجہ سیارگان، سعد سیاروں کا سعد، نحس ستاروں کا نحس قران ہوتا ہے۔

سعد کواکب: قمر، عطارد، زہرہ اور مشتری ہیں۔

نحس کواکب: شمس، مریخ، زحل، یورانس، نیپچون ہیں۔

یہ نظرات پاکستان کے موجودہ نئے سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق ہیں۔ ان میں اپنے ہاں کا تفاوت وقت جمع یا تفریق کر کے مقامی وقت نکالا جاسکتا ہے۔ یہ تمام اوقات نظر کے عین نقاط ہیں۔ قمری نظرات کا عرصہ دو گھنٹے ہے۔ ایک گھنٹہ وقت نظر سے قبل اور ایک گھنٹہ بعد جدید علم نجوم کے مطابق جنتری ہذا میں اہم کواکب شمس، مریخ، عطارد، مشتری، زہرہ اور زحل میں بننے والی نظرات کی ابتداء، تکمیل اور خاتمہ نظر کے اوقات بھی دیئے جارہے ہیں تاکہ عملیات میں دلچسپی رکھنے والے وقت سے بھرپور ممکنہ فیض حاصل کریں۔ دیگر الگ مکمل نظرات میں قمر، یورانس نیپچون پلوٹو بھی شامل ہے۔ اوقات رات کے ایک بجے سے شروع ہوکر دن کے 12 بجے تک اور پھر دوپہر کے ایک بجے سے 12 بجے رات تک 13 تا 24 لکھے گئے ہیں۔ 13 بجے کا مطلب ہے کہ ایک بجے دوپہر اور 18 بجے کا مطلب 6 بجے شام اور رات بارہ بجے کو 24 لکھا گیا ہے۔

اختصارات کواکب: شمس (س)، قمر (ی)، عطارد (د)، زہرہ (ہ)، مریخ (خ)، مشتری (ی)، زحل (ل)، یورانس (نس)، نیپچون (ن) اور پلوٹو (ٹو)

نظرات گھنٹے (ہ) منٹ (ا): قران (ن)، مقابلہ (لہ)، تربیع (ع)، تثلیث (ث)، تسدیس (س)۔ تثلیث اور تسدیس کے اوقات سعد ہوتے ہیں۔ مقابلہ اور اور تربیع کے اوقات نحس ہوتے ہیں۔

قرانات مابین قمر، عطارد، زہرہ اور مشتری کے سعد ہوتے ہیں۔ باقی ستاروں کے آپس میں یا اوپر والے سعد ستاروں کے ساتھ ہوں تو بھی نحس ہوں گے۔

یوسف جاوید اینڈ برادرز۔ مین بازار (کوہاٹ) ☆ ریاض نیوز ایجنسی۔ کوہاٹ ☆ چودھری نیوز ایجنسی۔ کوٹلہ ارب علی خان

عملیات کے لئے سیاروں کی باہمی نظرات تثلیث ومقابلہ، قران ورجعت واستقامت کا بیان

تسدیس و تثلیث		کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہیے
☽ قمر با عطارد	☿	برائے تسخیر ومحبت وصل معشوق
☽ قمر با زہرہ	♀	برائے شادی وصل نسواں، عشق ومحبت
☽ قمر با شمس	☉	سلاطین وامراء کے درمیان محبت کیلئے
☽ قمر با مریخ	♂	برائے خواب بندی ودفع حاسدان
☽ قمر با مشتری	♃	برائے عزت وتوقیر، ترقی مرتبہ وجاہ وجلال
☽ قمر با زحل	♄	برائے ترقی زراعت اور شادابی
☿ عطارد با زہرہ	♀	برائے محبت وصل محبوب اور تسخیر جانوراں آبی
☿ عطارد با مشتری	♃	برائے ترقی علوم اور صنعت وحرفت
☿ عطارد با زحل	♄	برائے حل المشکلات
☿ عطارد با مریخ	♂	الفت ومحبت قائم ودائم رکھنے کیلئے
☉ شمس با مریخ	♂	برائے مسخر کرنے اہل فوج اور تسخیر سلاطین
☉ شمس با مشتری	♃	برائے ترقی ودولت اور نام آوری نزدیک سلاطین
☉ شمس با زحل	♄	برائے حصول مدعا اور طلب حاجات، ترقی روزگار
♂ مریخ با عطارد	☿	برائے زیادتی قوت اور صحت مریض یا دفعیہ امراض
♂ مریخ با زہرہ	♀	برائے دفعیہ فتنہ وفساد
♂ مریخ با مشتری	♃	برائے حصول دولت اور زر ومال، بلندی مراتب
♂ مریخ با زحل	♄	برائے ترقی وزراعت اور عمارات
♃ مشتری با زحل	♄	برائے دفعہ غضب سلطانی
♂ مریخ با شمس	☉	مخالفوں کو منتشر کرنے اور جنگ وجدل کے لئے
♃ مشتری با شمس	☉	کسی عمارت اور آباد جگہ کو ویران کرنے کے لئے
♃ مشتری با مریخ	♂	شدید عذاب پیدا کرنے کے لئے
♃ مشتری با زحل	♄	کسی کو اس کے مرتبہ سے گرانے کے لئے
♄ زحل با شمس	☉	دو محبوبوں کے درمیان عداوت اور جدائی پیدا کرنے کیلئے
♄ زحل با مریخ	♂	دشمن کو ہلاک کرنے کے لئے بغض وعداوت، زبان بندی

تربیع ومقابلہ		کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہیے
☽ قمر با عطارد	☿	دوستوں میں جدائی کے لئے
☽ قمر با زہرہ	♀	عورتوں کی مردوں سے مخالفت کیلئے
☽ قمر با شمس	☉	سلاطین کے درمیان فتنہ فساد پیدا کرنے کے لئے
☽ قمر با مریخ	♂	حشرات الارض کی دشمنی اور زہر دور کرنے کے لئے
☽ قمر با مشتری	♃	اسرار مخفی کے انکشاف کے لئے
☽ قمر با زحل	♄	دشمن کو بیمار یا ہلاک کرنے کے لئے
☿ عطارد با زہرہ	♀	دوستوں میں جدائی اور مخالفین کا کاروبار بند کرنے کیلئے
☿ عطارد با مریخ	♂	اہل قلم کو بیمار کرنے اور کاروبار کی بندش کیلئے
☿ عطارد با مشتری	♃	دشمن کی ملک واملاک کو تباہ وخراب کرنے کے لئے
☿ عطارد با زحل	♄	ملک واملاک کو تباہ وبرباد کرنے کیلئے
♀ زہرہ با مریخ	♂	دو محبوبوں کے درمیان فرقت وعداوت کے لئے
♀ زہرہ با زحل	♄	عورتوں اور مردوں میں فتنہ وفساد برپا کرنے کے لئے

قران سیارگان		کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہیے
☽ قمر با عطارد	☿	برائے ملاقات اہل قلم وزراء اور اہل صنعت وحرفت
☽ قمر با زہرہ	♀	برائے شادی، عشق ومحبت اور معشوق کو بلانے کیلئے
☽ قمر با مریخ	♂	ملاقات امراء، حاسدوں کی مغلوبی اور دشمنوں پر فتح پانے کیلئے
☽ قمر با مشتری	♃	ترقی وتجارت حصول مال ودولت اور ترقی علم کیلئے
☽ قمر با زحل	♄	پریشان وسرگرداں کرنے، اذیت پہنچانے اور تباہی دشمن کیلئے
☿ عطارد با زہرہ	♀	حصول علم موسیقی اور اتصال محبت کیلئے
☿ عطارد با مشتری	♃	ترقی عقل، حصول علم، مردوں کی محبت اور عالموں کی تسخیر کیلئے
☿ عطارد با زحل	♄	کسی جگہ کو ویران کرنے یا تباہی وخرابی اور ہلاکت دشمن کیلئے
♀ زہرہ با مشتری	♃	برائے عشق ومحبت اور مطیع وفرمانبردار کرنے کیلئے
♂ مریخ با عطارد	☿	کسی عمارت کو خراب کرنے اور دشمنی کیلئے
♂ مریخ با زہرہ	♀	برائے تسلط اور غالب آنے مستورات واہل نشاط کیلئے
♂ مریخ با مشتری	♃	لشکر کو تسخیر کرنے، اہل جنگ کو طاقت پہنچانے اور لڑائی پر فتح پانے کیلئے
♃ مشتری با زحل	♄	اہل علم کی عقل زائل کرنے اور ان میں دشمنی پیدا کرنے کیلئے

بحالت استقامت		کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہیے
سیارہ عطارد	☿	بزرگی اور علم حاصل کرنے کے لئے
سیارہ زہرہ	♀	عورتوں کی محبت اور دوستی کے لئے
سیارہ مریخ	♂	لشکر اور فوج میں قوت اور بہادری پیدا کرنے کے لئے
سیارہ مشتری	♃	امارت اور ملک واملاک قائم رکھنے کے لئے

بحالت رجعت		کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہیے
سیارہ عطارد	☿	کسی شخص کو اس کے مرتبے سے گرانے اور ذلیل وخوار کرنے کیلئے
سیارہ زہرہ	♀	عورتوں کو بانجھ اور عقیمہ کرنے یا اسقاط حمل کیلئے
سیارہ مریخ	♂	اہل لشکر اور فوج کو خراب ومنتشر کرنے یا جنگ وجدل پیدا کرنے کیلئے
سیارہ مشتری	♃	کسی آبادی یا موضع یا شہر کو تباہ وبرباد کرنے کیلئے
سیارہ زحل	♄	دو محبوبوں کے درمیان جدائی اور عداوت کے لئے

واضح ہو کہ عملیات وطلسمات تیار کرتے وقت سیاروں کی دوستی اور دشمنی کا لحاظ بھی رکھنا چاہئے کیونکہ ان میں بالخاصیت دوستی اور دشمنی موجود ہے۔ اس لئے دو دوستوں کی نظرات معاون محبت اور دو دشمنوں کی نظرات معاون نفرت ومخالفت ہوتی ہے۔ چنانچہ ادارہ کی کتب جامع النجوم یا رموز سوال کا مطالعہ کریں۔ سیاروں کو بحالت گردش مختلف بروج میں بزرگی اور تنزل حاصل ہوتا ہے۔ اس لئے امور سعادت کے عمل اور تعویذات میں بزرگی سیارگان اور برائے نحوست بغض وکینہ کے عمل اور تعویذات میں تنزل سیارگان کا لحاظ رکھنا نہایت ضروری ہے۔ لہٰذا شرف وہبوط سیارگان کا نقشہ اس زنجانی جنتری میں ملاحظہ فرمائیں۔ مندرجہ بالا نظرات تثلیث وتسدیس بسلسلہ عملیات ووظائف کے ایک ہی احکامات ہیں۔

☆ ریاض بک سٹال۔ گجرات ☆ راٹھور نیوز ایجنسی۔ گجرات ☆ سید بک سٹال۔ سرکلر روڈ۔ گجرات

Scanned with CamScanner

اہم اوقات عملیات و وظائف برائے عاملین

نوٹ: تمام اوقات معیاری وقت پاکستان سٹینڈرڈ کے مطابق دیئے گئے ہیں۔ جو 62 سالہ رائج پرانے وقت کے مطابق ہی ہیں۔ حکومت پاکستان نے ابتک کوئی دائمی (مئی تا اکتوبر) گھڑیاں ایک گھنٹہ آگے کرنیکا اعلان نہیں کیا۔ لہٰذا آپ درج ذیل رائج الوقت اوقات کو سمجھ کر استعمال میں لائیں کہ ان اوقات میں گھنٹہ کب اور کس تاریخ سے جمع یا منفی کرنا ہے۔

تاریخ	نظرات		وقت
4 جنوری	شمس عطارد قران	ابتداء	13/57
5 جنوری	شمس عطارد قران	مکمل	00/05
5 جنوری	عطارد زہرہ قران	ابتداء	06/27
5 جنوری	شمس عطارد قران	خاتمہ	10/12
5 جنوری	عطارد زہرہ قران	مکمل	15/40
6 جنوری	عطارد زہرہ قران	خاتمہ	00/54
7 جنوری	شمس زہرہ قران	ابتداء	21/38
12 جنوری	شمس زہرہ قران	مکمل	02/05
14 جنوری	عطارد زحل تربیع	ابتداء	20/40
16 جنوری	شمس زہرہ قران	خاتمہ	06/34
16 جنوری	عطارد زحل تربیع	خاتمہ	22/36
21 جنوری	زہرہ زحل تثلیث	ابتداء	16/14
22 جنوری	زہرہ زحل تثلیث	مکمل	11/06
23 جنوری	زہرہ زحل تثلیث	خاتمہ	05/57
23 جنوری	شمس زحل تثلیث	ابتداء	21/26
24 جنوری	شمس زحل تثلیث	مکمل	20/36
25 جنوری	شمس زحل تثلیث	خاتمہ	19/44
26 جنوری	زہرہ مریخ مقابلہ	ابتداء	19/58
27 جنوری	زہرہ مریخ مقابلہ	مکمل	10/28
28 جنوری	زہرہ مریخ مقابلہ	خاتمہ	00/58
29 جنوری	شمس مریخ مقابلہ	ابتداء	07/45
30 جنوری	شمس مریخ مقابلہ	مکمل	00/42
30 جنوری	شمس مریخ مقابلہ	خاتمہ	17/40
12 فروری	مریخ زحل تسدیس	ابتداء	00/44
12 فروری	عطارد زحل تثلیث	ابتداء	14/32
13 فروری	عطارد مریخ مقابلہ	ابتداء	01/53
13 فروری	عطارد زحل تثلیث	مکمل	06/32
13 فروری	عطارد مریخ مقابلہ	مکمل	15/24
13 فروری	عطارد زحل تثلیث	خاتمہ	22/24
14 فروری	عطارد مریخ مقابلہ	خاتمہ	04/53
15 فروری	مریخ زحل تسدیس	مکمل	20/27
16 فروری	زہرہ مشتری قران	ابتداء	07/30
17 فروری	زہرہ مشتری قران	مکمل	07/14
18 فروری	زہرہ مشتری قران	خاتمہ	06/58
20 فروری	مریخ زحل تسدیس	خاتمہ	16/06
27 فروری	شمس مشتری قران	ابتداء	08/15
28 فروری	شمس مشتری قران	مکمل	15/44
1 مارچ	شمس مشتری قران	خاتمہ	23/13
7 مارچ	زہرہ مریخ تثلیث	ابتداء	05/36
7 مارچ	عطارد مشتری قران	ابتداء	15/38
8 مارچ	زہرہ مریخ تثلیث	مکمل	00/16
8 مارچ	عطارد مشتری قران	مکمل	06/43
8 مارچ	زہرہ مریخ تثلیث	خاتمہ	19/05
8 مارچ	زہرہ زحل مقابلہ	ابتداء	19/09
8 مارچ	عطارد مشتری قران	خاتمہ	21/42
9 مارچ	زہرہ زحل مقابلہ	مکمل	13/20
10 مارچ	زہرہ زحل مقابلہ	خاتمہ	07/32
13 مارچ	شمس عطارد قران	ابتداء	16/46
14 مارچ	شمس عطارد قران	مکمل	18/13
15 مارچ	شمس عطارد قران	خاتمہ	19/14
17 مارچ	عطارد مریخ تثلیث	ابتداء	15/57
18 مارچ	مریخ زحل تسدیس	ابتداء	03/35
18 مارچ	عطارد زحل مقابلہ	ابتداء	04/28
18 مارچ	عطارد مریخ تثلیث	مکمل	04/32
18 مارچ	عطارد زحل مقابلہ	مکمل	16/03
18 مارچ	عطارد مریخ تثلیث	خاتمہ	17/08
19 مارچ	عطارد زحل مقابلہ	خاتمہ	03/36
20 مارچ	شمس مریخ تثلیث	ابتداء	19/27
21 مارچ	شمس زحل مقابلہ	ابتداء	07/13
21 مارچ	شمس مریخ تثلیث	مکمل	22/56
22 مارچ	شمس زحل مقابلہ	مکمل	05/37
23 مارچ	شمس مریخ تثلیث	خاتمہ	02/48
23 مارچ	شمس زحل مقابلہ	خاتمہ	04/01
23 مارچ	مریخ زحل تسدیس	مکمل	08/48
27 مارچ	مریخ زحل تسدیس	خاتمہ	13/08
2 اپریل	زہرہ مریخ تربیع	ابتداء	16/17

☉ شمس ☽ قمر ☿ عطارد ♀ زہرہ ♂ مریخ ♃ مشتری ♄ زحل ♅ یورانس ♆ نیپچون ♇ پلوٹو ☊ راس ☋ ذنب

تاریخ	نظرات		وقت
30 نومبر	عطارد زہرہ تسدیس	ابتداء	08/09
1 دسمبر	مریخ مشتری تربیع	خاتمہ	05/40
1 دسمبر	عطارد زہرہ تسدیس	مکمل	22/02
4 دسمبر	عطارد زہرہ تسدیس	خاتمہ	02/31
6 دسمبر	شمس زحل تسدیس	ابتداء	11/18
7 دسمبر	شمس زحل تسدیس	مکمل	12/59
8 دسمبر	شمس زحل تسدیس	خاتمہ	14/38
9 دسمبر	عطارد زہرہ تسدیس	ابتداء	06/53
11 دسمبر	عطارد زہرہ تسدیس	مکمل	01/12
12 دسمبر	عطارد زہرہ تسدیس	خاتمہ	05/34
13 دسمبر	عطارد مریخ قران	ابتداء	15/33
14 دسمبر	عطارد مریخ قران	مکمل	08/59
15 دسمبر	عطارد مریخ قران	خاتمہ	00/40
16 دسمبر	شمس مشتری تربیع	ابتداء	00/52
17 دسمبر	شمس مشتری تربیع	مکمل	02/47
18 دسمبر	شمس مشتری تربیع	خاتمہ	04/47
19 دسمبر	شمس عطارد قران	ابتداء	20/21
20 دسمبر	شمس عطارد قران	مکمل	06/22
20 دسمبر	شمس عطارد قران	خاتمہ	16/23
21 دسمبر	عطارد مشتری تربیع	ابتداء	13/15
22 دسمبر	عطارد مشتری تربیع	مکمل	06/05
22 دسمبر	عطارد مشتری تربیع	خاتمہ	23/40
28 دسمبر	مریخ زحل تربیع	ابتداء	11/15
29 دسمبر	مریخ زحل تربیع	مکمل	20/28
31 دسمبر	مریخ زحل تربیع	خاتمہ	05/32

امراضِ قلب کیلئے دعائے امیر المومنینؑ

حضرت امیر المومنینؑ نے فرمایا کہ ایک زمانہ ایسا آئے گا جس میں لوگ کثرت سے امراضِ قلب کا شکار ہوں گے۔ اس زمانہ میں میرے شیعوں کو چاہیے کہ اس دعا کو متواتر 41 دن 41 مرتبہ پڑھیں۔ پانی پر دم کر کے پینا بہتر رہے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

عطیہ دعائے امراضِ قلب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

دلِ مارا کن مستقیم

بحق اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْن

41 دن، 41 مرتبہ پڑھنا اور پانی پر دم کر کے پینا بہتر رہے گا۔

مخدوم چمن پیر قادری

سجادہ نشین درگاہ حضرت میاں میرؒ (لاہور)

سعد اصغر زہرہ خوبصورتی، محبت، تعلقات کا ستارہ سال 2004 میں بار بار ہمیں اپنی طرف متوجہ کرتا رہا۔ عامل شاہ زنجانی نے اس کی سعادت سمیٹنے کیلئے بارہ بروج کے الگ الگ طلسمی لاکٹ تیار کرنیکا فیصلہ کیا تھا۔ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق ہر کوئی یہ طلسمی لاکٹ استعمال کر سکتا ہے۔ جس میں آپکے منسوبہ جیم ستون بھی جڑے ہونگے۔ **طلسمی لاکٹ** پاس رکھنے والے کو خلق خدا محبوب رکھے، تسخیر خلق کے ساتھ کاروباری ترقی، افسران بالا کی قربت نصیب ہو۔ خواہاں لڑکے لڑکیوں کے جلد اور مناسب جگہ رشتے طے ہوں، آمدن و تعلقات میں اضافہ، شفاء یابی کی قوتیں بڑھیں۔ آپ اپنے آپکو زندہ دل محسوس کرنے لگیں۔ ڈپریشن کا خاتمہ ہو۔ خوشیاں آپ کے ارد گرد جمع ہونے لگیں۔ 2004 **زہرہ کے سال** کا اس سے بڑھ کر کوئی **روحانی تحفہ** نہیں۔ اس کے باوجود اس کا ہدیہ (-/2100) پندرہ سو روپے (علاوہ محصول ڈاک) نہایت معمولی مقرر کیا گیا ہے تاکہ ہر کوئی اپنا طلسمی لاکٹ باآسانی حاصل کر سکے۔ 2010ء میں بھی یہ دستیاب ہیں۔

Scanned with CamScanner

اھرام شرف مشتری

زنجانی جنتری 2002 میں کرشمات اھرام کے ذکر سے اندازہ ہوا کہ اھرام سے فیض یابی اور اس میں دلچسپی رکھنے والے شائقین ساری دنیا کی طرح وطن عزیز پاکستان میں بھی خاصی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ آجکل پرائیویٹ ٹیلی ویژن کے نغمات اور اشتہاری فلم DHL نے اھرام میں ایک بار پھر عوامی دلچسپیاں بڑھادی ہیں۔ سال بھر وقفہ وقفہ سے ملنے والے تجربات میں چند نئے تجربات کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ اھرام میں بانجھ پن کیلئے رکھی گئی ادویات کے مسلسل استعمال سے بانجھ پن کا مرض جاتا رہا۔ ☆ روٹھے ہوئے (محبت) دوستوں کو منانے کیلئے رکھی گئی دعا قبول ہوئی۔ ☆ ہمارے دوست میجر (ر) خالد اسماعیل قاضی و میجر (ر) نوید اکبر نے بتایا کہ اُنکے ایک دوست نے اھرام کے اندر پرائز بانڈ اور نکلنے کی دعا لکھ کر رکھی اور ان کا پچاس لاکھ روپے کا انعام نکل آیا۔ اھرام کے ان گنت فوائد میں یہ ایک نیا اضافہ ہے۔ ☆ اھرام گھر میں رکھنے سے خبیث ارواح جنات آسیب کے اثرات کا خاتمہ ہوا۔ ☆ اھرام عین سرہانے کے نیچے رکھ کر سونے سے خواب میں استخارہ جلد نصیب ہوتا ہے۔ ☆ اھرام بستر کے عین تکیہ کے نیچے رکھ کر بہ نیت پرائز بانڈز نمبرز معلوم کرنے کیلئے باوضو سونے سے خواب میں متوقع کئی نمبرز معلوم ہوتے ہیں۔ ☆ اھرام میں کوئی سکن کریم رکھ کر استعمال کرنے سے چہرے کی خوبصورتی داغ دھبے دور ہوتے ہیں۔ ☆ اھرام میں بادام رکھ کر کھانے سے نظر اور دماغ تیز ہوتا ہے۔ ☆ اھرام میں نام بمعہ والدہ لکھ کر رکھنے سے تحفظ کا احساس رہتا ہے جیسے کوئی آپکے ساتھ ہو اور آپکی حفاظت کر رہا ہے۔ ☆ اھرام میں بخورات (صندل، لوبان، ہرل، گوگل، دال چینی) سات دن رکھ کر جلانے سے مخفی مخلوقات کی جھلکیاں نظر آنے لگتی ہیں۔

اھرام بنانے کی ترتیب

اھرام گتے، لکڑی، جست، ایلومینیم، مٹی، پتھر یا کسی بھی چیز کا بنائیں۔ AB کا گرافک زاویہ 58:18 اور BC کا گرافک زاویہ 301.82 ہے۔ یہ زاویہ کمپیوٹر سے بنائیں۔ دونوں نقطے B کو ملنے چاہئیں۔ پرنٹر سے پرنٹ نکلوا لیں۔ یہ اھرام کی Key بن جائیگی۔ اس فارمولہ سے اھرام کی سائیڈ تیار ہوگی اس طرح کی چار سائیڈز بنا کر نقطہ B کو ملاتے جائیں۔ درست اھرام بن جائیگے۔ درجنوں غلط اھرام بنانے کے بعد یہی آسان طریقہ ہاتھ لگا ہے۔



اھرام کے روحانی کرشمات

☆ مراقبہ میں ارتکاز توجہ یکسوئی پانے کیلئے اس میں اپنی تصویر رکھ دیں یا بڑے اھرام میں بیٹھ کر مراقبہ کریں نتائج مخفی اسرار و رموز سو فیصد ملتے ہیں۔

☆ اھرام نیک خواہشات و خیالات کو مادی شکل بھی فراہم کرتے ہیں۔ اھرام میں ناقابل عمل خواہشات لکھ کر رکھیں پوری ہو سکتی ہیں۔

☆ اپنے بیڈ کے نیچے اھرام رکھیں آپکو پرسکون میٹھی نیند آئیگی۔ شادی شدہ ہونے کی صورت میں ازدواجی مسرتیں بڑھ جائینگی۔

☆ اھرام میں بلیڈ رکھ دیں تو بلیڈ تیز ہو کر پھر سے کارآمد ہو جاتا ہے۔

☆ اھرام میں موذی امراض کینسر سرطان کی ادویات رکھیں ادویہ میں روحانی تاثیر شفاء کی قوت بڑھ جائیگی۔

☆ اھرام میں پھل سبزیاں رکھ کر کھائیں زیادہ توانائی بخش غذا بن جائے۔

☆ اھرام میں بیج یا قلمیں رکھیں تو ان کی افزائش حیرت انگیز طور پر بڑھتی ہے۔

☆ اھرام میں رکھا گیا دودھ یا پانی پینے سے بڑھاپا طاری نہیں ہوتا۔ اس دودھ یا پانی سے چہرہ دھونے سے خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے۔

☆ اھرام میں کوئی اسم اعظم یا قرآنی نقش اپنے نام مقصد کے ساتھ لکھ کر عروج ماہ میں رکھیں روحانی تاثیرات آپ کو حیران کر دیں گی۔

ھدیہ 3 انچ 900 روپے | **ھدیہ 6 انچ 2100 روپے** | **علاوہ محصول ڈاک**

بڑے اھرام مکتبہ آئینہ قسمت کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ II سے ھدیتہ دستیاب ھیں

محقق: علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی شہیدی اسلام آباد

خطبہ حضرت عباس علمدار امام حسین علیہ السلام

علمدار

پاکستان کے نامور عالم کامل اور منجم عصر جناب سید انتظار حسین شاہ زنجانی دام برکاتہ نے راولپنڈی میں ملاقات کے موقع پر خواہش ظاہر کی کہ آپ حضرت باب الحوائج ابوالفضل العباس علیہ السلام کا نایاب خطبہ جسے آپ اپنی خصوصی محافل میں پڑھتے رہتے ہیں تمام عالم اسلام کے قارئین کے لئے دیں تاکہ ہم اسے جنتری کے ذریعے عام کریں لہٰذا چونکہ یہ خواہش نشر فضائل اہل بیتؑ کی غرض سے ہے۔ لہٰذا ہم یہ تاریخی خطبہ زنجانی جنتری بابت 2011ء کے قارئین کے لئے ہدیہ کررہے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ آپ جتنا اس خطبہ شریف میں غور و فکر کریں گے اتنے ہی معرفت کے دروازے کھلتے جائیں گے۔ خداوند عالم ہم سب کو عرفانِ محمد وآل محمد علیہم عطا فرمائے (آمین)

علامہ جلیل محدث نبیل علامہ سید عین العارفین ھندی اعلیٰ اللہ مقامہ:۔ کتاب (مناقب السادۃ الکرام) میں نقل فرماتے ہیں جس دن سید الشہداء امام حسین علیہ السلام نے حج کے احرام کو عمرے کے احرام میں بدل دیا اور آپ کا قافلہ مکہ سے کربلا کی طرف روانہ ہورہا تھا (یعنی ۸ ذی الحجہ ۶۰ ہجری) اس دن حضرت عباس علیہ السلام کعبے کی چھت پر تشریف لے گئے اور یہ خطبہ ارشاد فرمایا:۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم:۔ الحمدللہ الذی شرف ھذا بقدوم ابیہ ما کان بالامس بیتا اصبح قبلة "حمد ہے اس پروردگار کی کہ جس نے اس گھر کو امام حسین علیہ السلام کے والد بزرگوار امیر المومنین علیہ السلام کے قدم مبارک اور ان کی بیت اللہ میں ولادت و آمد کی وجہ سے فضیلت عطا کی اور پروردگار عالم نے اس گھر کو کائنات کے لئے قبلہ کا درجہ دیا"۔

ایھا الکفرۃ الفجرۃ! اتصدون طریق البیت لامام البررۃ؟ من ھوا حق بہ من سائر البریة ومن ھوا دنی بہ؟ "اے فاسق و فاجر اور کافرو! کیا تم خدا کے گھر کا راستہ نیک و پرہیزگار لوگوں کے امام پر بند کر رہے ہو؟ اور اس امام سے زیادہ اس گھر (خانہ کعبہ) پر کس کا حق ہے؟" ولو لاحکم اللہ الجلیة واسرارہ العلیة واخبارہ البریة لطار البیت الیہ قبل ان یمشی لدیہ قد استلم الناس الحجر والحجر یستلم یدیہ "اگر کوئی خدا کا واضح حکم جلی اور کچھ راز مخفی و علیانہ ہوتے اور لوگوں کی آزمائش کی بھی ضرورت نہ ہوتی تو اس سے پہلے کہ امام حسین علیہ السلام کی طرف آتے یہ کعبہ خود امام حسینؑ کی طرف پرواز کر جاتا لوگ حجر اسود پر تبرکاً ہاتھ پھیرتے ہیں لیکن حجر اسود خود امامؑ کے مبارک ہاتھوں پر بوسہ دیتا ہے۔" ولو لم تکن مشیة مولای مجبولة من مشیة الرحمن لوقعت علیکم کالصقر الغضبان علی عصافیر الطیر ان۔ "اگر میرے مولاؑ اور امامؑ کا ارادہ نہ ہوتا چونکہ میرے مولاؑ کا ارادہ بھی خدا کے ارادے سے ہی ہے۔ تو میں تم پر غضب ناک شاہین کی طرح حملہ کرتا جیسے وہ چڑیا جیسے چھوٹے پرندوں پر حملہ کرتا ہے"۔ اتخوفون قوما یلعب بالموت فی الطفولیة فکیف کان فی الرجولیة؟ ولفدیت بالحامات لسید البریات دون الحیوانات "کیا تم اُن لوگوں کو موت سے ڈرا رہے ہو کہ جن کے ہاتھوں میں موت بچپنے ہی سے بازیچہ اطفال رہی ہے اور وہ بچے جو بچپن سے ہی موت سے کھیلتے ہیں اب وہ جوان ہو چکے ہیں اور اپنے طیب و طاہر آقا و مولا پر جان فدا کرنے کو تیار ہیں" ھیھات فانظروا ثم واممن شارب الخمر وممن صاحب الحوض و الکوثر ومن فی بیته الغوانی السکر ان وممن فی بیته الوحی والقرآن وممن فی بیته اللھوات ولد نسات وممن فی بیته التطھیر والایات "افسوس تم لوگوں سے کتنا بعید ہے کہ تم فکر کرو اور صحیح فکر کرو ایک شراب خور کے بارے میں اور اس کے بارے میں کہ جو حوض کوثر کا مالک ہے' اور اس شخص کے بارے میں کہ جس کا گھر نشے کا مرکز اور جہاں سے غناء اور موسیقی کی آواز آتی ہے اور اس امام برحق کے گھر کے متعلق جس کا گھر وحی و قرآن کا مسکن ہے تم فکر کرو اس شخص کے بارے میں کہ جس کے گھر میں عیش و عشرت لھو و لعب اور بے ہودگی کا ساز و سامان ہے اور اس گھر کے بارے میں جس کے گھر تطہیر کی آیات طہارت' پاکیزگی اور آیات الٰہی ہیں (تم خود ہی بتاؤ ان دونوں میں سے کس کی پیروی کرنی چاہیے)" وانتم وقعتم فی الغلطة التی قد وقعت فیھا القریش لانھم ارادوا قتل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وانتم تریدون قتل ابن بنت نبیکمؐ۔ "تم سخت غلط فہمی میں ہو اور اسی غلط فہمی میں تم سے پہلے قریش مکہ مبتلا ہو گئے تھے۔ اس طرح کہ وہ چاہتے تھے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قتل کریں اور اب تم بھی یہی چاہتے ہو کہ ان کے بیٹے کو قتل کرو اور جس طرح جب تک امیر المومنینؑ کی موجودگی میں' قریش حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو شہید نہیں کر سکتے تھے اسی طرح جب تک میں زندہ ہوں تم امام حسینؑ کو قتل کر دو تو یہ اسی وقت ممکن ہے کہ سب سے پہلے تم مجھے قتل کرنے میں جلدی کرو اور میرا سر تن سے جدا کر دو' پھر ہی تم اپنی مراد پا سکتے ہو۔ خدا تمہیں تمہارے مقصد تک نہ پہنچائے اور تمہاری زندگی کم کرے اور تمہارے بیٹے تم سے جدا کر دے اور خدا تم پر اور تمہارے اباؤ اجداد پر لعنت کرے" ملاحظہ فرمائیں۔ مناقب السادۃ الکرام صفحہ ۴۴' مطبوعہ نجف اشرف' خطیب کعبہ' ص ۴۳ مطبوعہ ایران' کتاب سقای معرفت جلد دوم' ص ۱۲۵۔۱۲۶' مطبوعہ قم مقدسہ ایران۔

نوٹ:۔ کتاب شریف سقای معرفت قم مقدسہ کے جلیل قدر عالم ربانی باقر فخار دام ظلہ کی تصنیف ہے جس کا ترجمہ انشاءاللہ فروری میں آپ دست بوس ہوگا انتظار فرمائیں۔

چون جدا شد دست ھای ان امیر
سر بریدہ شاہ را شمر شریر

جب اس سردار کے ہاتھ کٹ گئے تب ہی شمر شریر نے شاہ شہیدان کا سر جدا کر سکا یعنی حضرت ابوالفضل العباس علیہ السلام کی موجودگی میں کسی کو جرات نہ تھی کہ وہ فرزند رسولؐ کو شہید کر سکتا۔

طلسماتی چھلہ حروفِ صوامت: کلمہ طیبہ میں استعمال ہونے والے حروفِ صوامت، عجیب و غریب خواص کا طلسماتی چھلہ پہن کر اپنی دنیاوی و روحانی منزلت بڑھائیں۔ (ہدیہ چھلہ چاندی: -/700 روپے)

☆ شاہین بکسٹال، ریل بازار، گوجرانوالا ☆ حفیظ بک ڈپو، کبیر والا ☆ زینت جنرل اسٹور، مین بازار، جوہر آباد

Scanned with CamScanner

نوروز عالم افروز 2011

منجم شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

نوروز نو بہار وہ روز سعید ہے — جو مومنوں کے واسطے اک روز عید ہے
سلطان علیؑ کے زمانے کا ہے نشاں — اور آمد امام زمنؑ کی نوید ہے

2011 بادشاہ سال قمر ہونے سے عالمی حالات مدو جزر کا شکار رہیں گے

بفضل تعالیٰ عزوجل بہ طفیل حضور پُر نور سید یوم النشور حضرت محمد مصطفیٰؐ بتصدیق امام المشارق والمغارب امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام نوروز 21 مارچ 2011ء 7 چیت 2067 بکری بروز پیر 4 بجکر 22 منٹ صبح پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم تحویل آفتاب لاہور کے افق پر بحساب یونانی زائچہ برج دلو طلوع ہوگا۔

نوٹ: چونکہ نوروز کا وقت پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم تحویل آفتاب کے مطابق ہے لہٰذا اس کا اطلاق ہر شہر اور قصبہ پر یکساں ہوگا۔ مقامی وقت کو جمع یا نفی کرنے کی ضرورت نہیں۔ مبارک و مستجاب وقت سے مومنین یکساں استفادہ فرمائیں۔ بیرون ملک رہنے والے بہن بھائی نوروز کا پاکستانی وقت 04 بجکر 22 منٹ سے 5 گھنٹے نفی کرلیں تو 20 مارچ 23 بجکر 22 منٹ گرین وچ کا وقت نکل آئے گا اس وقت میں گرین وچ سے اپنے ملک کا معیاری وقت جمع یا نفی کر لینے سے آپکو اپنے ہاں کا نوروز کا وقت مل جائیگا۔

قدیم زمانہ سے **منجمین** میں رواج چلا آرہا ہے کہ جب شمس برج حمل میں صفر درجہ صفر دقیقہ پر داخل ہوتا ہے تو **منجمین** اس وقت کو نہایت متبرک اور معتبر جانتے تھے اور جانتے ہیں۔ کیونکہ **شمسی سال کی ابتداء** اس وقت ہوئی تھی اور **مہینوں کے نام بھی ان ہی بارہ بروج** سے متعلق و منسوب تھے۔ متقدمین اس وقت خاص کے تحت زائچہ کشید کر کے دنیا میں یا خاص خاص ملکوں میں ایک سال کے اندر وقوع پذیر ہونے والے اچھے برے واقعات کا اظہار کرتے ہیں۔ ہم نے چاروں نوروز کے ساتھ پاکستان کا زائچہ کشید کیا ہے لہٰذا ہم ان سے ملکی احوال بیان کریں گے۔ یہ زائچے سبھی اوتاد کہلاتے ہیں یعنی زائچہ سال نو اوتاد اول **حمل** سے شروع ہوگا۔ دوم اوتاد تحویل شمس در **سرطان** سوم اوتاد تحویل شمس در **میزان** چہارم اوتاد تحویل شمس در **جدی** جب یہ چاروں زائچے درست بن جاتے ہیں تو 3،3 ماہ کی سیاسی و مومنوں کے احکامات صحیح ترین اخذ کئے جاتے ہیں۔ پھر یہ کہ زائچہ اول **بادشاہ سال** کے درجہ کے مساوی زائچہ دوم **وزیر سال** زائچہ سوم **سپہ سالار** جبکہ زائچہ چہارم **مشیر سال** کہلاتا ہے۔ یہ تو اصلی نوروز ہے۔ قدیم یونانیوں کے اصول کے تحت ہوتا ہے۔ اہل ہند نوروز یکم چیت کو کہتے ہیں۔ یہ قمری ہوتا ہے اور اس کے تحت نوروز کی سواری اور ان کے ادھیکار (وزیر سپہ سالار وغیرہ) مقرر کرتے ہیں۔ اب یونانی نوروز کو بھی ہندوستان کی تمام جنتریاں جگہ دے رہی ہیں۔ جو محض نئی اختراع ہے اس اختراع کو ابھی سو برس بھی نہیں ہوئے مگر یہ صرف ہندوؤں کے اصول کے تحت ہے۔ ورنہ دنیا کے کسی خطہ میں بھی عجیب و غریب سواری رنگ برنگ دیو مالائی احوال کا وجود نہیں صرف سیدھے سادھے مسلمان اس کو فرد اعظم تصور کرنے لگے ہیں۔ یہ سب محض اہل ہند کے طریق کے تحت ہوتا ہے۔ نوروز 2011 بمطابق اہل یونان صدی کا 39863 واں اور 111 واں نوروز ہوگا۔ اس نوروز عالم افروز کی قوت بحساب علم الاعداد سو گنا زیادہ معلوم ہوتی ہے کہ یہ نمبر مولا علی مشکل کشاء کے عدد 110 ہیں۔ اس میں واحد ایک اللہ تعالیٰ کا جمع کریں تو 111 بنتا ہے، جو اسم اعظم عالی ہے۔ بزم نوروز یا عالیٰ کثرت سے پڑھنا بھی آپکو بلندی و سرفرازی عطا کریگا، دیگر مومنین نوٹ فرمالیں۔ 21 مارچ 2011ء بوقت 4 بجکر 22 منٹ صبح بروز پیر۔ انشاء اللہ

احکامات نوروز

(1)	بادشاہ سال	قمر	21 مارچ 2011
(2)	وزیر اعظم سال	مریخ	21 جون 2011
(3)	سپہ سالار سال	زہرہ	23 ستمبر 2011
(4)	مشیر سال	مشتری	22 دسمبر 2011



شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

درود شریف کی روح

موجودہ مادی دور میں انسان کی مصروفیات اس قدر زیادہ ہیں کہ وہ کسی اور طرف زیادہ توجہ نہیں دے سکتا۔ درودِ پاک کی فضیلت میں قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کا واضح حکم ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۝

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ اوراس کے فرشتے نبی پاک ﷺ پر درود شریف بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والوتم بھی ان پر درود بھیجو۔

قرآنی آیت سے درود شریف کی فضیلت کا آپ خود اندازہ کر سکتے ہیں اور پھر سب سے بڑی فضیلت یہ ہے کہ درود شریف کے بغیر اسلام کا دوسرا رکن یعنی نماز مکمل نہیں ہوتی اور یہ پہلا درود شریف ہے جس میں پہلے حصہ میں صلوٰۃ محمد ﷺ اوران کی آل پر بھیجنے کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام اوران کی آل پر بھیجی گئی ہے اور دوسرے حصہ میں دونوں پیغمبران عظام پر اوران کی آل پر برکت کے نزول کا تذکرہ ہے۔ اس درود پاک کو جسے ہم مکمل درود شریف کہتے ہیں اور درود ابراہیمی علیہ السلام کے نام سے مشہور ہے جس کے بغیر نماز مکمل نہیں ہوتی بڑی فضیلتوں کا حامل ہے۔ ہر مسلمان کا فرض ہے کہ روزانہ رسول اللہ ﷺ اوران کی آل پر درود بھیجے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ روزِ قیامت تم میں سے ہر مقام اور ہر جگہ میرے زیادہ قریب وہ ہوگا جس نے تم میں سے مجھ پر اور میری آل پر درود پاک کی کثرت کی ہوگی۔ حضرت مولا علی شیر خدا علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ کچھ نوری فرشتے وہ ہیں جو صرف جمعہ کی رات اور جمعہ کے دن زمین پر اترتے ہیں اوران کے ہاتھ میں سونے کے قلم اور چاندی کی دواتیں اور نور کے کاغذ ہوتے ہیں وہ صرف نبی اکرم ﷺ اور آپ کی آل پر درود شریف پڑھنے والوں کا درود پاک لکھتے ہیں۔ (سعادۃ الدارین صفحہ 61) غرض درود پاک کی فضیلت پر بے شمار احادیث اور اقوال درود تاج، درود لکھی، درود ہزارہ، درود نازلہ، درود شفاء ہمارے ہاں درود پاک پر بڑی بڑی ضخیم کتابیں موجود ہیں جن کے مطالعہ سے مکمل راہنمائی حاصل ہوتی ہے۔ دُنیا اسم اعظم کی تلاش میں سرگرداں ہے اسی طرح اس درود میں لوگ یہ چاہتے ہیں کہ وقت کی کمی کے باعث مختصر سے مختصر ایسا درود شریف ہو جو آسانی سے پڑھا جاسکے اور فضیلت و درجہ میں سب سے بھاری ہو اور تمام مصائب و مشکلات کا حل بھی اس میں ہو تو آیئے ہم اس دفعہ آپ کی پسندیدہ زنجانی جنتری 2011ء کے ذریعے ایسا درود شریف دے رہے ہیں جو نہ صرف درود شریف کی روح ہے بلکہ آپکے، ہمارے اور تمام انسانیت کے دکھوں کا مداوا ہے وہ درود پاک یہ ہے:

صلو علیہ وآلہ

بلغ العلی بکمالہ کشف الدجیٰ بجمالہ حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ وآلہ

بقول امام عبدالوہاب الشعرانی جو شخص اس درود پاک کا ورد کرتا ہے اپنے لئے ستر ہزار رحمت الٰہی کے دروازے کھلوا لیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے لوگوں کی محبت کا مرکز اور منظورِ نظر بنا دیتا ہے یہ روح درود شریف کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ آپ اس درود پاک کو جو تمام درودوں کا خلاصہ ہے اپنا معمول بنالیں اور روزانہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھا کریں یا عشاء کی نماز کے بعد 283 بار پڑھ لیا کریں۔ تمام جائز امور میں اللہ تعالیٰ کامیابی عنایت فرمائیں گے۔ اگر کوئی آدمی مفلس ہے فکر معاش نے تنگ کر رکھا ہے تو ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک ہزار بار روزانہ اس درود شریف کو پڑھے اللہ تعالیٰ غیب سے اسباب معاش عطا فرمائیں گے۔ سخت سے سخت بیماری کے لئے اسی طرح پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیں اور ہاتھوں پر دم کر کے تمام جسم پر پھیر لیں۔ اللہ تعالیٰ شفاء کاملہ دے گا۔ طالب علم امتحان میں کامیابی کے لئے، دختران بخت کشائی کے لئے پڑھیں۔

مشکلات کے جلد حل کیلئے: جب آپ گھر سے باہر نکلیں تو جناب سیدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کی ذات اقدس پر سلام پڑھیں۔ آپ اللہ تعالیٰ کی حفظ وامان میں ہو جائیں گے۔ جب بھی سخت مشکل ہو، نماز حاجت دو رکعت نماز سیدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا بجالائیں۔ فوری مشکلات حل ہونگی۔ کسی افسر کے پیش ہونا ہو، کوئی مشکل امتحان ہو، آزادی کے حضور 14 سلام پیش کریں۔ مصیبت فوری ٹل جائے گی۔ رزق میں اضافہ، اولاد نیک اور سکون قلب کیلئے اس عمل سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔

☆ عاطف بک ڈپو، تھانہ روڈ، علی پور چٹھہ ☆ خان برادرز بک سیلرز، تھانہ روڈ، علی پور چٹھہ

آج کا مضمون ذرا میرا اپنے وطن عزیز پاکستان سے والہانہ محبت کی عکاسی کرتا ہے

عظمت و نسبت

پاکستان کو انگریزوں نے بین الاقوامی ٹیلی فونک الیکٹرانک کوڈ دیا: 0092

اس 92 سے مراد

م	ح	م	د	محمد	اسم محمد
40	8	40	4	=	92

پاکستان کے تین بڑے شہروں کا کوڈ

کراچی: 021

21 سے مراد رمضان المبارک کا یوم شہادت حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم اور اس کا مفرد 3 اور 3 ہی حروف ان کے ہیں۔ (ع۔ل۔ی)۔ اسم علی ان دونوں کوڈ کو دیکھیں تو پاکستان کا کوڈ 92= محمد ، کراچی کا کوڈ 21= علی

تو کراچی میں پیدا ہونے والا اور بانی پاکستان محمد علی ہوا۔

ان دونوں کوڈ کو جمع کر کے مفرد حاصل کریں۔

(9+2+2+1=14) (1+4=5)

5 ارکانِ اسلام، 5 فرض ہونے والی نماز، 5 ہاتھ کی انگلیاں، 5 نفوسِ مطہرہ (اہل بیعت اطہار، یعنی پنجتن پاک)، پاکستان کے مشہور فقہ 5 (حنفی، مالکی، حنبلی، شافعی، جعفری)

لاہور: 042

اس کا مفرد ہوا: 2 + 4 = 6

اسلام آباد (راولپنڈی): 051

اس کا مفرد ہوا: 1 + 5 = 6

اگر 6 کو 6 کے سامنے یا برابر میں لکھیں یعنی 66= تو یہ اسمِ جلالت (اللہ) کو ظاہر کرتا ہے اور اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ میرا ملک پاکستان اللہ کا دیا ہوا تحفہ ہے اور اس 6 کی نسبت دیکھیں خالقِ کائنات نے چھ ہی دنوں میں سورج، چاند، ستارے، زمین اور آسمان کو خلق کیا۔ ان دونوں شہروں کے کوڈ نمبر آپس میں ملائیں تو 12۔

12 امام، 12 ہجری، 12 عیسوی اور 12 تاریخ (ربیع الاول) ولادت رسول خدا ﷺ

پس اس ملک ذیشان پاکستان میں ان کو ماننے اور بے پناہ عقیدت محبت اور ان دنوں کے منانے والوں کی کثیر تعداد ہے اور اس ملک میں خصوصاً 12 ربیع الاول کا دن شایانِ شان طریقے سے منایا جانا پہلے سے ہی طے ہو گیا۔ اسی سبب یہ دن دنیا بھر میں میری تحقیق کے مطابق صرف پاکستان ہی میں شایانِ شان منایا جاتا ہے۔

اب اس ملک کی ذرا روحانی عظیم المرتبت و نسبت دیکھئے

دنیا کے نقشے کے مطابق پاکستان سعودی عرب کے شہر مکہ کے خانہ کعبہ کے دروازے کے بالکل سامنے ہے۔ جب دروازۂ کعبہ کھلتا ہے تو ساری برکتیں جغرافیائی پاکستان کو ملتی ہیں اور تو اور میرے آقا ﷺ جب معراج پر گئے تو آپ ﷺ کی پشت مبارک پاکستان کی طرف تھی اور جب آئے تو سینۂ مبارک اور چہرۂ مبارک پاکستان ہی کی طرف تھا تو سارے کا سارا نور ربانی اور تجلیات ربانی پاکستان کو اور پھر پاکستانی جب بھی نماز ادا کرتا ہے تو بالکل خانۂ کعبہ کے دروازے کے سامنے ہو کر روحانی دیدار کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ میرے آقا ﷺ کے قدم مبارک کے تلووں کا رُخ بھی پاکستان کی طرف ہی ہے۔ گویا پاکستانی دن میں پانچ مرتبہ قدم مبارک کی قدم بوسی کا شرف حاصل کرتا ہے۔ اس عظیم پاکستان کو بھلا کون مٹا سکتا ہے جس کو ایسی نسبتیں حاصل ہوں۔

اسم محمد علی سے، 5 ارکانِ اسلام سے، رمضان المبارک کے مہینے سے، نفوسِ مطہرہ (اہل بیعت اطہار یعنی پنجتن پاک)، لیلۃ القدر سے، 5 نمازوں سے، جشنِ نزول قرآن سے، قرآن پاک کی منزلوں سے، 7 زمینوں سے، 7 آسمانوں سے، خانۂ کعبہ کے دروازہ سے، مدینہ منورہ سے، 5 خلفائے راشدین (ابوبکرؓ، عمر فاروقؓ، عثمانِ غنیؓ، علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ اور امام حسنؑ (جن کی چھ ماہ پر خلافت مبنی ہے) عنہم سے، 5 دریاؤں (جہلم، راوی، چناب، ستلج اور سندھ) سے۔ تو کامل ایمان پکارا اٹھا، پاکستان کو مٹانا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن بھی ہے۔

سلام اے میرے پیارے پاکستان سلام اے میرے پیارے ملک پاکستان

بس بدنصیبی ہے ہماری کہ اس پیارے و مقدس ملک سے میرے ہم وطنوں کو پیار نہیں، اس کی عظمت و نسبت کا خیال نہیں، سب سے زیادہ دکھ اس وقت ہوتا ہے جب ایک معمولی پاکستانی اس ملک کی برائی کرتا ہے۔ یہ رب جلیل کا بڑا احسان ہے جس طرح قرآن پاک اور صاحب قرآن پاک ہیں۔ اللہ سے دعا ہے اس ملک کی اپنے محبوب ﷺ اور قرآن پاک کی طرح حفاظت فرمائے اور ہم سب کو اس ملک کو سمجھنے اور اس کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

آزادیٔ پاکستان 15 اگست 1947ء کی تحقیق ہمیں زنجانی جنتری سے ملی ہے۔

☆ وحید بک ڈپو، سوہاوا (گجرات) ☆ شوکت بک ڈپو، گجرات ☆ کشمیر بک ہاؤس، گجرات

Scanned with CamScanner

علم فلکیات کی روشنی میں آپ اور اپنے بچوں کو کامیاب زندگی گزارنے میں مدد دیں مستقبل میں کن کن کاموں میں اور پیشوں میں کامیابی ہوگی

حمل

قیادت، سرداری، افسری، فوجی ملازمت، جراحی، انجینئرنگ، پولیس کی ملازمت، سائنسدانی، سپورٹس مین شپ، دندان سازی، محقق، مینیجری، ذاتی کاروبار موزوں پیشے ہیں۔

ثور

ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی، کسی ادارے کی منتظمی یا سربراہی، معماری، زراعت، بنکاری، سول سروس، سنگتراشی، زیور سازی یا زیور فروشی، موسیقی و اداکاری، صنعت، حساب دانی وغیرہ

جوزا

سیاحت، پیغام رسانی، رسل و رسائل، تصنیف و تالیف، ادب، شاعری، کلرکی، حساب دانی، ایجنسی، تقریر، درس و تدریس، تجارت، نیوز رپورٹری موزوں پیشے ہیں۔

سرطان

ماہی گیری، جہاز رانی، مشروبات کی تیاری اور فروخت، ہوٹل کا کاروبار، زمین و جائیداد کی خرید و فروخت، زراعت، باغبانی، تیمارداری، ادویات سازی موزوں اور مناسب پیشے ہیں۔

اسد

کسی ادارے کی سربراہی یا منتظمی، سماجی نظام کی ترتیب، سوشل ورک، رفاہی اداروں سے وابستگی اور سیری، اداکاری، چیئرمین شپ، ذاتی کاروبار، قیادت اور حکومت وغیرہ۔

سنبلہ

درس و تدریس، ادب، شاعری، تصنیف و تالیف، ماہر نفسیات، فلسفہ دان، قیافہ شناس، نرسنگ ڈاکٹری، سائنسدانی، ٹیکنیشنز، نقاد، مقرر، انسپکٹر، سیکرٹری، حساب دانی موزوں پیشے ہیں۔

میزان

علم و ادب، شاعری، آرٹ، موسیقی، اداکاری، فلم بندی، نقاشی، سفارت، سوشل ورک، حسن کی پلک بندی، افزائش حسن کی چیزیں تیار کرنا، میزبانی، پارچہ دانی موزوں پیشے ہیں۔

عقرب

تحقیق و تجسس، تفتیش، سراغرسانی، جراحی، نفسیات دانی، حکمت و طباعت، درحسابی علاج معالجہ، وکالت، قصاب، سائنسدان وغیرہ موزوں پیشے ہیں۔

قوس

مذہبی فرائض کی انجام دہی، تبلیغ، وکالت، ترجمانی، فلسفہ دانی، نفسیات دانی، سوشل ورک، رفاہی امور کی انجام دہی، سول سروس، تحقیق و جستجو، سیاحت، معلمی، سیاسیات موزوں پیشے ہیں۔

جدی

درس و تدریس، حساب دانی، مذہبی فرائض کی انجام دہی، ایڈمنسٹریشن، سائنسدانی، سول سروس، زراعت، باغبانی، زمین و جائیداد کی خرید و فروخت، معماری، سیاست، ذاتی کاروبار موزوں پیشے ہیں۔

دلو

سائنسدانی، فوٹوگرافی، تصنیف و تالیف، ادب، شاعری، نفسیات دانی، فلسفہ دانی، نجم شناسی کا کام، ریڈیو اور ٹیلی ویژن بنانا اور مرمت کرنا، رفاہی کام، عام فنی پیشے موزوں رہتے ہیں۔

حوت

موسیقی، شاعری، تصنیف و تالیف، تقریر، نفسیات دانی، فلسفہ دانی، ایکٹنگ، خواب کی تعبیر بیان کرنا، آرٹ، رفاہی کام، درس و تدریس، ملاح، ماہی گیری موزوں پیشے ہیں۔

☆ کاٹھیاوار سٹور لوہا بازار، لاڑکانہ ☆ محمد علی نیوز ایجنٹ لودھراں ☆ انعام نیوز ایجنسی، لورالائی

کمالاتِ جفر حب و بغض کا سربستہ راز

تحریر: حکیم سرفراز احمد زاہد ملتان

جب دو لوگوں میں محبت کرانا مقصود ہو یا دو دوستوں میں عداوت کرانی ہو تو پہلے اس اسم کو حاصل کریں جو مستوی ہو۔ مگر اس عمل میں مستوی حاصل کرنے کا طریقہ اسم اعظم استخراج کرنے کے طریقہ سے ذرا مختلف ہے، اس لیے غور سے سمجھیں۔ سب سے پہلے حرف مستوی کو بطریق اسم لکھیں، اس کے اسم مطلوب معہ والدہ کے اعداد ابجد قمری سے حاصل کر کے جمع کبیر بنائیں۔ ان اعداد کو منازل قمری پر طرح کریں، جو باقی بچے اس عدد کے مطابق ابجد قمری سے حرف لیں یہ حرف دلیلی کہلائے گا۔

اب اسی طرح طالب کے اعداد لے کر منازل پر طرح کرے۔ حرف دلیلی حاصل کرو، اب حرف مستوی اور دونوں اب طالب اور مطلوب کے اعداد کو ایک دوسرے سے تفریق کریں جو باقی بچے ان اعداد کو صرف سرّی کے اعداد میں جمع کرے پھر 28 پر طرح کریں، جو باقی بچے اس کا حرف بنائیں، یہ حرف طالب اور مطلوب کے درمیان واسطہ ہوگا۔

اب جس قدر حروف حاصل ہوں ان میں طالب اور مطلوب مع والدہ کے اعداد ملا کر مخمس خالی القلب پُر کریں۔ مخمس پُر کرنے کے لیے طالع وقت سعد ہونا چاہیے، نظرات بھی سعد ہوں۔ اس مخمس کو عنصر کے مطابق استعمال کریں۔ میں ہمیشہ چاروں عناصر کے مطابق نقش تیار کرنے کو ترجیح دیتا ہوں۔ انشاء اللہ بہت جلد اثرات ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے۔

حروف مستوی معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ فصلیں چار ہوتی ہیں، یعنی چار موسم ہوتے ہیں جن میں ربیع، خریف، صیف (گرمی) اور شتا (سردی)۔ علاوہ ازیں ماہرینِ جفر نے ہر فصل یعنی موسم کو سات سات حروف دیے ہیں۔ مثلاً

(1) صیف یعنی گرمی کے موسم میں حروف آتشی: ا ہ ط م ف ش ذ ہوتے ہیں۔
(2) شتا یعنی سردی کے موسم میں حروف آبی: ب و ی ن ص ت ض ہوتے ہیں۔
(3) فصل ربیع میں حروف بادی: ج ز ک س ق ث ظ
(4) فصل خریف میں حروف خاکی: د ح ل ع ر خ غ

ہر حرف کا تسلط و حکمرانی ہر موسم میں تیرہ روز تک رہتا ہے۔

ہر حرف کا تسلط و حکمرانی ہر موسم میں تیرہ روز تک رہتا ہے۔ مثلاً جب آفتاب برج حمل میں داخل ہوتا ہے تو فصل ربیع شروع ہو جاتی ہے تو پہلے 13 روز تک حرف ج کی حکومت ہو گی، پھر 113 روز تک حرف ز، پھر 13 روز تک حرف ک کی حکمرانی ہو گی۔ اس طرح سارا سال حروف کی حکمرانی رہتی ہے۔ مثلاً ہم نے 11 جولائی کو عمل کرنا ہے تو 20 مارچ 2010ء کو آفتاب برج حمل میں داخل ہوا تو 11 جولائی 2010ء تک 13 دن ہوئے۔ (مارچ 11، اپریل 30، مئی 31، جون 30، جولائی 11 = 113 دن) اب 13-13 دن ہر حرف کو دیے، فصل ربیع کیونکہ آفتاب کے برج حمل میں داخلہ پر شروع ہو جاتا ہے تو قانون کے مطابق پہلے 13 دن حرف ج کو ملیں گے، اس حساب سے ساتوں حروف فصل ربیع کے 91 دن ہوئے۔ اگلے 13 دن فصل خریف حرف خاکی د کے ہوئے 19+13=104، 113–104 باقی 9 دن حرف ح کے ہوئے۔ اس سے پتہ چلا کہ 11 جولائی 2010ء کو حرف ح کی حکمرانی چل رہی تھی۔ قانون کے مطابق یہ حرف ح ہمارا حرف مستوی ہے۔

مثلاً مطلوب قدسیہ بانو بنت نوراں = عدد 545÷28، باقی 13، حرف: م

طالب: عبیداللہ بن ارم عدد=383 ÷ 28 ، باقی: 21 حرف: ش

حروف: م، ش حروف دلیلی ہیں۔

اب ح+م+ش = 8 + 40 + 300 = 348 ÷ 28 باقی: 12

حرف ل یہ حرف سرّی ہے۔

اب حرف واسطہ معلوم کرنا ہے۔ 545 – 383 = 162 + 12

174 ÷ 28 ، باقی: 6 ، حرف واؤ پر حرف واسطہ ہے۔

کل حروف: ح+م+ش+ل+و

اعداد: 8 + 40 + 300 + 30 + 6 = 384

اعداد طالب + مطلوب: 545 + 383 + 384 = 1312

کل اعداد کو 65 پر تقسیم کریں، حاصل قسمت کو ہر خانہ میں ضرب دے کر نقش مکمل کریں۔ اگر باقی بچے تو خانہ نمبر 24,19,17,15 اور 26 میں اضافہ کریں۔ نقش یہ ہے: 1312 ÷ 65 = 20 ، باقی: 12

۷۸۶

جبرائیل

۱۶ ۳۲۰	۱۰ ۲۰۰	۱ ۲۰	۱۲ ۲۴۰	۲۶ ۵۳۲
۹ ۱۸۰	۲۱ ۴۲۰	۱۹ ۳۹۲	۱۳ ۲۶۰	۳ ۶۰
۱۵ ۳۱۲	۱۱ ۲۲۰		۱۴ ۲۸۴	۱۵ ۵۰۰
۵ ۱۰۰	۶ ۱۲۰	۲۳ ۴۶۰	۲۴ ۴۹۲	۷ ۱۴۰
۲۰ ۴۰۰	۱۷ ۳۵۲	۲۲ ۴۴۰	۲ ۴۰	۴ ۸۰

نوٹ: (1) سنٹر میں چھوٹے ہندسے نقش کی چال ہیں۔ اس نقش کو ساعت زہرہ تثلیث یا تسدیس زہرہ و مشتری یا زہرہ یا قمر میں بنائیں۔ دیکھیں مطلوب کیسے قدموں میں سر رکھتا ہے۔ (2) بس تو مطلب کے خانہ میں موکل استخراج کر کے لکھتا ہوں اور اس کی عزیمت بھی با موکل حل تیار کرتا ہوں، یہ طریقہ بہت مؤثر ہے اور سریع التاثیر ہے۔ اس کے علاوہ میں اعداد کی جگہ ہر خانہ میں حروف لکھتا ہوں۔ اس سے بھی تیز کرنے کے لیے ہر خانہ میں حروف کے موکلات بنا کر لکھتا ہوں۔ کبھی رسالہ میں اس اس طریقہ کی نشاندہی کروں گا۔ یہ وہ طریقہ ہے جو مجھے سینہ بہ سینہ ملا ہے۔ یہ عمل گھنٹوں میں کام کرتا ہے، یہ دعویٰ ہے۔ (3) آپ اس نقش کی قوت پر غور کریں۔ رک 220 اور رفد 284 اعداد مطلوب کے دائیں بائیں قائم ہیں۔ مزید کچھ نہیں کہوں، اشارہ صرف۔

☆ محمد بشیر ایجنٹ، فتح پور ☆ پاک نیوز ایجنسی، لسبیلہ (بلوچستان) ☆ خورشید بک ڈپو، لکی مروت (سندھ)
Scanned with CamScanner

آیت الکرسی......ہمارے مسائل کا حل

مسلم امہ خصوصاً پاکستانی قوم ان دنوں دہشت گردی اور دیگر کئی قسم کی پریشانیوں میں گھرے ہوئے ہیں۔ آیت الکرسی سے فیض پائیں۔ اُبھرتے ہوئے روحانی اسکالر الحاج شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی فرمائش پر یہ تحقیقی روحانی افادیتِ آیت الکرسی قارئین زنجانی جنتری 2011ء کے لیے خاص طور سے لکھا اور آپ کی نذر ہے۔ (علامہ ڈاکٹر الحاج محمد حسین اکبر، پرنسپل منہاج الحسین لاہور)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ
لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ
اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ
وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ
وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا
وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

"سوائے خدائے یکتا اور زندہ کے کوئی معبود نہیں جو اپنی ذات میں خود قائم ہے اور دوسری تمام موجودات اس کی وجہ سے موجود ہیں۔ نہ اسے نیند آتی ہے اور نہ اونگھ (وہ اس کائنات کی تدبیر سے ایک لمحہ کیلئے بھی غافل نہیں ہے) جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے وہ سب کچھ اسی کیلئے ہے۔ کون ہے جو اس کے حضور اس کے اذن سے شفاعت کرے (شفاعت کرنے والوں کی شفاعت کے لائق افراد کی شفاعت کرنے سے اس کی مالکیت مطلقہ میں کوئی کمی واقع نہیں ہوتی) اس کے بندوں کے سامنے جو کچھ ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے سب کو جانتا ہے۔ (گزشتہ اور آئندہ والے سب لوگ اس کے حضور برابر ہیں) سوائے ان چند افراد کے جن کے بارے میں وہ چاہتا ہے کوئی بھی اس کے علم سے آگاہ نہیں ہوسکتا (یہ اسی کی ذات ہے جو ہر شیء سے باخبر ہے دوسری تمام مخلوق کا محدود علم اس کے بے پایاں و بے کراں علم کا پرتو ہے) اس کی کرسی (حکومت) تمام آسمانوں اور زمین کا احاطہ کئے ہوئے ہے اور ان کی حفاظت اس کیلئے کوئی بوجھ نہیں ہر قسم کی بلندی اور عظمت صرف اسی کی ذات کیلئے مخصوص ہے۔

اس آیت کو آیۃ الکرسی کیوں کہتے ہیں؟

اس آیت مجیدہ کا نام "آیۃ الکرسی" اس لیے رکھا گیا کیونکہ لفظ "کرسی" اس آیت کے ذیل میں آیا ہے لیکن اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے کہ یہ نام صرف عام لوگوں یا مسلمانوں نے اپنے میلان ورجحان کی وجہ سے نہیں رکھا بلکہ یہ نام خود اسلام کے بانی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رکھا جیسا کہ شیعہ اور سنی راویان احادیث کے سلسلہ روایت کے ذریعے یہ بات ہم تک پہنچی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود اس آیت مجیدہ کا نام "آیۃ الکرسی" رکھا ہے اور اس آیت مجیدہ کو اسی نام سے پکارا کرتے تھے باقی لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت پر عمل کرتے ہوئے یہی نام پکارنا شروع کردیا۔ اصحاب، تابعین وتبع تابعین اور پھر چلتا چلتا یہ نام آج چودہ صدیاں بعد بھی قرآن کے پیروکار پوری کائنات میں اس آیت مبارکہ کو اسی نام سے پہچانتے ہیں۔

☆ جاوید نیوز ایجنسی، دنیاپور (لودھراں) ☆ حنیف نیوز ایجنسی، گکھڑ منڈی

Scanned with CamScanner

آیت الکرسی میں اللہ تعالیٰ نے اپنی وہ صفات عالیہ بیان فرمائی ہیں جو اس کی ذات احدیت اور معبود حقیقی کے شایان شان ہیں۔

حیات، قیومیت، مالکیت، علم اور ہمیشہ ہمیشہ رہنے والی قدرت کاملہ جیسی صفات کو اس آیت کے ضمن میں بیان فرمایا ہے۔

اس آیت مجیدہ میں اللہ تعالیٰ کی ذات کا تذکرہ سولہ مرتبہ ہوا ہے کبھی نام کے ساتھ، کبھی ضمیر کے ساتھ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ پورے قرآن میں آیت مجیدہ جیسی کوئی آیت موجود نہیں۔

تفسیر درمنثور میں حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ ہر شئی کا تاج ہوتا ہے اور قرآن کا تاج آیت الکرسی ہے۔ امالی شیخ میں ابی امامہ باھلی سے روایت ہے کہ میں نے حضرت امیر المومنینؑ سے سنا آپؑ نے ارشاد فرمایا میں نہیں جانتا کہ کسی شخص نے اسلام میں عقل وشعور کی منزلیں طے کی ہوں یا اسلام میں پیدا ہوا ہو اور رات کی تاریکی کو گزار چکا ہو۔ میں نے پوچھا "تاریکی شب" سے کیا مراد ہے؟ آپؑ نے فرمایا پوری رات مگر یہ کہ اس آیت کو

اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم سے لے کر

وھو العلی العظیم

تک پڑھے" اگر وہ جان لے کہ یہ آیت کتنی عظمت کی مالک ہے تو اسے کسی بھی صورت میں ترک نہ کرے کیونکہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا آیت الکرسی ایک خزانہ ہے جو زمین کے نیچے سے مجھے عطا ہوا ہے۔ مجھ سے پہلے کسی پیغمبر کو عطا نہیں ہوا۔

چوتھا زائچہ نوروز: 21 دسمبر تا 20 مارچ 2013ء تک اثرات رہیں گے۔ یہ آخری چوتھا اور سالانہ زائچہ نوروز میں مسلسل تیسرا برج جوزا کا مشترکہ حاکم عطارد (قوم)، چوتھے (ملکی ارض اپوزیشن) ساتویں حکومت کے عوام سے کیے گئے وعدہ کا گھر ہے۔ اُدھر طالع میں ساتویں (غیر ملکی تجارت معاہدوں) اور دسویں (سربراہ مملکت) کا مشترکہ حاکم مشتری چاروں اوتاد کے مشترکہ حاکم عطارد مشتری ہو کر گھر گھر بندھن یوگ بنا رہے ہیں۔ یہ ملک و قوم کی تقدیر بدلنے جیسے ثمرات کا حامل زائچہ معلوم ہوتا ہے۔ ملک میں سیاسی مثبت تبدیلیوں کا عمل یا جاری شدہ عمل بہتر ہوگا۔ عبوری حکومت سے سابقہ حکومت کی کارکردگی پر زبردست تنقید، یہ زمانہ الیکشن کے قریب کا ہونے سے الیکشن کمیشن جعلی ووٹوں کا اخراج اور نئے ووٹوں کے اندراج کو یقینی بنانے کے ساتھ سرگرم عمل رہے۔ الیکشن تاخیر سے بھی ہوں تو یہ عمل جاری رہے گا۔ عوام اور اپوزیشن ستارہ عطارد کے وبال یافتہ ہمراہ میڈیا اور خفیہ ہاتھوں کا ستارہ زہرہ ہمراہ ہونے سے عوام کا الیکشن کا موڈ ٹوٹلی یوٹرن لے گا، الیکشن وقت پر ہوئے تو بڑے بڑے سیاسی برج اُلٹ جائیں گے۔ آٹھویں نویں کا حاکم زحل (سیاست کا ستارہ) چھٹے ہمراہ راس ہونے سے الیکشن کے نتائج متضاد اور متفرق آئیں۔ آٹھویں (ناگہانی حادثات و اموات) کے گھر شمس پلوٹو کے ہمراہ شرف یافتہ مریخ کا اکٹھے ہونا بڑے لوگوں پر عتاب، ناگہانی حادثات، تنزلی، تخریب کاری کے خدشات کو ظاہر کرتا ہے۔ اُدھر عروج یافتہ نیپچون کی وتد السماء پر آمد سپر پاور کی جانب سے ملکی سلامتی، دفاعی سلامتی کے مضبوط جال بُنے جا سکتے ہیں۔ مشتری عطارد گھر گھر بندھن ہمراہ زہرہ با شعور قیادت ہی ملک کو قحط الرجالی، بدد ور سے نکالنے کی اُمید کی جا سکتی ہے۔

اعمال نوروز: تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک و مسعود ہوتا ہے۔ یہ اجابت دعا کا وقت ہے مومنین مقررہ وقت سے پہلے پاک و پاکیزہ صاف ستھرے ہو کر لباس مطہر زیب تن کریں اور ایک صاف کمرے میں فرش پر پاک و پاکیزہ کپڑا بچھائیں اور خوشبویات مثل لوبان، اگر، عنبر، صندل وغیرہ لگائیں۔ پھر ایک دسترخوان پر سرخ و سپید و سبز اور سیاہ رنگ کی مٹھائی رکھیں۔ اس پر نذر حضرت امیر المومنینؑ دیں بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول چھوڑ دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں۔ **تحویل آفتاب کے وقت ساکن پھول میں خود بخود حرکت پیدا ہوگی۔ بس یہ وقت دعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے اس وقت یہ دعا کم از کم 46 مرتبہ پڑھیں۔**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَیَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَیَا مُقَلِّبَ
اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے کھولنے والے دروازوں کے اور اے پیدا کرنے والے اسباب کے اور اے پھیرنے والے
الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ وَیَا مُفَرِّجَ
دلوں کے اور نگاہوں کے اور اے فریاد سننے والے فریاد والوں کی اور اے راہ بتانے والے حیرانوں کے اور اے فرحت
الْمَهْمُوْمِیْنَ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ تَوَكَّلْتُ عَلَیْكَ یَا رَبِّیْ وَفَوَّضْتُ اِلَیْكَ
دینے والے غمگینوں کے میری فریاد کو پہنچ میری فریاد کو پہنچ بھروسہ کیا میں نے تجھ پر اے میرے رب اور میں نے تیرے سپرد کیا
اَمْرِیْ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا اَللّٰهُ یَا بَاسِطُ یَا رَزَّاقُ یَا فَتَّاحُ یَا كَرِیْمُ
اپنا کام اے پروردگار اے پروردگار اے اللہ اے خوشحال کرنے والے اے رازق اے کھولنے والے اے سخی

اس دعا کے اول و آخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف پڑھیں بعد ادائیگی دعا اپنے مقاصد و حاجات کے مطابق پڑھیں۔

اعمال دیگر: مومنین کو چاہیے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین 4 رکعت نماز نفل اس طرح ادا کریں۔ اول یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز پڑھتا ہوں قربتہ الی اللہ، اللہ اکبر۔ اول رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ سورہ انا انزلنا اور دوسری رکعت میں بعد سورہ فاتحہ 10 مرتبہ سورہ قل یا ایھا الکفرون اور بعد سلام ختم کرے اور پھر 2 رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اول رکعت میں سورہ فاتحہ 10 مرتبہ قل ھو اللہ احد اور دوسری رکعت میں بعد سورہ فاتحہ دس دس مرتبہ سورہ قل اعوذ برب الناس اور قل اعوذ برب الفلق پڑھیں اور بعد سلام ختم کریں اور دعا کریں اور سجدے میں جائیں اور یہ دعا پڑھیں۔

ایم جی آزاد نیوز ایجنٹ، اٹک آئل کمپنی کھوڑ، ضلع اٹک

لیاقت برادرز جنرل سٹور، عیدگاہ روڈ، ایبٹ آباد
Scanned with CamScanner

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِیَاءِ الْمَرْضِیِّیْنَ وَ عَلٰی جَمِیْعِ اَنْبِیَائِكَ وَ رُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَ بَارِكْ عَلَیْھِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَ صَلِّ عَلٰی اَزْوَاجِھِمْ وَ اَجْسَادِھِمْ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ بَارِكْ لَنَا فِیْ یَوْمِنَا ھٰذَا الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ وَ كَرَّمْتَهٗ وَ شَرَّفْتَهٗ وَ عَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَیَّ حَتّٰی لَا اَشْكُرَ اَحَدًا غَیْرَكَ وَ وَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰھُمَّ مَاغَابَ عَنِّیْ فَلَا یَغِیْبَنَّ عَنِّیْ عَوْنُكَ وَ حِفْظُكَ وَ مَا فَقَدْتُ مِنْ شَیْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِیْ عَوْنَكَ عَلَیْهِ حَتّٰی لَا اَتَكَلَّفَ مَالَا اَحْتَاجُ اِلَیْهِ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۝

بعد یہ دعا کریں اور اس دُعا کو تحویل کے وقت 36 مرتبہ پڑھیں۔

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَا مُدَبِّرَ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ یَا مُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَالْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالِ ۝

اس کلمہ کی جہاں تک ہو تکرار کریں، بعض نے لکھا ہے کہ نوروز کے دن موافق اعداد ایام سال اس دعا کو پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ ھٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِیْدَةٌ وَ اَنْتَ مَلِكٌ قَدِیْمٌ اَسْئَلُكَ خَیْرَھَا وَ خَیْرَ مَا فِیْھَا وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا وَ شَرِّ مَا فِیْھَا وَاَسْتَكْفِیْكَ مَئُوْنَتَھَا وَ شُغْلَھَا یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۝

نوروز کی شرعی حیثیت: حضرات آئمہ معصومینؑ کے ارشادات اور اعمال وافعال سے ثابت ہے کہ اس دن کو آلِ محمد مصطفیٰؐ نے اپنا دن فرمایا ہے اور اس کے متعلق بیشمار حالات وکوائف کو واضح فرمایا ہے اور بتایا ہے کہ بدو کائنات سے صبح قیامت تک اور ازل سے ابد تک یہ دن عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

یہ دن ہماری نگاہ میں اس لئے بھی خصوصی اہمیت رکھتا ہے کہ اسی دن نوروز بھی تھا۔ از تحقیق 18 ذوالحجہ کو حسن اتفاق سے تاریخ عیسوی بھی 18 مارچ تھی۔ قمری وعیسوی دونوں تواریخ (18) تھیں، (دیگر ایک تحقیق کے مطابق 17 مارچ تھی)۔ نوروز عموماً 20 یا 21 مارچ کو آتا ہے۔ 10ھ کی 18 ذوالحجہ تھی۔ یہ وہ تاریخ ہے کہ حضور خاتم النبیین سید الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰؐ نے بمقام غدیر خم بموقع حج آخر ایک لاکھ 24 ہزار صحابہ کرامؓ کے مجمع میں امام المتقین امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالبؑ کو بحکم پروردگار عالم مفاد یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیك من ربك اپنا جانشین مقرر فرمایا تھا۔

الحمد للّٰہ علی احسانہ قد رجع الحق الیٰ مکانہ

(روضۃ الاحباب) ان وجوہ کی بناء پر نوروز کے دن خوشی کا حکم دیا گیا ہے۔

نوٹ: بسلسلہ مزید اعمال نوروز کے لئے مارچ 2012 کا آئینہ قسمت ملاحظہ فرمائیں۔

نوروز نوبہار روز کا خاص طلسم

بحطے ||| // 9||| 9||| // لا لا

بوقت تحویل آفتاب نوروز عالم افروز یہ طلسم زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھیں

فضائل روزِ عید غدیر

☆ ماہ ذوالحجہ کی اٹھارویں تاریخ کو عیدِ غدیر ہے۔

☆ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ بروز ۱۸ ذوالحجہ عید غدیر تمام عیدوں سے بڑی عید ہے

☆ اس روز رسول اکرمؐ نے غدیر خم کے مقام پر امیر المومنینؑ کو اپنا خلیفہ وجانشین مقرر فرمایا۔

☆ اس دن ایک درہم صدقہ دینا ایک لاکھ درہم صدقہ دینے کے برابر ہے۔

☆ اہل سنت والجماعت کی معتبر تفاسیر اور تراجم میں ان کے علماء نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ یہ آیت مجیدہ غدیر خم کے مقام پر حضرت علیؑ کے بارے میں نازل ہوئی جیسا کہ درج ذیل تحریر سے ثابت ہے

☆ ابن ابی حاتم نے ابوسعید خدریؓ سے روایت کی ہے کہ درج ذیل آیت غدیر خم میں جناب حضرت علیؑ کی ولایت کے اعلان کے بارے میں نازل ہوئی (حبیب السیر جلد ۳)

یَآ اَیُّھَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَ اِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ (المائدہ:۶۷)

اے رسول جو حکم تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے پہنچا دو اور اگر تم نے ایسا نہ کیا تو گویا تم نے اس کا کوئی پیغام ہی نہیں پہنچایا (تفسیر [illegible])

☆ جب اعلانِ ولایت علیؑ ہو چکا تو جبرائیلؑ یہ درج ذیل آیت لے کر نازل ہوئے (تفسیر درمنثور جلد ۲ صفحہ ۲۰۹)

اَلْیَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِیْنَكُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَیْكُمْ نِعْمَتِیْ وَ رَضِیْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا (المائدہ:۳)

آج میں نے تمہارے دین کو کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لئے دین اسلام کو پسند کیا

☆ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں شاعر حسان بن ثابت نے امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ کو اس شعر کے ساتھ مبارک باد دی اور آپ کی مداح سرائی کی۔ (تذکرہ سبط ابن جوزی صفحہ ۲۰)

فَقَالَ لَهٗ قُمْ یَا عَلِیُّ فَاِنَّنِیْ ۞ رَضِیْتُكَ مِنْ بَعْدِیْ اِمَامًا وَّ ھَادِیًا

پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے علیؑ اٹھو بیشک میں نے تمہیں اپنے بعد امام اور ہادی پسند کیا ہے

مشترکہ اعمالِ عیدِ غدیر ومباہلہ

☆ غسل کرنا، نیا لباس پہننا، خوشبو لگانا، خوشی کرنا، مومنین کو کھانا کھلانا، روزہ رکھنا، مصافحہ کرنا، روزے دار کو افطار کرانا اور بکثرت صلوات پڑھنا سنت مؤکدہ اور باعث فضیلت ہے۔

☆ عید غدیر وعید مباہلہ کے روزے کا ثواب ساٹھ سالوں کے گناہوں کا کفارہ ہے۔

☆ ان دونوں دنوں کا روزہ دنیا کی زندگی کے برابر ہے اور سو حج اور سو عمروں کے ثواب کے برابر ہے۔

☆ ۱۸/۲۴ ذوالحجہ کو کسی مومن بھائی کو کھانا کھلانا اس طرح سے ہے کہ گویا اس نے تمام پیغمبروں اور صدیقین کو کھانا کھلایا ہو۔ اگر کوئی ان دنوں میں اپنے کسی مومن بھائی کا روزہ افطار کرائے تو گویا اس نے ایک لاکھ پیغمبر، صدیق اور شہیدوں کا روزہ افطار کرایا۔

☆ عید غدیر اور عید مباہلہ کے دن زوال آفتاب سے پہلے دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۃ توحید اور دس مرتبہ سورۃ قدر اور دس مرتبہ آیت الکرسی پڑھے۔

☆ اس نماز کا ثواب وفضیلت اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک لاکھ حج اور ایک لاکھ عمرہ کے برابر ہے

☆ نماز کے بعد جو بھی حاجات طلب کریگا پوری ہوں گی۔ (انشاء اللہ)

فضائل روز مباہلہ

☆ جب حضرت رسول اکرمؐ کے علمی وعقلی براہین کے بعد بھی نصاریٰ نجران اپنے غلط عقیدہ پر اڑے رہے تو اللہ کی طرف سے آپ کو ان کے ساتھ مباہلہ کا حکم اس آیت میں دیا گیا فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَ اَبْنَآءَكُمْ وَ نِسَآءَنَا وَ نِسَآءَكُمْ وَ اَنْفُسَنَا وَ اَنْفُسَكُمْ ۟ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِیْنَ ﴿۶۱﴾ (کہو کہ اچھا میدان میں آؤ ہم اپنے بیٹوں کو بلائیں تم اپنے بیٹوں کو اور ہم اپنی عورتوں کو (بلائیں) اور تم اپنی عورتوں کو اور ہم اپنی جانوں کو (بلائیں) اور تم اپنی جانوں کو اس کے بعد سب مل کر اللہ کی بارگاہ میں گڑگڑائیں اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت کریں (آل عمران ۶۱)

☆ جب آپؐ اپنے اہل بیتؑ کے ساتھ ۲۴ ذوالحجہ کو میدان میں پہنچے تو علمائے نصاریٰ (عیسائیوں) کا سردار عاقب ان کی طرف دیکھ کر کہنے لگا اللہ کی قسم میں ایسے نورانی چہرے دیکھ رہا ہوں کہ اگر یہ پہاڑ کو اپنی جگہ سے ہٹ جانے کو کہیں تو یقیناً ہٹ جائیگا اس میں خیریت ہے کہ مباہلہ سے ہاتھ اٹھاؤ ورنہ قیامت تک نسل نصاریٰ (عیسائیوں) سے ایک نہ بچے گا۔ (تفسیر جلالین، بیضاوی جلد اول صفحہ ۱۱۸ مطبوعہ مصر)

نیوز ٹی کی سٹال [illegible] محمد سلیم بک ڈپو، ہارون آباد، ضلع بہاولنگر ☆ نوید بک سٹال، منور شہید روڈ، حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ ☆ اتحاد نیوز ایجنسی، ایبٹ آباد

قارئین زنجانی جنتری 2012ء کی خدمت میں سلام ہو۔ اس سال محبوب جنتری میں عوام الناس اور شائقین عملیات کی خدمت میں خاص تحفہ لوح تسخیر خاص کے نام سے لے کر حاضر ہوں، یہ میرا خاص عمل ہے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اور صدقہ در آل رسولؐ کے علم جفر کے چند انمول موتی جو میرے نصیب میں تھے حاصل ہوئے، یہ عمل بھی زندگی بھر کا تحفہ ہے۔ اس کی زکات تحویل آفتاب میں دی جاتی ہے، کیونکہ تاثیر کے لحاظ سے یہ وقت اتنا سعد اور پُر تاثیر ہوتا ہے، جسے ثانی شب قدر کہنا بجا ہوگا۔ سال بھر میں اس سے بہتر ساعت اور کوئی نہیں ہوسکتی۔ ذرا سوچیں باقی سیارگان جو آفتاب سے حجم و طاقت میں بہت کم ہیں اور کئی اس کے محتاج ہیں ان کے اثرات نمایاں ہوتے ہیں تو آفتاب جسے نیر اعظم کہتے ہیں اس کے اثرات کس قدر زبردست ہوں گے۔ (تفصیل مارچ 2012ء میں ہوگی۔)

بہرحال اس موقع پر لوح تسخیر تیار کرتا ہوں اور یہ طریقہ تفصیلاً تحریر کر رہا ہوں۔ یہ لوح تسخیر تیار کرنے کا بتا رہا ہوں۔ اس سے دو کام آپ لے سکتے ہیں۔ ایک تسخیر مخلوق، دوسرا حصول ملازمت، ترقی روزگار، مرتبہ یا ترقی رزق وغیرہ۔ جو لوگ بھی تیار کریں گے وہ انشاء اللہ ایک دفعہ بے نیاز ہو جائیں گے۔ علم جفر کی تاثیر اور حیرت انگیز کامیابی ان کے مشاہدہ میں آئے گی۔ یاد رہے جو لوگ اپنے نام کی لوح تسخیر تیار کریں گے وہ سال بھر تک دوسروں کے لیے بھی بنا سکیں گے۔ علم جفر میں تیرہ موازین کا ایک خاص طریقہ ہے، جسے معلوم کیا جاتا ہے۔

(1) طالع وقت کیا ہے، یعنی سورج کس برج میں ہے۔ (2) اس برج کا ستارہ (3) ساعت (4) دن ہے یا رات (5) کون سا دن ہے (6) دن کا مالک ستارہ (7) موکل روحانی (8) موکل سفلی (9) قمری برج (10) اس کا ستارہ (11) منزل قمری (12) جس حرف سے کام لے رہے ہیں اس کی منزل (13) اسم اعظم اللہ

مثلاً (1) طالع وقت = الدلو: عدد: 71 (2) الزحل عدد: 76

(3) ساعت الرابع عدد: 304 (4) دن کا وقت النھار: 287

(5) روز عمل سوموار یوم الاثنین: 698 (6) ستارہ القمر: 371

(7) موکل علوی شدحائیل: 353 (8) موکل سفلی ابوالنور: 296

(9) قمری برج المیزان: 139 (10) ستارہ الزہرہ: 248

(11) منزل قمری الاکلیل: 122 (12) حرف ھ کی منزل الھقعہ: 211

(13) اسم اعظم اللہ: 66 کل اعداد: 3246

نام معہ والدہ: 1134 تسخیر خلق: 2898 / 7274

نوٹ: اگر تسخیر حاکم یا کسی شخص کی ہو تو اس کا نام بھی شامل کریں۔ تسخیر مخلوق کے لیے 2898 اور حصول ترقی مرتبہ کے لیے 308 کا اضافہ کریں۔

اب 7274 کے حروف بنائے: دع رغ غ غ غ غ غ غ غ

موکل بنا: دعر غغغغغغائیل

اب ان حروف کو حکیم افلاطون کے طریقہ یعنی ابجد اجہر طکم سے امتزادیں اور طلسم بنائیں۔

دب عن رص فض فض فض فض فض فض فض

عمل تیار ہو گیا۔ اب وقت مقررہ پر خوشبویات سلگا کر بیٹھیں۔ تسخیر مخلوق ہو تو یا ودود کا ورد کریں۔ اگر کچھ روزگار ہو تو یا رزاق کا ورد کریں۔ سفید کاغذ پر نقش مثلث پُر کریں۔ کاغذ کے دوسری طرف ایک تصویر بنائیں جو مرد کی ہو وہ کرسی پر بیٹھا ہو، سر پر تاج، اس کے سر پر موکل کا نام لکھیں اور چاروں حروف طلسم لکھیں۔ جب نقش مکمل ہو جائے تو سونے کے ورق میں لپیٹ لیں اور سرخ کپڑے میں لپیٹ کر چاندی کے تعویذ میں بھی بند کر سکتے ہیں۔ یہ علم جفر کا ایک ادنیٰ کرشمہ ہے، ایک چلتا ہوا طلسم ہے، یہ عمل اپنی تاثیر میں اٹل ہے۔ جس طرح سورج مشرق سے طلوع ہونا یقینی ہے۔ اسی طرح اس کے اثرات بھی اٹل ہیں، یہ عمل ہر جائز مقصد مثلاً حصول تسخیر و ملازمت، شادی میں بندش، بیرونِ ملک ملازمت، مقدمات میں کامیابی، جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اچھا رشتہ ملے، تنگ دستی غربت دور، میاں بیوی میں شدید محبت پیدا کرنا اس کا خاصہ ہے، ضرور فائدہ اٹھائیں۔



نوٹ: دوستانِ گرامی اس عمل سے حاضر مطلوب، بغض و عداوت کے لیے دنوں کی بجائے گھنٹوں میں تاثیر پیدا ہوتی ہے۔ میں نے اس عمل سے لاعلاج امراض، بانجھ پن، ہیپاٹائٹس، ہڈیوں کا خود بخود ٹوٹ جانا، صرع، ہیروئن کا نشہ جیسے امراض کا شافی علاج کیا ہے اور اللہ کی رحمت سے مکمل کامیابی حاصل کی۔ یہ علم جفر کی انتہا ہے، یہ دعویٰ ہے۔

از تحریر: عامل شاہ زنجانی

دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض

اعمال قرآنی، اسم اعظم سے فیض یابی کا سلسلہ زنجانی جنتری 2006ء میں شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی فرمائش پر شائع کیا مگر اس سال کیلئے بھی مسلسل روحانی فرمائشیں ملیں۔ اس نسبت سے شہزادہ حافظ محسن علی زنجانی نے 2006ء میں چہاردہ معصومینؑ سے منسوب 150 دعاؤں کے مجموعہ کو بھی آپ کے لیے تین سال کی ریاضت سے اکٹھا کیا اور اس نقش کا نام "**لوح محفوظ**" تجویز کیا اور یہ لوح محفوظ قارئین کو تحفتاً دیا جارہا ہے۔ ابتک لاکھوں بہن بھائی نقش **لوح محفوظ** سے فیض یاب ہو چکے ہیں۔ قارئین نے پُرزور فرمائش کی کہ قرآنی اعمال اسم اعظم کو اس سال بھی ضرور شامل کیا جائے۔ تحریر مضمون رمضان المبارک کی بابرکت شب میں لکھا جارہا ہے۔ قرآن کریم کے نزول کی سب سے پہلی منزل لوح محفوظ ہے۔ شبِ قدر میں قرآن پاک کا نزول (**انا انزلنه في ليلة القدر**) ترجمہ: "ہم نے اسے شبِ قدر میں نازل کیا۔" ہر انسان کے لیے اس کلام مقدس میں شفاء ہے۔ قرآنی سورتوں کے آگے مختصر مقاصد دیے گئے ہیں۔ آپ نظرات سیارگان 2012ء صفحہ نمبر 165 تا 172 رجال الغیب کا خیال کرتے ہوئے انہیں اپنے جائز دنیاوی روحانی مقاصد کے لیے بنا سکتے ہیں۔

ہدایات: نقش لکھنے سے قبل ذیل چند باتوں کا خیال رکھیں اس طرح آپ لمبی چوڑی چلہ کشی کی جان لیوا محنت سے بچ سکتے ہیں۔ ☆طہارت ذہنی جسمانی ولباس پاکیزہ جگہ ☆ معلومات رجال الغیب صفحہ نمبر 157 اور ستاروں کی سعد نظرات جو آپ کو جنتری ہذا صفحہ نمبر 159 پر مل جائیں گی۔ ☆ مشک وزعفران کی سیاہی درخت انار کی قلم باریک کاغذ صندل یا گلاب کی اعلیٰ خوشبو مجبوراً عام سیاہی بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ نقش لکھتے ہوئے صندل اگربتی روشن کریں۔ اب مثال سے نقش بنانے کا طریقہ واضح کرتا ہوں۔ مثلاً آپ نے شفاء کیلئے سورہ فاتحہ کا خالی البطن نقش بنانا ہے۔ نقش صرف اُردو ہندسوں میں لکھیں۔ سورۃ فاتحہ کے اعداد دیکھے تو (9461) ملے۔ انہیں 12 پر تقسیم کیا تو 788 آیا اور 5 باقی قسمت بچا۔ اب نقش یوں پر کرینگے۔ 788 کو خانہ پانچ تک مسلسل جمع کرتے جائینگے۔ خانہ 6 سے خارج قسمت ہر بار 8 تک 5 بھی جمع کرتے جائیں۔ نقش کے خانے میں خالی جگہ مریض کا نام لکھیں بنائے گئے نقش مریض کو پانی یا دودھ میں گھول کر پلانے کے علاوہ گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں۔ سورہ فاتحہ اپنے اندر بے پناہ شفاء کی تاثیر رکھتی ہے۔ ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ امام حسنؑ اور امام حسینؑ جب کبھی بیمار ہوتے تھے تو سرکار دو عالمؐ سورۃ فاتحہ سے اپنے نواسوں کا علاج فرماتے اور انہیں شفاء ہوجاتی تھی۔ امام ششم جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ میں اس قدر شفاء ہے کہ 70 مرتبہ اگر پڑھ کر کسی مردے پر پھونکی جائے تو بعید نہیں کہ وہ اٹھ کر زندہ ہوجائے۔ یاد رکھیں کہ جسطرح گلشن سے آنیوالی ہوا پھولوں کی مہک سے متاثر کرتی ہے اسی طرح قرآن جس زبان سے پڑھا جائے اس زبان سے پھونکی گئی ہوا (دم) اور قلم سے کاغذ پر بنایا گیا نقش سو فیصد کام کرتے ہیں۔ بشرط یقین کامل ہو اور آپ آداب عملیات سے قدرے واقف ہوں۔ اگر آپکا کسی روحانی سلسلہ سے تمسک قائم ہے تو آپکا فیض روحانی خلق خدا کیلئے بڑھ بھی سکتا ہے۔ خاندان زنجانیہ عالیہ کے در سے آج تک دربار مصطفائی کا روحانی فیض جاری ہے۔ (خواہاں بہن بھائی شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی روحانی بیعت میں بھی آسکتے ہیں) روحانی فیض پاکر میرے والد بزرگوار الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی دادا محترم سید جیون شاہ زنجانی کی روح کو ایصال ثواب پہنچائیں۔ بزرگوار کا سالانہ عرس ہر سال 11,10 ربیع الاول کو منایا جاتا ہے۔ عرس کا مقام جنتری ہذا میں درج ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے کتاب مصباح العملیات بیاض عملیات بیاض نظامی کا مطالعہ کریں۔

۱	۸	۳
۵	چال نقش	۷
۶	۴	۲

۷۸۶

۷۸۸	۶۳۰۹	۲۳۶۴
۳۹۴۰	مقصد لکھیں	۵۵۴۱
۴۷۳۳	۳۱۵۲	۱۵۷۶

Scanned with CamScanner

نام سورة	اعداد	حاجت
سورة حشر	13348	ترقی و کامیابی کے لئے
سورة ممتحنة	101350	آسانی شادی کے لئے
سورة صف	59060	نافرمان اولاد کے لئے
سورة جمعة	61522	روشن ضمیری کے لئے
سورة المنفقون	53256	دشمنوں کی زبان بندی کیلئے
سورة تغابن	79741	ناخوشگواری سے بچنے کیلئے
سورة طلاق	824012	نجات غم کے لئے
سورة تحریم	49232	ادائیگی قرض کے لئے
سورة ملک	99594	سلامتی کے لئے
سورة قلم	93708	رجعت نظر بد کیلئے
سورة حاقة	81719	بچے کے رونے ضد کیلئے
سورة معارج	73525	نجات وسواس شیطانی
سورة نوح	74314	حفاظت حیرانی و پریشانی
سورة جن	60633	نفع حصول جن وانس کیلئے
سورة المزمل	68766	کشادگی رزق کے لئے
سورة مدثر	92355	جلد خوشحالی کے لئے
سورة القیٰمة	54607	تسخیر خلائق وحاکم کیلئے
سورة دھر	77588	فوائد کے لئے
سورة المرسلت	70634	غائب کو بلانے کے لئے
سورة نبا	52656	تیزی بصارت کے لئے
سورة نازعات	67253	غلبہ حاسدین کے لئے
سورة عبس	51314	رجعت سحر وجادو کے لئے
سورة تکویر	38309	دفعہ بلیات کے لئے
سورة انفطار	26745	ترقی دولت عزت مرتبہ
سورة مطففین	48707	حفاظت اناج کے لئے
سورة انشقاق	28844	بچوں کو نظر بد سے بچانے
سورة بروج	32155	شفاء جلدی امراض کیلئے
سورة طارق	17765	گمشدہ کو بلانے کے لئے
سورة اعلیٰ	17704	حفاظت سفر کے لئے

نام سورة	اعداد	حاجت
سورة غاشیة	37457	حفاظت وبائی امراض
سورة فجر	89092	اطمینان وسکون کے لئے
سورة بلد	24283	عزت وتوقیر کے لئے
سورة شمس	19499	خاتمہ مشکلات کے لئے
سورة الیل	29666	حفاظت مال کے لئے
سورة ضحیٰ	13322	حاضری غائب کے لئے
سورة الم نشرح	12416	برکت مال ودولت
سورة تین	10237	آسانی مہم کے لئے
سورة علق	22541	سچائی کا بول بالا
سورة قدر	8311	وسعت حلقہ احباب
سورة بینة	31223	حفاظت برص ویرقان
سورة زلزال	19966	شفائے مرض لقوہ
سورة عادیات	13354	سہولت ادائیگی قرض
سورة قارعة	12464	فراخی رزق کے لئے
سورة التکاثر	103770	دماغی امراض کے لئے
سورة عصر	4740	حفاظت مال کے لئے
سورة ھمزہ	8341	حفاظت خطرات کیلئے
سورة فیل	5859	زیر دشمن کے لئے
سورة قریش	6304	محتاجی دور کرنے کیلئے
سورة ماعون	9293	حفاظت نئی اشیاء
سورة کوثر	2754	غلبہ حاسدین کے لئے
سورة کافرون	2832	پاکیزگی قلب کے لئے
سورة نصر	6124	دوری فکر وافلاس
سورة لھب	5826	تباہی ظالم کے لئے
سورة اخلاص	1002	مفادات کے لئے
سورة فلق	8675	دفعہ جن وآسیب
سورة الناس	5296	فوائد قدرت کے لئے
کل قرآن	24315849	ہر فائدے کے لئے

Scanned with CamScanner

قرب قیامت، حقیقت یا افسانہ؟

مایا کیلنڈر کی کہانی 2012 خاتمہ زندگی

از تحریر: غلام رضا عسکری اعوان، نوابشاہ

مایا تہذیب گوکہ صدیوں پرانی ہے اسکی باقیات لاطینی امریکہ اور اسکے آس پاس کے علاقوں میں ملتی ہے۔ گوئٹے مالا، شمالی وجنوبی امریکہ کے ساتھ میکسیکو کے اطراف میں مایا تہذیب کے آثار ملتے ہیں ماہرین آثار قدیمہ کے مطابق جو قدیم نوادرات ملے ہیں انکے DNA ٹیسٹ اس بات کو ثابت کرتے ہیں کہ مایا تہذیب کم از کم 12000 سال پرانی ہے اور اسکے علاوہ امریکہ کے ماہرین آثار قدیمہ یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ مایا تہذیب شمالی ایشیا اور دیگر ایشیائی ممالک سے کم و بیش بیس سے چالیس ہزار سال قبل تک موجود تھی۔ ریڈ انڈین مایا تہذیب کی باقیات کہے جاتے ہیں لیکن اس بات کا اب تک مسلمہ ثبوت دستیاب نہیں ہوسکا۔ مایا تہذیب کی مقدس کتاب کے بارے میں کہا جاتا ہے لیکن کوئی مسلمہ کتابی شکل میں مایا تہذیب کی کتاب مجسم شکل میں نہیں ہے اور یہ جو کچھ بھی لکھا جا رہا ہے ان مخطوطوں کی ترجمہ کردہ اشکال کے بل بوتے پر لکھا جا رہا ہے جو مایا تہذیب کی باقیات کی تلاش کرتے ہوئے ماہرین آثار قدیمہ نے حاصل کیے۔

مایا تہذیب کے ایک بادشاہ اُکولسن کے دور کی کچھ باقیات جدید یا ترقی یافتہ (اس دور کی ترقی) مایا تہذیب جزائر ویرا کروز اور tobasoo کے ساتھ ساتھ میکسیکو اور خلیج میکسیکو کی ساحلی پٹی کے ساتھ اس دور کے مایا لوگ رہتے تھے جو کافی ترقی کر چکے تھے۔ مایا پر تحقیق کرنے والے اداروں خصوصاً امریکہ کے ماہرین آثار قدیمہ نے اکلسن کی تہذیب کے مایا دور پر کافی تحقیق کی ہے۔ مایا تہذیب کے اس دور میں کئی ایک شہر بھی آباد کیے گئے اور آثار قدیمہ کے حوالہ جات مایا تہذیب کے متعلق یہ کہتے ہیں کہ انہوں نے زراعت اور شہری آبادی کی جس طرح سے ڈیزائنگ کی ہے وہ ایک جدید دور سے مماثلت رکھتی ہے۔

مایا تہذیب کے ماہرین ریاضی دانوں نے کیلنڈر کی ترتیب دی اور مزے کی بات یہ ہے کہ مایا کیلنڈر خاصی مماثلت رکھتا ہے گریگورین کیلنڈر سے اور اسکی درستگی کسی طور موجودہ کیلنڈر سے کم نہیں ہے۔

خیر بات کرتے ہیں 21.12.2012 کی۔ مایا تہذیب کی کیگئی پیش گوئیوں میں سے ایک پیش گوئی یہ کہ دنیا دسمبر بارہ دو ہزار بارہ کو ختم ہو جائے گی۔ کتنی درست ہے اور اس میں کتنی سچائی ہے 2012 سر پر آن پہنچا اور دسمبر کی بارہ تاریخ کو آنے میں دیر نہیں لگے گی۔ کیا دنیا اس دن ختم ہو جائے گی؟ کیا یہ بات درست ہے۔ آیئے سچائی تلاش کرتے ہیں۔ مایا تہذیب کی 2012 کے لیے کل 17 پیش گوئیاں کی گئی ہیں۔ ان میں سے کتنی سچی ہونگی۔ آیئے تھوڑا سا ماضی کو جھانکتے ہیں کہ مایا تہذیب کی ماضی کی پیش گوئیاں کیا کہتی ہیں اور کتنی درست ہیں

2012 عیسوی میں مایا کیلنڈر کا یہ 5126 سال ہے اور یہ کیلنڈر بھی دنیا کے ساتھ ختم ہوجائیگا۔؟ کہانی دراصل 13 کے ہندسہ کی ہے جو کہ مایا تہذیب کے ساتھ آج کے جدید دور میں بھی امریکہ اور انگلینڈ جیسے شہروں میں بھی مہلک اور نحس ترین عدد تصور کیا جاتا ہے۔ اس تاریخ کو علم نجوم کے ساتھ منسلک کر کے دنیا کے خاتمہ کی پیش گوئی کی جا رہی ہے December 21st, 2012 A.D. (13.0.0.0.0 in the Long Count) آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ اس دن کے اختتام کے ساتھ تیرہ کا ہندسہ شروع ہو جائیگا۔ مایا کے مطابق دیکھیں اکیس مارچ کا دن اور رات برابر ہوتے ہیں جب شمس برج حمل میں تحویل کر رہا ہوتا ہے۔ ۲۲ جون کا دن سب سے بڑا دن گنا جاتا ہے اور اس تاریخ کی رات سال کی تمام راتوں میں کم دورانیہ کی ہوتی ہے۔ پھر ۲۲ ستمبر کا دن جب کہ دن اور رات برابر ہوتے ہیں لیکن راتیں لمبی اور دن کم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ اب آجائیں ۲۱ دسمبر کے دن پر جب شمس عین خط مستقیم سے ہٹ کر قریباً ۲۷ درجہ تک جنوب کی جانب جھک جاتا ہے اور قطب شمالی پر راتیں اٹھارہ گھنٹے سے بائیس گھنٹے تک لمبی ہو جاتی ہیں اور دن صرف دو سے چار گھنٹے کا ہو جاتا ہے بلکہ ناروے میں ساحل پر آج بھی اس تاریخ کو لوگ دور دور سے سورج کا نظارہ کرنے آتے ہیں جب کہ سورج سمندر پر طلوع ہوتا ہے اور دو گھنٹے سے بھی کم وقت میں وہیں سمندر میں غروب بھی ہو جاتا ہے۔ اس تاریخ کو ہماری کہکشاں milky way اور شمس کا مدار ایک گرہن کی سی صورت حال پیدا کر دیگا۔ ایسا ہزاروں سالوں میں ایک بار ہوتا ہے۔ اسکی



Mayan positional number system

حیدری بک ڈپو، جناح مارکیٹ، چکوال ■ فرحان بک ڈپو، سٹیشن چوک، جھنگ صدر ■ طارق بک ڈپو، کچہری بازار، چکوال ■ پاکستان بک سینٹر، شہید روڈ، جھنگ صدر

Scanned with CamScanner

تفصیلات آپ درج ذیل ویب سائیٹ پر دیکھ سکتے ہیں۔ (All About 2012
http://www.greatdreams.com/2012.htm

امریکہ اور یورپ کے کچھ لوگ اس بات پر ایمان رکھتے ہیں کہ مایا کی پیش کی گئی پیش گوئیاں درست ہوتی ہیں۔ لیکن وہیں عوام کی اکثریت اس بات کی بھی قائل ہے کہ ایسا علم فلکیات میں ہوتا رہتا ہے۔ لیکن مایا کی اس بات کو تسلیم کرنا کہ دنیا اس تاریخ کو ختم ہو جائیگی درست نہیں ہے۔

21.12.2012at 11:11 p.m. Universal Time کو دنیا میں قریباً 26000 سال بعد شمس اور زمین اور کہکشاں ایک براہ راست خط پر بام ایک ہی درجہ پر ہونگے۔ اسی دن اتفاق سے تاریخ کا عدد کچھ اس طرح کا ہے کہ مایا تہذیب کے ہیت دانوں نے اس تاریخ کو دنیا کا اختتام قرار دیا۔ ہیئت دان اور خصوصاً علم فلکیات کے ماہرین اس سوچ میں بھی مصروف ہیں کہ 26000 سال میں ہونے والے اس فلکیاتی عمل سے زمین پر رہنے والوں پر عین کہکشاں کے اوپر سے کس قسم کی قوت خارج ہوگی کیا کہکشاں کی کاسمک شعاعیں انسانوں کے لئے فائدہ مند ہونگی یا ضرر رساں۔ لیکن اس نظریہ سے ہٹ کر دیکھنا یہ ہے کہ قیامت آتی ہے یا نہیں یا پھر اس تاریخ کو کیا ہونے والا ہے جسکا تذکرہ اتنی پرانی تہذیب کی کتابوں میں کیا گیا ہے۔

مایا تہذیب کی گنتی یا اعداد کی تعداد 20 تک تھی اور انکا کل حساب اسی بیس کے اندر تک ہوتا تھا۔ میں آپکو مایا تہذیب کی گنتی کی مثال انکے کیلنڈر اور انکے دن کے حساب سے تشکیل پانے والے حساب سے بتاتا ہوں۔ مایا تہذیب میں زیرو نہیں لیا جاتا تھا زیرو کو گنتی میں شامل کرنے والے سب سے پہلے بیبلون تھے۔ جنہوں نے گنتی کو زیرو کے بنا ادھورا تصور کیا۔ چھ سو سال قبل مسیح تک زیرو کو باقاعدہ حیثیت حاصل ہو چکی تھی اور وسطی امریکہ کی پرانی تہذیبوں نے بھی اسی دور کے قریب باقاعدہ زیرو کو گنتی کا حصہ بنایا۔ مایا تہذیب کا یہ سرکل جو کہ بیس کے اندر کام کرتا ہے۔ انکا سسٹم سمجھ آ گیا تو بارہ دسمبر کی کہانی بھی سمجھ آ جائیگی۔ ایک دن کو kin کہا جاتا تھا۔ 20 دن کا ایک مہینہ ہوتا تھا جسے Unil کہا جاتا تھا 18UniL یعنی اٹھارہ ماہ پر مشتمل ایک سال ہوتا تھا۔ جو کہ 360 دنوں پر مشتمل تھا جو کہ tun کہلاتا تھا۔ بیس tun پر مشتمل ایک Katun کہلاتا تھا اور بیس Katun پر مشتمل ایک Baktun کہلاتا تھا۔ دیگر حساب کتاب بھی دیکھیں تو یہ بیس پر ہی مشتمل تھا۔ قریباً 355BC سال قبل مسیح میں مایا تہذیب کے ایک محقق scholar Munro Edmonson نے اسے پیش کیا جسے مایا تہذیب میں لاگو کر دیا گیا۔

قیامت کی نشانیاں تو بہت دور ہیں اور بہت سی نشانیاں ایسی ہیں جو پوری ہو چکی ہیں۔ میں یہاں چند نشانیاں اختصار کے ساتھ دے رہا ہوں۔ یہ اعزاز صرف اور صرف انہیں حاصل ہے جو آئمہ علیہ السلام کے در پر آ گئے ہیں۔ دنیائے اسلام میں کسی فرقہ کے پاس احادیث اور روایات نہیں ہیں۔ جو قیامت اور ظہور امام مہدی کی باقاعدہ نشانیاں دی گئی ہیں۔ از افادات شہزادہ سیّد محمد علی زنجانی (UK) نے حال ہی میں ''12 امامیہ جنتری'' شائع کی ہے جو پاکستان بھر کے بکسٹالوں سے دستیاب ہے۔ اس کا مطالعہ مایا کیلنڈر اور معرفت امامِ زمانہ آپ کا ذہنی شعور بیدار کر دے گی۔

ظہور امام مہدی سے پہلے زمین سے شہنشاہت کا خاتمہ یہ پیش گوئی 1975 میں نواب شاہ شاہ خراسان امام بارگاہ سے جناب عباس قمر زیدی مرحوم نے فرامین آئمہ کی روشنی میں کی اور ایران کا تخت الٹنے اور شاہ ایران کی شہنشاہت کا خاتمہ قریب بتایا۔ انقلاب ایران کا دور 1979 کے قریب ہے۔ معصوم نے فرمایا۔ میرے فرزند کے آنے سے پہلے بادشاہت روئے زمین سے ختم ہو جائیگی۔ اور دنیا فتنہ وظلم وجور سے بھر جائیگی۔ پس جب تم دیکھو کہ جانور کے نام کا شخص جزیرہ عرب پر حکومت کرنے لگے، تو جان لینا وقت قریب آ گیا ہے۔ (فہد۔ عربی میں چیتے کو کہا جاتا ہے۔) تو جان لینا کہ **جزیرہ عرب سے بادشاہت** کا خاتمہ قریب ہے۔ (اگر 1932 میں شاہ سعود کے سعودیہ پر قبضہ کی تاریخ دیکھیں تو یورنس ہمیں برج حمل میں نظر آتا ہے اور یورنس کا 84 سالہ دور اب مکمل ہونے کو جا رہا ہے جو تہذیبوں کی تبدیلی اور ادوار کی واپسی کو لاتا ہے۔ 1932 میں زحل کی تربیع در برج جدی میں تھی اور اگر دیکھا جائے تو آنے والے پانچ سال کے بعد وہی نظرات سعودیہ کے زائچہ میں بن رہی ہیں۔ آنے والے پانچ سال موجودہ انقلابی صورت حال کو سامنے رکھ کر سوچیں آپ کو یہودی مقاصد سمجھ آ جائیں گے۔ علم نجوم کی رو سے اس وقت شام کی باری ہے اور شاہ ایران کے بعد صدام اور کرنل قذافی کی آمرانہ حکومتوں کے بعد شام اور عرب میں آمرانہ حکومتیں قائم ہیں **غالباً آنے والے دو سال شام کی حکومت کے لئے خاصے اہم ہیں اور آنے والے پانچ سال سعودیہ عربیہ کے حوالہ سے اہم ہیں۔**) ظہور امامؑ سے پہلے ماہ رمضان کی ایک پیش گوئی بروایت حدیث رسول پاکؐ۔ ماہ رمضان کے وسط میں عین جمعہ کے دن نماز ظہر کے قریب **آسمانی چیخ** سنائی دے گی پس اس وقت اس آواز کو ہر ذی روح سنے گا۔ یہ آواز اتنی گونج دار ہوگی کہ تم اس وقت کانوں میں کچھ روئی ٹھونس لینا اور جہاں ہو وہاں سجدہ میں گر جانا اور **سبحان القدوس یا ربنا القدوس** پکارنا۔ پس جو ایسا کریگا وہ ہلاکت سے بچ جائیگا۔ جس وقت یہ علامت پوری ہو تو میرے فرزند حجت خدا کے ظہور کو قریب تک جاننا۔ مولا علیؑ نے فرمایا دیکھو جب شام پر سنگ باری ہو (غالباً بمباری) اور شام میں قتل عام بہت ہو اور **شام میں زرد رنگ کے جھنڈوں کا اجتماع** ہو تو قیامت کو قریب سمجھنا اور حجت خدا کے ظہور کی دعا کرنا۔ **سرخ اور سفید موت کا کثرت سے ہونا۔** مولا علیؑ کا یہ ارشاد بھی ہے کہ میرے فرزند کے آنے سے قبل دو قسم کی اموات بہت ہونگی اور روئے زمین کی دو تہائی آبادی رہ جائیگی۔ یہ موت دو قسم کی ہوگی سرخ موت جنگ وجدال فتنہ اور لڑائی، دوسری سفید موت وبائی امراض طاعون اور دیگر وبائی امراض جن میں شہر کے شہر ویران ہو جائیں گے۔ دجال کو ظاہر ہونا اور دنیا میں فتنہ برپا ہونا **دجال کے ظاہر** ہونے کے بارے میں فرمایا یہ ایک کریہ صورت ہوگا جس کی آنکھ عین ماتھے کے وسط میں ہوگی اسکے ساتھ ستر ہزار یہودیوں کا لشکر ہوگا اور یہ دنیا میں تباہی کے دروازے کھول دے گا۔ کئی روایات میں دجال کے فتنہ کو سفیانی خروج سے بھی تعبیر دی گئی ہے۔ قرب قیامت اور ظہور امام مہدیؑ کی آخری اور مستند روایات میں مولانا عباس قمر زیدی کی زبانی سنی جسے انہوں نے اپنی کتاب

بقیہ صفحہ نمبر 71 پر

تقدیر اور دست شناسی
تحریر: صدف بلوچ
رابطہ: ادارہ جعفر نجف، کیمپ نمبر 2، نوابشاہ (092-300-3210024)

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

زائچے میں چودھویں کا چاند

اپنے رواں سال کو چودھویں کے چاند کی روشنی میں دیکھیے

ماہر علم نجوم سیّد انور فراز آف کراچی کی ایک خوبصورت تحریر قارئین زنجانی جنتری 2012ء کے لیے

ہماری روزمرہ زندگی بہت تیزی سے گزر رہی ہے۔ زنجانی جنتری میں ہم ہر سال مفید اور آگاہی دینے والے لطیف علم نجوم کے نہایت آسان مضامین شامل کرتے ہیں۔ آپ کی پذیرائی ہمیں حوصلہ بخشتی ہے۔ آج آپ اپنے بچپن کے ساتھی چاند (چندا ماموں) کے کرشمات اپنی عملی زندگی میں روز و شب چاند کو اپنے زائچہ میں ملاحظہ فرمائیے۔ آپ نے چاند (قمر) کی یہ آگاہی پالی تو آپ کا شمار بھی جونیئر آسٹرالوجرز میں ہونے لگے گا۔ اپنے اور اپنے پیاروں کے زائچے ملاحظہ کریں۔ یاد رہے کہ زنجانی جنتری 2012ء میں ⑥ کوپن دیے گئے ہیں۔ ان کوپن سے آپ اپنے اور اپنے فیملی کے پیدائشی زائچہ (برتھ چارٹ) مفت بنوا سکتے ہیں۔ **شہزادہ سیّد مصور علی زنجانی**

ہر مہینے چاند آپ کے زائچے کے 12 گھروں کا دورہ کرتا ہے، زائچے کے بارہ گھر ہر انسان کی زندگی کے مختلف شعبوں پر محیط ہیں اور چاند ماہانہ ہر گھر کے ظاہری اور پوشیدہ معاملات کا معائنہ کرتا ہے، آپ کی توجہ اہم معاملات کی طرف دلاتا ہے، بعض پوشیدہ معاملات یا خفیہ چیزوں کو اُجاگر کر دیتا ہے جن پر آپ نے توجہ نہ دی ہو۔

ایک بار ایک خاتون نے ہمیں بتایا کہ وہ اپنی رہائش کے سلسلے میں ایک پریشانی کا شکار ہیں، وہ مکان تبدیل کرنا چاہتی ہیں مگر ان کی ہر کوشش ناکام رہتی ہے، ہم نے ان کا زائچہ دیکھا ہے تو سیارہ زحل چوتھے گھر سے گزر رہا تھا، زحل جب کسی گھر سے گزرتا ہے تو ہم اس گھر کی منسوبات کو نظرانداز نہیں کر سکتے، ہمیں اس گھر کے معاملات پر توجہ دینا پڑتی ہے، یہی زحل کے ٹرانزٹ کا تقاضا ہوتا ہے کیوں کہ پھر آئندہ 30 سال تک وہ دوبارہ اس گھر میں نہیں آئے گا لہٰذا ضروری اصلاح و درستگی کے لیے اپنا پورا زور صرف کر دے گا۔

چوتھے گھر میں پیدائشی یورینس بھی موجود تھا، گویا زحل پیدائشی یورینس سے قران کر رہا تھا اور دو ماہ بعد چودھویں کا چاند اسی گھر میں عین یورینس کے درجات پر اپنی روشنی ڈالنے والا تھا، ہم نے پورے اعتماد کے ساتھ ان خاتون کو یقین دلایا کہ دو ماہ بعد آپ کے مسئلے کا کوئی نہ کوئی حل نکل آئے گا اور پھر ایسا ہی ہوا، وہ اپنا مکان باآسانی فروخت کرنے اور دوسری جگہ شفٹ ہونے میں کامیاب ہو گئیں، یہ الگ بات ہے کہ وہ نئے مکان میں شفٹ ہو کر بھی خوش نہیں تھیں کیوں کہ یورینس پر گرنے والے چودھویں کے چاند نے انہیں زیادہ سوچنے سمجھنے کا موقع ہی نہیں دیا اور وہ ایک غلط سودا کر بیٹھیں۔

زائچے کے بارہ گھروں کا دورہ کرتا ہوا چاند زندگی میں قدم قدم پر ہماری رہنمائی کرتا ہے لیکن اس کے لیے ہمیں اپنے زائچے کے بارہ گھروں کی منسوبات کے ساتھ چاند کے اشاروں کو سمجھنے کی ضرورت ہوگی، خاص طور پر نیا چاند اور چودھویں کا چاند بڑی اہمیت رکھتے ہیں، زنجانی جنتری سے آپ باآسانی یہ معلوم کر سکتے ہیں کہ ہر مہینے نیا چاند یا چودھویں کا چاند کس برج میں اپنی روشنی بکھیر رہا ہے اور وہ برج آپ کے پیدائشی زائچے کا کون سا گھر ہے؟ یہ بھی ضروری ہوگا کہ آپ اپنا زائچہ پیدائش (Birth Chart) بنوا کر پاس رکھیں اور اس کی تھوڑی بہت تفہیم بھی حاصل کریں یعنی آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ آپ کا طالع برج کون سا ہے؟ اور دوسرے تیسرے یا دیگر گھروں پر کون سے بروج قابض ہیں۔

عام طور سے ایک سال میں بارہ چودھویں کے چاند ہوتے ہیں جنہیں اصطلاحاً پورا چاند (Full Moon) کہا جاتا ہے لیکن کسی سال یہ 13 بھی ہو سکتے ہیں جیسا کہ 2009ء میں ہوا، پورا چاند سال میں ایک مرتبہ کسی ایک گھر کو اپنی روشنی سے منور کرتا ہے، یونانی سسٹم کے مطابق اگر گھروں کے درجات کو مدِنظر رکھا جائے تو یہ بھی ممکن ہے کہ پورا چاند کسی ایک گھر کو سال میں دو بار روشن کرے، اس کا

ساتویں گھر میں اس عرصے میں تعلقات کی اہمیت پرزور ہے، آپ کو کسی کی ضرورت ہے جو آپ کے پاس ہو، کوئی دوست یا ساتھی یا شریک حیات، کوئی مدد کرنے والا اور مناسب مشورہ دینے والا، کسی کے ساتھ جذباتی یا باہمی عمل کی ضرورت ہے، اس وقت تنہائی گمراہ کن ہے، ہم دوسروں کے ردعمل سے ہی اپنے آپ کو جانتے پہچانتے ہیں۔

آٹھویں گھر میں پہلے ہم محبت کا عملی مظاہرہ کریں گے پھر زندگی اور موت اور احیا کی پُراسرار گتھیوں کو سلجھائیں گے، اس کے بعد دیکھیں گے کہ واجبات اور ادائیگیاں کس مرحلے میں ہیں یا ہم نے کہاں کہاں سرمایہ لگا رکھا ہے اور انشورنس یا اسٹاک مارکیٹ کا کیا حال ہے، یہ بڑے اہم مسائل ہیں جو خاندان اور کاروبار وغیرہ کے جاری رکھنے کو یقینی بناتے ہیں، یہ مستقبل کے مسائل ہیں جو اس دوران میں غور و فکر کی دعوت دیں گے، آٹھویں گھر میں چودھویں کا چاند طاقت، سیکس اور مالی مسائل پر روشنی ڈالتا ہے۔

نویں گھر میں چودھویں کا چاند آپ کی مذہبی، تعلیمی اور بیرون ملک معاملات سے متعلق دلچسپیوں کو نمایاں کرے گا، مستقبل کی منصوبہ بندی بھی اسی گھر سے متعلق ہے اور آپ کو اس دوران میں یہ معلوم کرنے کی ضرورت ہے کہ دنیا کیا سوچتی ہے اور اس کی فلسفیانہ اقدار سے کس طرح ہم آہنگ ہوا جاسکتا ہے، آپ کی معلومات میں اضافے کے لیے یہ اچھا وقت ہوگا، آپ پوری دنیا پر نظر ڈالیں گے اور یہ جان سکیں گے کہ آپ کو آزادی سے سوچنے کے لیے کس چیز کی ضرورت ہے۔

دسویں گھر میں اب آپ یہ چاہتے ہیں کہ لوگ آپ کے کارناموں اور کارکردگی یا کسی کامیابی سے واقف ہوں جو آپ نے حاصل کی ہے، خود کو نمایاں کرنے کی خواہش شدت اختیار کرسکتی ہے، گویا اپنی پبلسٹی کا رجحان نمایاں ہوگا، آپ کو شناخت اور پہچان چاہیے، آپ کا کریئر آپ کی نگاہوں کا مرکز ہے اور آپ اپنی پوزیشن کا تعین چاہتے ہیں، اپنے گھر میں یا اپنے محلے یا خاندان میں اپنی پوزیشن کا احساس اہم ہوسکتا ہے، آپ کے اطمینان یا عدم اطمینان کا انحصار اس پر ہے کہ آپ صحیح راستے پر ہیں یا غلط۔

گیارھویں گھر میں چودھویں کا چاند اجتماعی اور گروہی سرگرمیوں پر زور دے گا، دوستوں کے ساتھ وقت گزارنا چاہیں گے، کسی دوست کو بلاسکتے ہیں یا اس سے ملاقات کے لیے جاسکتے ہیں، آپ اپنے معمولات اور مصروفیات سے فرار چاہتے ہیں، تھوڑی سی تفریح اور موج مستی چاہیے، کسی تقریب یا پارٹی میں شرکت۔

اس دوران میں دوسروں کے کام آنے سے بڑی تسکین حاصل ہوتی ہے اور اگر دوسروں کا تعاون بھی مل جائے تو کیا بات ہے، آپ کی بے غرضی کا جذبہ اس وقت عروج پر ہے، لہٰذا اپنے احساسات کو مثبت طور پر کام میں لائیں۔

بارھویں گھر میں یہ وہ مقام ہے جو انسانیت کی رُوح سے جڑا ہوا ہے، آپ دنیا کے جھمیلوں سے دور رہنا چاہیں گے، تنہا پسندی کا رجحان نمایاں ہوگا، ماضی کی یادیں آپ کو اپنے حصار میں لے سکتی ہیں، آپ کو ایک گنج عافیت کی ضرورت ہے جہاں آپ اپنی باطنی دنیا سے رابطہ کرسکیں، روحانی مشاغل کے لیے موزوں وقت ہے، آپ پس پردہ رہ کر کچھ کرنا چاہتے ہیں، کوئی مثبت یا منفی کام، اپنی جذباتی تسکین پیش نظر رہے گی، مجبوروں اور بے کسوں کی مدد کرسکتے ہیں، نہایت خاموشی کے ساتھ یا کسی کے خلاف کوئی سازش بھی تیار کرسکتے ہیں، بہتر ہوگا کہ آرام کریں، مراقبہ کریں اور اعلیٰ باطنی قوتوں سے ہم کلام ہوں، کسی مریض کی عیادت کریں جو ضرورت مند ہو، اس کی مدد کریں۔

مندرجہ بالا امکانات میں کمی و بیشی یا مثبت و منفی پیش رفت ممکن ہے، خصوصاً اس وقت جب پورا چاند کسی دوسرے سیارے سے کوئی خاص نظر بھی بنا رہا ہو یا وہ گہن میں تبدیل ہو رہا ہو، اگر آپ جنتری میں نظرات کے صفحات سے استفادے کی صلاحیت رکھتے ہیں تو آپ کا کام اور بھی معنی خیز اور آسان ہوجائے گا، تربیع یا مقابلے کی نظر کسی مشکل صورت حال یا مرحلے کی نشان دہی کرتی ہے اور تسدیس یا تثلیث آسانیاں اور خوش گواری ظاہر کریں گی۔

بقیہ: 2012ء خاتمۂ زندگی

جزیرہ برمودا میں تحریر کیا۔ جب عرب فرمانرواؤں میں **عبداللہ نام کا ولی عہد** نامزد ہوجائے تو سمجھ لینا عرب شہنشاہیت کا خاتمہ قریب ہے۔ مولا امام مہدیؑ کے ظہور کے دن کے بارے میں جو روایات آتی ہیں ان میں **مولا مکہ میں کعبہ میں اپنے ظہور کا اعلان کریں گے**، بروز جمعہ ہوگا اور محرم کی دس تاریخ ہوگی۔ اس دن نماز جمعہ کی امامت مولا خود کرائیں گے اور آسمان سے مسیح کو بھی دوبارہ اتارا جائیگا۔ جو میرے مولا کی نیابت میں امامت میں نماز ادا کریں گے۔ کہا یہ بھی جاتا ہے کہ مولا جب ظہور کریں گے تو مولا امام مہدیؑ کے جان نثاران جو کہ تاریخ میں 313 بتائے جاتے ہیں وہ سب مکہ میں اکٹھا ہوجائیں گے اور مولا خروج کریں گے۔ سائنس کی ہر ایجاد بحکم امام ناکارہ ہوجائے گی اور ذوالفقار چلے گی جو ظالم اور جابر کے وجود سے دنیا کو پاک کردے گی۔

میں آئینۂ قسمت اور زنجانی جنتری کے پلیٹ فارم سے ان اوراق پر جو حق ہے وہ پیش کر رہا ہوں اور قارئین حق کی تحقیق کریں اور حق کا اتباع کر کے خود کو بخشش کا سزاوار بنائیں۔ یقیناً میرا مولا بحکم خدا دنیا و کائنات کے ذرہ ذرہ پر قادر ہیں اور حجت خدا ہے۔ آپ بھی معرفتِ امامؑ حاصل کریں۔ قران کا فیصلہ ہے جو معرفت امامؑ کے بغیر موت تک پہچا وہ جاہلیت کی موت مرا اور جاہل ہم میں سے نہیں۔

مولا سے سب کی سلامتی اور دین اسلام پرستی کی دعا کے ساتھ اجازت چاہوں گا۔

نیاز سوئگی نیوز ایجنسی، سیہون شریف، ضلع دادو | عباس زیدی نیشنل بک سٹال، خیر پور (سندھ) | شاہد بک ڈپو، ڈڈیال (آزاد کشمیر) | آصف کتاب گھر، ریل بازار، جھنگ صدر

شہزادہ سید مصور علی زنجانی

2012 میں سیارہ زحل و مشتری کے عجیب و غریب خواص

سات ستارے (سبع کواکب) ہم سب کی روزمرہ زندگی میں بہت اہمیت کے حامل ہیں۔

شمس ☉	قمر ☾	مریخ ♂	عطارد ☿	مشتری ♃	زہرہ ♀	زحل ♄
اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ

سے ہمارے ہفتہ کے ساتوں دن اور **24** گھنٹہ، گھڑی میں چلنے والی ایک ایک گھنٹہ کی ساعتیں بھی انہی سے منسوب ہیں۔ جو کہ آپ کے مقامی طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہیں۔ بروج سے متعلقہ افراد، متعلقہ کام، متعلقہ اشیاء کی تفصیل آپ کے سالانہ زائچہ میں دیے گئے ہیں۔

ساعات کی ترتیب آپکے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے

شمار	پہلی								دوسری						тیسری								چوتھی	
دن	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16	17	18	19	20	21	22	23	24
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

روزمرہ کاموں یا سالانہ، ماہانہ پلاننگ **آسمانی کونسل** میں قدرت نے جو ستارے سجائے ہیں۔ بے شک میرے دادا بزرگوار منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی کا سدابہار شعر اس پر صادق آتا ہے:

یہ ستارے یہ کہکشاں یہ فلک　　رہبر راہ زندگانی ہیں

علم نجوم دراصل ہے ہی بہت پیارا لطیف علم **(Astrology For All)** ہر جاننے والے آدمی کو آگاہی دیتا ہے۔ علم، روشنی کی طرح ہے جس طرح سورج کی ایک کرن اندھیرے پر بھاری ہے اور اُفق کا اُجالا پھیلتے ہی اندھیرا غائب ہونے لگتا ہے۔ آج کی محفل میں ہم زندگی میں جوش و خروش لانے والے دو کواکب زحل، مشتری کا تجزیہ آپ کے لیے سال **2012**ء کی روشنی میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کریں گے۔

کواکب میں ستاروں کی بروجی تبدیلی خصوصاً سست الرفتار سیارے نحس اکبر زحل ڈھائی سالہ ایک برج میں نشست اور اسی طرح سعد اکبر ستارہ مشتری کی ایک سال کی نشست کو **منجمین** عالم بڑی توجہ دیتے ہیں۔ جب جب یہ ستارے برج تبدیل کرتے ہیں تو اپنے اندر بروجی نشستی اعتبار سے عجیب و غریب خواص کے حامل بن کر کبھی کو متاثر کیے بغیر نہیں رہتے ہیں۔ **2012**ء اس لحاظ سے اہمیت کا حامل ہے کہ اس کا مفرد نمبر **5** ہے جو کہ ستارہ عطارد سے منسوب ہے۔

حمل (زحل): 7 فروری تا 24 جون بیت الزوج میں حالتِ رجعت میں رہنے سے خواہ مخواہ کی غلط فہمیوں کا اندیشہ جس سے مشترکہ و شراکتی کام بھی متاثر ہونے کا خدشہ محتاط رہیں۔ 25 جون تا 5 اکتوبر بیت الزوج میں سیدھا ہونے سے اپنے سے بڑی عمر کے شریک حیات سے شادی یا شراکت مگر وفاداری و خیر خواہی ملے، مالی فوائد کا ذریعہ شادی بھی ہوسکتی ہے۔ 6 اکتوبر تا 31 دسمبر بیت الخوف میں رہتے ہوئے طویل العمری اور کلی مفادات کے حصول لگاتار محنت سے ہو۔

حمل (مشتری): یکم جنوری تا 31 دسمبر بیت الاقرباء ہونے سے خط و کتابت، انٹرنیٹ و میڈیا میں دلچسپی بڑھے۔ عزیز و اقارب، بہن بھائی اور پڑوسیوں کے ساتھ اچھے تعلقات استوار ہوں۔ 4 اکتوبر تا 31 دسمبر رجعت میں ہونے سے انٹرنیٹ و دیگر ذرائع سے نقصان کا خدشہ محتاط رہیں اور عزیز و اقارب سے اُمیدیں وابستہ نہ کریں۔

ثور (زحل): 7 فروری تا 24 جون بیت المرض میں رجعت ہونے کے سبب غیر ذمہ داری اور لاپرواہی سے گریز اور ماتحت افراد سے محتاط رہنے کی ضرورت۔ 25

Scanned with CamScanner

یُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ (اللہ اپنے فضل سے غنی کردے)

جو شخص فاضل مال اسلیئے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل وعیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے (ارشاد امام علی رضاؑ)

LUCKY NUMBERS PRIZE BONDS 2012

کس کا دل نہیں چاہتا کہ اسکا پرائز بانڈز نکل آئے مگر دولت زندگی میں اتنی ہی ملتی ہے جتنی **لوح محفوظ** میں لکھی ہو۔ مگر دعاؤں، قرآنی وظائف، صدقات وجواہرات سے **لوح محود اثبات سے دولت بڑھائی جا سکتی ہے۔** مگر کسی کو اس علم کی آگاہی نہیں۔ جو ذرہ جہاں ہے آفتاب ہے۔ ہر شخص کی خداوند نے اس دُنیا میں ایک ڈیوٹی لگائی جو وہ جانتے ہوئے یا انجانے میں پوری کر رہا ہے۔ جیسے ہر شخص ڈاکٹر، انجینئر، لوہار، سنار، وزیر، صدر نہیں بن سکتا ہے۔ بے علم دیر سے اور صاحب علم جلد منزل مقصود پر پہنچ جاتے ہیں۔ ہم اہل ایمان مسلمان خوش قسمت ہیں کہ ہم امت محمدی ﷺ ہیں۔ **انبیاء، چہاردہ معصومین علیہم السلام انتخاب اللہ** ہیں۔ اسی طرح آل نبیؐ اولاد علیؑ ہونا بھی اُسی کا انتخاب ہے۔ اسی نسبت سے سادات اکرام کی دُنیا بھر میں اہل ایمان عزت کرتے ہیں۔ ہم سادات پر بھی واجب (ڈیوٹی) ہے کہ اپنے نانا محمد ﷺ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے ضرورت مند بہن بھائیوں کیلئے دعائیں کریں۔ اس ضمن میں جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی روحانی ریاضت، آگاہی علوم باطنی جاننے کے سلسلہ کے ابتداء میں ہی التماس کی گئی ہے (جنہوں نے رمضان المبارک کے تمام شب و روز عبادات الٰہیہ میں گزرے) کہ پریشان حال بہن بھائیوں کی کشادگی رزق کیلئے دعائیں کرنا معمول بنالیں جسے انہوں نے تسلیم کرلیا ہے۔ ایسے بہن بھائی جو کشادگی رزق خصوصاً پرائز بانڈز سے حصول دولت کے متمنی ہوں وہ 5،12،14،66،72 یا پھر 99 مختلف مالیت کے پرائز بانڈز حسب توفیق خرید کر اصل اپنے پاس رکھیں اور ان کی فوٹو کاپی بمعہ نام والدین (تاریخ پیدائش، وقت ومقام اور پتہ) کے ہمراہ دعا کیلئے بالمشافہ یا بذریعہ ڈاک روانہ کرسکتے ہیں۔ **تدبیر قسمت کی آگاہی بھی مفت معلوم** کرسکتے ہیں وظائف دعاؤں کی مدت آپ کیلئے 3 ماہ تا 3 سال ہو سکتی ہے۔ اس دوران یقیناً آپکی قسمت یاوری کریگی اور آپکے خریدے ہوئے پرائز بانڈز پر انعام نکل آئے تو یہ کرشمہ دعا ہی ہوگی۔ فسٹ انعام نکل آنے پر نصف شہزادہ صاحب کو ہدیہ، سیکنڈ انعام نکل آنے پر 25% شہزادہ صاحب کو دینا واجب ہوگا۔ شہزادہ حافظ محسن علی زنجانی آپکے اس پیسے کو کلی اختیار کے تحت دینی، روحانی وذاتی کاموں کے استعمال میں لائینگے۔ تیسرا انعام آپ ہی کا سو فیصد ہوگا۔ خواہاں بہن بھائی شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی سے بالمشافہ بروز جمعہ 10 بجے تا 12 بجے دن کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور (حافظ صاحب کے موبائل کا نمبر 0300-4303429 ہے) مل کر فیض یاب ہوسکتے ہیں۔ غیر مقامی بہن بھائی پہلے جوابی لفافہ بھیج کر روحانی فارم مفت طلب کریں پھر اسکے مطابق تفصیلات لف کر کے رجسٹری ڈاک سے روانہ کریں۔

فسٹ، سیکنڈ پیکٹ متوقع پرائز بانڈ 2012

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9
001	114	208	305	401	518	604	719	819	904
019	135	216	319	429	523	635	734	820	921
036	159	224	336	437	549	649	751	832	932
072	182	268	371	454	551	661	762	841	941
091	194	273	384	497	578	692	784	882	980

جن لوگوں نے پچھلے سال شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی کو بسلسلہ دعا پرائز بانڈز کی فوٹو کاپیاں ارسال کی تھیں اُن میں سے بہت سے خوش نصیبوں کے بڑے تو نہیں البتہ چھوٹے انعام ضرور نکلے یہ کرشمہ دعا ہی کا نتیجہ تھا کہ اُن لوگوں کی قسمت میں جتنا انعام لکھا تھا انہیں ملا۔ شہزادہ سید مصور علی زنجانی شائقین لکی نمبرز کیلئے **"انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں"** کے اب تک مسلسل آٹھ ایڈیشن نکال چکے ہیں۔ اس کتاب کا نیا ایڈیشن 2012ء انشاء اللہ جنوری 2012ء میں البیرونی تقویم 2012ء کی صورت میں پیش کردیا جائیگا۔ جس میں حکومتی پرائز بانڈز جن کی مالیت 40000، 15000، 7500، 1500، 750 اور 200 روپے ہے کے متوقع لکی نمبرز نکالنے کیلئے مثالوں کے ساتھ مستند طریقے دیئے جائینگے۔ اس رسالہ کا مطالعہ آپکو انعام کے بہت قریب گویا آپکی قسمت سنوار دیگا معمولی پڑھا لکھا بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ یہ کتاب اپنے قریبی بکسٹال سے طلب کریں یا پھر دفتر مکتبہ آئینہ قسمت سے براہ راست طلب کریں اسکے علاوہ شوقین دوستوں کیلئے پرانے ایڈیشن بھی دستیاب ہیں۔

کاشانہ زنجانی D-125 حضرت سید میراں حسین زنجانی روڈ۔ نزد مین مارکیٹ۔ گلبرگ 2 لاہور کے پتے پر روانہ کریں

Scanned with CamScanner

آپکا صدقہ 2012ء بمعہ ذاتی نافع الخوراک اور خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

حوت	دلو	جدی	قوس	عقرب	میزان	سنبلہ	اسد	سرطان	جوزا	ثور	حمل

ارشاد رسول اکرمؐ ہے کہ صدقہ حاجت مند کے ہاتھ میں جانے سے پہلے خدا کے ہاتھ میں پہنچتا ہے۔ دوسری حدیث میں بھی امام سجادؑ سے منقول ہے کہ صدقہ بندے کے ہاتھ میں اس وقت تک نہیں پہنچتا جب تک کہ پہلے پروردگار کے ہاتھ میں نہ جائے۔ دیگر ایک تیسری روایت میں ہے کہ اس بندے کے تمام اعمال فرشتے اپنی تحویل میں لے لیتے ہیں سوائے صدقہ کے جو براہ راست خدا کے ہاتھ میں جاتا ہے۔ سورۃ توبہ آیت نمبر 103 اس کی بہترین تشریح ہے۔ تمام ذی روح مخلوق خدا ہیں، انسانوں کے ساتھ جانوروں سے صلہ رحمی (صدقہ) بھی بے حد حسن عمل ہے۔ برسہا برس کی تحقیق کے بعد زنجانی جنتری کیلئے میں نے صدقات کا چارٹ بنایا ہے جن بہن بھائیوں نے ان پر عمل کیا ان کی مشکلات اسرار غیبی سے دور ہو جائیں گی، پریشانیوں کے بادل چھٹ کر خوشیاں انکا مقدر بن جائیں گی۔ 2012ء میں ذاتی نافع الخوراک کو بھی شامل کیا جا رہا ہے، یہ علم نجوم کا پہلو اب تک پوشیدہ رہا۔

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں بچوں کے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النُّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَرِی وَالزُّحَل وَالزُّھرَہ وَالعَطَارَد وَالْمَرِیْخ وَالرَّاس وَالذَّنب بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ O

خصوصی نوٹ: اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپ کے قریب نہ آئے گی۔ میری طرف سے آپ کو اس عمل کی اجازت ہے۔ خواہاں ہوں تو خصوصی اجازت (حضرت منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین زنجانی) بانی ادارہ آئینہ قسمت وخاندان زنجانیہ عالیہ کے بزرگوں کی ارواح کو ایصال ثواب ہدیہ کر کے بھی لے سکتے ہیں۔ جوابی لفافہ یا فون: 042-35872277

موبائل: 0300-9483758 دعا گو: شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی

انجم بدرالدین نیوز ایجنسی، لیاقت پور ضلع رحیم یار خاں
نصیر کتاب گھر، چوٹی زیریں، ڈیرہ غازی خاں
Scanned with CamScanner

برج	نشانات بروج	ہر قسم کی نحوست، پریشانی کیلئے صدقہ	نافع الخوراک	معاش، کاروباری ترقی، حصول انعامات کے لئے صدقہ یا پرورش
حمل	♈	مچھلیوں کو سمندر، دریا یا جھیل میں اجناس ڈالیں۔ دن پیر	کلونجی اور شہد روزانہ مناسب مقدار	کیڑے مکوڑوں کو شکر یا چینی ڈالیں (دن جمعہ) گھر میں کوئل نر و مادہ کی پرورش نیک ہے۔
ثور	♉	آبی جانوروں کو کالی دال یا چنا ڈالیں دن ہفتہ	کلونجی اور دودھ	طوطوں کو گھر میں سبز مرچ کھلائیں (دن بدھ) گھر میں طوطے نر و مادہ کی پرورش نیک ہے۔
جوزا	♊	مچھلیوں یا آبی جانوروں کو ملے جلے اجناس ڈالیں دن جمعرات	شہد اور دودھ	سمندری مخلوق خصوصاً کچھوے، کیکڑوں کو عام خوراک ڈالیں دن پیر گھر میں نر و مادہ بکری، خرگوش یا چوپائے جانوروں کی پرورش نیک ہے۔
سرطان	♋	کالا بکرا، گوشت جانوروں کو ڈالیں دن منگل	سیب یا تربوز اور دودھ	شیر یا چیتا (چڑیا گھر جا کر) گوشت کھلائیں دن اتوار گھر میں نر و مادہ بلی کی پرورش نیک ہے
اسد	♌	کبوتروں کو باجرہ ڈالیں دن جمعرات، جمعہ	سبز الائچی ملا دودھ	چڑیوں کو دانہ ڈالنا دن بدھ۔ گھر میں غیر ملکی یا آسٹریلین نر و مادہ طوطوں کی پرورش نیک ہے
سنبلہ	♍	گائے، بھینس کو سبز چارہ یا پالک کھلائیں دن بدھ	ناشپاتی یا سیب یا پھر انگور دودھ	طوطوں کو سبز مرچ یا دانہ کھلائیں دن بدھ گھر میں نر و مادہ چکور کی پرورش نیک ہے
میزان	♎	آبی مخلوق مچھلیوں کو اناج ڈالیں دن پیر	دودھ اور شہد	حشرات الارض، کیڑے مکوڑوں کو ترش اشیاء دن منگل گھر میں نر و مادہ تیتر یا بٹیر کی پرورش نیک ہے
عقرب	♏	ہاتھی، شیر یا چیتا کو چڑیا گھر میں پسندیدہ خوراک دن اتوار	سیب، شہد دودھ	کبوتروں کو دانہ یا چیلوں کو گوشت دن جمعرات گھر میں اعلیٰ نسل کا کبوتر یا نر و مادہ کبوتروں کی پرورش نیک ہے
۲۲	مثانے اور گردے کی تکالیف، پیشاب کی زیادتی اور رات کو بچوں کا نیند کے دوران پیشاب کرنا	۵،۱۵
۲۳	ہر قسم کا درد	۶،۳۶۲،۵
۲۴	قبض	۵،۳۰
۲۵	گلے میں خشکی اور شدید درد	۵،۳۲
۲۶	کینسر کی وجہ سے شدید درد	۵،۳۲
۲۷	دل کی تکلیف اور نیند نہ آنا	۵،۳۸
۲۸	کمر کا درد	۱۰۹،۷

ذوالفقار علی، مکان نمبر B-80، مہاجر کالونی، بغداد بہاولپور۔ فون: 062-2280514
البیرونی تقویم
بارہ امامیہ جنتری
آئینۂ قسمت

اے ابن آدمؑ! دنیا کے لیے اتنا کام کرو جتنا یہاں رہنا ہے اور آخرت کیلئے اتنا زادِ راہ اکٹھا کرو جتنا وہاں رہنا ہے۔ حدیث قدسی

شرفِ مشتری کا سال 2013ء

اے اللہ اپنے فضل سے غنی کر دے۔ (سورۃ نون)

سعد اکبر ستارہ مشتری روحانیات، نصیب یاوری کے ساتھ ساتھ کلی طور سے دولت پر حکمرانی کا ستارہ ہے۔ ایک کہاوت مشہور ہے کہ بارہ سال بعد روڑی (گوڑے) کی بھی سنی جاتی ہے۔ صاحب علم کسی بھی سبب کے لیے علم نجوم سے اسباب تلاش کرتے ہیں۔ بارہ منطقۃ البروج میں چاند 29/30 دن میں جبکہ ستارہ مشتری بارہ سال بعد اپنا ایک سرکل مکمل کرتا ہے۔ بوقت شرف اس سے بحکم الٰہی خوش بختی کی کرنیں پھوٹتی ہیں۔ بس اس وقت بارہ سال بعد نقوش یا الواح شرفِ مشتری تیار کیے جاتے ہیں۔ ہر قسم کی قبولیت دعاؤں اور حصول شادمانی، کشادگی رزق کے لیے اس وقت کو فضیلت حاصل ہے۔

بارہ سال بعد 2013ء میں ایک بار پھر سے کواکب میں سعد اکبر ستارہ مشتری سب کے بھاگ جگانے آگیا ہے۔ یکم تا 7 ستمبر 2013ء ستارہ مشتری اپنے شرفی درجات سے گزرے گا۔ بشرط زندگی جولائی، اگست سے شرف مشتری مضامین کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ خصوصاً **ستمبر 2013ء** کا ماہنامہ آئینہ قسمت شرف مشتری نمبر شائع کیا جائے گا۔ جس میں ہر مذہب و مسلک کے بہن بھائیوں کی فیض یابی کے لیے بہت کچھ ہوگا۔

قارئین آئینہ قسمت زنجانی جنتری کو یاد ہوگا کہ بارہ سال قبل **شرفِ مشتری کا گارنٹی شدہ روحانی نوٹ پانچ روپے کا** ہر خاص و عام کی فیض یابی کے لیے روحانی طور سے تخلیق کیا۔ جس سے ہزاروں بہن بھائیوں نے فیض پایا۔ حکومت پاکستان کی جانب سے **پانچ روپے** کا نوٹ ختم ہونے اور سکہ جاری کرنے پر 100 روپے کا نوٹ متبادل بنایا گیا۔ اب پھر اس مرتبہ **پچاس روپے کا شرفِ مشتری** کے نوٹ کے علاوہ **سبع طلسمات مشتری بمعہ مؤکلات** کا رنگین نقش قارئین کے لیے پیش خدمت ہے۔

رنگین نقش شرفِ مشتری آپ کیلئے تحفۃً

اسے 5 ستمبر 2013ء بروز جمعرات یا اس کے بعد کسی بھی نوچندی جمعرات کو طلوعِ آفتاب کے بعد اُتار کر دو نفل نماز حاجت ادا کر کے دعائیں کر کے باپرہیز گھر میں یا آفس میں فریم کروا کر ساعت مشتری میں شمال کی جانب لگائیں۔ روزانہ ہمراہ اگربتی روشن کریں، نقش شرفِ مشتری سے چھوٹتی ہوئی شمالی مقناطیسی شعاعوں کی آمد آپ کے گھر، آفس، فیکٹری یا پھر کام کی جگہ کا نقشہ خوشیوں سے بھر دیں گی۔

ہدیہ نقش لوح مشتری 3 کلو زردہ یا دیگ زردہ بروز جمعرات کسی مزار پر ایصالِ ثواب دعائیں کر کے تقسیم کریں۔

کمالاتِ جفر

لوحِ تسخیر نورانی

حکیم سرفراز احمد زاہد، ملتان

خداوند کریم نے پارہ نمبر 28، سورۃ الحشر آیت نمبر 20 قرآن کی قوت اور طاقت کو اس طرح واضح فرمایا ہے:

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۝

ترجمہ: اگر ہم اُتارتے یہ قرآن ایک پہاڑ پر تو تُو دیکھتا وہ دب جاتا، پھٹ جاتا اللہ کے ڈر سے۔

قرآن مجید اپنے اثرات کو خود بیان فرماتا ہے:

ترجمہ: اہلِ ایمان کے لیے کافی ہے۔ قرآن مجید رسول کریم ﷺ کا معجزہ ہے اور تمام دینی و دنیاوی علوم کا مرکز اور منبع ہے۔ اسی سے حدیث مبارکہ اور اسی سے فقہ، اسی سے طب، اسی سے قانون مملکت اور قانون انسانی وضع کیے گئے ہیں۔ ان آیات مبارکہ سے اہلِ معرفت نے انہیں اعداد میں سمو کر اہلِ غرض کے لیے پیش کیا ہے اور نتیجہ اہلِ خرد اور اہلِ تقویٰ پر چھوڑ دیا ہے اور جس قدر جس کا یقین کامل ہوگا، اُسی قدر الہامی کتاب سے فیض حاصل کرے گا۔

زنجانی جنتری 2013ء کے قارئین و شائقین و مؤمنین کے علاوہ روحانی علوم کے عاشقین کے لیے ایک ایسا تحفہ پیش کر رہا ہوں جس کو کبھی نظر انداز نہ کر سکیں گے۔ 2012ء میں شروع سال سے محبوب ماہنامہ آئینہ قسمت میں ہر ماہ اپنی تحقیقات اور ریسرچ پر مبنی بے حد علمی تخلیقات پیش کر چکا ہوں، جو نہ صرف پسند کی گئیں بلکہ ان کی سچائی سے بدلے میں مجھے بڑے انمول خزانے اور احباب میسر آئے۔ یہ صرف میرے رب کا کرم و فضل پیارے نبی اکرم حضرت محمد ﷺ کی شفقت اور مولا مشکل کشاء امیر المؤمنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی نظر کرم اور اہل بیت کی عقیدت کے طفیل ہوا، لوح تسخیر خاص کا عامل ہوں۔

جفر اوڑھنا بچھونا ہے، جس نے عزت، شہرت، دولت اور علم سب عطا کیے ہیں۔ زیب نظر عمل مجھے ایک سیّد خاندان کے چشم و چراغ نے از راہِ عنایت بخشا تھا۔ انہوں نے جو اس کے خواص اور اثرات بیان فرمائے، وہ من و عن تحریر ہیں۔ ان کا فرمان تھا: اگر بدقسمتی اور گردش ایام نے گھیر رکھا ہے، کام بن کر بگڑ جاتے ہیں، دشمن نے تنگ کر رکھا ہو، روپیہ پانی کی طرح بہہ رہا ہو، گھر سے بے برکتی اور نحوست نہیں جاتی، روزگار کے ہاتھوں تنگ ہوں، روزی آگے اور آپ پیچھے ہوں، لاعلاج امراض نے گھیر رکھا ہو، گھر میں بے برکتی ہو، نحوست سیارگان ساڑھ ستی زحل بندش ہمہ قسم ہو، کاروبار چلتے چلتے رُک جائے یا باندھ دیا گیا ہو، قرض کی ادائیگی محال ہو، صحت دن بدن گر رہی ہو، ناجائز مقدمات میں ملوث ہوں، آئے دن کوئی نہ کوئی بیماری گھیرے رہتی ہو، نامعلوم وجوہ سے دل ڈوب رہا ہو، گھر میں ہر وقت تو تو میں میں لگی رہتی ہو، میاں بیوی میں طلاق کا خطرہ ہو، زندگی مشکلات اور مصائب کا مجموعہ بنی ہوئی ہو۔ ان سیّد صاحب محترم کا فرمانا تھا کہ اس نورانی عمل کی برکت سے حامل لوح ہر کسی قسم کا کالا جادو اثر نہیں کرتا، زحل کی نحوست دور ہو جاتی ہے۔ یاد رکھیں حروف صوامت بندش ہو یا کوئی بھی ہوا کے طلسمی اثرات سے دور ہو جاتی ہے۔ اس لوح کے پاس ہوتے ہوئے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ کوئی غیبی طاقت ہم نشین ہے اور رُکے ہوئے کاموں کو حیرت انگیز طور پر سنوار رہی ہے اور تھوڑے عرصہ میں زندگی کی حقیقی مسرتیں لوٹ آتی ہیں۔ (اس کا عامل بننے کے لیے چالیس دن کی مخصوص ریاضت کر کے روحانیت کو ہمنوا بنا کر دوسروں کو بھی دے سکتے ہیں۔)

آخری بات اس لوح نورانی میں سورۃ یوسفؑ کی روحانیت کام کرتی ہے۔ بانجھ عورت اگر مکمل سورۃ لکھ کر پی لے یا پاس رکھ لے تو صاحب اولاد ہو جاتی ہے لیکن اس کی خوشبویات الگ اور مخصوص ہیں جو مجھ سے معلوم کی جا سکتی ہیں (یہ عمل بابائے طب حکیم حبیب اللہ عباسی مرحوم ساہیوال) کا ہے۔ گھر سے فرار ہونے والا ایک ہفتہ میں آ جاتا ہے گو کہ ابجد شمسی بہت ہی پُر تاثیر ہے اور اس کا تدارک بہت مشکل ہوتا ہے، عاملین ہمیشہ ابجد قمری سے ہی کام لیتے ہیں تاکہ ابجد شمسی کی رجعت سے بچا جائے۔ علمی طور پر دونوں طریق منظر عام پر لانا ضروری ہے، مگر میرا مشورہ ہمیشہ ابجد قمری سے کام لیا جائے۔ تیاری عمل سے قبل بعد از ریاضت خصوصی سورۃ یوسف سات دفعہ پڑھیں اور دعائے فتوحات سو بار پڑھ کر دم کریں۔ سات دن یا گیارہ دن کا عمل ہے۔ سورۃ یوسفؑ میں 25 مقامات پر اسم یوسفؑ آیا ہے۔ اس میں بھی ایک راز ہے جو کبھی پھر ظاہر کروں گا۔ یہ لوح نورانی بوقت نوروز ہر شرف یعنی قمرد

(بقیہ صفحہ نمبر 72 پر)

آئینہ قسمت   بارہ ماہیہ جنتری   البیرونی تقویم

القائم بک سنٹر، راجہ روڈ، سیالکوٹ   غفور حسین شاہ، مرکزی امام بارگاہ، اڈہ پسروریاں، سیالکوٹ

عقرب (زحل): یکم جنوری تا 18 فروری بیت الطالع میں رہتے ہوئے مستقل مزاجی، دانشمندی اور بہتر پلاننگ کے باعث آگے بڑھنے کے مواقع اور طبیعت میں سنجیدگی رہے۔ 19 فروری تا 8 جولائی راجع ہونے سے جلد بازی سے گریز کریں، مشاورت اور صبر سے کام لیں۔ 9 جولائی تا 31 دسمبر مستقیم ہونے سے سوچ میں پختگی اور حالات کو مثبت طریقے سے چلانے کی قابلیت۔

عقرب (مشتری): یکم جنوری تا 30 جنوری بیت الخوف میں راجع ہونے سے مشترکہ سرمایہ کاری سوچ سمجھ کر کریں اور وراثتی امور میں اضافی توجہ کی ضرورت رہے۔ 31 جنوری تا 26 جون مستقیم ہونے سے کاروباری امور کی انجام دہی سے فائدہ، وراثت، مشترکہ مفادات اور شادی سے بھی فائدہ ملے۔ 27 جون تا 7 نومبر بیت السفر میں رہتے ہوئے ادبی و قانونی امور میں فائدہ کے علاوہ اصولوں پر کاربند رہنے سے بھی فوائد ملیں۔ 8 نومبر تا 31 دسمبر راجع ہونے سے بیرونِ ملک سفر میں تاخیر کے علاوہ قانونی امور میں بھی تجربہ کار افراد سے مشاورت کریں۔

قوس (زحل): یکم جنوری تا 18 فروری بیت الخوف میں ہونے سے مشکلات پر قابو پانے کی صلاحیت، طبیعت میں تنہا پسندی کا عنصر غالب رہے۔ 19 فروری تا 8 جولائی راجع ہونے سے حاسدین سے محتاط اور بالخصوص اخراجات کے لیے پلاننگ ضرور کریں۔ 9 جولائی تا 31 دسمبر مستقیم ہونے سے حالات پر گرفت مضبوط ہو اور حاسدین کے لیے مثبت تدابیر اپنا سکیں۔

قوس (مشتری): یکم جنوری تا 30 جنوری بیت الزوج میں راجع ہونے سے ازدواجی امور میں عقلمندی کی ضرورت اور شریک حیات پر کلی اعتماد سے نقصان کا اندیشہ محتاط رہیں۔ 31 جنوری تا 26 جون مستقیم ہونے سے شادی خانہ آبادی اور مشترکہ کاموں میں فوائد اور عزت بڑھے۔ 27 جون تا 7 نومبر بیت الخوف میں رہتے ہوئے شادی سے فائدہ، وراثتی و کاروباری امور بھی فائدہ پہنچائیں۔ 8 نومبر تا 31 دسمبر راجع رہنے سے وراثتی امور میں خاص احتیاط اور مشترکہ کاموں میں مشاورت سے سرمایہ کاری کریں۔

جدی (زحل): یکم جنوری تا 18 فروری بیت الامید میں رہتے ہوئے دوسروں کی نیک رائے سے مستفید ہوسکیں اور وفادار دوست مل سکیں۔ 19 فروری تا 8 جولائی راجع ہونے سے معاملات توقع کے مطابق نہ ہوں اور احباب سے ذاتی امور میں احتیاط برتیں۔ 9 جولائی تا 31 دسمبر مستقیم ہونے سے خواہشات پوری کرنے کی صلاحیت اور احباب تعاون کریں۔

جدی (مشتری): یکم جنوری تا 30 جنوری بیت المرض میں راجع ہونے سے ماتحت افراد سے محتاط رہیں اور ملازمتی ذمہ داریاں سمجھنے کی ضرورت ہے۔ 31 جنوری تا 26 جون مستقیم ہونے سے صحت و تندرستی ملے، حصول ملازمت و اعلیٰ رتبہ ملے 27 جون تا 7 نومبر بیت الزوج رہتے ہوئے شادی خانہ آبادی اور مشترکہ کام فائدہ بخشیں۔ 8 نومبر تا 31 دسمبر راجع ہونے سے مشترکہ امور خاص توجہ کے حامل ہوں اور ازدواجی امور میں دانشمندی کی ضرورت رہے۔

دلو (زحل): یکم جنوری تا 18 فروری بیت العزت رہتے ہوئے خوداعتمادی، حوصلہ مندی اور ترقی کرنے کا عزم، اہم عہدے پر فائز ہونے کا موقع، عزت و شہرت ملے۔ 19 فروری تا 8 جولائی راجع ہونے سے اہم کاروباری امور میں احتیاط برتیں۔ 9 جولائی تا 31 دسمبر مستقیم ہونے سے اہم معاہدے کرسکیں اور کیریئر میں کامیابی ملے۔

دلو (مشتری): یکم جنوری تا 30 جنوری بیت الاولاد میں راجع رہتے ہوئے عشق و محبت سے متعلقہ امور حساس رہیں اور اولاد کی ذمہ داریاں اہم ہوں۔ 31 جنوری تا 26 جون مستقیم ہونے سے سماجی حیثیت میں اضافہ، احباب سے خوشگوار مراسم کا قیام۔ 27 جون تا 7 نومبر بیت المرض ہونے سے صحت و تندرستی ملے، حصول ملازمت اور اعلیٰ رتبہ کا حصول۔ 27 جون تا 31 دسمبر راجع ہونے سے ماتحت افراد سے محتاط اور صحت جسمانی کا خاص خیال رکھیں۔

حوت (زحل): یکم جنوری تا 18 فروری بیت السفر میں ہونے سے فلسفیانہ نقطہ نظر اعلیٰ درجہ کے حصول کا سبب بنے۔ 19 فروری تا 8 جولائی راجع ہونے سے ذمہ داریوں کو سمجھنے کی ضرورت۔ 9 جولائی تا 31 دسمبر مستقیم ہونے سے اعلیٰ تعلیم کے حصول کی لگن بڑھے۔

حوت (مشتری): یکم جنوری تا 30 جنوری بیت الارض میں راجع ہونے خانگی امور، اضافی توجہ کے حامل ہوں گے۔ 31 جنوری تا 26 جون مستقیم ہونے سے اہل خاندان کی طرف خاص توجہ اور زمین و جائیداد سے فائدہ ملے۔ 27 جون تا 7 نومبر بیت الاولاد میں رہتے ہوئے انعامی بانڈز سے فائدہ، اولاد راحت کا باعث بنے۔ 8 نومبر تا 31 دسمبر راجع ہونے سے اولاد کی ذمہ داری بڑھے اور رومانوی امور خاص توجہ کے حامل ہوں۔

آپ کیلئے 2013ء میں زہرہ کی گردش کا نقشہ

برج	طالع زہرہ کا (سعد)	مقابلہ زہرہ کا (نحس)
قوس	یکم جنوری تا 9 جنوری 8 اکتوبر تا 5 نومبر	10 مئی تا 3 جون
جدی	10 جنوری تا 2 فروری 6 نومبر تا 31 دسمبر	4 جون تا 27 جون
دلو	3 فروری تا 26 فروری	28 جون تا 22 جولائی
حوت	27 فروری تا 22 مارچ	23 جولائی تا 16 اپریل
حمل	23 مارچ تا 15 اپریل	17 اپریل تا 11 ستمبر
ثور	16 اپریل تا 9 مئی	12 ستمبر تا 7 اکتوبر
جوزا	10 مئی تا 3 جون	یکم جنوری تا 9 جنوری 8 اکتوبر تا 5 نومبر
سرطان	4 جون تا 27 جون	10 جنوری تا 2 فروری 6 نومبر تا 31 دسمبر
اسد	28 جون تا 22 جولائی	3 فروری تا 26 فروری

آئینہ قسمت بارہ امامیہ جنتری البیرونی تقویم
باب العلم حیدری لائبریری، امام بارگاہ، مسجد باب العلم، نشاط کالونی، لاہور کینٹ

Scanned with CamScanner

سنبلہ	23 جولائی تا 16 اپریل	27 فروری تا 22 مارچ
میزان	17 اپریل تا 11 ستمبر	23 مارچ تا 15 اپریل
عقرب	12 ستمبر تا 7 اکتوبر	16 اپریل تا 9 مئی

آپ کیلئے 2013ء میں مریخ کی گردش کا نقشہ

برج	طالع پر ہوگا (سعد)	مقابلہ پر ہوگا (نحس)
دلو	کیم جنوری تا 2 فروری	29 اگست تا 15 اکتوبر
حوت	3 فروری تا 12 مارچ	16 اکتوبر تا 7 دسمبر
حمل	13 مارچ تا 20 اپریل	8 دسمبر تا 31 دسمبر
ثور	21 اپریل تا 31 مئی	--------------
جوزا	کیم جون تا 13 جولائی	--------------
سرطان	14 جولائی تا 28 اگست	--------------
اسد	29 اگست تا 15 اکتوبر	کیم جنوری تا 2 فروری
سنبلہ	16 اکتوبر تا 7 دسمبر	3 فروری تا 12 مارچ
میزان	8 دسمبر تا 31 دسمبر	13 مارچ تا 20 اپریل

آپ کیلئے 2013ء میں عطارد کی گردش کا نقشہ

برج	طالع پر ہوگا (سعد)	مقابلہ پر ہوگا (نحس)
جدی	کیم جنوری تا 19 جنوری 25 دسمبر تا 31 دسمبر	کیم جون تا 8 اگست
دلو	20 جنوری تا 5 فروری	9 اگست تا 23 اگست
حوت	6 فروری تا 14 اپریل	24 اگست تا 9 ستمبر
حمل	15 اپریل تا کیم مئی	10 ستمبر تا 29 ستمبر
ثور	2 مئی تا 15 مئی	30 ستمبر تا 5 دسمبر
جوزا	16 مئی تا 31 مئی	6 دسمبر تا 24 دسمبر
سرطان	کیم جون تا 8 اگست	کیم جنوری تا 19 جنوری 25 دسمبر تا 31 دسمبر
سنبلہ	24 اگست تا 9 ستمبر	6 فروری تا 14 اپریل
اسد	9 اگست تا 23 اگست	20 جنوری تا 5 فروری
میزان	10 ستمبر تا 29 ستمبر	15 اپریل تا کیم مئی
عقرب	30 ستمبر تا 5 دسمبر	2 مئی تا 15 مئی
قوس	6 دسمبر تا 24 دسمبر	16 مئی تا 31 مئی

بقیہ: کمالاتِ جفر۔ لوح تسخیر نورانی

شمس زہرہ مشتری میں تیار کر سکتے ہیں۔

نوٹ: یہ لوح نورانی اپنی عزیز ترین شاگردہ کے نام کر رہا ہوں۔ جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے حسن و جمال سے وافر نوازا ہے اور وہ عملیات جفر اور روحانی اعمال میں سر سے پاؤں تک ڈوبی ہوئی ہے۔ میں تو یہ ضرور کہوں گا کہ ملتان شہر اور گرد و نواح کی پڑھی لکھی خواتین اپنے ازدواجی اور گھریلو مسائل کے حل کے لیے ان عزیزہ سے جو برطانیہ میں پیدا ہوئی اور اعلیٰ تعلیمی اداروں سے اعلیٰ تعلیم کی حامل ہے، بلا جھجک اور روک ٹوک رابطہ کر سکتی ہیں۔ یہ میرا مشورہ ہے۔ ان کا فون نمبر رسالہ یا جنتری میں دینا معیوب ہے۔ خواتین ضرورت مند مجھ سے فون پر رابطہ نمبر لے سکتی ہیں، صرف خواتین کے لیے اجازت ہے۔ لوح نورانی و قرآنی کا عمل درج ذیل ہے۔

(1) اعداد سورۃ یوسف با موکل: 7065896

اعداد فتوحات مخصوص: 17005

مجموعہ: 7082901

(2) اعداد اسم عزیز شاگردہ: 4160 = 4 × 1040

کل اعداد سورۃ یوسف + فتوحات: 7082901

نام کے چار گنا اعداد تفریق کیے: 4160

7078741

اب ان اعداد سے نقش مربع آتشی چال سے پُر کریں گے، ہر خانہ میں اسم عامل لوح جمع کرتے جائیں گے اور نقش مکمل ہو جائے گا۔

ترکیبِ استعمال: نقش شب جمعرات دو نفل حاجت ادا کرکے با پرہیز پاس رکھیں۔



بسم اللہ الرحمن الرحیم یغنیھم اللہ من فضلہ (اللہ اپنے فضل سے غنی کر دے)

جو شخص فاضل مال اس لیے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل و عیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے (ارشاد امام علی رضاؑ)

LUCKY NUMBERS PRIZE BONDS 2013

کس کا دل نہیں چاہتا کہ اس کا پرائز بانڈ نکل آئے، مگر دولت زندگی میں اتنی ہی ملتی ہے جتنی لوح محفوظ میں لکھی ہو۔ مگر دعاؤں، قرآنی وظائف، صدقات و جواہرات سے لوح محفو دا ثبات سے دولت بڑھائی جاسکتی ہے۔ مگر کسی کو اس کا علم و آگاہی نہیں ہے، جو ذرہ جہاں ہے، آفتاب ہے۔ ہر شخص کی خداوند نے اس دنیا میں ایک ڈیوٹی لگائی جو وہ جانتے ہوئے یا انجانے میں پوری کر رہا ہے۔ جیسے ہر شخص ڈاکٹر، انجینئر، لوہار، سنار، وزیر، صدر نہیں بن سکتا ہے۔ بے علم دیر سے اور صاحب علم جلد منزل مقصود پر پہنچ جاتے ہیں۔ ہم اہل ایمان مسلمان خوش قسمت ہیں کہ ہم امت محمدی ﷺ ہیں۔ انبیاء، چہاردہ معصومین علیہم السلام انتخاب اللہ ہیں۔ اسی طرح آلِ نبی ﷺ اولادِ علیؑ ہونا بھی اسی کا انتخاب ہے۔ اسی نسبت سے سادات اکرام کی دنیا بھر میں اہل ایمان عزت کرتے ہیں۔ ہم سادات پر بھی واجب (ڈیوٹی) ہے کہ اپنے نانا محمد ﷺ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے ضرورت مند بہن بھائیوں کے لیے دعائیں کریں۔ اس ضمن میں جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی روحانی ریاضت، آگاہی علوم باطنی جاننے کے سلسلے کے ابتداء میں ہی التماس کی گئی ہے (جنہوں نے رمضان المبارک کے تمام شب و روز عبادات الٰہیہ میں گزارے) کہ پریشان حال بہن بھائیوں کی کشادگی رزق کے لیے دعائیں کرنا معمول بنالیں جسے انہوں نے تسلیم کرلیا ہے۔ ایسے بہن بھائی جو کشادگی رزق خصوصاً پرائز بانڈز سے حصولِ دولت کے متمنی ہوں، وہ 5،12،14،66،72 یا پھر 99 مختلف مالیت کے پرائز بانڈز حسب توفیق خرید کر اصل اپنے پاس رکھیں اور ان کی فوٹو کاپی بمعہ نام والدین (تاریخ پیدائش، وقت و مقام اور پتہ) کے ہمراہ دعا کے لیے بالمشافہ یا بذریعہ ڈاک روانہ کر سکتے ہیں۔

تدبیر قسمت کی آگاہی بھی مفت معلوم کر سکتے ہیں۔ وظائف دعاؤں کی مدت آپ کے لیے 3 ماہ تا 3 سال ہو سکتی ہے۔ اس دوران یقیناً آپ کی قسمت یاوری کرے گی اور آپ کے خریدے ہوئے پرائز بانڈز پر انعام نکل آئے تو یہ کرشمہ دعا ہی ہوگا۔ فسٹ انعام نکل آنے پر نصف شہزادہ صاحب کو ہدیہ، سیکنڈ انعام نکل آنے پر 25% شہزادہ صاحب کو دینا واجب ہوگا۔ شہزادہ حافظ محسن علی زنجانی آپ کے اس پیسے کو کلی اختیار کے تحت دینی، روحانی و ذاتی کاموں کے استعمال میں لائیں گے، تیسرا انعام آپ ہی کا سو فیصد ہوگا۔ خواہاں بہن بھائی شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی سے بالمشافہ بروز جمعہ 10 بجے تا 12 بجے دن کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2، لاہور (حافظ صاحب کے موبائل کا نمبر 0300-4303429 ہے) مل کر فیض یاب ہو سکتے ہیں۔ غیر مقامی بہن بھائی پہلے جوابی لفافہ بھیج کر روحانی فارم مفت طلب کریں، پھر اس کے مطابق تفصیلات لکھ کر کے رجسٹری ڈاک سے روانہ کریں۔

فسٹ سیکنڈ بیکٹ متوقع پرائز بانڈ 2013

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9
000	102	218	341	408	519	619	721	809	923
003	118	226	362	420	530	620	759	815	941
025	139	241	379	447	556	634	763	834	951
066	151	269	381	480	579	661	770	851	979
087	192	284	390	493	581	684	794	879	984

جن لوگوں نے پچھلے سال شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی کو بسلسلہ دعا پرائز بانڈز کی فوٹو کاپیاں ارسال کی تھیں، ان میں سے بہت سے خوش نصیبوں کے بڑے تو نہیں البتہ چھوٹے انعام ضرور نکلے۔ یہ کرشمہ دعا ہی کا نتیجہ تھا کہ ان لوگوں کی قسمت میں جتنا انعام لکھا تھا، انہیں ملا۔ شہزادہ سید مسرور علی زنجانی شائقین لکی نمبرز کے لیے "انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں" کے اب تک مسلسل 9 ایڈیشن نکال چکے ہیں۔ اس کتاب کا نیا ایڈیشن 2013ء ہمراہ البیرونی تقویم 2013ء انشاء اللہ جنوری 2013ء میں پیش کر دیا جائے گا۔ جس میں حکومتی پرائز بانڈز جن کی مالیت 200، 750، 1500، 7500، 15000، 25000 اور 40000 روپے ہے، کے متوقع لکی نمبرز نکالنے کے لیے مثالوں کے ساتھ مستند طریقے دیئے جائیں گے۔ اس کتاب کا مطالعہ آپ کو انعام کے بہت قریب گویا آپ کی قسمت سنوار دے گا، معمولی پڑھا لکھا بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ یہ کتاب اپنے قریبی بکسٹال سے طلب کریں یا پھر دفتر مکتبہ آئینہ قسمت سے براہِ راست طلب کریں، اس کے علاوہ شوقین دوستوں کے لیے پرانے ایڈیشن بھی دستیاب ہیں۔

کاشانۂ زنجانی D-125، حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانی روڈ، نزد مین مارکیٹ، گلبرگ 2، لاہور کے پتے پر روانہ کریں۔

آئینہ قسمت | بارہ اماموں جنتری | البیرونی تقویم
علمدار بک ڈپو، مسجد امام بارگاہ، 26 ایریا گدوال، واہ کینٹ

آپ کا صدقہ 2013ء معہ ذاتی نافع الخوراک اور خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

حوت ♓	دلو ♒	جدی ♑	قوس ♐	عقرب ♏	میزان ♎	سنبلہ ♍	اسد ♌	سرطان ♋	جوزا ♊	ثور ♉	حمل ♈

ارشاد رسول اکرم ﷺ ہے کہ صدقہ حاجت مند کے ہاتھ میں جانے سے پہلے خدا کے ہاتھ میں پہنچتا ہے۔ دوسری حدیث میں بھی امام سجادؑ سے منقول ہے کہ صدقہ بندے کے ہاتھ میں اس وقت تک نہیں پہنچتا جب تک کہ پہلے پروردگار کے ہاتھ میں نہ جائے۔ دیگر ایک تیسری روایت میں ہے کہ اس بندے کے تمام اعمال فرشتے اپنی تحویل میں لے لیتے ہیں سوائے صدقہ کے جو براہ راست خدا کے ہاتھ میں جاتا ہے۔ سورۃ توبہ آیت نمبر 103 اس کی بہترین تشریح ہے۔ تمام ذی روح مخلوق خدا ہیں، انسانوں کے ساتھ جانوروں سے صلہ رحمی (صدقہ) بھی بے حد حسن عمل ہے۔ برسہا برس کی تحقیق کے بعد زنجانی جنتری کیلئے میں نے صدقات کا چارٹ بنایا ہے جن بہن بھائیوں نے ان پر عمل کیا ان کی مشکلات اسرار غیبی سے دور ہو جائیں گی، پریشانیوں کے بادل چھٹ کر خوشیاں انکا مقدر بن جائیں گی۔ 2013ء میں ذاتی نافع الخوراک کو بھی شامل کیا جا رہا ہے، یہ علم نجوم کا پہلو اب تک پوشیدہ رہا۔

خصوصی عزیمت رجعت و نحوست سیّارگان

اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں بچوں کے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیْ یَا کَافِیْ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النَّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَرِ وَالْمُشْتَرِی وَالزُحَلِ وَالزُھْرَہِ وَالْعَطَارَدِ وَالْمَرِیْخِ وَالرَّاسِ وَالذَّنَبِ بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰاحِمِیْنَ ٥

خصوصی نوٹ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنا لیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپ کے قریب نہ آئے گی۔ میری طرف سے آپ کو اس عمل کی اجازت ہے۔ خواہاں ہوں تو خصوصی اجازت (حضرت منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین زنجانی) بانی ادارہ آئینہ قسمت و خاندان زنجانیہ عالیہ کے بزرگوں کی ارواح کو ایصال ثواب ہدیہ کر کے بھی لے سکتے ہیں۔ جوابی لفافہ یا فون: 042-35872277
موبائل: 0300-9483758 دعا گو: شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی

برج	نشانات بروج	ہر قسم کی نحوست، پریشانی کیلئے صدقہ	نافع الخوراک	معاش، کاروباری ترقی، حصول انعامات کے لئے صدقہ یا پرورش
حمل	♈	مچھلیوں کو سمندر، دریا یا جھیل میں اجناس ڈالیں۔ دن پیر	کلونجی اور شہد روزانہ مناسب مقدار	کیڑے مکوڑوں کو شکر یا چینی ڈالیں (دن جمعہ) گھر میں کوئل نر و مادہ کی پرورش نیک ہے۔
ثور	♉	آبی جانوروں کو کالی دال یا چنا ڈالیں دن ہفتہ	کلونجی اور دودھ	طوطوں کو گھر میں سبز مرچ کھلائیں (دن بدھ) گھر میں طوطے نر و مادہ کی پرورش نیک ہے۔
جوزا	♊	مچھلیوں یا آبی جانوروں کو ملے جلے اجناس ڈالیں دن جمعرات	شہد اور دودھ	سمندری مخلوق خصوصاً کچھوے، کیکڑوں کو عام خوراک ڈالیں دن پیر گھر میں نر و مادہ بکری، خرگوش یا چوپائے جانوروں کی پرورش نیک ہے۔
سرطان	♋	کالا بکرا، گوشت جانوروں کو ڈالیں دن منگل	سیب یا تربوز اور دودھ	شیر یا چیتا (چڑیا گھر جا کر) گوشت کھلائیں دن اتوار گھر میں نر و مادہ بلی کی پرورش نیک ہے
اسد	♌	کبوتروں کو باجرہ ڈالیں دن جمعرات، جمعہ	سبز الائچی ملا دودھ	چڑیوں کو دانہ ڈالنا دن بدھ۔ گھر میں غیر ملکی یا آسٹریلین نر مادہ طوطوں کی پرورش نیک ہے
سنبلہ	♍	گائے، بھینس کو سبز چارہ یا پالک کھلائیں دن بدھ	ناشپاتی یا سیب یا پھر انگور دودھ	طوطوں کو سبز مرچ یا دانہ کھلائیں دن بدھ گھر میں نر مادہ چکور کی پرورش نیک ہے
میزان	♎	آبی مخلوق مچھلیوں کو اناج ڈالیں دن پیر	دودھ اور شہد	حشرات الارض، کیڑے مکوڑوں کو ترش اشیاء دن منگل گھر میں نر و مادہ تیتر یا بٹیر کی پرورش نیک ہے
عقرب	♏	ہاتھی شیر یا چیتا کو چڑیا گھر میں پسندیدہ خوراک دن اتوار	سیب، شہد دودھ	کبوتروں کو دانہ یا چیلوں کو گوشت دن جمعرات گھر میں اعلیٰ نسل کا گھوڑا یا نر مادہ کبوتروں کی پرورش نیک ہے
قوس	♐	چڑیوں کے غولوں کو دانہ ڈالیں دن بدھ	بادام، شہد دودھ	بکریوں کے ریوڑ کو چارہ ڈالیں دن ہفتہ گھر میں نر مادہ بکری یا مچھلیوں کی پرورش نیک ہے
جدی	♑	کوؤں کو جلیبیاں یا انڈے گائے کو پالک کھلائیں دن جمعہ	شہد، سبز الائچی دودھ	متفرق پرندوں کو گھر کی چھت یا میدان میں دانہ ڈالیں۔ دن ہفتہ گھر میں آبی جانوروں ہر قسم کی پرورش نیک ہے۔
دلو	♒	حشرات الارض، کیڑے مکوڑوں کو خشک میوہ جات ڈالیں دن منگل	پھلوں کے رس اور دودھ	آبی مخلوق کو اجناس ہر قسم ڈالیں دن جمعرات گھر میں مچھلیوں کی پرورش نیک ہے۔
حوت	♓	چیل، باز، کبوتروں کو پسندیدہ خوراک ڈالیں دن جمعرات	مصری الائچی دودھ	گائے، بھینس، بلی، کتے کو پسندیدہ خوراک دن منگل گھر میں پسندیدہ چوپائے جانوروں کی پرورش

صدقہ سے شفا

اَلصَّدَقَۃُ تَدْفَعُ الْبَلَاۗءَ (الحدیث) (صدقہ مصیبتوں کو ٹالتا ہے)

☆ حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ بیمار اپنا علاج صدقہ سے کرے۔ ☆ حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ بیماری کو چار چیزیں ختم کرتی ہیں: (۱) صدقہ (۲) علاج (۳) پرہیز (۴) ٹھنڈا پانی (کپڑا تر کر کے ماتھے پر رکھنا)۔
☆ مجمع الدعوات میں ہے کہ صدقہ آسمانی بلاؤں کو دور کرتا ہے اور تقدیر کے اٹل فیصلے کو بھی بدل دیتا ہے۔ ☆ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا، اس نے عرض کی کہ میرے گھر میں گیارہ افراد ہیں جو کہ سب کے سب بیمار ہیں۔ تو آپ نے فرمایا کہ ان کا علاج صدقہ دینے سے کرو کیونکہ صدقہ سے بہتر اور کوئی علاج نہیں۔ ☆ حضرت امام رضا علیہ السلام کا فرمان ہے کہ صدقہ مریض کو مرضِ موت سے بچاتا ہے۔ ☆ کتاب فردوس میں شیخ مفیدؒ سے منقول ہے کہ اگر کسی شخص کو کوئی بیماری لاحق ہوگئی ہو تو ایک جام پانی اور گندم کے پیانے کو گندم سے بھر کر ان پر چالیس مرتبہ سورۃ حمد پڑھے۔ بعد ازاں پانی کو مریض پر چھڑکے اور گندم کو کسی مستحق کو دے تا کہ وہ اس کی صحت یابی کے لیے دعا کرے۔
☆ مجمع الدعوات میں داؤد ابن زربی سے روایت ہے کہ حضرت امام جعفر صادقؑ نے صدقہ دینے کا یہ طریقہ ارشاد فرمایا کہ چار کلو گندم (اس کی قیمت بھی دی جا سکتی ہے) لے کر مریض کو پیٹھ کے بل لٹا کر اس کے سینے پر رکھ کر یہ دعا پڑھے۔ بعد ازاں گندم کے چار حصے کر کے فقیروں میں تقسیم کر دے۔ (تحفۃ العوام مقبول)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الَّذِیْۤ اِذَا سَئَلَکَ بِہِ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے اللہ بیشک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے اس اسم سے کہ جب بھی اس سے تجھے پریشان

الْمُضْطَرُّ کَشَفْتَ مَا بِہٖ مِنْ ضُرٍّ وَّمَکَّنْتَ لَہٗ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْتَہٗ خَلِیْفَتَکَ

نے پکارا تو نے اسکو اس کے ذریعہ سے کشادگی فرمائی اور تو نے اس کو زمین پر قابض فرمایا اور اس کو اپنی مخلوق پر اپنا

عَلٰی خَلْقِکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُعَافِیَنِیْ مِنْ عِلَّتِیْ

خلیفہ مقرر فرمایا چاہیے کہ تو صلوات بھیجے محمدؐ و آلِ محمدؐ پر صلوات اور مجھے میری مرض سے عافیت عطا فرما

بوقت نوروز عالم افروز اپنے برج و طلسم کا نقش کاٹ کر با پرہیز پاس رکھیں

حمل ۷۸۶ ♈

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

ثور ۷۸۶ ♉

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

جوزا ۷۸۶ ♊

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

سرطان ۷۸۶ ♋

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

اسد ۷۸۶ ♌

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

سنبلہ ۷۸۶ ♍

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

میزان ۷۸۶ ♎

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

عقرب ۷۸۶ ♏

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

قوس ۷۸۶ ♐

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

جدی ۷۸۶ ♑

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

دلو ۷۸۶ ♒

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

حوت ۷۸۶ ♓

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹		۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

آئینہ قسمت · بارہ ماہی جنتری · البیرونی تقویم
احمد بک ڈپو، رضویہ سوسائٹی، کراچی ☼ سید جعفر علی اینڈ سنز، اردو بازار، بھکر

بوقت نوروز عالم افروز اپنے برج و طلسم کا نقش کاٹ کر باپرہیز پاس رکھیں











Scanned with CamScanner



حصولِ خیر و برکت کے لیے عامل شاہ زنجانی کا خصوصی نقش 2013ء

نقش مہر نبوت بمعہ ذاتی ستارہ کا طلسم نوروز 20 مارچ بروز بدھ بوقت 16 بجکر 04 منٹ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم باسعادت مولا مشکل کشا کا کاٹ کر تعویذ بنا کر خوشبو لگا کر دو نفل نماز حاجت ادا کر کے گلے میں باپرہیز پہنیں دیگر بوقت اذان جمعہ/خطبہ جمعہ میں ہر جمعہ کو مستجاب دعاؤں کا وقت آتا ہے

جسمانی بہتر، سیر و تفریح، کھیلوں میں دلچسپیاں بڑھیں۔ آپ اپنے اندر ایک نیا جذبہ روح محسوس کریں گے، پینڈنگ کاموں کی انجام دہی کے لیے بھی پیش رفت کریں گے، گذشتہ پیدا شدہ اخلاقی، قانونی مسائل بھی حل کر لیے جائیں گے۔ مشتر کہ ایام 27، 28، 29 مشتری زہرہ مقابلہ اور مشتری عطارد تثلیث یکساں طور سے قائم ہوگی، یہ ایام ملے جلے دلچسپی سے خالی نہ ہوں گے، سراب کو سیراب اور سیراب کو سراب سمجھنے کی غلطی نہ کریں۔ دوستوں، دشمنوں میں تمیز قائم کریں، مزاج سخاوت اچھی بات مگر کم ظرف لوگوں سے محتاط رہیں، فضول خرچی یا اسراف سے گریز کریں، حالات کو جان کر تصویر کشی کر کے درست بروقت فیصلے لازم ہوں گے، ورنہ وقت ہاتھ سے نکل سکتا ہے۔

ایسے حوتی جو اکثر انعامی مقابلوں میں حصہ لیتے ہیں اور انعام نہ نکلنے کے شاکی ہیں، وہ اگر 3، 4، 5 جنوری۔ 15، 16، 18 فروری۔ 25، 26، 28 مارچ۔ 13، 17، 19، 20، 21، 22، 23 جولائی۔ 7، 9، 11، 18، 19، 20 نومبر اور 8، 13، 17 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ ان کا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔

سعد تواریخ: 3، 4، 5، 22، 23، 25، 26، 27 جنوری۔ 6، 7، 8 فروری۔ 19، 25، 26، 28، 30، 31 مارچ۔ یکم، 2، 7، 8، 23، 24، 25 اپریل۔ 26، 27، 28، 29 مئی۔ 25، 26، 27 جون۔ 13، 14، 17، 18، 22 جولائی۔ 30، 31 اگست۔ یکم، 6، 7، 9، 26، 27، 28 ستمبر۔ یکم، 2 اکتوبر۔ 7، 10، 11، 12، 13، 14، 18، 19، 21 نومبر۔ 8، 13، 17 دسمبر

نحس تواریخ: 2، 6، 8، 12، 13 جنوری۔ 9، 10 فروری۔ 3، 4، 5، 9، 10، 29 مارچ۔ 21، 22، 26، 30 اپریل۔ یکم، 2، 10، 24، 25 مئی۔ 12، 18، 19، 20 جون۔ یکم، 2، 27، 28 جولائی۔ 3، 8، 10، 16، 21، 23، 27، 28 اگست۔ 19، 20 ستمبر۔ 11، 12، 13، 19 اکتوبر۔ 3، 27، 28، 29 نومبر۔ 28، 31 دسمبر

طلسماتی لوح برج حوت (شادمانی) Pyramid کی روحانی پاور کے ساتھ

سورہ بروج میں ارشاد باری تعالیٰ ہے "والسماء ذات البروج" (ترجمہ: قسم ہے برجوں والے آسمان کی)۔ کائنات میں بارہ منطقۃ البروج ہیں۔ انہی بارہ بروج کی قسم اللہ تعالیٰ نے کھائی ہے۔ اس پاک و پاکیزہ ذات کا بروج کیلئے قسم کھانا کسی حکمت سے خالی نہیں ہے۔ انہی میں سے ایک ہمارا برج حوت ہے۔ جہاں آج تیز رفتار زمانہ میں قدم قدم پر شادمانی ہم سے روٹھ جاتی ہے۔ نظر بد، جادو ٹونہ اور ناگہانی آفات کا ہر وقت خطرہ رہتا ہے، آپ دائمی شادمانیوں کے تسلسل کے حصول کے خواہاں ہوں تو اپنی خصوصی لوح برج حوت ستارہ مشتری لاکٹ کی شکل میں لے کر گلے میں پہنیں اور اس کے فوری نتائج سے لطف اندوز ہوں۔ (اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے، اے کھولنے والے دروازوں کے، اور اے پیدا کرنے والے اسباب کے اور اے پھیرنے والے دلوں کے اور نگاہوں کے اور اے فریاد سننے والے فریاد والوں کی اور اے راہ بتانے والے حیرانوں کی اور اے فرحت دینے والے غمگینوں کو، میری فریاد سن، میری فریاد سن، میری فریاد سن۔ بھروسہ کیا میں نے تجھ پر اے میرے رب اور میں نے تیرے سپرد کیا اپنا کام اے پروردگار! اے پروردگار! اے پروردگار! اے اللہ! اے خوشحال کرنے والے، اے رزق کھولنے والے، اے غنی۔) معتبر روایات میں سے ہے کہ برج و ستارے کی لوح پاس رکھنے سے روحانی و دنیاوی شادمانی بڑھتی ہے۔ اپنی لوح ہدیۂ -/2500 روپے میں حاصل کر سکتے ہیں، علاوہ محصول ڈاک۔ دعا کے لیے نام بمعہ والدین کے ساتھ منی آرڈر شعبہ روحانیات ادارہ آئینہ قسمت لاہور پوسٹ کوڈ 54660 سے طلب فرما سکتے ہیں۔



بسم اللہ الرحمن الرحیم

مجرب عمل ہمزاد نورانی

خاندانِ زنجانیہ کے سینکڑوں معتقد حضرات فیض یاب ہو چکے ہیں

عامل شہزادہ شاہ زنجانی! میں نے زمانہ طالب علمی میں ایک عمل ہمزاد کیا تھا۔ یہ 1968ء کی بات ہے، والد بزرگوار حیات تھے، جنہوں نے اپنی زیرنگرانی کرایا تھا۔ میں نے اس سے عجیب وغریب کام لیے تھے۔ جب ابا حضور کا انتقال ہو گیا اور گھریلو خاندانی ذمہ داریوں کا بوجھ میرے ناتواں کندھوں پر آن پڑا تو مجھ سے وہ پرہیز نہ ہو سکے جو عمل ہمزاد کے لیے ضروری تھے۔ چنانچہ میں نے ہمزاد آزاد کر دیا اور پھر آج تک طبع ہمزاد کی طرف مائل نہ ہوئی۔ میں نے برسوں اس عمل کے تماشے صد ہا مرتبہ اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں۔ چند دوستوں کی فرمائش پر اس عمل ہمزاد نورانی صدری کو شائع کیا جا رہا ہے تا کہ شوقین حضرات اپنا شوق پورا کر سکیں۔ حالانکہ یہی اعمال اور اس طرح کے دیگر اعمال ادارہ کی شائع شدہ کتب مثلاً تسخیرات ہمزاد، حقائق ہمزاد، بیاض عملیات، حاضرات کی دنیا اور عالم حاضرات میں درج ہیں۔ قارئین کے پیہم اصرار پر مجرب صدری عمل زنجانی جنتری میں شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں تا کہ شائقین حضرات استفادہ فرمائیں۔ وما باللہ توفیق۔ جن صاحب کا دل چاہے اس عمل کو کریں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں کہ خداوند کریم کی اس مخفی مخلوق میں اس قدر زبردست طاقت پنہاں ہے کہ بڑے سے بڑا قوی ہیکل انسان بھی اس کے کرتب دیکھ کر دنگ رہ جاتا ہے۔ اس عمل کے لیے کوئی پابندی نہیں۔ جب جی چاہے شروع کریں جو پاک صاف یا پاکیزہ کمرہ پڑھنے کے لیے مقرر کریں عمل کرتے وقت کوئی دوسرا فرد وہاں موجود نہ ہو۔

ایک پیالے میں تیل بھر کر اور روئی کی موٹی سی بتی ڈال کر چراغ روشن کر کے اپنی پشت پر رکھیں اور اپنے سایہ پر نظر جما کر 382 مرتبہ یہ عمل نورانی پڑھیں، دورانِ عمل پرہیز کریں۔ ہر قسم کا گوشت، گوشت سے بننے والی کوئی چیز نہ کھائیں۔ دودھ، لسی، مکھن، گھی، دہی، پیاز اور لہسن وغیرہ سے پرہیز کریں۔ صرف تین یوم کا عمل ہے، تیسرے روز ہمزاد حاضر ہو گا۔ اگر سوئے اتفاق سے حاضر نہ ہو تو مزید تین یوم کریں، 9 دن انتہا ہے۔ ایک خالی بوتل پاس رکھیں، جب ہمزاد حاضر ہو جائے تو اس سے کوئی اور بات کیے بغیر یہ کہیں کہ اے ہمزاد اس بوتل میں گھس جا، وہ بوتل میں آ جائے گا، آپ بوتل کو کارک سے بند کر دیں اور پھر اس سے کہیں کے عہد کرو کہ جب میں بلایا کروں گا تم فوراً آ جاؤ گے اور اپنے بلانے کی ترکیب بھی بتا دو۔ وہ عہد کرے گا اور اپنے بلانے کی ترکیب بھی بتا دے گا، اب بوتل کا منہ کھول دیں، وہ چلا جائے گا۔ عمل ہمزاد درج ذیل ہے:

عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْاَرْوَاحِ بِحَقِّ حَضْرَتِ سُلَیْمَانَ عَلَیْهِ السَّلَامُ بِنْ دَاؤُدَ عَلَیْهِ السَّلَامُ اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا یَا قَوْمِ ہَمْزَادْ حَاضِرْ شَوْ بِحَقِّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ٥

نوٹ: بغیر اجازت عمل شروع کرنے اور دورانِ عمل باقاعدہ پرہیز نہ کرنے سے شدید نقصان کا خطرہ رہتا ہے۔ عمل میں کامیابی کے لیے دعا گو ہوں، اجازت کے لیے کسی بھی روحانی سلسلہ یا عامل شاہ زنجانی سے رجوع کریں۔

ذوالفقار بک ڈپو، یادگار چوک، اسکردو — العارف بک بنک، علمدار چوک، اسکردو — البیرونی تقویم — بارہ امامیہ جنتری — آئینہ قسمت

آدابِ عملیات

از تحقیق: سلطان محمود، لاہور

☆ کوئی بھی عمل اس وقت تک کامیابی سے ہمکنار نہیں ہو سکتا جب تک عامل کو اسکے صحیح ہونے کا اعتبار نہ ہو۔ سب سے پہلے عمل کے تعین کے ساتھ اس پر مکمل یقین کے ساتھ اسے انجام دیں آیاتِ قرآنیہ اور اسمائے الٰہی کے مؤکلین (روحانی قوت) کی تاثیر میں شک کو ذہن میں جگہ نہ دیں کیونکہ متزلزل مزاج افراد کبھی بھی کامیاب نہیں ہوتے۔

☆ انسانی مصروفیات کی بناء پر اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ روحانی اعمال میں ایسے طریقوں کا انتخاب کیا جائے جس میں وقت کم اور تاثیر وقوت زیادہ ہو بہترین نتائج سے بہرہ مند ہونے کیلئے عامل کو صاحب روحانیت ہونا چاہیے کہ جس کیلئے "اکلِ حلال" (حلال کمانا) "صدقِ مقال" (سچ بولنا) از بس ضروری ہے

☆ عامل عمل شروع کرنے سے پہلے اپنے گناہوں کی مغفرت کیلئے استغفار پڑھے۔

صدقہ: صدقہ بلاؤں کو رد کرتا ہے لہٰذا عامل عمل سے پہلے حسبِ توفیق صدقہ دے اور فقیروں ومسکینوں کو کھانا کھلائے نیز پرندوں کو دانہ اور مچھلیوں کو غذا ڈالے۔

روزہ: روحانیت کے کمال اور اس کو پروان چڑھانے کیلئے روزہ رکھ کر یا افطاری کے بعد عمل کو بجالائے کیونکہ روزہ دار کے منہ کی خوشبو کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے اور اسکے منہ سے نکلی دعا کو بھی قبول فرماتا ہے

☆ حاجات کی برآوری کے اعمال کو نماز فجر کے فوراً بعد اور نماز عشاء کے بعد بالخصوص تہجد کے وقت بجالائے

بخور: عملیات میں خوشبودار دھنہ (دھونی) سلگانا مؤکلین کی آمد اور خوشنودی کا موجب ہے لہٰذا خوشبودار دھونی اگرچہ وہ اگربتی ہی کیوں نہ ہو ضرور سلگائے۔

نماز: عامل کو چاہیے کہ ہر عمل سے پہلے دو رکعت نماز حاجت بجالا کر عمل شروع کرے۔

☆ عمل سے پہلے باوضو ہو کر قبلہ کی طرف منہ کر کے خلوت یا خاموش ماحول میں عمل بجالائے

☆ عامل کو چاہیے کہ ورد شروع کرنے سے پہلے استعاذہ (أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ) پڑھ کر پھر (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ) پڑھ کر نہایت خضوع وخشوع اور رجوع قلب ویکسوئی سے عمل بجالائے

نوٹ: یہ بات مسلم ہے کہ جو دعا دل سے نکلتی ہے وہ اثر رکھتی ہے پس عامل کو اذکار کے تراجم سے واقف ہونا چاہیے تاکہ اسے معلوم ہو کہ کیا کہہ رہا ہے اسی لئے ہم نے عربی عبارت کا نیچے ترجمہ لکھ دیا ہے تاکہ سمجھنے میں آسانی رہے اور عامل بارگاہ الٰہی میں بطور احسن اپنا مدعا پیش کر سکے

اوقاتِ عملیات

اوقاتِ تسخیر: حکام کو زیر کرنے اور رشتہ کے حصول اور لوگوں کے دل میں محبت ڈالنے اور حصول ملازمت اور سرکش کو تابع کرنے اور اصلاح اولاد اور دوسروں سے مطلب نکالنے جیسے اعمال کو روز جمعرات پہلی ساعت مشتری (سورج نکلنے کے فوراً بعد) ایک گھنٹہ تک اور روز جمعہ پہلی ساعت زہرہ (سورج نکلنے کے فوراً بعد) ایک گھنٹہ تک جو بھی اعمال بجالائے گا تو وہ فوری نتائج کے حامل ہوں گے۔

اعمالِ شب: ادائیگی قرض ومشکلات سے چھٹکارا اور دلی آرزوؤں کی برآوری اور حصول ملازمت وغیرہ کے اعمال بجالائے جا سکتے ہیں کیونکہ رات کے سناٹے میں انسان نہایت توجہ اور اضطرابی کی حالت میں اپنا مدعا پیش کر سکتا ہے جو عامل کیلئے موقع غنیمت سے کم نہیں ہوتا

نوچندی جمعرات: عملیات میں نوچندی جمعرات کو خاصی اہمیت حاصل ہے رزق و ادائے قرض کے عملیات اس میں بجالائے جاتے ہیں نیز عقد مطلوب (من پسند شادی) کے حصول کے اعمال اور خوش بختی وسعادت وتزکیہ نفس وغیرہ کے اعمال اور تسخیر کی تمام اقسام مثلاً محبت زوجین وغیرہ کے عملیات کے لئے سعید ترین اور نیک دن ہے۔

شب جمعہ وروز جمعہ: ہر قسم کی آفات سے حفاظت اور حاجات کی برآوری اور مشکلات سے نجات کیلئے نیز رزق میں وسعت وبرکت کیلئے اور کاروبار میں نقصان سے بچنے اور نفع پانے والے اعمال اس شب وروز میں بجالانا تاثیر سے خالی نہیں۔

ایام بیض: ہر قمری ماہ کی تیرہویں چودھویں پندرھویں تاریخ کو "ایام بیض" کہا جاتا ہے ہر ماہ کی چودہ کو "شرف قمر" ہوتا ہے لہٰذا چودہ کی رات اور دن کو محبت زوجین وحصول رشتہ اور تسخیر کے اعمال کا بجالانا پایہ تکمیل تک پہنچنے کے مترادف ہے۔

آخری عشرہ: ہر قمری ماہ کا آخری عشرہ مقہوری اعداء مغلوبیٔ دشمنان اور ان کی بیخ کنی کے اعمال کیلئے مختص ہے اس عشرہ کے آخری منگل بدھ ہفتہ اور سوموار کو بجالایا جانے والا عمل مخالفین کی شکست کا موجب بنتا ہے نیز اس قسم کے عملیات کو قمر در عقرب کے ایام میں انجام دینے سے یہ سو فیصد نتائج کے حامل ہو جاتے ہیں۔

رجال الغیب

از انتخاب: شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

(وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيرٌ ○ فرشتے اس کی پشت پر ہوتے ہیں (سورہ تحریم:۴))

☆ اس ترقی اور سرعت کے دور میں ہر انسان یہی چاہتا ہے کہ کم سے کم وقت میں اسے زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل ہوں۔ علمائے اہل فن نے روحانی عملیات کی متعدد ومکمل تشریحات کی ہیں جن کے ذریعے عملیات کو باقوت وزود اثر بنایا جا سکتا ہے۔ یہ بات بدیانتی کے مترادف ہوگی کہ مشتاقانِ عملیات وراہ سلوک کے متلاشی حضرات سے ان روحانی رموز واسرار کو مخفی رکھا جائے پس یہ جاننا چاہیے کہ عمل کو سریع الاثر بنانے میں روحانی قوتوں کی استمداد واستعانت کا بڑا عمل دخل ہے ان روحانی قوتوں کو عملیات کی زبان میں (رجال الغیب) کہا جاتا ہے۔

☆ ہر آیت وحرف اور اسم کے لئے اللہ نے مؤکلین مقرر فرمائے ہیں یہ مؤکلین صاحب ریاضت کی پشت پناہی کرتے ہیں اور تمام امور میں امداد بہم پہنچاتے ہیں جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے

(اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝ کوئی چیز ایسی نہیں جس پر نگہبان مقرر نہیں (الطارق:۴))

☆ رجال الغیب (مؤکلین فرشتے) عامل کی حفاظت ومدد ہی نہیں کرتے بلکہ نورانی علوم کے دشمن ومخالفین "شیاطین" کے وسوسوں اور حملوں سے عامل کو محفوظ بھی رکھتے ہیں۔

☆ یہ ارواحِ مقدسہ قمری مہینہ کی مختلف تاریخوں میں مختلف اطراف کی سیر کرتے ہیں جس طرح کہ آنے والے جدول رجال الغیب میں ظاہر کیا گیا ہے۔ چاند کی جس تاریخ کو عمل کرنا مقصود ہو تو اس روز دیکھیں کہ رجال الغیب آج کس سمت پر ہیں اس سمت کے مخالف منہ کر کے عمل کریں تاکہ رجال الغیب پشت پر آجائیں اور پشت پناہی کرتے رہیں۔

رجال الغیب کا سامنے ہونا مضر ہے بلکہ پشت پر ہونا اچھا ہوتا ہے

معصومین سے استمداد: عملیات میں انبیاء علیہم السلام وآئمہ اطہار علیہم السلام اور اہل بیت کی ارواحِ مقدسہ سے توسل کرنا عمل کے نتائج کو چار چاند لگاتا ہے کیونکہ یہ بزرگ ہستیاں روحانیات میں اعلیٰ مقام رکھتی ہیں ان ارواحِ طیبہ سے توسل کے لئے سورۂ فاتحہ فاتحہ اوّل وآخر تین مرتبہ صلوات کے ساتھ پڑھ کر اس کا ثواب ان کی ارواح کو ہدیہ کر کے ان سے مدد طلب کرے

دعائے رجال الغیب: رجال الغیب سے عملی مدد حاصل کرنے کیلئے عمل سے پہلے یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ○ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا رِجَالَ الْغَيْبِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَرْوَاحَ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے اے رجال الغیب (پوشیدہ مخلوق) تم پر سلام ہو، اے پاک ارواح تم پر

الْمُقَدَّسَةِ اَغِيثُوْنِيْ وَانْظُرُوْا اِلَيَّ بِنَظْرَةٍ يَا رُقَبَآءُ يَا نُجَبَآءُ يَا اَبْدَالُ يَا اَوْتَادُ

سلام ہو تم میری مدد کرو اور میری طرف خاص نظر سے دیکھو اے رقباء اے نجباء اے ابدال اے اوتاد

صرف عمار: صرف عمار کے بغیر کوئی عمل پر تاثیر واقع نہیں ہو سکتا عمل کے اثرات کو رہائشی جنات وبدروحوں سے محفوظ بنانے کے لئے عمل سے پہلے تین مرتبہ سورۂ زلزال کو اس طرح پڑھے کہ لفظ **اَشْتَاتًا** کو تین مرتبہ دہرا کر سورۂ مکمل کر کے یہ درج ذیل کلمات تین مرتبہ پڑھے (الاحضار الاجنہ)

(يَا عُمَّارَ هٰذَا الْمَكَانِ اِنْصَرِفُوْا اِلٰى اَمَاكِنِكُمْ اے اس جگہ کے عمار اپنے اصلی ٹھکانوں کو چلے جاؤ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ○ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۝ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۝ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۝ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ **اَشْتَاتًا** لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ○

دائمی جدول رجال الغیب

جہت رجال الغیب	قمری تاریخ	مفید جہت	جہت رجال الغیب	قمری تاریخ	مفید جہت
جنوب مشرق	۹-۱ ۲۴-۱۶	شمال مغرب	شمال مغرب	۱۳-۵ ۰۰-۲۰	جنوب مشرق
جنوب مغرب	۱۰-۲ ۲۵-۱۷	شمال مشرق	شمال مشرق	۲۱-۶ ۰۰-۲۸	جنوب مغرب
جنوب	۱۱-۳ ۲۶-۱۸	شمال	مشرق	۱۴-۷ ۲۹-۲۲	مغرب
مغرب	۱۲-۴ ۲۷-۱۹	مشرق	شمال	۱۵-۸ ۳۰-۲۳	جنوب

آپ کی قسمت نمبر ۔ بارہ امامیہ جنتری ۔ البیرونی تقویم
علی بک ہاؤس، شاہ شمس، ملتان ۔ مشتاق بک ڈپو، تحصیل بازار، احمد پور شرقیہ

عملیات کے لئے سیاروں کی باہمی نظرات تثلیث و مقابلہ' قران و رجعت و استقامت کا بیان

تسدیس و تثلیث	کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہئے
☽ قمر با عطارد ☿	برائے تسخیر و محبت و صل معشوق
☽ قمر با زہرہ ♀	برائے شادی و صل نسواں' عشق و محبت
☽ قمر با شمس ☉	سلاطین و امراء کے درمیان محبت کیلئے
☽ قمر با مریخ ♂	برائے خواب بندی و دفع حاسدان
☽ قمر با مشتری ♃	برائے عزت و توقیر' ترقی مرتبہ و جاہ و جلال
☽ قمر با زحل ♄	برائے ترقی زراعت اور شادابی
☿ عطارد با زہرہ ♀	برائے محبت و صل محبوب اور تسخیر جانوراں آبی
☿ عطارد با مشتری ♃	برائے ترقی علوم اور صنعت و حرفت
☿ عطارد با زحل ♄	برائے حل المشکلات
☿ عطارد با مریخ ♂	الفت و محبت قائم و دائم رکھنے کیلئے
☉ شمس با مریخ ♂	برائے مسخر کرنے اہل فوج اور تسخیر سلاطین
☉ شمس با مشتری ♃	برائے ترقی و دولت اور نام آوری نزدیک سلاطین
☉ شمس با زحل ♄	برائے حصول مدعا اور طلب حاجات' ترقی روزگار
♂ مریخ با عطارد ☿	برائے زیادتی قوت اور صحت مریض یا دفعیہ امراض
♂ مریخ با زہرہ ♀	برائے دفعیہ فتنہ و فساد
♂ مریخ با مشتری ♃	برائے حصول دولت اور زر و مال' بلندی مراتب
♂ مریخ با زحل ♄	برائے ترقی و زراعت اور عمارات
♃ مشتری با زحل ♄	برائے دفعہ غضب سلطانی
تربیع و مقابلہ	**کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہئے**
☽ قمر با عطارد ☿	دوستوں میں جدائی کے لئے
☽ قمر با زہرہ ♀	عورتوں کی مردوں سے مخالفت کیلئے
☽ قمر با شمس ☉	سلاطین کے درمیان فتنہ فساد پیدا کرنے کے لئے
☽ قمر با مریخ ♂	حشرات الارض کی دشمنی اور زہر دور کرنے کے لئے
☽ قمر با مشتری ♃	اسرار مخفی کے انکشاف کے لئے
☽ قمر با زحل ♄	دشمن کو بیمار یا ہلاک کرنے کے لئے
☿ عطارد با زہرہ ♀	دوستوں میں جدائی اور مخالفین کا کاروبار بند کرنے کیلئے
☿ عطارد با مریخ ♂	اہل قلم کو بیمار کرنے اور کاروبار کی بندش کیلئے
☿ عطارد با مشتری ♃	دشمن کی ملک و املاک کو تباہ و خراب کرنے کے لئے
☿ عطارد با زحل ♄	ملک و املاک کو تباہ و برباد کرنے کیلئے
♀ زہرہ با مریخ ♂	دو محبوبوں کے درمیان فرقت و عداوت کے لئے
♀ زہرہ با زحل ♄	عورتوں اور مردوں میں فتنہ و فساد برپا کرنے کے لئے
♂ مریخ با شمس ☉	مخالفوں کو منتشر کرنے اور جنگ و جدل کے لئے
♃ مشتری با شمس ☉	کسی عمارت اور آباد جگہ کو ویران کرنے کے لئے
♃ مشتری با مریخ ♂	شدید عذاب پیدا کرنے کے لئے
♃ مشتری با زحل ♄	کسی کو اس کے مرتبہ سے گرانے کے لئے
♄ زحل با شمس ☉	دو محبوبوں کے درمیان عداوت اور جدائی پیدا کرنے کیلئے
♄ زحل با مریخ ♂	دشمن کو ہلاک کرنے کے لئے بغض و عداوت' زبان بندی
قران سیارگان	**کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہئے**
☽ قمر با عطارد ☿	برائے ملاقات اہل قلم وزراء اور اہل صنعت و حرفت
☽ قمر با زہرہ ♀	برائے شادی' عشق و محبت اور معشوق کو بلانے کیلئے
☽ قمر با مریخ ♂	ملاقات امراء' حاسدوں کی مغلوبی اور دشمنوں پر فتح پانے کیلئے
☽ قمر با مشتری ♃	ترقی و تجارت حصول مال و دولت اور ترقی علم کیلئے
☽ قمر با زحل ♄	پریشان و سرگرداں کرنے' اذیت پہنچانے اور تباہی دشمن کیلئے
☿ عطارد با زہرہ ♀	حصول علم موسیقی اور اتصال محبت کیلئے
☿ عطارد با مشتری ♃	ترقی عقل' حصول علم' مردوں کی محبت اور عالموں کی تسخیر کیلئے
☿ عطارد با زحل ♄	کسی جگہ کو ویران کرنے یا تباہی و خرابی اور ہلاکت دشمن کیلئے
♀ زہرہ با مشتری ♃	برائے عشق و محبت اور مطیع و فرمانبردار کرنے کیلئے
♂ مریخ با عطارد ☿	کسی عمارت کو خراب کرنے اور دشمنی کیلئے
♂ مریخ با زہرہ ♀	برائے تسلط اور غالب آنے مستورات و اہل نشاط کیلئے
♂ مریخ با مشتری ♃	لشکر کو تسخیر کرنے' اہل جنگ کو طاقت پہنچانے اور لڑائی پر فتح پانے کیلئے
♃ مشتری با زحل ♄	اہل علم کی عقل زائل کرنے اور ان میں دشمنی پیدا کرنے کیلئے
بحالت استقامت	**کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہئے**
سیارہ عطارد ☿	بزرگی اور علم حاصل کرنے کے لئے
سیارہ زہرہ ♀	عورتوں کی محبت اور دوستی کے لئے
سیارہ مریخ ♂	لشکر اور فوج میں قوت اور بہادری پیدا کرنے کے لئے
سیارہ مشتری ♃	امارت اور ملک و املاک قائم رکھنے کے لئے
بحالت رجعت	**کس مقصد کیلئے عمل پڑھنا یا تعویذ لکھنا چاہئے**
سیارہ عطارد ☿	کسی شخص کو اس کے مرتبے سے گرانے اور ذلیل و خوار کرنے کیلئے
سیارہ زہرہ ♀	عورتوں کو بانجھ اور عقیمہ کرنے یا اسقاط حمل کیلئے
سیارہ مریخ ♂	اہل لشکر اور فوج کو خراب و منتشر کرنے یا جنگ و جدل پیدا کرنے کیلئے
سیارہ مشتری ♃	کسی آبادی یا موضع یا شہر کو تباہ و برباد کرنے کیلئے
سیارہ زحل ♄	دو محبوبوں کے درمیان جدائی اور عداوت کے لئے

واضح ہو کہ عملیات و طلسمات تیار کرتے وقت سیاروں کی دوستی اور دشمنی کا لحاظ بھی رکھنا چاہئے کیونکہ ان میں بالخاصیت دوستی اور دشمنی موجود ہے۔ اس لئے دو دوستوں کی نظرات معاون محبت اور دو دشمنوں کی نظرات معاون نفرت و مخالفت ہوتی ہے۔ چنانچہ ادارہ کی کتب جامع النجوم یا رموز سوال کا مطالعہ کریں۔ سیاروں کو بحالت گردش مختلف بروج میں بزرگی اور تنزل حاصل ہوتا ہے۔ اس لئے امور سعادت کے عمل اور تعویذات میں بزرگی سیارگان اور برائے نحوست بغض و کینہ کے عمل اور تعویذات میں تنزل سیارگان کا لحاظ رکھنا نہایت ضروری ہے۔ لہٰذا شرف و ہبوط سیارگان کا نقشہ اس زنجانی جنتری میں ملاحظہ فرمائیں۔ مندرجہ بالا نظرات تثلیث و تسدیس بسلسلہ عملیات و وظائف کے ایک ہی احکامات ہیں۔

آئینہ قسمت — بارہ اماميہ جنتری — البیرونی تقویم — حبیب لائبریری اینڈ سٹیشنری، میلاد چوک، واہ کینٹ